URDU SOFT BOOKS
DOWNLOAD URDU PDF BOOKS AND ALL MONTHLY DIGESTS
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
PDF

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لیے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

141

ماہنامہ عبقری لاہور ®

مارچ 2018ء جمادی الثانی/رجب 1439ھ

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

پرچم عبقری

250 سال عمر پانے والے عاشق رسول ﷺ کی چند کرامات!

کل کوئی ادھار بھی نہ دیتا تھا آج بانٹ رہا ہوں!

بیٹیوں کا رشتہ نہیں آتا؟ قرآن پر غلاف چڑھائیے پھر دیکھیے!

- جو خوشی کے نام سے بھی ناواقف، صرف وہ پڑھیں!
- جوگیوں، سادھوؤں سے ذہنی تازگی کا گر پالیں!
- چوزے کی ڈلی نے بیاد بوڑھے کو پھر سے جوان کر دیا
- رسولی جسم میں کسی بھی جگہ ہو اور کیسی بھی ہو ختم
- حسن کیلئے کریمیں نہیں غذائیں اپنائیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد

ملہوالی ضلع اٹک 4 مارچ بروز اتوار صبح 8 بجے تقوی مسجد مکھڈ روڈ ملہوالی گاؤں

کاغان جولائی 2018 (تفصیلاً آئندہ شمارہ میں)

چترال ان شاء اللہ عنقریب درس ہوگا (تفصیلاً آئندہ شمارہ میں)

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

MARCH 2018

URDU SOFT BOOKS
DOWNLOAD URDU PDF BOOKS AND ALL MONTHLY DIGESTS
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

نہایت اہم التماس

قارئین انتظار کے لیے معذرت خواہ ہیں لیکن آپ بخوبی واقف ہیں کے دُنیا میں ہر کوئی اپنے کاروبار کے لیے محنت کرتا ہے تاکہ منافع حاصل کرسکے لیکن اگر ہماری وجہ سے کسی کے کاروبار کو نقصان کا اندیشہ ہو تو ہمیں جان بوجھ کر ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ دیکھیں ہر ڈائجسٹ کے پبلشر بہت محنت کے ساتھ ہر مہینے ڈائجسٹ شائع کرتے ہیں تاکہ وہ مارکیٹ میں فروخت ہوسکے اور اُن کو منافع حاصل ہوسکے لیکن آج کے اس انٹرنیٹ دور میں جب وہی ڈائجسٹ یا رسالہ مارکیٹ میں پوری طرح آنے سے قبل ہی آن لائن پی ڈی ایف میں مل جائے تو مارکیٹ سے خریداری بہت کم رہ جاتی ہے جس کی وجہ سے پبلشر کا بہت نقصان ہوتا۔ لہذا اس سارے معاملے کو خاطر میں رکھتے ہوئے urdusoftbooks.com کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کے آئندہ ماہ سے کوئی بھی ڈائجسٹ رواں مہینہ کی 30 تاریخ سے پہلے Upload نہیں کیا جائے گا تا کہ پبلشرز کا نقصان نہ ہو۔

خوشخبری

انشااللہ آئندہ urdusoftbooks.com پر تمام ڈائجسٹ بغیر واٹر مارک کے Upload ہوا کریں گے تاکہ قارعین کو پڑھنے میں دکت کا سامنا نہ کرنا پڑے

قارئین سے مزید درخواست ہے کہ urdusoftbooks.com کے لیے اپنے ویب براوزر سے Adblocker ڈس ایبل کردیں تاکہ ویب سائٹ پر سپانسر اشتہارات نظر آسکیں اور ویب سائٹ کو تھوڑی سی آمدن ہوسکے انہی سپانسر اشتہارات کی آمدن سے ویب سائٹ کے ماہانہ اخراجات پورے کیے جاتے ہیں لہذا آپ کا تھوڑا سا تعاون urdusoftbooks.com کو مستقل آن لائن رکھنے میں بہت مددگار ثابت ہوگا۔ شُکریہ

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب ؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائی ؒ

سرپرست: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 9 | جلد نمبر 12 | مارچ 2018ء جمادی الاخریٰ 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور
مارچ 2018ء
مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر اعوان' راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1080 روپے بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: خیالی دنیا سے نکل آئیں اور اپنے دماغ ایسے پروگراموں کیلئے وقف کردیں جن سے زندگی کے ہر شعبہ میں ہمارے لوگوں کے حالات بہتر ہوسکیں' صرف اس ہی صورت میں ہم اتنے مضبوط اور طاقتور ہوسکیں جوان مخالف اور ضرر رساں قوتوں کا مقابلہ کرسکیں جو ہمارے خلاف کام کررہی ہیں۔ (کراچی میں طلبہ کے نام پیغام' 18 جنوری 1941ء)

حرم کے پاس کوئی اعجمی ہے زمزمہ سنج	کہ تار تار ہوئے جامہ ہائے احرامی!
حقیقتِ ابدی ہے مقامِ شبیریؓ	بدلتے رہتے ہیں اندازِ کوفی و شامی!

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	سانپوں کے شہنشاہ سے ملاقات	25	نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ گھریلو علاج
4	ایماندار جوہری کا شاندار انجام	26	ہر پریشانی کیلئے میرے نانا کا آزمودہ نقش
5	250 سال عمر پانے والے عاشق رسولؐ کی چند کرامات	27	شہزادے نے اللہ کی مدد کو کیسے پایا؟ نصیحت آموز واقعہ
6	جب دو بچوں کو سنبھالنا دشوار ہوجائے! چند گر سیکھ لیں!	28	جنات نے خزانہ کی نشاندہی کی اور مل بھی گیا
7	بیٹیوں کا رشتہ نہیں آتا؟ قرآن پر غلاف چڑھائیے پھر دیکھئے!	29	ماں کی بددعا نے پولیس افسر کو فقیر بنادیا
8	جو خوشی کے نام سے بھی ناواقف' صرف وہ پڑھیں!	30	قارئین کے سوال' قارئین کے جواب
9	موسم بہار' اس کی بیماریاں اور حفاظتی تدابیر	31	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
10	ماہ رجب! چھ سورتوں کا عمل! ہر پریشانی سے چھٹکارا	32	صدیوں پرانے قبرستان میں موجود شہداء کی کھلی قبروں کا نظارہ
11	اولیاء ملتان کے مستند روحانی وظائف	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
12	ناریل! زبردست قدرتی طاقت' دوا اور انوکھی شفاء	34	ہفتے میں دو بار ڈائیلاسسز کروانے والے یہ نسخہ آزمالیں!
13	روحانی بیماریوں کا روحانی علاج	35	قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں
14	طبی مشورے	37	معجزاتی درخت سہانجنہ! 300 بیماریوں کا مکمل علاج
15	میری زندگی کیسے بدلی؟	38	دشمن کا مال دیکھا تو منہ سے نکلا پاک فوج کو سلام ہلکا اکھول سلام!
16	ناجائز جیلوں میں قید افراد تک یہ تحریر پہنچادیں!	39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
17	بیٹی کو کامیاب عورت بنانے کے گر سیکھئے	41	قاتوں کے چنگل سے ایک وظیفہ نے آزاد کروادیا
18	حسن کیلئے کریمیں نہیں غذائیں اپنائیں	42	جوگیوں' سادھوؤں سے ذہنی تازگی کا گر پالیں!
19	شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟	43	دعوت دین' ہماری ہر مشکل کی شاہ کلید
20	فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے کا راز! طالبعلم نوٹ فرمالیں!	44	نام کے ہماری زندگیوں پر اثرات
21	آپ کا سوال' حضرت علامہ لاہوتی کا جواب	45	قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے
22	کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے	47	دم' تعویذ اور دھاگے کا شریعت میں حکم
23	کوڑھ' چنبل اور خارش سے نجات کیلئے سنیاسی کا کامیاب نسخہ	48	9 مسائل کا حل صرف 9 دنوں میں' گارنٹی شدہ
24	طائف کا جج اور چار بیویوں کا انوکھا مقدمہ	49	عبقری رسالہ' کتب' ادویات آپ کے شہر میں

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

[illegible]

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل وکتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org | فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی نزد قرطبہ چوک کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

Download These Beautiful PDF Books

Click on Titles to Download































Download These Beautiful PDF Books

Click on Titles to Download





























Download These Beautiful PDF Books

Click on Titles to Download

















www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

بُرے حالات میں ثابت قدمی: حاسدین سے چھٹکارا اور بُرے حالات میں ثابت قدم رہنے کے لئے اسم مبارک یَاقُدُّوْسُ کا بکثرت پڑھنا بہت فائدہ دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان تین افراد کا دشمن: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''میں قیامت کے دن تین آدمیوں کا دشمن ہوں گا' ایک وہ جس نے میرا نام لے کر عہد کیا اور پھر فریب کیا۔ دوسرا وہ جس نے آزاد (انسان) کو بیچ کر اس کا پیسہ کھایا' تیسرا جس نے مزدور سے پوری محنت لی پھر اس کی مزدوری نہ دی۔'' (عن ابی ہریرہؓ) **(بخاری)** (وضاحت: مزدور کی پوری پوری مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کر دینی چاہیے۔ نیک اور صالح لوگوں سے مزدوری پر کام کرانا کوئی بُری بات نہیں ہے بلکہ دونوں کیلئے باعث برکت اور ثواب ہے)۔ **ظالم اور مظلوم کی مدد کریں:** حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اپنے بھائی کی مدد کرو وہ ظالم ہو یا مظلوم'' لوگوں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ وہ مظلوم ہو تو اس کی مدد کریں گے لیکن ظالم ہو تو کیسے مدد کریں؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اس کو ظلم سے روکو'' (عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ) **(بخاری)** وضاحت: ظالم کو ظلم سے روکنا ہی ظالم کی مدد ہے' اس لیے کہ ظلم کی وجہ سے آخرت میں اسے سخت سزا ہوگی)۔ **مظلوم کی بددعا سے بچنا:** نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا اور ارشاد فرمایا: ''دیکھو! مظلوم کی بددعا سے بچتے رہنا کیونکہ اس (اس کی بددعا) کو اللہ تعالیٰ تک پہنچنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔'' (عن ابن عباس رضی اللہ عنہما) **(بخاری شریف)**

حالِ دل
جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا
سانپوں سے ملاقات

وہ عام سانپ تھا یا سانپوں کا شہنشاہ؟: ایک خاتون جس کا نام مائی جیوائی تھا (ضلع رحیم یار خان) گھر بیٹھی تھی تو اچانک ایک سانپ آیا اور وہ سانپ محفوظ کونہ تلاش کر رہا تھا' اس کے پیچھے جوگی لگے ہوئے تھے جو اس کو پکڑنا چاہتے تھے' وہ مائی کے گھر کے ایک کمرے میں گھس گیا' جوگی پیچھے آگئے' مائی نے جوگیوں سے کہا کہ وہ سانپ کو نہ پکڑیں لیکن وہ نہ مانے' وہ کہنے لگے ہمیں گھر کے اندر داخل ہونے دیں' ہمیں سانپ پکڑنا ہے' آخرکار اس نے اس بستی کے بڑے لوگوں کو بلایا کہ یہ سانپ کو چھوڑ دیں' مگر جوگی نہ مانے' جوانوں کو اکٹھا کیا کہ وہ جوگیوں کو کہیں کہ وہ سانپ کو چھوڑ دیں' مگر جوگی نہ مانے۔ پھر اس بستی کے مرد' عورتیں' بچے سب نے ان جوگیوں کی منت کی لیکن وہ اس بات پر مصر تھے کہ ہم نے سانپ پکڑنا ہے جب مایوس ہو کر مائی گھر آئی تو سانپ اس کے گھر سے نکلا' جوگی اس کے پیچھے' جوگی جب سامنے آئے تو سانپ نے ایک پھنکار ماری اور تمام جوگی جل گئے اور موقع پر ہی مر گئے اور سانپ نکل گیا۔ اس دن کے بعد اس مائی کے گھر تونگری' دولت اور مال بہت زیادہ آ گیا۔ قارئین! کیا وہ سانپ تھا یا جن تھا؟ میری زندگی کے تجربات اور مشاہدات میں ایک چیز بہت زیادہ وضاحت سے آئی ہے اور تجربات نے اس کو بہت زیادہ واضح کیا ہے کہ انسانی زندگی میں جنات کا بہت زیادہ دخل ہے وہ کسی نہ کسی مخلوق کی شکل بن کر آتے ہیں اور اگر انسان احتیاط سے چلے تو یہی جنات اللہ تعالیٰ کے حکم سے نفع بھی دیتے ہیں اور نقصان بھی دیتے ہیں اور جب نفع دینے پر آتے ہیں تو حیرت انگیز اس کے نتائج اور کمالات بے شمار کتابوں میں پڑھے بھی ہیں اور تجربات سے عیاں بھی ہیں۔ **سانپ نے دیا انتہائی قیمتی تحفہ:** ایک اور صاحب نے واقعہ سنایا کہ ان کے گھر کے قریب ایک سانپ نکلتا تھا جس کے بارے میں مشہور تھا کہ بہت بڑا سانپ ہے' وہ سانپ ایک دفعہ اس کے سامنے آیا اس کے ہاتھ میں لاٹھی تھی اس نے مارنا چاہا لیکن سانپ نے منہ سے ایک بلور کی طرح کی کوئی چیز نکالی اور پھینک دی' پھر سانپ چلا گیا' اب یہ ڈر کے مارے اس کو ہاتھ نہ لگائے جب دیکھا تو وہ سخت سی کوئی چیز تھی اس نے اپنے پاس رکھی' وہ بہت قیمتی تھی' اس کی قیمت کا اندازہ اسے بعد میں ہوا۔ **سانپ ٹوٹ گیا مگر ہاتھ نہ آیا:** ایک مخلص بتانے لگے کہ ہم اپنے والد کے ساتھ گاؤں میں رہتے تھے' گھر میں سانپ آیا' ٹھنڈا تندور پڑا تھا جس میں آگ نہیں تھی اس تندور میں سانپ گھس گیا' میرے والد نے اس کی دم پکڑی اسے کھینچا ادھر سانپ نے زور لگایا حتیٰ کہ سانپ درمیان سے ٹوٹ گیا اور پھر نکل کر بھاگ گیا لیکن ہاتھ نہ آیا۔ **سانپوں کا قافلہ اور میری خوش قسمتی:** ایک وکیل صاحب بتانے لگے کہ میں سائیکل پر آ رہا تھا میں نے ایک شور سنا جیسے کوئی پھنکاروں کا شور ہوتا ہے میں نے دیکھا کہ سانپوں کا قافلہ آ رہا ہے اور ایک بڑا سانپ ہے' اس کے اوپر ایک چھوٹا سانپ سوار ہے اور اس کے سر پر تاج ہے' میں نے اپنے ہاتھ میں کوئی چھڑی لے لی اور میں نے اس کو مارنا چاہا ایک دم سانپوں کا قافلہ رک گیا اور سب سانپ مجھے دیکھ رہے تھے' شاید میری قسمت اچھی تھی' دور سے ایک بندہ بھاگتا ہوا آیا اور اس نے سب سانپوں کو اور خاص طور پر اس سوار سانپ کو متوجہ ہو کر کہا نوجوان ہے ناسمجھ ہے معاف کر دیں اور میں تھر تھر کھڑا کانپ رہا تھا کہ ابھی تمام سانپ مجھ پر حملہ کر دیں گے۔ میں نے چھڑی پھینک دی اور پریشان حال کھڑا تھا ان کی منت زاری پر آخرکار سانپوں کا قافلہ چل پڑا اور میری جان بچ گئی۔ **وہ جنات تھے:** انہوں نے ایک اور واقعہ سنایا کہ میں فاختہ کا شکار کر کے آ رہا تھا' سائیکل کے پیچھے وہ شکار بندھا ہوا تھا اور تھوڑی دیر ہوئی کچھ لوگ آئے اور مجھے کہنے لگے کہ ہمیں یہ دے دو' میں نے کہا نہیں میں نہیں دیتا' انہوں نے بار بار اصرار کیا آخر کہنے لگے جا سب کچھ ختم ہو جائے گا اور ایسے ہی ہوا جب میں گھر آیا تو وہ سب خراب گیا اور اس میں بدبو پیدا ہو گئی اور وہ جنات تھے۔ **زمین کھودو یہاں خزانہ ہے:** مزید کہنے لگے ہم زمانہ طالب علمی میں پڑھتے تھے ایک خاتون سے روٹیاں لگواتے تھے بہت غریب تھی۔ ایک دفعہ کہنے لگی اس جگہ کھودو یہاں ایک امانت دفن ہے۔ اس نے ہم سے درخت کے نیچے کھدوایا اس جگہ اس کی بکری اکثر بندھی رہتی تھی۔ اس کے نیچے سے چاندی کے سکے نکلے' سب سکوں پر ان کے مالکوں کے نام لکھے ہوئے تھے' یہ فلاں کی امانت ہے یہ فلاں کی امانت ہے کہنے لگی آج سے پندرہ سال قبل ایک صاحب جوانی میں فوت ہو گئے تھے وہ مجھے یہ امانت دے کر گئے تھے' میرا وقت قریب ہے میں چاہتی ہوں یہ امانت اس کے وارثوں تک پہنچا دوں۔ حالانکہ خود غریب تھی اور بہت نادار تھی لیکن اس نے امانت کی حفاظت کی اور اس حفاظت کی وجہ سے اس کا خاتمہ بالخیر ہوا۔ کہنے لگی: جمعہ کے دن میرا جنازہ ہوگا اور آپ میرا جنازہ پڑھنا واقعی وہ فوت ہو گئی اور جمعہ کے دن اس کا جنازہ تھا۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

مخلص دوست: اللہ کی بہترین نعمتوں میں سے ایک نعمت مخلص دوست ہیں۔ **کامل انسان:** کامل انسان وہ ہے جس سے اس کے دشمن بھی بے خوف ہوں۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

ایماندار جوہری کا شاندار انجام

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ایک نورانی صاحب قبر کی زیارت: رات کے وقت میں سورۃ مزمل پڑھ رہا تھا۔ بہت سخت سردی تھی۔ ہوا بار بار میرے کمبل کو اڑا رہی تھی۔ کمبل کے اوپر ایک چھوٹا پتھر رکھا لیکن ہوا نے اس کی پرواہ نہ کی، میں نے سوچا کہ میں یہاں سے اٹھ کر سامنے پڑا ہوا بڑا پتھر اٹھا کر کمبل کے دونوں طرف رکھ دوں پھر یہ ہوا سے نہیں اڑے گا۔

بار بار میرے عمل میں خلل پڑ رہا تھا' اس لئے میں نے اٹھ کر جب وہ پتھر اٹھانے کی کوشش کی تو وہ پتھر کسی قبر کے اوپر پڑا ہوا تھا۔ قبر کے اوپر کوئی نشان نہیں تھا۔ نشان پتا نہیں کب کا مٹ چکا تھا اور اس کے اندر سفید کفن نظر آیا۔ پتھر اٹھانے سے قبر کا کچھ ٹکڑا مٹی کے ساتھ قبر کے اندر گر گیا اور قبر کافی کھل گئی۔ یہ چاندنی راتوں کی ایک روشن رات تھی۔ اس قبر کے اندر میں نے دیکھا کہ میت پڑی ہوئی ہے۔ پہلے تھوڑا خوف سا ہوا لیکن پھر اللہ پاک نے اپنے نام کی برکت سے تسلی دی، میں نے سوچا کہ اس میت کا سر اور پاؤں کس طرف ہوگا۔ قبلے کے رُخ کا تعین کیا تو میں نے سوچا کہ اس طرف سر ہونا چاہیے اور اسی طرف اس کا سر تھا، میں نے سوچا کہ اس کا چہرہ کھول کر دیکھوں کہ اس کا چہرہ کیسا ہے۔ تو میں یہ دیکھنے کیلئے بیٹھا اور نیچے جھک گیا۔ رات کے غالباً دو اڑھائی بجے کا وقت تھا، سردی کی راتیں تھیں اور سناٹا تھا۔ میں نے جھک کر اُس کفن کی تہیں کھولیں تو یقین جانیے میرے ہاتھوں نے محسوس کیا کہ وہ کفن نہیں تھا کوئی کلف لگا ہوا کپڑا تھا جس کی کڑکڑاہٹ کی آواز آئی۔ بالکل نیا اور دیسی رنگ اور ہاتھ کا بنا ہوا کپڑا تھا، محسوس ہو رہا تھا کہ یہ مشینی کپڑا نہیں ہے' مشینی دور سے بہت پہلے کی دنیا کا کپڑا ہے، اس کو کھولا تو ایک چہرہ نظر آیا۔ عمر کا اندازہ ہو رہا تھا کہ اسی، بیاسی کے آس پاس ہے، گلاب کی طرح کھلا ہوا چہرہ تھا، آنکھیں بند تھیں اور منہ قبلہ کی طرف تھا، بالکل تر و تازہ چہرہ، میں نے آنکھ کے پپوٹوں کو ہاتھ لگایا تو مجھے نرم محسوس ہوئے، ہونٹوں کو ہاتھ لگایا تو نرم محسوس ہوئے۔ **عجیب و غریب خوشبو:** عجیب و غریب خوشبو آ رہی تھی' کفن کا پرت کھولتے ہی خوشبو پھیل گئی' اتنی خوشبو کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتا۔ میں نے اس کے کفن کو مزید کھولا تو سینے پر سفید بال تھے اس سے آگے کفن نہیں کھولا۔ درمیانہ جسم تھا' نہ زیادہ بھاری نہ زیادہ ہلکا۔ دراز قد تھا' سینے پر میں نے انگلیاں لگائیں، پپوٹوں پر لگائیں، ہونٹوں پر لگائیں، گالوں پر لگائیں، داڑھی کے بالوں پر میں نے یہ سوچ کر انگلیاں پھیریں کہ شاید بال گر جائیں لیکن ڈاڑھی کے بال بھی نہیں گر رہے تھے۔ جسم ایسا تھا جیسے ابھی سلا کر گئے ہیں اور انوکھی بات ہے، سخت سردی تھی مگر جسم گرم تھا۔ میرے ہاتھ یخ بستہ تھے، سردی میں ٹھٹھر رہے تھے، کیونکہ کمبل سے تو میں نکل آیا تھا، ایک جذبے نے مجھے کمبل سے نکالا تھا۔ میرے ہاتھ ٹھنڈے تھے لیکن وہاں رکھتا تو گرم محسوس ہوتا۔ ایک طرف ٹھنڈا اور دوسری جانب گرم ہو تو احساس زیادہ ہوتا ہے۔ میں نے اپنے طور پر باتیں کیں، میں نے اللہ سے دعا کی کہ: اے اللہ! اپنے اس بندے تک پہنچا دے۔ بہت دیر تک دعا کی میں نے ''اے اللہ! اپنے بندے تک تو ہی پہنچا سکتا ہے۔'' اس کے بعد اس قبر کو میں نے پتھروں سے صحیح طریقے سے بند کیا۔ بند کرنے کے بعد میں پھر اپنے عمل میں مشغول ہو گیا۔

خواب میں اس نورانی بزرگ سے ملاقات: صبح کو میں نے ایک جگہ فجر کے بعد کچھ اور اعمال کیے جو میں نے ان صاحب قبر کو ہدیہ کر دیے۔ اس کے بعد میں لیٹ گیا تو خواب میں ایک صاحب میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ: ''صدیوں بعد بس تو ہی میرے پاس آیا ہے اور اللہ نے تجھے بھیجا ہے، تیرے ہدیے مجھے ملے ہیں میں تیرا مشکور ہوں، تیرا شکر گزار ہوں۔ ایک وعدہ کر کہ اب مجھے ہدیہ دیتا رہے گا اور یہ وعدہ بھی کر کہ اپنی نسلوں کو بھی وصیت کرنا کہ تمہارے والد کا ایک دوست تھا، وہ ہدیہ مانگتا تھا، میں نے اس کو ہدیہ دیا تم بھی دیتے رہنا اور اپنی نسلوں کو بھی یہ کہنا کہ وہ اپنی نسلوں کو وصیت کریں۔'' میں نے پوچھا کون ہیں؟ کہنے لگے: ''میں جوہری ہوں جوہری۔''

وہ نورانی بزرگ کون تھے؟: ان بزرگ نے ایک پرانے بادشاہ کا نام لیا، انوکھا سا نام تھا، کوئی پتا نہیں کونسی صدی کا بادشاہ تھا' یہ صاحب قبر اس کا جوہری تھا۔ میں نے ہمیشہ کھوٹے کو کھوٹا کہا، کھرے کو کھرا کہا اور کبھی دھوکہ نہیں دیا۔ ان بزرگ کا ایک اللہ والے سے روحانی تعلق تھا، اُنکی مان مان کر چلتے تھے، اُن سے پوچھ کر چلتے تھے، اُن کی مانے بغیر کوئی کام کرتے ہی نہیں تھے۔ ان کا آخری وقت تھا، میں نے ان کا ہاتھ پکڑ کر ان سے کہا کہ شیخ! دعا کریں اللہ پاک آپ کا ہاتھ قیامت میں بھی سلامت رکھے اور آپ وعدہ کریں کہ اللہ پاک جب آپ کو جنت میں بھیجے گا تو آپ مجھے نہیں چھوڑیں گے۔ اس صاحب قبر کے شیخ نے یہ وعدہ کیا اور یہ وعدہ بھی کیا کہ جو بھی تیرا ہاتھ پکڑے گا اللہ اس کو بھی جنت میں بھیجے گا کیونکہ میں اس کا ہاتھ بھی پکڑوں گا۔'' تو میں نے خواب ہی میں اس صاحب قبر کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر میں نے کہا: آپ مجھ سے وعدہ کریں کہ آپ مجھے بھی اپنے ساتھ جنت لے کر جائیں گے وہ بڑے خوش ہوئے اور کہنے لگے: ''آج تیرے ہدیے نے بڑے درجات بلند کر دیے، صدیوں بعد کوئی بندہ آیا ہے، میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں اور جو بھی تیرا ہاتھ پکڑے گا اس کیلئے بھی وعدہ کرتا ہوں، لیکن ایک وعدہ تو بھی کر لے کہ مجھے ہدیہ بھیجنا نہ چھوڑنا، مجھے ہدیہ بھیجتے رہنا۔'' دیکھیں کہ کیسی عجیب بات کہی کہ میں بادشاہ کا جوہری تھا میں نے حق کو حق کہا۔ میں نے ان بزرگ سے بہت باتیں کیں۔ وہ بزرگ کہنے لگے: میں نے کھرے کو کھرا کہا اور کھوٹے کو کھوٹا کہا۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے

خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

نسلوں میں سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ہمیشہ ایمان کی سلامتی کے ساتھ لمبی عمر عطا فرمائے۔ پہلی بار آپ سے عرصہ دس پندرہ سال پہلے ملاقات ہوئی۔ بس وہ دن اور آج کا دن' ہمارا پورا خاندان تسبیح خانہ سے جڑا ہوا ہے۔ 18 اگست 2014 کو آپ سے لاہور میں بچوں کے ہمراہ ملاقات کی تھی۔ آپ نے 21 جمعراتیں لاہور میں درس کی ہدایت کی الحمدللہ آپ کی دعا سے وہ بھی عرصہ چھ ماہ سے مکمل کر چکی ہوں مجھے اور میری اولاد کو جو فرق پڑا وہ بے مثال ہے' ہم تینوں اللہ تعالیٰ کی ذات سے بے پناہ محبت ہی نہیں کرتے بلکہ باقاعدہ نماز' تسبیح' ذکر' اعمال' صدقہ خیرات' زکوۃ' قربانی سب میں الحمدللہ ثم الحمدللہ پکے ہو چکے ہیں۔ مجھے بہت خوشی ہوئی جب میرے سترہ سال کے بیٹے نے گزشتہ رمضان تسبیح خانہ میں گزارنے کی ضد کی اور تسبیح خانہ میں رمضان گزارا بھی۔ کیونکہ میں انتہائی پابندی سے صبح شام آن لائن درس لگا کر بچوں کو بٹھا کر سنوانے میں کبھی کوتاہی نہیں کی پھر بعد میں دوبارہ بھی سنواتی رہتی ہوں اللہ کا بڑا ہی کرم ہے بڑا ہی شکر ہے بڑا ہی احسان ہے۔ درس کی برکات ہیں کہ ہمارے گھر رزق کی فراوانی ہے۔ ہر طرف سکون ہی سکون ہے۔ کاروبار میں برکت ہے' جادو' بندش' گھریلو جھگڑوں سے آزاد ہوں۔ (صفورا سلطانہ' لالہ موسیٰ)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ہیضہ کا آزمودہ ترین علاج: الائچی کلاں تین عدد اور پودینہ (تین لڑیوں) کے پتے ایک لیٹر پانی میں ابال کر وقفے وقفے سے پلانے سے ہیضہ ختم ہوجاتا ہے۔

[redacted]

250سال عمر پانے والے عاشق رسول کی چند کرامات

جب آپ کے وصال کا وقت قریب آیا تو آپ نے اپنی بیوی صاحبہ سے فرمایا کہ تم نے جو تھوڑا سا مشک رکھا ہے اس کو پانی میں گھول کر میرے سر میں لگادو کیونکہ اس وقت میرے پاس کچھ ایسی ہستیاں تشریف لانے والی ہیں جو نہ انسان ہیں اور نہ جن۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ: ان کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور یہ حضور اقدس ﷺ کے آزاد کردہ غلام ہیں یہ فارس کے شہر ’’رامہرمز‘‘ کے باشندہ تھے۔ مجوسی مذہب کے پابند تھے اور ان کے باپ مجوسیوں کی عبادت گاہ آتش خانہ کے منتظم تھے۔ یہ بہت سے راہبوں اور عیسائی سادھوؤں کی صحبت اٹھا کر مجوسی مذہب سے بیزار ہوگئے اور اپنے وطن سے مجوسی دین چھوڑ کر دین حق کی تلاش میں گھر سے نکل پڑے اور عیسائیوں کی صحبت میں رہ کر عیسائی ہوگئے۔ پھر ڈاکوؤں نے گرفتار کرلیا اور اپنا غلام بنا کر بیچ ڈالا اور یکے بعد دیگرے یہ دس آدمیوں سے زیادہ اشخاص کے غلام رہے جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت یہ ایک یہودی کے غلام تھے جب انہوں نے اسلام قبول کرلیا تو جناب رسول اللہ ﷺ نے ان کو خرید کر آزاد فرمادیا۔

جنگ خندق میں مدینہ منورہ شہر کے گرد خندق کھودنے کا مشورہ انہوں نے ہی دیا تھا۔ یہ بہت ہی طاقتور تھے اور انصار و مہاجرین دونوں ہی ان سے محبت کرتے تھے چنانچہ انصاریوں نے کہنا شروع کیا کہ سلمان منا یعنی سلمان ہم میں سے ہے اور مہاجرین نے بھی یہی کہا کہ سلمان منا یعنی سلمان ہم میں سے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کا ان پر بہت بڑا کرم عظیم تھا جب انصار و مہاجرین کا نعرہ سنا تو ارشاد فرمایا۔ سلمان منا اہل البیت (یعنی سلمان ہم میں سے ہیں) یہ فرما کر ان کو اپنے اہل بیت میں شامل فرمالیا۔ عقد مواخات میں حضور اکرم ﷺ نے ان کو ابوالدرداء صحابیؓ کا بھائی بنادیا تھا۔ اکابر صحابہ میں ان کا شمار ہے بہت عابد و زاہد اور متقی و پرہیزگار تھے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ یہ رات میں بالکل ہی اکیلے صحبت نبویؐ سے سرفراز ہوا کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ سلمان فارسی نے علم اول بھی سیکھا اور علم آخر بھی سیکھا اور وہ اہل بیتؓ میں سے ہیں۔ احادیث میں ان کے فضائل و مناقب بہت مذکور ہیں۔ ابونعیم نے فرمایا کہ ان کی عمر بہت زیادہ ہوئی۔ بعض کا قول ہے تین سو چالیس برس کی عمر ہوئی اور دو سو پچاس برس کی عمر پر تمام مورخین کا اتفاق ہے 35ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔

یہ مرض الموت میں تھے تو حضرت سعدؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ان کی بیمار پرسی کے لئے گئے تو حضرت سلمان فارسیؓ رونے لگے ان حضرات نے رونے کا سبب دریافت کیا تو فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے ہم لوگوں کو وصیت کی تھی کہ تم لوگ دنیا میں اتنا ہی سامان رکھنا جتنا کہ ایک سوار مسافر اپنے ساتھ رکھتا ہے لیکن افسوس کہ میں اس مقدس وصیت پر عمل نہیں کرسکا کیونکہ میرے پاس اس سے کچھ زائد سامان ہے۔ بعض مورخین نے آپ کی وفات کا سال 10 رجب 33ھ یا 34ھ تحریر کیا ہے۔ مزار مبارک مداین میں ہے جو زیارت گاہ خلائق ہے (ترمذی مناقب سلمان فارسی واکمال ص 587 وحاشیہ کنز العمال ج 16 واسد الغابہ ج 2 ص 328)۔ **ملک الموت نے سلام کیا:** جب آپ کے وصال کا وقت قریب آیا تو آپ نے اپنی بیوی صاحبہ سے فرمایا کہ تم نے جو تھوڑا سا مشک رکھا ہے اس کو پانی میں گھول کر میرے سر میں لگادو کیونکہ اس وقت میرے پاس کچھ ایسی ہستیاں تشریف لانے والی ہیں جو نہ انسان ہیں اور نہ جن۔ ان کی بیوی صاحبہ کا بیان ہے کہ میں نے مشک کو پانی میں گھول کر ان کے سر میں لگادیا اور میں جیسے ہی مکان سے باہر نکلی گھر کے اندر سے آواز آئی۔ السلام علیک یا ولی اللہ السلام علیک یا صاحب رسول اللہ میں یہ آواز سن کر مکان کے اندر گئی تو حضرت سلمان فارسیؓ کی روح مطہرہ پرواز کرچکی تھی اور وہ اس طرح لیٹے ہوئے تھے کہ گویا گہری نیند سو رہے ہیں (شواہد النبوۃ ص 221)۔

خواب میں اپنے انجام کی خبر دینا: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ مجھ سے حضرت سلمان فارسیؓ نے فرمایا کہ آیئے ہم اور آپ یہ عہد کریں کہ ہم دونوں میں سے جو بھی پہلے وصال کرے وہ خواب میں آکر اپنا حال دوسرے کو بتادے۔ میں نے کہا کہ کیا ایسا ہوسکتا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ ہاں مومن کی روح آزاد رہتی ہے۔ روئے زمین میں جہاں چاہے جاسکتی ہے۔ اس کے بعد حضرت سلمان فارسیؓ کا وصال ہوگیا۔

پھر میں ایک دن قیلولہ کررہا تھا تو بالکل ہی اچانک حضرت سلمانؓ میرے سامنے آگئے اور بلند آواز سے انہوں نے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ میں نے جواب میں وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ کہا اور ان سے دریافت کیا کہ کہیئے وصال کے بعد آپ پر کیا گزری؟ اور آپ کس مرتبہ پر ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کہ میں بہت ہی اچھے حال میں ہوں اور میں آپ کو یہ نصیحت کرتا ہوں کہ آپ ہمیشہ خدا پر توکل کرتے رہیں کیونکہ توکل بہترین چیز ہے توکل بہترین چیز ہے توکل بہترین چیز ہے۔ اس جملہ کو انہوں نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا (شواہد النبوۃ ص 221)۔ **چرند و پرند تابع فرمان:** ان کی مشہور کرامت یہ ہے کہ جنگل میں دوڑتے ہوئے ہرن کو بلایا تو وہ آپ کے پاس فوراً ہی حاضر ہوگیا اسی طرح ایک مرتبہ اڑتی ہوئی چڑیا کو آپ نے آواز دی تو وہ آپ کی آواز سن کر زمین پر اتر پڑی (تذکرہ محمود)۔ **فرشتہ سے گفتگو:** سلمہ بن عطیہ اسدی کا بیان ہے کہ حضرت سلمان فارسیؓ ایک مسلمان کے پاس اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور وہ جاں کنی کے عالم میں تھا تو آپ نے فرمایا کہ اے فرشتہ! تو اس کے ساتھ نرمی کر! راوی کہتے ہیں کہ اس مسلمان نے کہا کہ اے سلمان فارسی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) یہ فرشتہ آپ کے جواب میں کہتا ہے کہ میں تو ہر مومن کے ساتھ نرمی ہی اختیار کرتا ہوں (حلیۃ الاولیاء ج 1 ص 204)

حاملہ خواتین کیلئے عبقری سے آزمائے ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ عبقری کے تمام وظائف و نسخہ جات خود بھی آزماتے ہیں اور لوگوں کو بھی بتاتے ہیں۔ میں نے اپنے دوست کی بیوی کو ہر ماہ چاند کی پہلی تاریخ سے لے کر سات تاریخ تک روزانہ سورۂ بقرہ پڑھنے کو دی‘ 9 ماہ بعد میرے دوست نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے چاند سا بیٹا دیا ہے۔ **رسونت کا کمال:** ایک دوست کی بیوی کو مسئلہ تھا کہ حمل کے دوران ساتویں مہینے میں بچہ دانی کا منہ کھل جاتا تھا‘ اس دوست کو میں نے کہا کہ اپنی بیوی کو رسونت آدھ چمچ صبح و شام کھلاؤ۔ 9 ماہ بعد اس خاتون کے ہاں اولاد ہوئی۔ اس کے علاوہ میں نے اس خاتون کو صبح و شام 100 بار اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ اور قرآن پاک کی آخری چھ سورتیں پڑھنے کو کہا تھا۔ میرے ایک دوست مقامی لیب میں کام کرتے تھے ان کی تنخواہ بہت کم تھی اور پریشان تھے۔ میں نے ان کو روزانہ صبح گیارہ تسبیح یاقہار اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنے کو کہا۔ ابھی صرف گیارہ دن ہی پڑھا تھا کہ اس دوست کی نوکری بہترین جگہ لگی اور تنخواہ بھی پہلے سے دس گنا زیادہ ہوگئی۔ درج بالا تمام وظائف و ٹوٹکہ میں نے ماہنامہ عبقری سے ہی پڑھے ہیں۔ (محمد رئیس قادری‘ کراچی)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM WWW.URDUSOFTBOOKS.COM WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

شیطانی وساس سے نجات پانے کا عمل: ہرنماز کے بعد یہ اسم مبارک یَاسَلَامُ 21 مرتبہ پڑھنے سے انسان سارادن شیطانی وساوس سے سلامتی میں رہتا ہے۔

جب دو بچوں کو سنبھالنا دشوار ہو جائے! چند گر سیکھ لیں!

پہلے تو یہ جان لیں کہ عموماً ذرا بڑے بچے، نئے بچے کی خواہش تو کرتے ہیں مگر اس کے آتے ہی اس سے جلنے لگتے ہیں۔ ماؤں کو چاہیے کہ پہلے ہی ان بچوں کے اذہان کو تیار کریں کیونکہ حسد کی وجہ سے ذرا بڑے بچے بھی بالکل ننھے منے بن جاتے ہیں

نئے بچے کی آمد سے قبل گھرانے میں عموماً ایک نوع کی خوشی اور کسی قدر ہیجان کا سماں رہتا ہے۔ بہت سے والدین اپنے پہلے والے بچوں کو اس کے لئے تیار کرنے لگتے ہیں ان سے کہتے ہیں کہ ان کا ایک نیا بھائی یا بہن آنے والی ہے اور اس کی آمد سے انہیں کس قدر لطف آئے گا وغیرہ۔ اس سے کہتے ہیں تم اس سے کھیل سکو گے۔ بچے اس تصور سے خوش ہوتے ہیں۔ البتہ جب یہ نومولود سامنے آجاتا ہے تو معاملہ قدرے بدل جاتا ہے۔ اس ضمن میں ماؤں نے بتایا کہ دوسرے بچے کی آمد کے بعد پہلے والے بچے اس سے حسد کرنے لگتے ہیں۔ ماؤں کو اس نئے بچے کی سمت زیادہ ملتفت اور متوجہ پا کر انہیں غصہ آتا ہے۔ وہ ہروقت ماؤں سے چپکے رہنے لگتے ہیں۔ ٹھیک سے سوتے بھی نہیں۔ یہ صورت حال ماؤں کے لئے پریشان کن ہوتی ہے۔ دونوں بچوں کو سنبھالنا دشوار ہو جاتا ہے۔ کچھ بچے تو بالکل شیرخوار بن جاتے ہیں۔ دراصل وہ پہلا بچہ ہونے کی وجہ سے توجہ نہیں پا رہا ہوتا ہے اور نیا بچہ اسے اپنا دشمن سمجھنے لگتا ہے۔ ایک مشہور ماہر کا کہنا ہے کہ مختلف عمر کے بچے اس ضمن میں مختلف رویہ اپناتے ہیں والدین کو ان بچوں کو نئی صورت حال سے مطابقت پیدا کرنے کے لئے تیار کرانا چاہیے اس کے لئے عمروں کے پیش نظر چند مشورے ذیل میں دیئے جارہے ہیں۔ پہلے تو یہ جان لیں کہ عموماً ذرا بڑے بچے، نئے بچے کی خواہش تو کرتے ہیں مگر اس کے آتے ہی اس سے جلنے لگتے ہیں۔ ماؤں کو چاہیے کہ پہلے ہی ان بچوں کے اذہان کو تیار کریں کیونکہ حسد کی وجہ سے ذرا بڑے بچے بھی بالکل ننھے منے بن جاتے ہیں تاکہ صرف ماؤں کی توجہ حاصل کرلیں۔ ان بچوں کے ساتھ چڑچڑے پن سے نہ پیش آئیں۔ اسی طرح بسا اوقات یہ بڑے بچے نومولود کو دشواری میں ڈالنے والی حرکات کرتے ہیں۔ مثلاً وہ سوتے ہوئے شیرخوار کو جگا دیتے ہیں۔ وہ اسے پیار کرنے کے بہانے سے نوچتے کھسوٹتے بھی ہیں۔ یہ معاملہ بھی خاصا سنجیدہ ہوتا ہے کہ گھر میں دوسرا بچہ کب آئے۔ کچھ گھرانے اس وقت تک انتظار کرتے ہیں جب تک پہلا بچہ سکول نہ جانے لگے۔ ان کا خیال ہوتا ہے اس طرح بچہ کو سنبھالنا آسان رہے گا مگر انہیں بڑے بچے کی طرف سے توجہ کے مطالبہ کے لئے تیار رہنا چاہیے۔ وہ بچے جو پانچ سال سے زیادہ عمر کے ہوتے ہیں، کھلم کھلا نئے بچے کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ اس سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ والدین بہرحال ان بچوں سے بات کرسکتے ہیں۔ بچے خاصے حساس ہوتے ہیں اور انہیں محبت اور شفقت کی زیادہ احتیاج ہوتی ہے۔ یہ بچے بہرحال والدہ کے مددگار ثابت ہوتے ہیں اور مدد کرکے خوش بھی ہوتے ہیں۔ لیکن نئے بچے کی آمد پر ان کی روش بدل جاتی ہے بجائے کچھ کام کرنے کے وہ خواہاں رہتے ہیں کہ اب تمام تر توجہ ان ہی کو دی جائے۔ اس سلسلے میں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ پہلا بچہ دوسرے کی آمد تک شہزادے جیسا ہوتا ہے۔ مگر دوسرے کی آمد کے بعد اس کی یہ پوزیشن نہیں رہتی۔ البتہ ایک اچھی بات یہ ہے کہ یہ بڑے بچے ذرا جلدی جان لیتے ہیں کہ احتجاج کے بجائے تعاون ہی ان کے لئے بہتر ہوگا۔

ماؤں کے لئے مشورے: بڑے بچے کو اس کی توجہ طلبی پر نہ جھڑکیں، تحمل سے کام لیں اور کبھی کبھار اس کی خواہش پوری بھی کردیں۔ بڑے بچے کو محروم رکھ کر مشتعل نہ کریں ورنہ وہ بدلہ لینے کے لئے نومولود کو ستائے گا۔ پہلا بچہ اگر آپ کے کاموں میں معاونت کرے تو اس کی تعریف کردیا کریں۔ کوشش کریں کہ کچھ وقت نکال کر اپنے پہلے بچے (یا بچوں پر) توجہ دیں۔ انہیں پیار کریں۔ ان سے باتیں کریں۔ ان کے ساتھ کچھ دیر کھیلیں۔ **دوسرے بچے کی آمد:** گھر میں دوسرے بچے کو کب آنا چاہیے؟ اس سوال کے جواب میں کوئی مثالی وقفہ سامنے نہیں لایا جاسکا ہے، کچھ کا خیال ہے کہ دوسرا بچہ جس قدر جلد آجائے اتنا ہی اچھا ہوتا ہے۔ ایک شیرخوار ہو یا دو۔ پرورش کے معاملے میں اس سے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ جہاں تک ماؤں کی صحت کا معاملہ ہے کہا جاتا ہے کہ دو بچوں کے درمیان کم ازکم اٹھارہ مہینے کا وقفہ ہونا چاہیے۔

بچوں کو ناشتہ کرانے کے آسان طریقے

تمام ماہرین صحت و تعلیم اس بات سے متفق ہیں کہ ناشتہ بچوں کے لئے ایندھن کی حیثیت رکھتا ہے جو بچوں کو پورا دن ذہنی اور جسمانی طور پر چاق و چوبند رکھتا ہے۔ حالیہ ریسرچ سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ناشتہ کرکے سکول جانے والے بچے بغیر ناشتہ کیے سکول جانے والے بچوں کے مقابلے میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ آج ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ بچوں کو ناشتے میں رغبت دلانے کے لئے کون سے طریقے موثر رہتے ہیں۔ **ہمیشہ ہلکی پھلکی غذا دیجئے:** ایسے تمام کھانے جن میں چکنائی کی زیادتی ہوتی ہے وہ بچوں میں سستی پیدا کرتے ہیں اس لئے زیادہ تلے اور بھاری کھانوں سے پرہیز کیجئے۔ اس کے علاوہ تیز مرچ مصالحوں کے کھانوں سے بھی بچوں کو دور رکھیں۔ کوشش کریں کہ انہیں تازہ پھل، دودھ یا جوس وغیرہ فراہم کریں۔ یہ بچے زیادہ شوق سے کھائیں گے۔ **بچے کی پسند کو مدنظر رکھیں:** بچوں کو ناشتہ دینے کے لئے اس بات کا خیال ضرور رکھئے کہ آپ کا بچہ کس طرح کا کھانا پسند کرتا ہے۔ اگر آپ پھل دینا چاہ رہی ہیں تو بچے کی پسند پوچھ لیجئے۔ اسی طرح اگر بچہ صرف سادہ دودھ پینا پسند نہیں کرتا تو اس میں اوولٹین وغیرہ ڈال دیجئے۔ **بچوں کی پسند میں رہنمائی کیجئے:** اگر آپ کا بچہ صرف اپنی پسندیدہ چیز ہی کھانے پر اصرار کرتا ہے اور یہ اس کا معمول بن چکا ہے تو اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کی پسند میں خاطرخواہ تبدیلی لائی جائے۔ آپ اپنے بچے کو اپنے ساتھ بازار لے جائیں اور ایسی تمام چیزیں جن کو کھانے میں وہ دلچسپی کا مظاہرہ نہیں کرتا ان کے فوائد سے انہیں آگاہ کریں۔ **صحت کی اہمیت سے آگاہ کریں:** انہیں بتائیں کہ صرف چاکلیٹ اور ٹافیاں کھا کر ہی صحت مند نہیں رہا جاسکتا۔ انہیں کہیں کہ ناشتہ کرنے سے وہ جلد بڑا ہو جائے گا۔ اس کی ہڈیاں مضبوط ہوں گی اور سکول کا کام بھی جلد اور بغیر تھکے مکمل کرلیا کرے گا وغیرہ وغیرہ۔ **نئے ذائقے متعارف کرائیں:** بچے کے ذہن میں یہ چیز بٹھائیں کہ آپ اس سے کتنا پیار کرتی ہیں۔ اس کی صحت کی آپ کو فکر رہتی ہے اور یہ کہ اس کا صحت مند رہنا آپ کے لئے بہت ضروری ہے۔ **ہفتہ وار شیڈول بنائیں:** ممکن ہو تو ہفتہ وار شیڈول بنائیں اور اسے کیلنڈر کی طرح دیوار پر لٹکا دیں اور بچے کی کھانے کی چیزوں کے سامنے ان کی تصویریں' صحت مند رہنے کے اصول وغیرہ لگادیں تاکہ انہیں کھانے میں رغبت پیدا ہوسکے۔ بعض بچے چونکہ پڑھ نہیں سکتے لیکن کھانے کی چیزوں کی تصاویر دیکھ کر وہ کھانے پر آمادہ ہوں گے۔ **ناشتے کی تیاری میں مدد لیں:** باورچی خانے کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں بچوں سے مدد لیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ ڈبل روٹی کے سلائس کاٹ رہی ہیں تو انہیں بھی یہی کرنے دیں۔ انہیں کہیں کہ اپنا تیار کیا سلائس خود کھاؤ، دیکھنا کتنا مزا آئے گا۔ **ساتھ بٹھا کر ناشتہ کرائیں:** کوشش کریں کہ بچوں کو ساتھ بٹھا کر ناشتہ کرایا جائے۔ اس سے بچوں میں ماں باپ کی شفقت کا احساس رہتا ہے۔ وہ آپ کو ناشتہ کرتے دیکھ کر خود بھی کھانے کے لئے تیار ہوجائیں گے۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

سوتیلی ماں کی شان میں گستاخی: سوتیلی ماں کی شان میں برے کلمے زبان سے ہرگز نہ نکالو کیونکہ وہ تمہارے باپ کی زوجہ ہے۔

بیٹیوں کا رشتہ نہیں آتا؟ قرآن پر غلاف چڑھائیے پھر دیکھئے!

نسیمہ جمیلہ

بعض خواتین کے خاوند کڑوے مزاج (یعنی سخت) ہوتے ہیں ان کو بھی چاہیے کہ اپنے پاس سے کپڑا منگوا کر خوبصورت غلاف بنا کر مساجد اور مدرسوں میں قرآن پاک پر چڑھا دیں اگر عورت غریب ہے کپڑے کیلئے رقم نہیں ہے تو مساجد سے قرآن پاک کے غلاف اتروا کر گھر منگوایئے

قارئین! ادب کے بھی درجے ہیں' نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ' خیرات اتنی کرنی ہے جتنا کہ آپ کرسکتے ہیں مگر کلام پاک کا ادب اتنا کرنا ہے جتنا کہ آپ نہیں کرسکتے۔ یعنی جتنا آپ ادب کرسکتے ہیں اس سے زیادہ ادب کرنا ہے۔ ایک صاحب معمولی حیثیت کے تھے' بیوی نے کہا کہ لڑکی جوان ہوگئی ہے' اس کی کچھ فکر کرو' ان صاحب نے اگلے دن کپڑے کا تھان لاکر بیوی کو دیا اور کہا کہ اس تھان سے قرآن پاک کے غلاف لڑکی کے ہاتھ سے سلوا دو' چنانچہ چند دنوں میں پورے تھان کے غلاف لڑکی نے بنا دیئے تو باپ نے مسجد' مدرسہ میں جتنے قرآن پاک تھے تمام پر غلاف چڑھا دیئے' کچھ دن کے بعد ہی لڑکی کا پیغام آگیا' لڑکی عافیت سے شادی کرکے اپنے گھر گئی۔ تین سال بعد پھر بیوی نے کہا کہ اب دوسری لڑکی جوان ہوگئی ہے اس کی فکر کرو' ان صاحب نے پھر کپڑے کا تھان لاکر دیا اور کہا کہ بیٹی کے ہاتھ سے اس تھان کے غلاف سلوا دو چنانچہ بیٹی نے غلاف سی دیئے' کچھ ہی ہفتوں بعد اس کا بھی پیغام آگیا وہ بھی سسرال سدھار گئی۔ بس دو ہی ان کی بیٹیاں تھیں دونوں اب اپنے گھروں میں خوش ہیں۔

کلام پاک میں لکھا ہے کہ مرد بیوی کا لباس ہے اور عورت خاوند کا لباس ہے اب غور کرنے سے معلوم ہوا کہ مذکورہ واقعہ میں لڑکی نے قرآن پاک کیلئے غلاف سی کر دیئے' قرآن پاک کو لباس یعنی غلاف پہنایا تو اللہ تعالیٰ نے بھی اس لڑکی کو لباس دیا یعنی خاوند عطا فرمایا۔ ثابت ہوا کہ جس طرح تم نے خدا کو یاد کیا خدا نے بھی اسی طرح تم کو دیا۔

بعض خواتین کے خاوند کڑوے مزاج (یعنی سخت) ہوتے ہیں ان کو بھی چاہیے کہ اپنے پاس سے کپڑا منگوا کر خوبصورت غلاف بنا کر مساجد اور مدرسوں میں قرآن پاک پر چڑھا دیں اگر عورت غریب ہے کپڑے کیلئے رقم نہیں ہے تو مساجد سے قرآن پاک کے غلاف اتروا کر گھر منگوایئے اور ان غلافوں کو دھو کر دوبارہ قرآن پاک پر چڑھا دیں۔ پھر دیکھیں آپ کے گھروں میں سکون کیسے آتا ہے۔ ایک اللہ والے لندن میں بیان فرمانے لگے کہ لوگو! یہ بتاؤ کہ امام کا رتبہ زیادہ ہے یا قرآن کا رتبہ زیادہ ہے۔ لوگوں نے کہا قرآن کا مرتبہ امام سے زیادہ ہے۔ فرمانے لگے: قرآن پر ایک غلاف بھی نہیں اور امام کیلئے دو دو مصلے بچھائے ہوئے ہیں۔ ہمارے بچوں کے بیگ کھول کر دیکھیں ہر کاپی پر دو دو کور (غلاف) سکول ٹیچرز چڑھواتی ہیں' ایک کاغذ کا کور اور پلاسٹک کور اور جبکہ یہ کاپیاں دو ماہ میں ختم ہوجاتی ہیں اور اللہ کے کلام کو زندگی بھر ہم پڑھتے ہیں اس پر توجہ کیوں نہیں دیتے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے ہر غلہ پر غلاف' ہر پھل پر غلاف چڑھایا۔ پارہ نمبر 27 میں لکھا ہے ہم نے غلہ کے دانہ پر غلاف چڑھایا' تم پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اس نعمت کا شکر یہ بھی ہے ہم بھی اس کے کلام عظیم پر غلاف چڑھائیں۔ اس کا ادب کریں۔ پاکستان بننے سے پہلے کا قصہ ہے کہ ایک مسلمان اپنے گاؤں سے دوسرے گاؤں گائے خریدنے گیا' اس نے گائے خریدی' واپس آتے ہوئے راستے میں مغرب ہوگئی' اندھیرا زیادہ ہوگیا قریب ہی گاؤں میں اس کا سکھ دوست رہتا تھا' وہ سکھ دوست کے مکان پر گیا کہ رات دوست کے مکان پر گزار لوں' صبح سویرے آگے اپنے گاؤں روانہ ہوجاؤں گا۔ سکھ کے گھر جب پہنچا تو سکھ دوست گھر پر موجود نہ تھا' سکھ کی بیوی نے اس مسلمان کو گھر کے اندر بلالیا' گائے کو مکان کے دروازے پر باندھا' اس مسلمان نے کہا کہ مجھے کوئی کپڑا دیدیں میں نے مغرب کی نماز ادا کرنی ہے' سکھ کی بیوی نے ایک اجلی دھلی ہوئی چادر دیدی' مسلمان صحن میں نماز پڑھنے لگا تو سکھ کی بیوی نے منع کردیا اور چادر اندر صاف ستھرے کمرے میں لے جا کر بچھا دی اور کہا کہ کمرہ کے اندر نماز پڑھیں' مسلمان کو اس پر تعجب ہوا نماز سے فارغ ہونے کے بعد مسلمان نے سکھ کی بیوی سے وجہ پوچھی کہ بہن تم نے مجھے نماز اندر کمرہ میں پڑھنے کیلئے کیوں اصرار کیا؟ ہم تو تمہارے مذہب کے بھی نہیں ہیں۔ اس پر سکھ کی بیوی نے قصہ سنایا کہ بھائی! میری گائے کا دودھ کم نکلتا تھا اور گائے مجھے لات مارتی اور دودھ نکالنے نہ دیتی' خاوند کی آمدنی بھی بہت کم تھی' گھر میں روٹی کا گزارہ مشکل سے ہوتا تھا' اس لیے میں نے مکان کے اوپر کی منزل کرایہ پر دیدی۔ یہ کرایہ دار مسلمان تھا' چند ماہ بعد وہ کوٹھا چھوڑ کر چلا گیا۔ ایک ماہ بعد میں کوٹھے پر گئی کہ مکان کو صاف کردوں شاید دوسرا کرایہ دار آجائے۔ میں نے دیکھا کافی کچرا' کاغذ وغیرہ فرش پر (باقی صفحہ نمبر 35 پر)

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 126

پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

آپ ﷺ کا غیر مسلموں سے سلوک قابل ستائش ہے ایک دفعہ عیسائیوں کا ایک وفد مدینہ منورہ میں آپ ﷺ سے ملاقات کا شرف حاصل کرنے آیا' اس دن اتوار تھا تو عیسائیوں نے اپنی عبادت کرنی تھی چونکہ وہ (اتوار) کو خصوصی عبادات کیا کرتے تھے تو اس پر آپ ﷺ نے عیسائیوں کے وفد کو مسجد میں عیسائی عبادت (یعنی ان کی مخصوص عبادت) کرنے کی پیش کش کی تو اس پر عیسائی وفد نے اپنی عبادت مسجد میں کی۔ **غیر مسلم مہمان کا اکرام:** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے پاس ایک کافر بطور مہمان آکر ٹھہرا، آپ ﷺ نے اسے بکری کا دودھ پیش کیا۔ اس نے پی لیا۔ پھر دوسری کا پیا، یہاں تک کہ وہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا۔ (مسلم 2063)

"پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

سینے کو نور معرفت سے بھرنے کیلئے

محترم قارئین! جو بندہ اپنے سینے کو نور معرفت سے بھرنا چاہتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کے دوستوں شامل رہوں اور اللہ تعالیٰ میرے دل کو منور فرمائے کیونکہ اللہ تعالیٰ صرف مومن کے دل میں سما سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مومن کا دل اپنی رہائش گاہ بنایا ہے بشرطیکہ وہ مومن ہو۔ اس کیلئے شیخ الوظائف کا ایک بہت ہی مجرب اور آزمودہ عمل ہے' یہ عمل 7 شب جمعہ یعنی جمعہ کی رات عشاء کی نماز پڑھ کر کرنا ہے۔ عمل یہ ہے: عشاء کی نماز کے بعد سات بار سورۂ نور جو کہ اٹھارویں پارہ میں ہے وہ پوری پڑھنی ہے' اس کے اول و آخر طاق تعداد میں درود شریف پڑھ لیں' دو دفعہ سورۂ نور پڑھنے کے بعد تین ہزار مرتبہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام یَانُوْرُ پڑھنا ہے' یہ عمل سات جمعہ کی رات کرنا ہے' ان شاء اللہ جو کرے گا اس کا دل نور ایمانی' اللہ تعالیٰ کی محبت اور معرفت سے بھر جائے گا۔

(اکمل فاروق ریحان' سرگودھا)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

سردرد‘ ہچکی اور اپھارہ کیلئے: سبز پودینہ دو تولے‘ انار دانہ چھ ماشے‘ پیاز ایک تولہ تمام اشیاء کو رگڑ کر ایک کپ پانی تیار کرلیں‘ اس میں حسب ذائقہ نمک ملا کر پلانا بے حد مفید ہوتا ہے۔

جو خوشی کے نام سے بھی ناواقف ہیں وہ ضرور پڑھیں!

ڈاکٹر یاسر محمود‘ اسلام آباد

ایک اہم اور نازک نکتہ یاد رکھیے۔ آپ پیسے سے خوشی نہیں خرید سکتے۔ اگرچہ یہ بات درست ہے کہ جن لوگوں کے پاس اپنی روزانہ کی ضروریات پوری کرنے کو بھی رقم نہیں ہوتی وہ زیادہ پستی کا شکار ہوتے ہیں اور ان کے مقابلے میں جو لوگ اتنا کما لیتے ہیں کہ بہ کفایت اپنی بنیادی ضروریات پوری کرسکیں

دنیا میں ایسا کون سا شخص ہے جو خوش رہنا نہیں چاہتا۔ ہر انسان خوش رہنا چاہتا ہے‘ مگر ہر شخص خوشی کو مختلف چیزوں میں تلاش کرتا ہے۔ کسی کو ڈھیر ساری دولت جمع کرکے خوشی حاصل کرنے کی توقع ہوتی ہے تو کوئی شہرت خصوصاً عالمی شہرت حاصل کرنے کی تگ و دو کرتا ہے تاکہ خوشی حاصل کرسکے۔ کسی کو بڑے گھر اور کسی کو دیہی علاقے کی رہائش میں خوشی دکھائی دیتی ہے۔ لیکن کبھی آپ نے اس سوال پر غور کیا کہ خوشی کیا چیز ہے؟ الینوائے یونیورسٹی کے ڈاکٹر ڈائز ایک اچھوتے موضوع پر تحقیق کررہے ہیں اور وہ ہے خوشی! ڈاکٹر ڈائز کا کہنا ہے کہ خوشی سے بڑے واضح فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ خوش باش لوگوں میں تخلیقیت‘ کام کی صلاحیت‘ صحت حتیٰ کہ ایثار کا جذبہ بھی دوسروں کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔ خوش باش افراد‘ پژمردہ لوگوں سے زیادہ پُراعتماد ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ ایک کمرے میں ایسے کچھ افراد کو جمع کرلیں جو پستی کا شکار ہوں اور کچھ لوگ خوش باش۔ آپ ان سب سے سوال کیجئے کہ کیا آپ اس کمرے میں موجود تمام لوگوں سے زیادہ پُرکشش شخصیت رکھتے ہیں؟ اضمحلال میں مبتلا لوگوں کا جواب نفی میں ہوگا اور خوش باش لوگوں کا جواب اثبات میں۔ تاہم مضمحل افراد زیادہ درست کام کرتے ہیں‘ مگر تحقیق نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ کوئی پیچیدہ یا تخلیقی کام ہو تو خوش باش لوگ اس کے نئے نئے حل تلاش کرلیتے ہیں اور زیادہ مستعدی سے کام کرتے ہیں جب کہ ایسی صورت حال میں مضمحل افراد غلطیاں کرتے ہیں۔

ڈائز ایک محقق ہے اور جیسا کہ تحقیق کاروں کا مزاج ہوتا ہے‘ وہ اعداد و شمار اور حقائق کی زبان میں بات کرنے کو پسند کرتے ہے۔ دنیا بھر کے بزرگ افراد پر کیے جانے والے ایک طویل مطالعے سے یہ بات سامنے آئی کہ ناخوش افراد کے مقابلے میں خوش باش بزرگ چھے سے دس سال زیادہ زندہ رہتے ہیں۔ اسی طرح تحقیق نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ خوش رہنے والے افراد دکھ درد بانٹنے والے ہوتے ہیں اور سماجی طور پر ان کی زندگی بہتر ہوتی ہے۔ خوش باش لوگ اپنی خواہشات پر بھی زیادہ اچھی طرح قابو پاتے ہیں‘ لیکن اگر ان پر کوئی مشکل پڑ جائے تو زیادہ اعتماد اور قوت کے ساتھ صورت حال کا مقابلہ کرتے ہیں۔ خوشی کا انسان کی معاشی زندگی پر اثر پڑتا ہے چنانچہ خوش باش لوگ زیادہ اچھے کارکن ثابت ہوتے ہیں‘ ان کی تنخواہیں بھی اچھی ہوتی ہیں اور ایسے لوگ انٹرویو میں بھی زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔ ایک اہم اور نازک نکتہ یاد رکھیے۔ آپ پیسے سے خوشی نہیں خرید سکتے۔ اگرچہ یہ بات درست ہے کہ جن لوگوں کے پاس اپنی روزانہ کی ضروریات پوری کرنے کو بھی رقم نہیں ہوتی وہ زیادہ پستی کا شکار ہوتے ہیں اور ان کے مقابلے میں جو لوگ اتنا کما لیتے ہیں کہ بہ کفایت اپنی بنیادی ضروریات پوری کرسکیں‘ وہ اتنے مضمحل نہیں ہوتے‘ لیکن بنیادی ضروریات پوری کرلینے کے حوالے سے مزید پیسے کا بہت کم اثر ہوتا ہے۔ ایک سروے سے معلوم ہوا کہ امریکا کے امیر ترین افراد اوسط درجے کے امریکیوں کے مقابلے میں بہت زیادہ خوش نہیں ہیں‘ لیکن کمانے اور خرچ کرنے میں توازن رکھنا ان کے لئے بہت مشکل تھا۔

خوشی اور جنس: کیا جنس کا بھی خوشی سے کوئی تعلق ہے؟ کیا وجہ ہے کہ عورتیں خوش تو مردوں کے برابر ہی ہوتی ہیں‘ لیکن پستی (ڈپریشن) کا شکار مردوں سے دُگنا ہوتی ہیں۔ اسی طرح لاطینی امریکا کے باشندے ایشیائی باشندوں سے زیادہ خوش کیوں ہوتے ہیں اور امریکیوں کے مقابلے میں ایشیائی خستہ حال کیوں ہوتے ہیں؟ اس کا سبب کیا ہے کہ اسکینڈے نیویا کے باشندوں میں خوشی کی شرح بہت زیادہ ہے اور اسی لحاظ سے ان میں خودکشی کی شرح بھی بلند ہے۔ ڈائز کی تحقیقات خاصی دل چسپ ہیں۔ اس نے اب تک کی اپنی تحقیقات سے یہ معلوم کیا ہے کہ خوشی کا کوئی لگا بندھا فارمولا نہیں ہے۔ ہاں البتہ اس نے یہ دیکھا کہ بہت زیادہ خوش لوگوں کے سماجی تعلقات بہت عمدہ ہوتے ہیں‘ لیکن کیا بہت عمدہ سماجی تعلقات رکھنے والے لوگ بہت زیادہ خوش رہ سکتے ہیں؟ اس سوال کا جواب دینا ڈائز کے لئے بھی مشکل ہے۔

کسی معاشرے کو خوش رکھنے کا کوئی خاص نکتہ یا گُر نہیں ہے۔ دراصل خوشی سراسر انفرادی معاملہ ہے‘ اس لئے ضروری نہیں کہ کسی کو اگر ایک شے سے خوشی حاصل ہوتی ہے تو دوسرے کو بھی اس سے خوشی حاصل ہو۔ اس کی مثال ڈائز کیک کی تیاری سے دیتا ہے۔ یعنی آپ کیک کے لئے درکار تمام اجزا کو درکار مقدار میں ڈالتے ہیں‘ اسے مطلوبہ دورانیے تک اوون میں بھی رکھتے ہیں‘ مگر پھر بھی نہیں کہہ سکتے کہ کیک واقعی صحیح تیار ہوگا۔ تاہم اس کے نزدیک خوشی کے اجزا میں سب سے اہم سماجی تعلقات ہیں۔ اس کے بعد آپ کا مزاج اور من پسند مقصد زندگی جو آپ کو کام پر آمادہ رکھے۔ یعنی اگر آپ لڑائی جھگڑے کو سخت ناپسند کرتے ہیں تو وکیل کا پیشہ اختیار کرکے شاید ہی کبھی خوش رہ سکیں۔ آپ کتنے خوش ہیں؟: ڈائز نے ایک سوال نامہ ترتیب دیا ہے جس کی مدد سے آپ کس حد تک اپنی خوشی کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ذیل میں پانچ مختلف صورت ہائے احوال دی گئی ہیں اور ان کے آگے ایک سے سات تک اعداد۔ صورت حال کو دیکھ کر اندازہ لگایئے کہ آپ کس عدد سے متفق ہیں۔ سات نمبر بہت زیادہ متفق کو ظاہر کرتا ہے‘ چھے نمبر صرف متفق کو‘ پانچ نمبر کا مطلب ہے کہ آپ اس سے کسی حد تک متفق ہیں‘ چار نمبر کا مطلب ہے کہ آپ نہ متفق ہیں نہ غیر متفق‘ تین نمبر کا مطلب ہے آپ تھوڑا سا غیر متفق ہیں‘ دو نمبر کا مطلب ہے کہ بالکل غیر متفق ہیں اور ایک نمبر کا مطلب ہے کہ آپ بہت زیادہ غیر متفق ہیں۔ پانچوں صورت ہائے احوال کے حاصل کردہ نمبروں کو جمع کریں اور آخر میں دیے گئے پیمانے کے ذریعے سے اندازہ لگائیں کہ آپ کتنے خوش اور مطمئن یا کتنے غیر مطمئن اور ناخوش ہیں۔ (الف) زیادہ تر چیزوں میں میری زندگی میرے آئیڈیل کے قریب ہے۔ 1‘2‘3‘4‘5‘6‘7‘۔ (ب) میری زندگی کی حالت بہترین ہے۔ 1‘2‘3‘4‘5‘6‘7‘۔ (ج) میں اپنی زندگی سے مطمئن ہوں۔ 1‘2‘3‘4‘5‘6‘7‘۔ د) بہرکیف وہ تمام اہم اشیا میرے پاس موجود ہیں جو میں زندگی میں حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ 1‘2‘3‘4‘5‘6‘7‘۔ ہ) اگر میری زندگی ختم ہونے والی ہو تو تب بھی میں اپنی زندگی کی تقریباً تمام چیزیں نہیں بدلوں گا۔ 1‘2‘3‘4‘5‘6‘7‘۔

الرجی سے پریشان ہیں؟ یہ ٹوٹکہ آزمالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں‘ عبقری قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں:۔ میرے بیٹے کو بہت الرجی رہتی تھی‘ چھینکیں آنا‘ آنکھیں سرخ ہونا‘ ناک سے پانی بہنا وغیرہ اس کے علاوہ کان کا کسی بھی قسم کا مسئلہ یہ ٹوٹکہ آزمایئے۔ پچاس گرام سرسوں کے تیل میں پانچ ٹکی کافور (انڈیا یا چائنہ) کی ڈال کر پورا دن دھوپ میں رکھیں۔ پھر ڈراپر میں ڈال کر استعمال کریں‘ صبح و شام دو یا تین قطرے ناک اور کان میں ڈالیں۔ **وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کا کرشمہ:** میرے شوہر کی زبان پر چھالا (دانہ) تھا‘ دوائیوں سے ٹھیک نہیں ہو رہا تھا‘ وضو کے بعد تین گھونٹ سے ٹھیک ہوگیا۔ (ن۔ش)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

روحانی سکون حاصل ہوتا ہے: جو اس اسم پاک یَا قَھَّارُ کا کثرت سے ورد کرتا ہے اُس کو اپنی جملہ خواہشات پر قابو حاصل ہو جاتا ہے وہ ہوس سے آزاد ہو کر روحانی سکون حاصل کر لیتا ہے۔

[redacted]

موسم بہار اس کی بیماریاں اور حفاظتی تدابیر

موسم بہار باقی موسموں کی نسبت بہترین موسم شمار ہوتا ہے اس لئے کہ یہ روح و خون کے مزاج کے بالکل مطابق و مناسب ہوتا ہے۔ یہ موسم انسانی جلد کو سرخ کرتا ہے کیونکہ وہ خون کو اعتدال کے ساتھ جلد کی طرف اتنا جذب کرتی ہے کہ اس میں گرمیوں کی طرح تحلیل و نقصان نہیں ہونے پاتا۔

ادھر سردی کا زور ٹوٹتا ہے تو موسم بہار کا آغاز ہوتا ہے۔ موسم بہار بڑا خوشگوار اور سہانا موسم ہوتا ہے۔ نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے اور نہ زیادہ سردی۔ اس موسم میں زیادہ گرم کپڑے پہننے اور اوڑھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ موسم بہار 15 فروری سے شروع ہو کر 15 اپریل مطابق پھاگن چیت تک رہتا ہے۔ اہل نجوم کے مطابق آفتاب برج حمل میں قدم رکھتا ہے تو موسم بہار شروع ہوتا ہے لیکن جب برج جوزا کو ختم کر کے سرطان میں قدم رکھتا ہے تو موسم بہار ختم ہو جاتا ہے اور موسم گرما کا آغاز ہوتا ہے۔ بہار کا موسم انسان' حیوان' چرند پرند نباتات سبھی کے لئے شگفتگی اور دلکشی کا باعث ہوتا ہے۔ ٹنڈ منڈ درختوں پر شگوفے پھوٹتے ہیں۔ پتے نکلتے ہیں' کلیاں مسکراتی ہیں' پرندے چہچہاتے ہیں پودوں پر بھی عجب بہار ہوتی ہے۔ ویران اور اجاڑ جنگل پھر سے سرسبز و شاداب ہو جاتے ہیں۔ سردیوں میں اپنے گھروں میں دبکے ہوئے لوگ سیرگاہوں اور پارکوں کا رخ کرتے ہیں۔ خوب چہل پہل ہوتی ہے' رنگ برنگ لباس پہنے کھلی فضاؤں میں کلکاریاں کرتے ہنستے مسکراتے بچے بڑے پیارے اور بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ پرفضا مقام پر ان دلکش نظاروں کو دیکھ کر انسان میں ایک نئی رنگینی امنگ ترنگ جوش اور ولولہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اس موسم میں یہ خوشگوار تبدیلی اس لئے پیدا ہوتی ہے کہ سورج کے قدرے سیدھ میں آ جانے کے باعث حرارت کی وجہ سے سردی کی وہ زائد رطوبت کم ہو جاتی ہے اور یہ نسبت بخارات کے تحلیل رطوبات زیادہ ہوتی ہے اس لئے کہ عمل تبخیر دو چیزوں سے پورا ہوتا ہے۔ 1۔ فضا میں ہلکے درجہ کی رطوبت و حرارت موجود ہو۔ 2۔ زمین میں قوی درجہ کی حرارت پوشیدہ ہو جس کی وجہ سے لطیف اجزاء زمین کی بیرونی سطح پر پہنچ سکیں۔ موسم بہار میں زمین کی پوشیدہ حرارت بہت کم ہو جاتی ہے اور زمین کی بالائی سطح سے سردی غائب ہو جاتی ہے اور مسامات زمین کھل جانے کے باعث اندرونی حرارت یکبارگی باہر کی طرف مائل ہو جاتی ہے جو مقدار میں اس قدر زیادہ ہوتی ہے کہ بجائے تبخیر کے تحلیل کا کام کرنے لگتی ہے یا وہ اتنی شدید ہوتی ہے کہ اس سے لطیف بخارات پیدا ہونے لگتے ہیں کیونکہ حرارت جب مادہ پر متوجہ ہوتی ہے تو اس کو غلظت سے لطافت کی طرف تبدیل کرتی ہے جس سے فضائی ہوا میں گرمی بڑھ جاتی ہے اور تحلیل کا عمل مکمل ہو جاتا ہے۔ موسم بہار باقی موسموں کی نسبت بہترین موسم شمار ہوتا ہے اس لئے کہ یہ روح و خون کے مزاج کے بالکل مطابق و مناسب ہوتا ہے۔ یہ موسم انسانی جلد کو سرخ کرتا ہے کیونکہ وہ خون کو اعتدال کے ساتھ جلد کی طرف اتنا جذب کرتی ہے کہ اس میں گرمیوں کی طرح تحلیل و نقصان نہیں ہونے پاتا۔ موسم بہار ٹھہرے ہوئے اور رکے ہوئے اخلاط میں بہاؤ اور سیلان کی کیفیت پیدا کر دیتا ہے لہٰذا اس موسم میں مریضان مالیخولیا کا مرض جوش میں آ جاتا ہے۔ موسم سرما میں آرام طلب لوگوں میں اخلاط کی کثرت ہوتی ہے لہٰذا ایسے افراد کے لئے موسم بہار کچھ زیادہ مناسب نہیں۔ تاہم بچوں کے لئے یہ موسم انتہائی عمدہ ہوتا ہے۔

موسم بہار کے امراض: 1۔ خونی دستوں کا آنا 2۔ نکسیر 3۔ اورام' دنبل' پھوڑے پھنسیاں وغیرہ 4۔ خناق (اس موسم میں خناق بہ نسبت زیادہ مہلک ثابت ہوتا ہے) 5۔ نفث الدم 6۔ کھانسی 7۔ جوڑوں کا درد 8۔ فالج

موسم بہار کے امراض اور اس کا علاج

خونی دست: اس مرض میں مروڑ کے ساتھ دست آتے ہیں جس میں خون اور آؤں کی آمیزش ہوتی ہے اگر یہ مرض شدت اختیار کر جائے تو مریض کے جسمانی قویٰ کمزور ہو کر ہلاکت تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ **علاج:** صبح و شام: بہیچش شفاء ایک چھوٹا چمچ اور ایک چھوٹا چمچ ٹھنڈی مراد۔ بعد از غذا: ستر شفائیں اور جوہر شفاء مدینہ لکھی گئی ترکیب کے ساتھ۔ بوقت خواب: ہاضم خاص ایک چھوٹا چمچ۔ **غذا:** مونگ کی دال کی کھچڑی' دہی چاول' ساگودانہ افاقہ ہونے کی صورت میں گھیا' کدو' شلجم' ٹینڈے' کالے چنے کا شوربا' مونگ کی دال وغیرہ چاولوں پر ڈال کر کھا سکتے ہیں۔ **پرہیز:** سرخ مرچ' تیز مصالحے' تیل' ترشی' بڑا گوشت اور ثقیل و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ **نکسیر:** نکسیر کا خون ناک کے ایک نتھنے سے اور کبھی دونوں نتھنوں سے بہنے لگتا ہے۔ نکسیر میں فوری طور پر مریض کا ناک بند کر کے آسمان کی طرف کریں اور سر پر ٹھنڈا پانی گرائیں۔ **علاج:** صبح و شام: ٹھنڈی مراد ایک چمچ ہمراہ عبقری افزا۔ بعد از غذا: جوہر شفاء مدینہ اور ستر شفائیں لکھی گئی ترکیب کے مطابق اس کے ساتھ نفلنس فولاد ٹانک۔ سوتے وقت: سکون افزاء لکھی ترکیب کے ساتھ۔ **غذا:** غذا سادہ اور زود ہضم دیں ساگودانہ' مونگ کی دال کی کھچڑی' کدو' ٹینڈے' پالک' شلجم' دلیہ وغیرہ دیں پھلوں میں کینو' مسمی' انار وغیرہ۔ **پرہیز:** تیل' ترشی' گرم ثقیل اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں نیز گوشت' انڈا' مچھلی' کباب' لہسن' پیاز' گرم مصالحہ سے اجتناب کریں لکھنا پڑھنا دھوپ یا آگ کے قریب بیٹھنا اور تیز خوشبو کا سونگھنا نقصان دہ ہے۔ **اورام' دنبل' پھوڑے پھنسیاں:** یہ عام امراض ہیں میٹھی' مرغن اور تیز مرچ مصالحہ والی اشیاء کے بکثرت استعمال سے جسم پر ورم اور پھوڑے پھنسیاں نکل آتی ہیں جو انتہائی تکلیف دہ ہوتی ہیں۔ **علاج:** صبح و شام: مرہم سکون لگائیں' سکون افزا' ٹھنڈی مراد' خون صفاء لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ **خناق:** حلق کا شدید اور مہلک ورم ہے اس کا باعث ایک جرثومہ ہوتا ہے اس مرض میں مریض کوئی چیز نگل نہیں سکتا دم گھٹتا اور سانس لینے میں دقت محسوس ہوتی ہے۔ **علاج:** ایسے مریض کو ہسپتال منتقل کرنے میں دیر نہیں کرنا چاہئے۔ تاہم اگر معمولی تکلیف ہو یا ابھی آغاز ہو تو صبح و شام لعوق خیار شنبر ایک چھوٹا چمچ ہمراہ شیرہ عناب 5 دانہ' لعاب بہیدانہ 3 گرام' شیرہ تخم کاہو 3 گرام' عرق شاہترہ ایک گلاس میں نکال کر دیں۔ سہ پہر و سوتے وقت: اطریفل اسطخدوس 5 گرام پانی کے ساتھ۔ گودا املتاس 12 گرام 1/2 لٹر دودھ میں جوش دے کر غرارے کرائیں اور شربت انجبار چٹائیں۔ **غذا:** غذا صرف رقیق اور سیال استعمال کرائیں۔ مثلاً دودھ' آش جو' یخنی' مونگ یا مسور کی دال کا پانی۔ **نوٹ:** خناق کے مریض کو آرام آ جانے کے بعد بھی کچھ عرصہ تک ادویات کا استعمال جاری رکھیں۔

خون تھوکنا: اس مرض میں مریض کے منہ سے خون آتا ہے جو کہ بلغم کے ساتھ یا بغیر تھوک کے خارج ہوتا ہے۔ اگر دماغ سے خون آ رہا ہو تو کھنگار کے ساتھ۔ سل میں خشک کھانسی کے بعد پھیپھڑے سے آنے والا خون جھاگ دار مگر کھانسی اور درد کے ساتھ' جگر اور تلی سے قے کے ساتھ خارج ہوتا ہے۔ **علاج:** صبح و شام: حابس ایک چمچ چائے والا ہمراہ شربت انجبار۔ سوتے وقت: ٹھنڈی مراد ایک چمچ چائے والا پانی کے ساتھ۔ **غذا:** جب خون آ رہا ہو تو غذا بالکل نہ دیں خون بند ہونے کی صورت میں ہلکی اور زود ہضم غذا کی اجازت ہے۔ مثلاً ساگودانہ' مونگ کی دال' کدو' ٹینڈے' شلجم' بکری کے گوشت کا شوربا وغیرہ۔ **پرہیز:** تیز' شیریں' نمکین' گرم مصالحہ' اچار چٹنی' مچھلی' انڈا' چائے وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ماہ رجب! چھ سورتوں کا عمل! ہر پریشانی سے چھٹکارا

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جب ماہ رجب کا چاند دیکھو تو پہلے ایک مرتبہ یہ دعا پڑھو: اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبَ وشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ

نفل نماز: ماہ رجب کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت کے دن شہیدوں میں شامل کریگا اور ہزار درجہ اس کے بلند کریگا۔

پہلی شب: بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ الم نشرح ایک بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق ایک بار سورۂ الناس ایک بار پڑھے جب دو رکعت کا سلام پھیرے تو کلمہ توحید 33 بار اور درود شریف 33 مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت کی نیت باندھ کر پہلی دو رکعت کی طرح پڑھے پھر بعد سلام کے کلمہ توحید 33 دفعہ درود شریف 33 دفعہ پڑھ کر جو بھی حاجت ہو اللہ پاک سے طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر دعا قبول ہوگی۔

ماہ رجب کی ہر شب جمعہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ بقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے كَافِرِيْن تک سات مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ حشر کی آخری آیات هُوَ اللهُ الَّذِيْ تا اَلْحَكِيْمُ سات مرتبہ پڑھے سلام کے بعد بارگاہ الٰہی میں جو بھی حاجت ہو طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ ہر مراد کیلئے یہ نماز بہت افضل ہے۔

اسی مہینہ کے پہلے جمعہ کی رات بعد مغرب کے بارہ رکعت نفل چھ سلام سے ادا کی جاتی ہیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۃ القدر تین بار اور سورۃ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد ستر بار پڑھے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ پھر سجدہ میں جا کر ستر بار پڑھے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اور پھر سر اٹھائے اور کہے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَ تَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَعْظَمُ ستر مرتبہ پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کرے۔ پھر جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔

ستائیسویں شب: ماہ رجب کی ستائیسویں شب کو بارہ رکعات نماز تین سلام سے پڑھے پہلی چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر ہر رکعت میں تین تین مرتبہ پڑھے سلام کے بعد ستر مرتبہ بیٹھ کر یہ پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ دوسری چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نصر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں سلام کے بعد بیٹھ کر ستر مرتبہ پڑھے۔ اِنَّكَ قَوِيٌّ مُّعِيْنٌ وَّاحِدٌ دَلِيْلٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ تیسری چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعات میں سلام کے بعد بیٹھ کر ستر مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے پھر بارگاہ رب العزت میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو حاجت ہوگی وہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔ ماہ رجب المرجب کی پندرہ تاریخ کو کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ استغفار پڑھنا بہت افضل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے والے کی تمام برائیاں مٹا کر اللہ پاک اسے نیکیوں میں بدل دے گا۔

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

ماہ رجب کی کسی بھی تاریخ کو نماز ظہر یا مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ کہف ایک بار سورۂ یٰسٓ ایک بار، سورۂ حٰم ایک بار، سورۂ دخان ایک بار سورۂ معارج ایک بار پڑھے پھر سورۂ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اللہ پاک ان سورتوں کے پڑھنے والے پر خاص رحمت و برکت عطا فرمائے گا۔

یہ ہے درود شریف کی برکت!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین سال سے عبقری باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں' وظائف بھی پڑھتی ہوں اور خوب فوائد اٹھاتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے تمام ملازمین کو صحت اور مزید محنت کی توفیق عطا فرمائے۔ پہلی بار کسی شمارے میں لکھنے کی جسارت کر رہی ہوں۔ ایک دن چاول بناتے ہوئے ابلے چاولوں کا پانی نکالتے وقت میرے ہاتھ اور بازو پر کھولتا ہوا پانی گر گیا' جس پر شدید جلن ہوئی' میں نے فوراً درود شریف پڑھنا شروع کر دیا اور مکھن لگا کر مسلسل درود شریف پڑھ پڑھ کر پھونکتی رہی۔ اس عمل کی برکت سے نہ جلن رہی' نہ کوئی نشان رہا نہ ہی کوئی آبلہ بنا' یہ سب درود شریف کی برکت سے ہوا۔ (صفیہ نور' لاہور)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 9 مارچ بروز جمعہ عصر سے مغرب تک۔ 20 مارچ بروز منگل صبح 10 بجے سے 11 بجکر 21 منٹ تک۔ 31 مارچ بروز ہفتہ رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 23 منٹ تک اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1-روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

میرے نوکری کے مسائل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک سکول ٹیچر ہوں اور ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' میں گاہے بگاہے اپنی سکول کی بچیوں سے ان کے مسائل پوچھتی ہوں اور ماہنامہ عبقری سے دیکھ کر انہیں وظائف اور ٹوٹکے بتاتی ہوں اور تمام بچیوں کو گھر میں ماہنامہ عبقری لگوانے کا مشورہ تو ضرور ہی دیتی ہوں۔ الحمدللہ! سب کو بہت زیادہ فائدہ ہو رہا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے ہمارے سکول ایک نئی پرنسپل آئیں تو ان کے ساتھ کچھ خوشامد ٹیچرز نے مل کر ایک گروپ بنالیا اور ہم چار ٹیچرز (جو کہ آپس میں بہت اچھی دوست ہیں) کے خلاف سازشیں کرنا شروع کردیں' روزانہ ہمیں دفتر بلایا جاتا اور چھوٹی چھوٹی باتوں کو لے کر ذلیل کیا جاتا' ہمارا نوکری کرنا دشوار ہو چکا تھا جبکہ وہ (باقی صفحہ نمبر 27 پر)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

قوت سماعت میں اضافہ: کان کی میل نکالنے اور قوت سماعت میں اضافہ کیلئے پیاز کا عرق کانوں میں دو سے تین قطرے ٹپکانے سے کانوں کی میل صاف ہوتی ہے اور قوت سماعت میں اضافہ ہوتا ہے۔

اولیاءِ ملتان رحمہم اللہ کے مستند روحانی وظائف

اگر کسی کو لاعلاج مرض چمٹ گیا ہو اور اس کا علاج ناممکن ہوگیا ہو تو اس مرض سے نجات کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں اول و آخر گیارہ یارہ بار درود شریف پڑھ لیں۔ یہ عمل اکیس دن تک مسلسل بلاناغہ کریں۔

شیطانی وساوس سے نجات کیلئے: صبح نماز فجر سے پہلے یا نماز فجر سے فارغ ہونے کے بعد' اسی طرح رات کو عشاء کی نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر اس کے بعد ایک سو ایک دفعہ یہ دعا پڑھے۔ پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل تین ہفتے تک برابر بلاناغہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شیطانی وساوس سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ

اس عمل کے ساتھ ساتھ ہر نماز کے بعد یہ دعا کی جائے کہ: اے اللہ! تو شیطانی وساوس سے میری حفاظت فرما (آمین) اور تین بار کلمہ شریف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ بھی پڑھ لیا جائے۔ **ف:** حدیث شریف میں ہے کہ بعض صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بڑے سخت شیطانی وساوس آتے تھے' انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ایسے وساوس آتے ہیں کہ جل کر کوئلہ ہوجانا ان سے بہتر ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ حالت اس کی دلیل ہے کہ تمہیں پورا ایمان نصیب ہے اور ایمان کی دولت عزیز ہے۔ یعنی مومن کا وساوس سے تکلیف اور پریشانی محسوس کرنا اور پریشان اور رنجیدہ ہونا اس کی دلیل ہے کہ بفضلہٖ تعالیٰ اس کا قلب مومن ہے۔

امتحان میں کامیابی کیلئے: امتحان میں کامیابی کیلئے نمازوں اور تسبیحات کے بعد خود یہ دعا کرے اور امتحان کا پرچہ دیتے وقت بھی اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے۔ وہ دعا یہ ہے رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ (طٰہٰ 25)

رزق کی وسعت اور اس میں برکت کیلئے: ایک مختصری دعا وضو کے درمیان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔ اس میں رزق کی وسعت کیلئے بھی دعا ہے۔ بہت سے بندوں کا تجربہ ہے کہ اس دعا کا اہتمام کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ دنیا میں رزق وسعت سے عطا فرماتا ہے۔ دعا یہ ہے:۔ وضو کرتے وقت ایک یا زائد بار پڑھی جائے۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

زیادہ بھوک لگنے کیلئے: جس شخص کی بھوک کم ہوگئی ہو اور اسے بھوک کم لگتی ہو اس کیلئے اکیس بار اسم مبارک یَاصَمَدُ باوضو پڑھ کر کھانے پر دم کرکے کھلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بھوک کھل جائے گی۔

دانتوں کا ہلنا: اگر کسی کے دانت ہلنے لگے ہوں اور جلد ٹوٹنے کا خطرہ پیدا ہوگیا ہو تو اس کیلئے وضو کرتے وقت گیارہ مرتبہ یَاشَھِیْدُ پڑھیں اور دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی پر دم کرکے اس انگلی کو اپنے تمام دانتوں پر آہستہ آہستہ پھیر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دانت جم جائیں گے (نیز مسواک سے بھی دانت مضبوط رہتے ہیں)

لاعلاج مرض سے صحت یابی کیلئے: اگر کسی کو لاعلاج مرض چمٹ گیا ہو اور اس کا علاج ناممکن ہوگیا ہو تو اس مرض سے نجات کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ لے۔ یہ عمل اکیس دن تک مسلسل بلاناغہ کریں۔ کلمات یہ ہیں: یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

سانپ کے ڈسنے (کاٹنے) سے حفاظت: اگر کوئی شخص روزانہ باوضو ایک سو بار سورۂ اخلاص پڑھے گا تو اسے سانپ نہ کاٹے گا اور اگر سانپ نے کاٹ (ڈس) لیا تو اس کے زہر کا اثر نہ ہوگا۔

باؤلے کتے کے کاٹنے کا علاج: جس کسی کو باؤلا کتا کاٹ لے اور اس کے پاگل ہونے کا خطرہ ہو تو باوضو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر یہ آیت ذیل لکھیں اور ایک ٹکڑا روزانہ مریض کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کتے کے کاٹنے کے اثرات بد زائل ہوں گے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ﴿الطارق ۱۷﴾

بارش ہونے کیلئے دعا: اگر قحط سالی ہو یا فصل کیلئے پانی نہ ہو تو اللہ تعالیٰ سے نماز استسقاء پڑھ کر دعا مانگیں اور اگر نماز استسقاء نہ پڑھ سکیں تو باوضو یہ دعا تین بار مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سبب خوب بارش ہوگی اور کھیتیاں سیراب ہوجائیں گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ اَللّٰھُمَّ اَسْقِنَا غَیْثًا مُّغِیْثًا مَّرِیْئًا مَّرِیْعًا نَّافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ۔

بارش روکنے کیلئے: اگر بارش حد سے زیادہ ہوجائے اور جل تھل ہوجائے' لوگ پریشان ہوجائیں اور فصل خراب ہونے کا خطرہ ہو تو بارش روکنے کیلئے باوضو یہ دعا تین بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بارش رک جائے گی۔ اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْجِبَالِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ۔

ڈاڑھ کے درد کیلئے: اگر کسی کے ڈاڑھ یا دانت میں شدید درد ہو' اس سے برداشت نہ ہوتا ہو تو اس کے یہ لفظ باوضو لکھ کر "ع" کے سوراخ میں کیل پرو کر (ڈال کر) کسی درخت میں ٹھونک دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہوجائے گا۔ وہ لفظ یہ ہے:۔ یَاأشْمَعْلُوْنِیْ۔

ہر قسم کی حاجت کے پورا ہونے کیلئے: جس شخص کا کوئی کام اٹک جائے یا اس کی کوئی شدید ضرورت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے بعد نماز فجر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد 313 بار یہ آیت پڑھے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد دعا مانگے۔ جب تک مقصد میں کامیابی نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

اس مریض کو جلدی سے شہر لے جائیں ورنہ!

میرے والد صاحب سکول ٹیچر تھے' اچانک رمضان المبارک کے آخری روزہ کی صبح سوا چھ بجے فالج کا اٹیک ہوگیا۔ میں بھاگتا ہوا ڈاکٹر کے پاس گیا' ڈاکٹر صاحب آئے' انہوں نے جب ان کی حالت دیکھی تو کہا کہ جتنا جلدی ہو سکے ان کو شہر لے جائیں' بھائی اور چچا والد محترم کو شہر لے گئے' پھر شہر والوں نے بھی جواب دے دیا اور کہا جتنا جتنی جلدی ہو سکے لاہور لے جاؤ' پھر بھائی اور چچا ان کو لاہور لے گئے' حالت بہت نازک تھی' سب گاؤں والے کہتے تھے "ماسٹر صاحب" اب کبھی چل پھر نہیں سکیں گے' پھر گاؤں کے ہی دو صاحب والد محترم کی عیادت کرنے آئے تو انہوں نے مجھے ایک عمل بتایا اور کہا کہ اس عمل سے آپ کے والد ان شاء اللہ صحت یاب ہوجائیں گے اور میں نے یہ عمل چالیس روز تک کیا اللہ کے حکم سے والد محترم اب چل پھر سکتے ہیں۔ اب کوئی بھی نہیں کہتا کہ انہیں کبھی فالج ہوا تھا۔ عمل یہ ہے: نماز فجر کی دو سنت پڑھنے کے بعد (سلام پھیرنے کے بعد) اول و آخر گیارہ بار درود شریف' درمیان میں سورۂ اخلاص اکتالیس بار' پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پھر بعد میں فجر کے دو فرض ادا کریں۔ اس عمل کو چالیس دن لگاتار کرنا ہے۔ میں یہ پانی والد صاحب کو پلاتا بھی تھا اور ان کی فالج زدہ حصوں پر لگاتا بھی تھا۔ الحمدللہ! چالیس دن کے اندر اندر والد صاحب اپنے پاؤں پر دوبارہ کھڑے ہوگئے۔ (صہیب احمد' چیچہ وطنی)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

اس کی کفالت رزاق کے ذمے: جو شخص اس اسم پاک یَا رَزَّاقُ کا ورد کرتا ہے' پروردگار عالم اس کی کفالت اپنے ذمہ لیتا ہے۔

ناریل! زبردست قدرتی طاقت' دوا اور انوکھی شفاء

گرمیاں آرہی اس موسم میں جب بھی موقع ملے ناریل کا پانی استعمال کریں' راحت کا احساس ہوگا۔ ناریل ہمیشہ ایسے خریدیں جو کہ سائے میں رکھے ہوئے ہوں' دھوپ میں رکھے ہوئے ناریل ہرگز نہ خریدیں کیونکہ کھلی دھوپ میں رکھے ہوئے ناریل اندر سے خراب ہوجاتے ہیں

حکایت مشہور ہے کہ ایک مسافر دشوار گزار اور ویران راستوں سے گزرتا ہوا کسی جھونپڑی تک پہنچا۔ جھونپڑی نشین نے آنے والے مہمان مسافر کی تواضع ٹھنڈے میٹھے مشروب' مزیدار پھل' حلوے اور مٹھائی سے کی۔ مسافر یہ سب دیکھ کر حیران رہ گیا۔ اُس نے حیرت سے پوچھا۔ ''یہ سب چیزیں اس ویرانے میں کہاں سے آئیں؟'' میزبان نے بتایا یہ ساری چیزیں ناریل کی بدولت ہیں اور اُس نے مزید بتایا کہ جس جھونپڑی میں وہ یعنی مہمان تشریف رکھتا ہے' اس کا بھی ہر جزو ناریل سے حاصل ہوا ہے۔ یہ سب جان کر مسافر حیران رہ گیا۔ آیئے! قدرت کے اس انوکھے اور خدمت گزار شاہکار سے ملتے ہیں۔

ناریل کا پھل: ناریل کا پھل جسے ناریل کی گری یا گودا بھی کہا جاتا ہے' نہایت ذائقے دار ہوتا ہے۔ اس کے اجزاء میں وٹامن A' D اور E شامل ہیں۔ ناریل کا پھل چاہے تازہ ہو یا خشک' ہر صورت میں گرم علاقوں کی ایک اہم غذا ہے۔ ناریل کے اندرونی گودے دار حصے میں نہایت خوش ذائقہ دُودھیا رس بھی پایا جاتا ہے' جو خود ایک زبردست قدرتی غذا بھی ہے اور دوا بھی۔ ناریل ہر موسم میں قدرت کا ایک خاص تحفہ ہے۔ اس کا استعمال راحت کا باعث بنتا ہے۔ ناریل کے اندر بند پوری طرح محفوظ پانی وٹامنز سے بھرپور ہوتا ہے اور گرمی کی وجہ سے ضائع ہوجانے والی توانائی کو مکمل طور پر بحال کردیتا ہے۔ مناسب طریقہ تو یہ ہے کہ ناریل کو توڑنے کے بعد اس کا پانی فوراً ہی پی لیا جائے۔ اگر اسے رکھنے کی ضرورت ہو تو' اس کا ذخیرہ صاف ستھرے برتن میں رکھنا چاہیے اور جتنی جلدی ممکن ہوسکے ناریل کا پانی پی لینا چاہیے' اسے زیادہ عرصے تک' نہیں رکھنا چاہیے۔ ناریل کی گری خوش ذائقہ ہونے کے ساتھ ساتھ بے حد مفید بھی ہے۔ ناریل کا پانی پینے سے تو پیاس اس طرح غائب ہوجاتی ہے جیسے تھی ہی نہیں۔ گرمی کا موسم آرہا' جب بھی موقع ملے ناریل کا پانی استعمال کریں' راحت کا احساس ہوگا۔ ناریل ہمیشہ ایسے خریدیں جو کہ سائے میں رکھے ہوئے ہوں' دھوپ میں رکھے ہوئے ناریل ہرگز نہ خریدیں۔

ناریل کا تیل: خشک ناریل سے تیل نکالا جاتا ہے' جو تازہ اور خالص ہونے کی حالت میں لذیذ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ سردیوں میں یہ گھی کی مانند جم جاتا ہے۔ اسے کھانوں میں گھی کی جگہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

حاملہ خواتین کیلئے ناریل کیوں مفید ہے: اگر ماں بننے والی خواتین دوران حمل روزانہ دو تولہ کھوپرا مصری کے ساتھ کھائیں تو بچے تندرست اور خوبصورت پیدا ہوں گے اور پیدا ہونے والے بچوں کو ماں کا دودھ بھی وافر مقدار میں میسر ہوگا۔ ناریل بیک وقت غذا بھی ہے دوا بھی، ناریل کا پانی تازہ سنگترے سے بہتر یوں سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس میں حرارے' کیلوریز کم ہوتی ہیں۔ ناریل کے پانی میں دیگر چیزوں کے علاوہ الیکٹرولائٹس اور پوٹاشیم کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے۔ ناریل کا پانی بچوں کیلئے ڈبے میں محفوظ دودھ سے اس لیے بہتر ہے کہ اس کے پانی میں Lauric Acid بھی ہوتا ہے جو ماں کے دودھ میں پایا جاتا ہے۔ ناریل کو کھانوں' مٹھائیوں' مقوی معجونوں اور دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔ کھوپرا کھانے سے جسم موٹا اور تندرست ہوجاتا ہے۔ اس میں کیلوریز کی بڑی مقدار پائی جاتی ہے۔ اس لیے کمزور صحت کے حامل افراد کو کھوپرا خاص طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ حاملہ خواتین کیلئے ناریل کا پانی پینا اور تازہ یا خشک ناریل روزانہ کھانا مفید بتایا گیا ہے۔ ناریل کا پانی پینے سے متلی قے اور گھبراہٹ میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ ایسے افراد جن کے گردے کمزور ہوں وہ بھی ناریل سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ ناریل کو دماغی امراض کے علاج اور فالج کے بعد اعضاء کو طاقت دینے کیلئے بھی استعمال کروایا جاتا ہے۔ جنسی کمزوری میں مبتلا افراد کی شکایت ناریل کے استعمال سے بڑی حد تک دور ہوجاتی ہے۔ خاص طور پر مادہ تولید کو بڑھانے میں ناریل اہم کردار ادا کرتا ہے۔ کسی وجہ سے پیدا ہونے والے درد کو دور کرنے کیلئے ناریل کے تیل کی مالش کی جاتی ہے۔ ناریل کا پانی قدرتی طور پر نتھرا ہوا صاف شفاف ہوتا ہے یہ پانی ناریل کے ریشوں اور چھلکوں سے چھن کر اندرونی خول میں جمع ہوتا ہے۔ ناریل میں بھی جسمانی صحت کو بہتر بنانے اور جسم کو فربہ بنانے کی خاصیت موجود ہے۔ دوا کے طور پر اس کا استعمال کالی کھانسی میں بہت مفید ہے۔ بچوں کے اس شدید مرض کی صورت میں ناریل کا تیل چائے کا ایک چمچ دن میں تین بار پلایا جاتا ہے۔ چھوٹے بچوں کیلئے اس کی مقدار دن میں تین بار تین تین گرام ہے۔ بالوں کو نرم، لمبا اور گھنا کرنے کیلئے ناریل کا تیل بڑا کارآمد ہے۔ اس سے بالوں کی کھوئی ہوئی چمک واپس آجاتی ہے

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

دل نورانی اور پریشانیاں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ تقریباً آٹھ سے نو سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ روحانی اور طبی ٹوٹکوں سے بھرپور فائدہ اٹھاتی ہوں۔ اس میں موجود روحانی مراقبہ تو ہر ماہ ضرور کرتی ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے آپ نے درس میں ''اللہ ھو'' کے مراقبہ کا عرض کیا تھا کہ سانس کے ذریعے اللہ اندر لے کر آنا ہے اور تصور کرنا ہے کہ دل روشن ہوگیا ہے اور دل ہی دل میں اللہ اللہ کہنا ہے اور جب تک سانس نہ ٹوٹے اور ھو سانس کے ساتھ نکالنا ہے اور میں نے ایسا ہی کیا اپنی کھانسی کا تصور کیا کہ ابھی تھم جائے الحمدللہ میری کھانسی اسی وقت اس عمل کی برکت سے ختم ہوگئی۔ اللہ آپ کو ہدایت کیلئے قبول فرمائے۔ آمین! گزشتہ ماہ کے مراقبے میں بہت مشکل سے تصور بنا ایک پل کیلئے لگا کہ ایسے نور کی موسلا دھار بارش ہوگئی ہے اور میں اس میں ڈوب گئی ہوں۔ پرسکون نیند آئی' مجھے جو بیماری' پریشانی' الجھن ہوتی ہے مراقبہ کرتی ہوں اور اللہ تعالیٰ کرم فرمادیتے ہیں۔ جب بھی پریشانی ہوتی ہے یا نیند نہ آرہی ہو مراقبہ سے فوراً پرسکون نیند آجاتی ہے۔ (ش۔م)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زپن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

سارے جسم کا نظام درہم برہم: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ریٹائرڈ ٹیچر ہوں‘ عمر 65 سال ہے‘ بچپن سے ہی مجھے دمہ‘ نزلہ اور بلغم ہر وقت رہتا تھا‘ اس کے ساتھ قبض بھی ہوتی تھی‘ انگریزی ادویات کھاتا رہا مگر وقتی فائدہ ہوتا تھا‘ وقت گزرتا گیا‘ 2000ء میں خونی بواسیر ہوگئی‘ آپریشن کروایا‘ آپریشن کے وقت ڈاکٹر نے کہا کہ آپ کو شوگر بھی ہوگئی ہے‘ اب شوگر کا علاج بھی ساتھ کرواؤ۔ شوگر کی ادویات بھی شروع ہوگئیں‘ آپریشن کے بعد دائمی قبض تو ختم ہوگئی‘ سکون آیا۔ 2008ء میں ایک حکیم نے دمہ اور بلغم کی دوائی دی‘ اس نے کہا کہ بیس دن میں آپ کا دمہ‘ نزلہ وغیرہ ختم ہوجائے گا‘ آٹھ دن دوائی کھائی‘ میرا کان بند ہوگیا‘ سارے جسم کا نظام درہم برہم ہوگیا اور دوبارہ دائمی قبض شروع ہوگئی‘ سخت پریشان ہوگیا۔ مگر دمہ‘ نزلہ‘ بلغم اور چھینکیں وغیرہ ختم ہوگئی۔ اب تک دمہ نہیں ہے مگر سننے سے معذور ہوں‘ بول سکتا ہوں مگر سن نہیں سکتا۔ پھر بادی بواسیر نے تنگ کیا‘ 2011ء میں دوبارہ آپریشن کروایا‘ 2013ء میں پیشاب بند ہوگیا‘ الٹراساؤنڈ کروایا پتہ چلا کہ شوگر کی وجہ سے مثانے میں غدود ہوگیا ہے‘ اس کا واحد حل آپریشن ہے تو میں نے آپریشن کروایا‘ آپریشن کے بعد مردانہ قوت ختم ہوگئی۔ مجھ میں مزید لکھنے کی ہمت نہیں خدارا مجھے کوئی نسخہ جات بتایئے تاکہ میں دوبارہ خود کو زندہ انسانوں میں شمار کرسکوں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: محترم آپ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں، نہایت مفید ہے۔ آپ کی تمام بیماریاں ان شاء اللہ ختم ہوجائیں گی۔ جوارش شاہی، خمیرہ گاؤزبان سادہ، شربت عناب، مفرح شیخ الرئیس‘ کسی اچھے دواخانہ سے لے کر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ستر شفائیں دن میں کم از کم سات مرتبہ چنے کے برابر استعمال کریں۔ چند ہفتے‘ چند مہینے مستقل مزاجی سے دوا کا استعمال کریں۔

پیشاب کی زیادتی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ مجھے رات کو ہر دو گھنٹے کے بعد پیشاب آتا ہے جس کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ اس کیلئے مجھے کوئی نسخہ یا دوائی عنایت فرمائیں۔ (حفیظ نقشبندی)

مشورہ: آملہ کا مربہ صاف پانی سے دھو کر صبح نہار منہ کھائیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ’’بستر پیشاب شفاء‘‘ کا استعمال کریں۔ دو ہفتے کے بعد دوبارہ حال لکھیں۔ غذا میں سبزیوں کا شوربا کھائیں۔ مرچ، گرم مصالحے بھی استعمال نہ کریں۔

میرے دو مسائل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے علاج سے بے شمار لوگ صحت یاب ہورہے ہیں میں اسی امید پر آپ کو خط لکھ رہی ہوں‘ میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ میں پہلے بہت صحت مند اور خوبصورت تھی‘ رنگ بھی بالکل صاف تھا اور مینسز بھی درد سے نہیں آتے تھے لیکن اب میری صحت دن بدن گرتی جارہی ہے‘ رنگ بھی کالا ہوتا جارہا ہے اور اکثر ٹانگوں میں بھی درد رہتا ہے‘ زیادہ گھٹنوں کے نیچے ہوتا ہے‘ اکثر کمر میں درد رہتا ہے‘ تھوڑا سا کام کرتی ہوں تو جسم کانپنا شروع ہوجاتا ہے۔ جسم ہر وقت تھکا تھکا اور ٹوٹا ٹوٹا سا رہتا ہے کسی کام کرنے کو دل نہیں کرتا۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے: مجھے ہر وقت زکام رہتا ہے‘ آنکھوں میں سے اور ناک سے پانی بہتا رہتا ہے جب چھینک آتی ہے تو ایسے لگتا ہے کہ دماغ کی رگیں پھٹ جائیں گی سر ہر وقت چکراتا رہتا ہے۔ (م، لودھراں)

مشورہ: عبقری دواخانہ اکسیر البدن اور جوہر شفاء مدینہ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں، انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ دودھ‘ چاول سے کچھ عرصہ پرہیز کریں۔ **دوسرا مسئلہ کیلئے:** پورے اجزاء سے بنا ہوا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا چھ گرام کھائیں۔ صبح ناشتہ میں خالص اصلی مکھن توس پر لگا کر کھائیں، روزانہ سات دانے بادام بیس دانے کشمش بھی کھائیں۔ موبائل‘ ٹی وی کا استعمال کم کریں، دماغ کو آرام دینے کی کوشش کریں۔ سر پر روغن لبوب سبعہ کی ہر روز مالش کریں۔

غلط محافل اور میں: میں ایک سٹوڈنٹ ہوں‘ غلط محفلوں سے بالکل ختم ہوچکا ہوں‘ آپ یقین جانیے میری عمر 18 سال ہے مگر میں خود کو 80 سال کا محسوس کرتا ہوں‘ میری ٹانگوں میں بیٹھتے‘ اٹھتے درد ہوتا ہے اور بائیں گھٹنے میں تو ہر وقت درد ہوتا ہے‘ قلم میرا ساتھ نہیں دے رہی میں صرف اتنا لکھ دیتا ہوں کہ میرا سب کچھ لٹ چکا ہوں۔ والدین شادی کی بات کرتے ہیں تو میری آنکھوں کے آگے اندھیرا آجاتا ہے۔ خدارا مجھے کچھ بتایئے۔ (ا،ن،ک۔ کبیروالا)

مشورہ: یہ صرف ذہنی پریشانی ہے وہم نہ کریں اور متوازن غذائیں کھائیں۔ ایک ہاف فرائی انڈا بھی روزانہ کھائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ عمدہ بکرے کا گوشت اچھی طرح گلا کر دیسی خالص گھی میں بھون کر کھائیں۔ عبقری دواخانہ کی ’’نوجوانوں کے روگ کورس‘‘ چند کورس استعمال کریں۔ موسمی پھل کھائیں‘ موبائل‘ ٹی وی سے جتنا ہوسکے دور رہیں۔ نماز کی پابندی کریں۔ خاص کر صبح کی نماز کے بعد پرفضاء مقام میں (نزدیکی پارک) سیر کا معمول بنائیں۔ اچھی صحبت میں بیٹھیں‘ سیرت النبی ﷺ اور صحابہؓ و اولیاء اکرامؒ کی سیرت پر کتب کا مطالعہ کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی تمام درج بالا شکایات چند ہفتوں‘ چند مہینوں میں ختم ہوجائیں گی۔

معدہ کا مسئلہ: میری عمر 30 سال ہے‘ شادی کو پانچ سال ہوگئے ہیں‘ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری صحت دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے‘ کھانا کھانے کو دل نہیں چاہتا‘ بھوک لگتی ہے مگر معدہ بھرا بھرا رہتا ہے‘ رنگت بھی بہت پیلی ہوتی جارہی ہے‘ ٹانگوں اور ایڑیوں میں بہت درد رہتا ہے‘ پیاس بہت لگتی ہے منہ خشک رہتا ہے‘ مسوڑھوں میں تکلیف رہتی ہے‘ برش کرنے سے خون آتا ہے‘ بعض اوقات معدے کی نالی پر جلن ہوتی ہے اور درد بھی۔ میں ان تمام مسائل کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان ہوں‘ براہ مہربانی مجھے علاج تجویز فرمائیں تاکہ میری صحت ٹھیک ہوجائے۔ (محمد عمران)

مشورہ: اصل میں یہ شکایت معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہے اس کیفیت کو زائل کرنے کیلئے یہ دوا ہمارے مجربات میں سے ہے۔ سونف‘ دھنیا‘ چھوٹی الائچی کے دانے‘ اصلی طباشیر کبود چاروں دوائیں ہم وزن لے کر کوٹ چھان لیں اور چوتھائی چمچ چائے والا غذا کے بعد دوپہر رات کو پانی سے پھانک لیا کریں۔ عمدہ قسم کا بکری، بکرے کا گوشت اچھی طرح پکایا ہوا ادرک، پسی ہوئی کالی مرچ ڈال کر روٹی کے ساتھ کھائیں۔ عمدہ قسم کے موسمی پھل کھائیں۔ ایک ماہ کے بعد دوبارہ لکھیں۔

عبقری حویلی! باغیچہ کی خدمت کی سعادت

مخلصین کا اصرار تھا کہ ہمیں عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں خدمت دی جائے‘ فی الحال انہیں عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں موجود باغیچہ کی خدمت دی جاتی ہے‘ آپ وہاں جائیں اور اس کو سنواریں۔ عبقری حویلی میں پھول‘ پودے‘ درخت اور گراسی پلاٹ بنائیں تاکہ مدینے والے ﷺ کے مہمانوں کی آمد پر اکرام ہو۔ پورے ملک کے مخلصین کو اجازت عام ہے۔ نوٹ: کسی سے رابطہ کرنے کی ضرورت نہیں بس عبقری حویلی احمد پور شرقیہ جائیں‘ منتظمین سے مل کر خدمت شروع کردیں۔ اپنا اصل شناختی کارڈ اور اس کی فوٹو کاپی لازمی ہمراہ لائیں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

قوت باہ کیلئے بے مثال دوا: پیاز کا رس چھ ماشہ ادرک کا پانی چھ ماشہ دیسی گھی چھ ماشہ اور شہد ایک تولہ ملا کر پوری خوراک صبح نہار منہ کھانا تقویت باہ کیلئے بے مثال دوا ہے۔

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی کو ٹیپ یا سٹیپلر ز پن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

ہاتھ پاؤں سن ہوتے ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ہاتھ اور پاؤں بیٹھے بیٹھے اچانک ہی سن ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں' مجھے اس کیلئے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ شکریہ! (ر۔ح)

جواب: آپ صبح وشام پانی پر سو بار **یَااَللّٰہُ یَارَحِیْمُ یَامُرِیْدُ** دم کرکے پی لیا کریں۔ رات کے وقت پانی پر گیارہ بار **کُنْ فَیَکُوْنُ** دم کرکے پی لیا کریں۔ ان کیساتھ عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' اور ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب کیساتھ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ جلد مکمل صحت ہوجائیگی۔

وظیفہ اور دعاؤں کی درخواست: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ رکھے' ہم نے جیسا سنا تھا اس سے بھی بڑھ کر پایا۔ میرے ابو بیمار رہتے ہیں' اکثر بخار اور جسم میں درد رہتا ہے' معدے میں تیزابیت' گیس اور آنکھوں میں سوجن رہتی ہے۔ میری امی کو اکثر سر میں درد اور گھٹنوں' ٹخنوں میں درد رہتا ہے' براہ مہربانی کوئی وظیفہ اور دعا کی درخواست ہے' میرا قد بہت چھوٹا ہے' وظیفہ اور دعا تجویز فرمادیں۔ اس کے علاوہ میری امی کو شوگر اور ہائی بلڈ پریشر' گھٹنوں' ٹخنوں میں اکثر درد رہتا ہے ان کیلئے بھی کوئی وظیفہ دے دیں۔ (ن، ملتان)

جواب: تمام گھر والے رات سونے سے پہلے وضو کر کے بیٹھ جائیں، دعا کے انداز میں ہاتھ اٹھا کر سات بار **یَااَللّٰہُ یَاحَفِیْظُ یَابَدِیْعُ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ** پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ چہرے پر پھیر لیں۔ اسی طرح سات بار کرنے کے بعد کسی سے بات کیے بغیر سو جائیں۔ نماز فجر کے بعد ایک تسبیح **یَاوَارِثُ** کی پڑھ لیا کریں۔ ان وظائف پر کم از کم تین ماہ عمل کیا جائے۔ اس کے علاوہ تمام گھر والے عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' چند ہفتے' چند مہینے' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے جملہ امراض چند ہفتوں میں ہی ختم ہوجائیں گے۔

بیٹے پر جادو ہے: میرا بیٹا محمد جواد خان بار بار شدید بیمار ہوجاتا ہے' 2010ء سے پہلے اس کا پیشاب بند ہوگیا پھر اس کی آنکھ کی وجہ سے دماغ کا سی ٹی سکین ہوا پھر اس کا چہرہ خشکی سے بھر گیا' پھر پاخانے میں خون آنا شروع ہوگیا' ہر سال میں ایک دفعہ شدید بیمار ضرور ہوتا ہے۔ 2016ء میں اس کو پیلا یرقان ہوگیا۔ مجھے کہا جاتا ہے کہ اس پر جادو کروا دیا گیا ہے۔ میں بہت زیادہ ڈر گئی ہوں' خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں جس سے اس کا مسئلہ حل ہوجائے۔ جواد کی عمر 15 سال ہے۔ (ش، لاہور)

جواب: تیسرا کلمہ آپ کے بیٹے کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے ہر نماز کے بعد ایک بار **اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنَامِ**۔ تیسرا کلمہ 41 بار، دس بار **اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنَامِ**۔ اس کے علاوہ اٹھتے بیٹھتے اسے اپنا اوڑھنا بچھونا بنالے ہر وقت پڑھتا رہے۔ نماز کے علاوہ صرف تیسرا کلمہ پڑھیں اور کوئی ورد وظیفہ نہ کریں۔ تجربہ ہے کہ اسے مسلسل پڑھنے والا روحانی اور جسمانی طور پر بے پناہ مضبوط اور طاقتور ہوجاتا ہے۔

پورا گھر جادو سے بھرا ہوا ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گھر سے گندی بدبو آتی ہے' جسم میں آگ رہتی ہے' ہر وقت گھر میں پریشانی' کبھی کبھی مجھے آوازیں آتی ہیں کہ کوئی بلا رہا ہے' ادھر ادھر دیکھوں تو کوئی نہیں ہوتا' جہاں جاؤں کہتے ہیں کہ جادو ہے' پورا گھر جادو سے بھرا ہوا ہے' ماں فوت ہوگئی' بھائی فوت ہوگئے' دن بدن پریشانیاں بڑھتی جارہی ہیں۔ برکت بالکل نہیں' خدارا کوئی وظیفہ بتائیں' ہر وقت پریشان رہتی ہوں۔ (پوشیدہ' لودھراں)

جواب: آپ اپنے گھر میں ہر گھنٹے کے بعد اذان اور افحسبتم والا عمل کریں۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان (جو نماز کیلئے ہوتی ہے) سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں اور بائیں کندھے پر پھونک دیں اس کے علاوہ گھر کے چاروں کونوں' کمرے کے چاروں کونوں میں پھونک دیں۔ موبائل کے میموری کارڈ' ایم پی تھری وغیرہ میں ریکارڈ کرکے ہر وقت گھر میں چلائیں۔ افحسبتم اور اذان والا آڈیو ریکارڈ عمل کا میموری کارڈ دفتر ماہنامہ عبقری سے فون کرکے بھی منگوا سکتی ہیں۔ روزانہ حسب توفیق صدقہ ضرور دیں۔

بڑی مشکل میں ہوں!: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں بڑی مشکل میں ہوں' اپنے تمام مسائل لے کر آپ کو خط لکھ رہی ہوں' توجہ فرمائیں۔ میں نے ایم اے' بی ایڈ کیا اور بچپن سے یہ حسرت تھی کہ بڑی ہوکر ''استانی'' بنوں گی۔ لیکن ابھی تک جاب نہیں ملی۔ اب این ٹی ایس 14 گریڈ کا پاس کیا ہے۔ دو درخواستیں جمع کروا چکی ہوں۔ کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ خیر و عافیت والی نوکری مل جائے اور خیر و عافیت سے شادی ہوجائے۔ دوسرا مسئلہ: دوسرا مسئلہ میری دوست کا ہے' اس کے اور اس کے سسرال میں شدید جھگڑا ہے' اس کی چھوٹی بیٹی ہے جو اپنے باپ کی شفقت سے محروم ہورہی ہے۔ اس کیلئے بھی کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ اس کی اور اس کی ماں کی مشکلات کم ہوں۔ (آ۔ک)

جواب: نوکری کیلئے نماز فجر کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور پھر سورۂ مزمل پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل گیارہ بار دہرائیں اور کم از کم نوے دنوں تک پڑھیں۔ اپنی دوست کو کہیں کہ وہ اور ان کی والدہ سارا دن **یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** اپنے مقصد کا سخت تصور کرکے کھلا چند ہفتے' چند مہینے مسلسل پڑھیں۔ وضو بے وضو ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔

میری شادی کب ہوگی؟: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آپ کے بچوں' اہل وعیال' تسبیح خانہ اور اس کے تمام سٹاف کو اللہ پاک اپنی امان میں رکھے۔ اللہ کریم مجھ پر بھی کرم فرمائیں اور میری پریشانی' بیماری اور میرا غم دور فرمادیں۔ محترم! 30 سال کی ہوچکی ہوں' 6،7 سال کی عمر سے ایک مرض میں مبتلا ہوں' میرے ایک کان کی قوت سماعت بالکل ختم ہے' دس سال پہلے کان کا آپریشن بھی ہوچکا ہے۔ یہی وجہ ہے میرے سب بہن بھائیوں کی شادیاں اور رشتے طے ہوچکے ہیں۔ اگلے سال میری سب سے چھوٹی بہن کی شادی ہے اور میں تمام بہن بھائیوں میں سب سے بڑی ہوں' آپ اندازہ لگالیں میری کیا حالت ہوگی اور کیسی کیسی باتیں نہ سناتے ہوں گے۔ میری تمام سہیلیاں مجھ پر حیران ہوتی ہیں کہ میری ابھی تک شادی نہیں ہوئی جبکہ وہ دو، دو بچوں کی اماں بن چکی ہیں۔ خدارا میرے لیے کوئی وظیفہ اور علاج تجویز فرمائیں۔ (ر۔ک)

جواب: بہن! شادی کیلئے نماز عشاء کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر کم از کم نوے دنوں تک دعا کریں۔ عشاء کی نماز کے بعد 101 مرتبہ **رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ ○** اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنی شادی کیلئے دعا کریں۔ یہ عمل نوے روز تک جاری رکھیں۔ کان کے مرض کیلئے عبقری دواخانہ کی ''کان شفاء'' چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

کسی کام کے لئے استخارہ: جوشخص کسی کام کیلئے کچھ معلوم کرنا چاہے' تو شب جمعہ کو بعد از نماز عشاء' اس اسم پاک یَا عَلِیْمُ کو ایک سو بار پڑھ کر مسجد میں سو جائے' تو اس پر ظاہر ہوگا کہ اُسے کیا تدبیر کرنی چاہیے۔

[redacted]

حالات ایسے کہ خود کو آگ لگالیتی مگر عبقری ملا تو

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

قارئین! حضرت جی! کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آغاز اس دعا کے ساتھ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی عطا کرے اور آپ کی پوری ٹیم اور عبقری پڑھنے والے ہر فرد کو اللہ پاک ہمیشہ تندرست اور خوش رکھے' ان کے دل کی ہر دعا زبان پر آنے سے پہلے قبول ہوجائے (آمین!) میرا عبقری سے تقریباً ڈیڑھ سال سے رابطہ ہے اور میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ ہر ماہ اس کا مطالعہ کروں اور اس پر عمل بھی کروں۔ میری عمر 21 سال ہے اور ساری زندگی گناہوں میں گزر گئی' میں اپنی زندگی کے ماضی کے بارے میں زیادہ تو نہیں لکھ سکتی بس اتنا کہ جب سے ہوش سنبھالا گناہ ہی ہوتے رہے' شاید کبھی کوئی نیکی بھی کی ہو تو پھر سوچتی ہوں پتہ نہیں اس ذات نے قبول بھی کی ہوگی یا نہیں' زندگی میں مشکلات نے ایسے گھیر رکھا تھا کہ بس' ہر وقت سر میں درد رہتا' دل کرتا ہے کسی سے بات نہ کرو' کوئی ذرا سی بات کہہ دے' وہی بات دل و دماغ میں رہ جاتی ہے' بس زندگی سے یہ سبق ملا زندگی میں کوئی اپنا نہیں' نہ بہن' نہ بھائی' نہ کوئی دوست لوگ کہتے ہیں اپنے اپنے ہوتے ہیں' مگر میں کہتی ہوں صرف اللہ پاک کی ذات ہے جو انسان کے ساتھ ہر وقت ہوتی ہے۔ ہر رشتہ مطلب کا ہے' میں نے جب بھی کسی سے دل سے محبت کی مجھے سوائے آنسوؤں کے بدلے میں کچھ نہیں ملا۔ میری یہ باتیں شاید کسی کو اچھی نہ لگیں مگر میرا دل بھرا ہوا ہے' نامعلوم کیوں میں ایسی باتیں لکھ رہی ہوں۔ گزشتہ سات سال میری زندگی کا ہر دن غم ہی لے کر آیا' جو کچھ بھی کرنا چاہتی کبھی بھی مکمل نہ ہوسکا' اس دوران میری ایجوکیشن بھی چھوٹ گئی' مجھے پڑھنے کا بہت شوق تھا' اور آج بھی ہے۔ میری زندگی میں صرف دکھ ہی دکھ آئے' نہ کوئی دوست جس سے اپنے دل کا حال کہو' مگر پھر میں نے درس اور عبقری رسالے سے دوبارہ سے جینا سیکھا۔ ماہنامہ عبقری کے ذریعے اللہ سے دوستی کر کے خود کو قابل بنا رہی ہوں' درس سے ذریعے معلوم ہوا کہ اللہ سے باتیں بھی ہوسکتی ہیں' رات کے اندھیرے میں اپنے اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتی ہوں' دل کو عجب سکون ملتا ہے' ورنہ دنیا کے کسی رشتے سے بات کرنا تو ایسے ہے جیسے خود کو اپنے ہی ہاتھوں سے آگ لگادوں' آپ ان سے کچھ برا نہ کہو۔ مزید اپنا ماضی نہ لکھوں گی۔ بس یہ بتانا چاہوں گی کہ میری زندگی میں کیسے انقلاب آیا اور میں پرسکون ہوگئی۔ میں نے عبقری سے دوستی کرلی' درس سے دوستی کرلی ہے۔ عبقری اور درس سے میں نے اپنی زندگی میں کچھ وظائف بھی شامل کرلیے ہیں جن سے مجھے بہت کچھ ملا۔ جن سے میرے تڑپتے سلگتے دل کو سکون ملا وہ وظائف یہ ہیں: درود ابراہیمی سو مرتبہ روزانہ اور کبھی اس سے زیادہ بھی' اس کے علاوہ کوئی بھی چھوٹا سا درود شریف ایک ہزار مرتبہ روزانہ اور ساتھ 450 مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اس کے علاوہ سارا دن کھلا وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ پڑھتی ہوں۔ مجھے سارے عمل بہت پسند ہیں لیکن میں سورۂ والضحیٰ کی آیت نمبر پانچ کی دیوانی ہوں' جب بھی مجھے مالی تنگی ہوئی اس آیت کی برکت سے اللہ تعالیٰ مجھ پر کرم فرما دیتے ہیں' ایسی جگہ سے مدد ہوتی ہے جہاں سے امید بھی نہ ہو اور میری مدد کرنے والے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہیں۔ میں ان لوگوں کو عبقری کے ذریعے پیغام دینا چاہوں گی جن کو اس دنیا میں کسی سے امید نہ ہو وہ یہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے امید لگائیں' وہ آپ کو آپ کی امید سے بڑھ کر دے گا اور ساتھ میں کلمہ طیبہ کا ورد کرتی ہوں اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر ہے اس نے مجھے تین نصاب ختم کرنے کی توفیق دی اور چوتھا نصاب' پانچواں اور بہت پڑھنے کو دل چاہتا ہے' رات کو سونے سے پہلے میں گیارہ سو مرتبہ یَا فَتَّاحُ پڑھتی ہوں اور ایک خاص عمل میں ہر جمعہ کی نماز کے بعد تین دفعہ "خاص ورد والی یٰسین شریف بھی پڑھتی ہوں جس کو پڑھ کر مجھے ایسے لگتا ہے بس پورے ہفتے کا دل کا بوجھ اتر گیا اور یہ میرے کافی عرصہ کا معمول ہے۔ عبقری رسالے سے اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ 313 مرتبہ پڑھتی ہوں اور اس تکرار والے نوافل پر میں کیا لکھوں' جب کوئی حاجت ہو بس اللہ تعالیٰ کے سامنے سر جھکا کر کھڑے ہوجاؤ اور اس سے لے کر آؤ' وہ بہت رحیم کریم ہے' فوراً سنتا ہے اور اگر کبھی نہیں بھی اس دنیا میں کوئی چیز ملتی تو یاد رکھ لیتی ہوں یہ جہاں نہیں تو اگلے جہاں کوئی حاجت پوری ہوجائے گی۔ ان شاء اللہ۔ عبقری پڑھنے والوں کو یہ کہوں گی کہ اپنی دعا کو ایسے مانگیں کہ پوری ہو رہی ہے اور پوری ہو کر رہے گی۔ یہ سب کچھ مجھے درس اور ماہنامہ عبقری رسالہ سے ملا ہے۔ آپ بھی اپنے دکھوں اور پریشان کن حالات سے پریشان ہیں تو عبقری سے دوستی لگا کر دیکھیں پھر آپ کے غم کیسے دور ہوتے ہیں' میرے تڑپتے' سلگتے حالات اب بدل رہے ہیں' میں آج پرسکون ہوں۔ آج میں پانچ وقت کی نماز پڑھتی ہوں' بس میری حضرت حکیم صاحب اور عبقری پڑھنے والوں سے گزارش ہے کہ میرے لیے دعا کردیں کہ میں نماز تہجد کی پابند ہوجاؤں اور اس دنیا سے ایمان کی حالت میں جاؤں اور یہ زندگی جتنی بھی ہے کبھی کسی کی محتاجی نہ دیکھنے پڑے' اللہ تعالیٰ مجھے اس قابل بنادے کہ اپنے قدموں پر کھڑی ہوجاؤں' اللہ تعالیٰ مجھے بہت علم حاصل کرنے والا بنادے' بس دعا کردیں میرا ناطہ عبقری اور درس کے ساتھ آخری سانس تک جڑا رہے' وظائف میں مرتے دم تک جاری رکھوں۔ اللہ تعالیٰ ہر انسان کو خوش رکھے۔ (خدا کی بندی)

زرشک کے چند فوائد میں بھی جانتا ہوں!

قارئین! ماہنامہ عبقری اگست 2013 کے شمارے میں محترم حضرت حکیم صاحب کا معلوماتی طبی آرٹیکل پڑھا جو کہ زرشک کے متعلق ہے' یہ ان کا خاص طریقہ ہے کہ وہ اپنے قارئین اور مریضوں کے علاوہ ڈاکٹر صاحبان کو بھی ان نسخہ جات سے نوازتے ہیں (اللہ تعالیٰ ان کو اس روش پر چلنے کی ہمیشہ توفیق دیتا رہے) زرشک کے بارے میں کچھ اضافہ کرنا چاہتا ہوں' زرشک کا پودہ ہومیوپیتھی میں جگر اور بائیں گردے کی پتھری کیلئے لاجواب مانی گئی ہے جبکہ یہ سملو بھی کہلاتی ہے۔ حکیم سعید شہید رحمۃ اللہ علیہ مطلب میں بیٹھے تھے کہ ایک مریض نے بینائی تیز کرنے کیلئے مشورہ مانگا' حکیم صاحب نے ایک لمحہ توقف کے بعد اس مریض کو روزانہ صبح زرشک چھ گرام چبا لینے کی ہدایت فرمائی' کسی نے پوچھا کہ زرشک کا بینائی سے کیا تعلق؟ تو انہوں نے فرمایا کہ عقاب زرشک کھاتا ہے' اس کی نظر بہت تیز ہوتی ہے' اس لیے میرے ذہن میں آیا' اس مریض نے دو ماہ بعد مطلب میں آکر بتایا کہ اسے زرشک سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ اس کے بعد بہت سے لوگوں نے استعمال کی اور اس کے بہت اچھے رزلٹ بتائے۔ اس کی مقدار چھ گرام تک استعمال کی جاتی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب نے اپنے طبی آرٹیکل میں بے شمار فوائد گنوائے ہیں' زرشک جگر' دل اور معدے کو تقویت بخشتی ہے' جگر کے امراض مثلاً یرقان' پتے کی پتھری' بخار اور بواسیر میں مفید ہے۔ کثرت حیض میں کمال دکھاتی ہے۔ صفراوی دستوں میں شفائی اثرات بہت زیادہ ہیں' یہ بڑھی تلی کو معمول پر لانے کیلئے بھی استعمال ہوتی۔ پرانی پیچش میں زرشک چھ گرام روزانہ صبح چبا کر کھانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھک ڈاکٹر نفیس اقبال' ملتان)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

اپنے آپ کو بہتر سمجھ لینا جہالت ہے: اپنے آپ کو سب سے بہتر سمجھ لینا جہالت ہے ہر آدمی کو اپنے سے بہتر سمجھنا چاہیے۔

ناجائز جیلوں میں قید افراد تک یہ تحریر پہنچادیں!

سیالکوٹ کی پولیس کی گاڑی سیدھی لاہور پہنچی میرے بھانجے کو اٹھایا اور پھر ساہیوال راتوں رات پولیس کی گاڑی مجھے بھی ساتھ لے گئی۔ یہ رات کے تین بجے کا وقت تھا۔ ہم دونوں کو ساتھ لے کر ہمارے آبائی گھر پر چھاپہ مارا جب کچھ نہ ملا تو ہمیں سیالکوٹ لے گئی۔

میں ایک استاد ہوں۔ سیالکوٹ کے ایک سکول میں ٹیچنگ کرتا تھا۔ میرا بھانجا لاہور میں ایک ہوٹل مالک تھا' کسی وجہ سے میں سیالکوٹ سے واپس آ گیا اور دوسری جگہ پر آ کر ٹیچنگ شروع کر دی۔ سیالکوٹ رہتے ہوئے ایک صاحب کے گھر شام کو بچوں کو ٹیوشن پڑھانے جاتا تھا اور شام کا کھانا انہی کے گھر سے کھاتا تھا۔ جن صاحب کے بچوں کو شام کو پڑھاتا تھا ان کے گھر چوری ہوگئی' چور 10 لاکھ کا سامان وغیرہ چُرا کر لے گئے۔ مدعیان نے تھانے رپورٹ میں لکھوایا کہ یہ کام استاد صاحب جو ہمارے بچے پڑھاتے تھے انہی کا ہے۔ میں ان دنوں سیالکوٹ سے ساہیوال کے قصبہ غازی آباد میں آ کر ٹیچنگ کر رہا تھا۔ مدعیان نے پرچے میں میرا اور میرے بھانجے کا نام لکھوایا۔ چنانچہ سیالکوٹ کی پولیس کی گاڑی سیدھی لاہور پہنچی میرے بھانجے کو اٹھایا اور پھر راتوں رات پولیس کی گاڑی مجھے بھی گرفتار کر کے ساتھ لے گئی۔ یہ رات کے تین بجے کا وقت تھا۔ ہم دونوں کو ساتھ لے کر ہمارے آبائی گاؤں گھر پر چھاپہ مارا جب کچھ نہ ملا تو ہمیں تھانہ لے گئی۔ ہم دونوں نے زبان پر ایک دعا جو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان حق سے نکلی تھی پڑھنا شروع کر دی۔ قارئین! یہ ایسی جامع دعا ہے کہ اس کی برکت سے اتنے بڑے کیس' اتنی بڑی مصیبت سے ہم صرف تین ایام کے بعد باعزت تھانہ سیالکوٹ سے گھر پہنچ گئے۔

تھانے میں جس بیرک میں ہمیں تین دن رکھا گیا ہماری طرح کے پندرہ سولہ لڑکے مزید مختلف کیسز میں اندر تھے۔ سپاہی رات کو ایک ایک کو بلاتے اور ان کی پٹائی یا تشدد اس طرح ہوتا کہ جیسے جانور ذبح کے وقت چیختا چلاتا ہے۔ آج بھی جب وہ دن یاد کرتا ہوں تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہم کسی دشمن ملک کے قابو میں ہوں۔ ہم ماموں بھانجا روزانہ رات کو اس انتظار میں رہتے کہ اب ہماری باری بھی آئی لیکن اس دعا کی برکت سے نہ ہمیں طلب کیا گیا نہ ہمیں گالی دی گئی' ورنہ اس تھانے کے بعض پولیس اہلکار اور کچھ نہ کرتے تو غلیظ گالیاں یوں نکالتے جیسے یہ ان کیلئے انتہائی معمولی بات ہو۔ وظیفہ کی برکت سے مقامی ایم این اے کو پتہ چلا کہ ہمارے علاقہ کے سابقہ ٹیچر کو پکڑا ہوا ہے تو وہ آئے' اپنی ضمانت پر مجھے اور میرے بھانجے کو تھانے سے رہا کروایا' اپنی گاڑی میں بٹھا کر لاری اڈہ پر لائے اور ساہیوال کی بس پر بٹھا کر گئے۔ تین یوم کے بعد جب ہم گاؤں مذکورہ پہنچے تو گاؤں والے حیران اور ششدر' اتنا بڑا کیس اور تھانہ بھی ایسا کہ جہاں یہ مشہور تھا کہ اس تھانہ کے کنوئیں سے سوکھی اینٹ نہیں نکل سکتی (یعنی وہاں جا کر کوئی بچ نہیں سکتا) مگر آپ کیسے بچ گئے؟ حالانکہ ہماری ایم این اے سے کوئی زیادہ سلام دعا بھی نہ تھی' پھر بھی وہ آئے اور ہماری مدد کی۔

قارئین! وہ دعا جو ہم نے پڑھی' نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلی وہ یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ لَاتَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُھْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ

مشکلات' الجھنوں' پریشانیوں' دکھوں' مصائب میں گھرے ہوئے لوگ مذکورہ دعا کو بکثرت پڑھیں۔

آپ کو بھی کوئی جن تنگ کرتا ہے یہ پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ کئی سالوں سے پڑھ رہی ہوں۔ اس میں موجود وظائف و نسخہ جات نے میرے کئی مسائل حل کر دیئے ہیں۔ چند آزمودہ عمل قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتی ہوں:۔ **جن بھاگ گیا:** میں ایک دن جائے نماز بچھانے لگی تو کسی نے مجھے دھکا دیا اور جائے نماز ایک سائیڈ پر پھینک دی۔ پہلے تو میں ڈر گئی' مگر پھر حوصلہ کر کے دوبارہ جائے نماز پکڑی' پھر دوسری مرتبہ بھی ویسا ہی ہوا' میں نے دوسری مرتبہ جائے نماز اٹھائی تو پھر مجھے کسی نے دھکا دیا۔ پھر میں نے سورۂ فلق اور سورۂ ناس اونچی آواز میں پڑھنا شروع کر دی' ابھی چند بار ہی پڑھی تھی کہ جن بھاگ گیا۔ میں نے جائے نماز بچھائی اور تسلی سے نماز پڑھی۔ مجھے کسی نے دوبارہ دھکا نہ دیا۔ **محبت کیلئے:** کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنی ہو تو 41 بار سورۂ اخلاص اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس شخص کا تصور کر کے سو جائیں۔ صرف جائز مقصد کیلئے۔ ناجائز کیلئے کریں گے تو سخت نقصان ہوگا۔ مسلسل 41 دن یہ عمل کرنا ہے۔ خواتین ناغہ کے دنوں میں دل ہی دل میں پڑھیں' زبان سے ہرگز نہ پڑھیں۔ (ایس ایس، کراچی)

اس کے باوجود

مولانا وحیدالدین خاں

یہاں ناخوش گواریوں کے باوجود خوش گواری کو قبول کرنا پڑتا ہے۔ یہاں ''نہیں'' کے باوجود اس کو ''ہے'' میں تبدیل کرنا ہوتا ہے۔

11 نومبر 1986 کی صبح کو میرے ساتھ ایک حادثہ پیش آیا۔ میری عینک ایک بھول کی وجہ سے پتھر کے فرش پر گر پڑی۔ اس کا شیشہ ٹوٹ گیا۔ تھوڑی دیر کیلئے مجھے جھٹکا لگا۔ پھر میں نے سوچا کہ اس دنیا میں تو ہمیشہ یہی ہوگا کہ یہاں پتھر کا فرش بھی رہے گا اور نازک شیشہ بھی اس لیے اس دنیا میں حفاظت اس کا نام نہیں ہے کہ چیزیں کبھی نہ ٹوٹیں۔ اس دنیا میں حفاظت یہ ہے کہ ٹوٹنے کے باوجود ہم چیزوں کو محفوظ رکھ سکیں۔ محرومی کے درمیانی واقعات پیش آنے کے باوجود ہم اپنے آپ کو آخری محرومی سے بچائیں۔ گلاب کا پھول کتنا خوبصورت ہوتا ہے۔ اس کو پھولوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے مگر جس ڈالی میں گلاب کا نازک پھول کھلتا ہے اسی ڈالی میں سخت کانٹے بھی لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ قدرت کا قانون ہے۔ ہمارے لیے ناممکن ہے کہ ہم پھول کو کانٹے سے جدا کر سکیں۔ ہمیں کانٹے کے باوجود پھول کو لینا ہوگا۔ ہم اس دنیا میں کانٹے کے بغیر پھول کو نہیں پاسکتے۔ یہ زندگی کا ایک سبق ہے جو فطرت کی خاموش زبان میں ہمیں دیا جا رہا ہے۔ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ اس دنیا میں ''باوجود'' کا اصول کار فرما ہے۔ یہاں ناخوش گواریوں کے باوجود خوش گواری کو قبول کرنا پڑتا ہے۔ یہاں ''نہیں'' کے باوجود اس کو ''ہے'' میں تبدیل کرنا ہوتا ہے۔ یہی اس دنیا کا عام اصول ہے۔ یہاں کامیابی اس کا نام ہے کہ آدمی ناکامیوں کے باوجود کامیابی تک پہنچنے کا راستہ نکالے' یہاں تجارت یہ ہے کہ گھاٹے کے باوجود نفع حاصل کیا جائے۔ یہاں آگے بڑھنا یہ ہے کہ پیچھے ہٹنے کے واقعات پیش آنے کے باوجود آگے کا سفر جاری رکھا جائے۔ اس دنیا میں کھونے کے باوجود پانے کا نام پانا ہے۔ یہاں اتحاد صرف ان لوگوں کے درمیان قائم ہوتا ہے جو اختلاف کے باوجود متحد ہونے کا فن جانتے ہوں۔

سب مل کر پڑھتے ہیں اور پریشانی فوراً دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً سات یا آٹھ سال سے ہمارے ہاں جس کسی کو بھی پریشانی ہو' وہ اپنے گھر سب کو اکٹھا کرتے ہیں' سب مل کر 13 ہزار مرتبہ سورۂ توبہ کی آخری آیت پڑھتے ہیں اور چند دنوں میں پریشانی ختم ہوجاتی ہے۔ سب مل بھی بیٹھتے ہیں' چائے بھی چلتی ہے اور پریشانی بھی ختم ہوجاتی ہے۔ (ش، کراچی)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ٹماٹر کے فوائد: یہ بھوک لگاتا ہے' کھانے کو ہضم کرتا ہے' قبض کشا ہے' خون کو صاف کرتا ہے' جسم کی خشکی کو دور کرتا ہے' وہم اور وحشت کو ختم کرتا ہے' قوت باہ کو بڑھاتا ہے' طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔

ایک ہزار لڑکیاں کامیاب عورتیں کیسے بنیں!

قارئین! گزشتہ ماہ والدہ محترمہ [illegible] کی پرورش کیلئے چند [illegible] اب ماؤں کیلئے [illegible] مضمون [illegible]

شازیہ حسن

کسی بھی عورت کے لئے اولاد کی بہتر پرورش سے زیادہ مشکل کام کوئی نہیں ہوتا۔ اکثر خواتین اس محاذ پر خود کو ناکام محسوس کرتی ہیں لیکن تمام عورتوں کے ساتھ یہ مسئلہ نہیں ہوتا۔ ایسی بھی خواتین ہیں جو ان تمام معاملات سے بہ حسن و خوبی نمٹتی ہیں اگرچہ لڑکوں کی تربیت کرنا بھی کوئی آسان کام نہیں تاہم لڑکیوں کا معاملہ زیادہ حساس اور توجہ طلب ہوتا ہے۔ خاص طور پر ہمارے معاشرے میں جہاں بیٹیوں کے لئے جیون ساتھی تلاش کرنا بھی والدین کی ذمہ داری سمجھا جاتا ہو۔ لڑکیوں کی پرورش کے حوالے سے امریکہ میں حال ہی میں ایک کتاب ''بیسٹ سیلر'' کی لسٹ پر رہی۔ اس کتاب کا عنوان ہے ''ایک ہزار لڑکیاں کامیاب عورتیں کیسے بنیں؟'' مصنفہ سلویا رم نے اس کتاب میں لڑکیوں کی بہتر پرورش اور تربیت کے معاملات پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ مصنفہ نے لڑکیوں کو کامیاب عورتوں کے روپ میں ڈھالنے کے لئے ماحول کو بنیادی اور نہایت اہم عوامل قرار دیا ہے اگر لڑکیوں کو بچپن میں گھر کا ماحول آرام دہ پرسکون اور صاف ستھرا نہیں ملتا تو ان کی تعلیم و تربیت میں کہیں نہ کہیں کمی ضرور رہ جاتی ہے جو انہیں ایک کامیاب عورت بننے میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ ایک اور بات جو بہت کھل کر سامنے آئی وہ یہ کہ کامیاب والدین ہی اپنی اولاد کو کامیابی سے ہمکنار کرسکتے ہیں ناکام سست اور زندگی کو بوجھ کے انداز میں گزارنے والی خواتین کی اولاد بھی عام طور پر ایک ناکام زندگی گزارتی ہے۔ عام طور پر یہی دیکھا گیا ہے کہ زندگی کو بھرپور طور پر گزارنے والی خواتین ہی اپنی بیٹیوں میں بھرپور کامیاب زندگی گزارنے کی لگن پیدا کرسکتی ہیں۔ کامیاب زندگی گزارنے والی ایک ہزار خواتین کی زندگی کا جائزہ لینے پر یہ چیز بہت واضح ہوگئی کہ لڑکیوں، والدین اور خاص طور پر ماں سے بہت زیادہ اثر لیتی ہیں اور ان کامیاب لڑکیوں کو قدم قدم پر والدین کی جانب سے ہدایات ملیں۔ ان کی ہر مثبت عمل میں حوصلہ افزائی کی گئی اور ہر شعبے میں بھرپور مسابقت اور مقابلہ کرنے کے لئے انہیں ذہنی اور نفسیاتی طور پر تیار کیا گیا بہت سے کیسوں کا جائزہ لینے کے بعد یہ چیز بھی سامنے آئی کہ جن لڑکیوں نے بھرپور کامیابی حاصل کی ان کی مائیں اعلیٰ درجے کی عزت نفس اور خودداری کی حامل تھیں۔ گھر کے اندر گھر کے باہر، دفتر یا کام کاج کی کسی بھی دوسری جگہ پر انہوں نے خود کو غیر ضروری دباؤ کے آگے جھکنے نہیں دیا بلکہ بڑی بہادری سے مختلف چیلنجوں کا سامنا کیا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شخصیت بیٹیوں کے لئے عملی نمونہ بن گئی۔ کامیابیوں کا گر انہوں نے اپنی ماؤں سے ہی سیکھا۔ اس سے ان میں بھرپور زندگی گزارنے کی لگن پیدا ہوئی۔ مصنفہ نے لکھا ہے کہ میں اس حق میں نہیں ہوں کہ لڑکیوں کو اعلیٰ تعلیم سے دور رکھا جائے جب میں جوان تھی تب میرے والد میری اعلیٰ تعلیم کے حق میں نہیں تھے جبکہ میں چاہتی تھی کہ میری بیٹیوں کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملے۔ اگر وہ پڑھ لکھ کر اپنا معیار زندگی بلند کرسکتی ہیں تو مجھے کوئی حق نہیں پہنچتا کہ میں ان کے اس مقصد میں رکاوٹ بنوں اور میں نے یہی کیا آج وہ دونوں نہ صرف بچوں کی بہترین مائیں ہیں بلکہ گھر بہترین گھر چلا رہی ہیں اور اپنے شوہر کی ہر پریشانی میں اس کی بھرپور مدد کرتی ہیں۔

کامیاب عورت بننے کے 15 اصول

بیٹیوں کے لئے دینی و دنیاوی اعلیٰ تعلیم کی راہ ہموار کیجئے۔ اس سلسلے میں ان کی حوصلہ افزائی کیجئے۔ اگر آپ خود نہ پڑھ سکی ہوں تب بھی انہیں اعلیٰ سطح تک ضرور پڑھایئے۔ ☆اگر آپ کی بیٹیاں کسی معاملے میں دباؤ کا شکار ہوں تو عجلت سے کام لے کر مداخلت نہ کیجئے بلکہ انہیں حالات سے لڑنے دیجئے اس سے ان میں اعتماد پیدا ہوگا ☆اپنی بیٹی میں مسائل کو حل کرنے کی سمجھ بوجھ پیدا کیجئے۔ اس ضمن میں ان کی حوصلہ افزائی کرتی رہیے۔ ☆اگر آپ کی بیٹی ہائی سکول میں کسی طرز عمل کے باعث پریشانی سے دوچار ہے تو اس معاملے کو سنجیدگی سے لیجئے اور اس سلسلے میں کسی سے مشاورت کیجئے تاکہ صورت حال کو معمول پر لانے کی راہ ہموار ہو۔ ☆بیٹیوں کیلئے موزوں مضامین کا اہتمام کیجئے۔ ایسے مضامین جن کو وہ پڑھنا پسند کرتی ہوں انہیں زبردستی ڈاکٹر یا کچھ اور بنانے کی کوشش نہ کریں۔ ☆اگر آپ کی بیٹیاں پڑھائی میں بہت تیز ہوں اور سکول کا ماحول ان کے لئے کوئی چیلنج پیش نہ کرتا ہو تو ان کی بہتر تعلیم و تربیت کا خصوصی اہتمام کیجئے۔ اگلی کلاس کا نصاب پڑھایئے' ام المومنین کی یا اسلامی کتاب پڑھایئے۔ ☆بیٹیوں کو غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دیجئے ان میں اسلامی کتب' فنون لطیفہ اور کھیلوں کے حوالے سے دلچسپی پیدا کیجئے۔ ☆غیر نصابی اور نصابی سرگرمیوں اور مقابلوں میں بھرپور شرکت کیلئے انہیں خصوصی تربیت فراہم کیجئے اور ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی کوشش کیجئے۔ ☆بیٹیوں کے ساتھ بہتر، خوشگوار تعلقات استوار رکھئے انہیں احساس دلاتی رہیے کہ آپ ان کی دوست ہیں دشمن نہیں۔ ☆ہر انسان کی طرح آپ کی بیٹیوں کی زندگی میں بھی نشیب و فراز کے کئی مراحل آئیں گے۔ ان پر واضح کرتی رہیے کہ ہر معاملے میں مستقل مزاجی ہی مسائل کا بہترین حل ہے۔ انہیں زیادہ سے زیادہ حقائق پسند بنایئے۔ ☆اپنی بیٹیوں کو سمجھایئے کہ زندگی کے ہر چیلنج کا ڈٹ کے سامنا کریں۔ تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھائیں اور زندگی کو اس طرح گزاریں کہ دوسروں کے لئے کچھ کر گزرنے کی پوزیشن میں ہوں۔ ☆انہیں تن آسان نہ ہونے دیں۔ کوشش کریں کہ وہ پڑھائی کے علاوہ دن کا ایک حصہ گھریلو کام کاج میں بھی گزاریں۔ ☆ان کی تربیت اس انداز سے کریں کہ انہیں کام عیب نہ محسوس ہوتا ہو خواہ وہ مستقبل میں کسی شعبے میں کتنی ہی ترقی کیوں نہ کرلیں یا کتنی ہی امیر کیوں نہ بن جائیں۔ ☆لڑکیوں کیلئے جیون ساتھی منتخب کرنے کی باری آئے تو ان کو بھرپور اعتماد میں لیں اور انہیں سمجھایئے کہ آپ کی زندگی کا فیصلہ آپ کے مشورہ اور اجازت کے بغیر ہرگز نہیں کیا جائے گا۔ ☆اگر ان میں کوئی ناپسندیدہ عادت پروان چڑھ رہی ہے تو فوری طور پر اس کی حوصلہ شکنی کیجئے۔ انہیں کوئی ایسی عادت نہ پڑنے دیں جو آگے چل کر ان کی کمزوری بن جائے۔

وضو کے بچے پانی سے خطرناک زخم ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے آپ کے درس بہت شوق سے سنتے ہیں' کل ہی آپ کا درس سن رہی تھی جس میں آپ نے مسجد' وضو کے بچے پانی کے فضائل بیان کیے۔ مجھے اپنا ایک واقعہ یاد آگیا۔ 1992ء کی بات ہے جب میرا سب سے چھوٹا بھائی پیدا ہوا جب اس کے ختنے کروائے تو اس کا زخم ٹھیک نہیں ہوتا تھا' میری دادی کی بہن آئی ہوئی تھیں' میں ان دنوں قرآن پاک پڑھنے کیلئے مسجد میں جاتی تھی' انہوں نے مجھے کہا کہ میں جہاں پر لوگ وضو کرتے ہیں وہ پانی لے آؤں' میں مسجد کے وضوخانہ کے نلکوں سے پانی لے آئی' پھر وہ زخم ٹھیک نہ ہوا' انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ پانی کہاں سے لیا ہے' میں نے بتادیا۔ انہوں نے کہا وہ پانی لاؤ جو وضو کرتے ہوئے نیچے گرتا ہے۔ جب دادی اماں نے اس پانی کی بھاپ دی تو وہ زخم ٹھیک ہوگیا۔ اس وقت میں بہت چھوٹی تھی' یہ بات سمجھ نہ پائی مگر آپ کے درس نے' اس پانی کی فضیلت پتہ چلی۔ درس کی وجہ سے مجھے اپنے بہت سے سوالات کے جوابات ملے ہیں۔ اب قرآن پڑھنے کا بہت مزہ آتا ہے۔ میرا بھائی کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے' میری والدہ نہیں مان رہی' امی نے کچھ دنوں سے اذان اور الحسبتم والا عمل شروع کیا ہے اس وظیفے کی برکت سے بھائی کے رویے میں تبدیلی آرہی ہے۔ (روبینہ عدنان)

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

جادو اثر نہیں کرے گا: جو شخص فجر اور مغرب کی نماز کے بعد 21 دفعہ یا قابض پڑھے گا اس پر کوئی جادو اثر نہ کرے گا اور کسی کی بددعا اس کے حق میں کارگر نہ ہوگی۔

[redacted]

حسن کیلئے کریمیں نہیں غذائیں اپنائیں

اس کا مطلب یہ ہوا کہ جلد کو اس کی مطلوبہ غذا باہر سے نہیں ملتی بلکہ اندرونی سطحیں ہی اس کو غذا فراہم کرنے کا وسیلہ بنتی ہیں یعنی کہ انسان کی جلد کو خوبصورتی اس کو اس کا صاف ستھرا اور صحت مند خون مہیا کرتا ہے۔ حقیقی حسن متوازن غذا سے پیدا ہوتا ہے

جب اچھی صحت کا دارومدار اچھی خوراک پر ہے تو پھر یہ لازمی بات ہے کہ اچھی جلد بھی متوازن غذا کے استعمال سے ہی بنتی ہے۔ جلد کی پرورش خون سے ہوتی ہے۔ خون جلد کی تمام تہوں ریشوں اور انتہائی باریک نالیوں کے ذریعے تمام جلد میں گردش کرتا رہتا ہے۔ خون کی باریک رگوں میں ایک سیرم تیار ہوتا ہے جو جلد کی بیرونی تہہ کے نیچے موجود خلیات اور رگوں کے درمیان گردش کرتا ہے۔ یہی سیرم دوران گردش ان خلیات کو غذا فراہم کرتا ہے اور فالتو مواد سمیٹ لیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جلد کو اس کی مطلوبہ غذا باہر سے نہیں ملتی بلکہ اندرونی سطحیں ہی اس کو غذا فراہم کرنے کا وسیلہ بنتی ہیں یعنی کہ انسان کی جلد کو خوبصورتی اس کو اس کا صاف ستھرا اور صحت مند خون مہیا کرتا ہے۔ حقیقی حسن متوازن غذا سے پیدا ہوتا ہے۔ جلد کو خوبصورت بنانے کے لئے مندرجہ ذیل غذائی اجزاء بہت ضروری ہیں۔ **حیاتین:** حیاتین (وٹامن) ہماری جلد کی خوبصورتی میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ جلد کا رنگ خوبصورت کرتے ہیں' آنکھوں کو روشن کرتے ہیں اور چہرے کو پھوڑے' پھنسیوں اور چھائیوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔ آیئے اب ہم وٹامن کے بارے میں تفصیل سے بات کرتے ہیں یہ کس کس کام آتے ہیں اور ہمیں کون کون سی بیماریوں سے بچاتے ہیں۔ **حیاتین اے (A):** حیاتین اے گاجر' سلاد اور پالک میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ مچھلی کے جگر کے تیل میں کثرت سے ملتا ہے وٹامن اے چہرے اور بالوں کی نشوونما کرتا ہے بال صحت مند اور خوبصورت اس کی وجہ سے ہوتے ہیں اگر جسم میں وٹامن اے کی کمی ہو جائے تو بال گرنے لگتے ہیں اور ناخن بھی ٹوٹنے لگتے ہیں۔

حیاتین بی: حیاتین بی میں کافی اور وٹامن بھی پائے جاتے ہیں اس لئے اسے حیاتین بی مرکب کہتے ہیں۔ حیاتین بی کی مزید اقسام مندرجہ ذیل ہیں۔ **رائبوفلیون وٹامن:** یہ دودھ اور دودھ سے تیار کی ہوئی چیزوں میں پایا جاتا ہے اس کے علاوہ یہ وٹامن بکرے' گائے اور مرغی کے گوشت میں بھی پایا جاتا ہے۔ اس وٹامن کی کمی کی وجہ سے چہرے کی جلد پر چکنائی بہت زیادہ ہوتی ہے اور آنکھوں اور ہونٹوں پر سوزش ہو جاتی ہے۔ **تھایامین:** وٹامن کی یہ قسم مختلف قسم کے اناج' تازہ سبزیوں' کلیجی اور پنیر میں پائی جاتی ہیں۔ اس وٹامن کی کمی کی وجہ سے بیری بیری نامی بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔ **نایاسین:** نایاسین وٹامن جسم کی نشوونما میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ان کی کمی کی وجہ سے جلد پر ابھار سے بن جاتے ہیں اور سانس بدبودار ہوتی ہے۔ یہ وٹامن گندم' دلیہ' مچھلی' مرغی کے گوشت اور مونگ پھلی میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ **وٹامن سی:** وٹامن سی پھلوں اور سبزیوں میں کثرت کے ساتھ پایا جاتا ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے ایک سکروی SCURVY نامی بیماری ہو جاتی ہے۔ اس بیماری میں جلد میں جریان خون پیدا ہو جاتا ہے۔ عموماً غیر متوازن خوراک سے وٹامن سی کی کمی ہو جاتی ہے۔ اس کی زیادہ مقدار بھی بے دھڑک استعمال کی جا سکتی ہے۔ **وٹامن ڈی:** یہ وٹامن دودھ' انڈے کی زردی اور مچھلی کے جگر کے تیل میں پائے جاتے ہیں۔ اس کی کمی کی وجہ سے اکثر بچوں کو ہڈیوں کا ٹیڑھا پن RICKET کی بیماری ہو جاتی ہے اور ہڈیوں کی نشوونما بھی متاثر ہوتی ہے۔ وٹامن ڈی کا زیادہ استعمال خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ **وٹامن ای:** وٹامن ای شکر قندی' کلیجی' گندم کا دلیہ اور انڈے میں پایا جاتا ہے۔ اس وٹامن کو جوانی کا وٹامن بھی کہتے ہیں۔ یہ وٹامن دل اور شریانوں کو صحت مند رکھتا ہے اور جلد کی حفاظت کرتا ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے بانجھ پن کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔ **وٹامن کے:** وٹامن K پودوں' سبزیوں' سبزیوں کے تیل اور اس کے علاوہ انسان کی آنتوں میں موجود بیکٹیریا پیدا کرتے ہیں۔ ان کی کمی کی وجہ سے جن حصوں پر چوٹ کی وجہ سے خون نکلتا ہو وہ جمتا نہیں اور مسوڑوں سے بھی خون آنے لگتا ہے۔ جب اینٹی بائیوٹک ادویات کا استعمال کثرت سے کیا جائے تب بھی اس کی کمی پیدا ہو جاتی ہے۔ **پروٹین:** پانی کے بعد ہمارے جسم کی اہم ضروریات پروٹین پوری کرتی ہے۔ پروٹین کی زیادہ مقدار انڈے' مچھلی' بکرے کے گوشت' مرغی' دہی' پنیر اور دالوں میں پائی جاتی ہے۔ اس لئے انسان کو چاہئے کہ ان چیزوں کا استعمال ضرور مگر مناسب مقدار میں کرے۔ **کیلشیم:** کیلشیم خون میں ہوتی ہے۔ اس کی وجہ سے جسم میں تیزاب اور الکلی میں توازن برابر رہتا ہے۔ کیلشیم پھلوں اور سبزیوں میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ یہ جلد کو صحت مند رکھتا ہے۔ **اہم غذائیں:** ایسی غذائیں جو انسانی صحت اور حسن کو دوبالا کرتی ہیں وہ درج ذیل ہیں۔ **دودھ:** دودھ ایک مکمل اور بھرپور غذا ہے۔ اس میں بہت سے وٹامنز پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ فاسفورس اور کیلشیم بھی پایا جاتا ہے جو ہڈیوں کی نشوونما کے لئے بہت ضروری ہے۔ فاسفورس نشاستے اور چربی کو ہضم ہونے میں مدد دیتی ہے۔ دودھ کے ایک پیالے میں 90 حرارے ہوتے ہیں۔ **مرغی:** مرغی کے تین اونس گوشت میں 115 حرارے ہوتے ہیں۔ اس کے ذریعے جسم میں ضروری معدنی نمک اور پروٹین کی مقدار پوری ہوتی ہے۔ مرغی کے استعمال سے جسم میں چربی کی مقدار بھی نہیں بڑھتی اور کولیسٹرول بھی کنٹرول میں رہتا ہے جبکہ بڑے اور چھوٹے گوشت میں چربی اور کولیسٹرول دونوں پائے جاتے ہیں۔ **کلیجی:** کلیجی کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس میں حیاتین بی مرکب (یعنی حیاتین بی کے سارے عناصر) اور تمام غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ اس میں فولاد پایا جاتا ہے جس سے خون میں آکسیجن حاصل کرنے کی صلاحیت بڑھتی ہے۔ کلیجی میں کئی معدنی نمک بھی پائے جاتے ہیں۔ کلیجی کو پیاز اور سبز مرچوں کے ساتھ تیار کرنا زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ **گندم:** گندم کا آٹا اور اس سے بنی ہوئی چیزیں غذا سے بھرپور ہوتی ہیں۔ گندم کھانے سے انسانی جسم صحت مند اور خوبصورت ہو جاتا ہے۔ گندم کی بنی ہوئی سویوں کے ایک پیالے میں 130 حرارے ہوتے ہیں۔ **بند گوبھی:** بند گوبھی کے کچے پتے سلاد کے طور پر استعمال کرنے چاہیے اس میں بہت سے ضروری حیاتین اور فائبرز پائے جاتے ہیں۔ **گاجر:** گاجر میں حیاتین اے اور بیٹا کوئین پائی جاتی ہے۔ یہ بالوں کو نرم اور جلد کو خوبصورت بناتی ہے اور انسان کی نظر کو تیز رکھتی ہے۔ اس کے ایک پیالے میں پچاس حرارے پائے جاتے ہیں۔ **پالک:** پالک میں حیاتین اے' حیاتین بی اور بی 2' فولک ایسڈ' پسوتھینک ایسڈ' بایوٹین' پوٹاشیم اور کیلشیم پائی جاتی ہے۔ یہ سب چیزیں انسانی صحت کے لئے بہت ضروری ہیں۔ **خربوزہ:** خربوزے میں حیاتین الف اور ج پائی جاتی ہیں یہ ہاضمے دار ہوتا ہے اور انسان کو قبض جیسی موذی مرض سے چاتا ہے۔ **مونگ پھلی:** اس میں حیاتین ب' میگنیزم' فاسفورس فولاد' سلفر' تانبا' کرومیم اور جست پایا جاتا ہے۔ یہ ایک ہفتے میں ایک یا دو مرتبہ ضرور کھانی چاہیے۔

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں ہمیشہ ختم ہوئیں! (قسط نمبر 11)

کل کوئی ادھار بھی نہ دیتا تھا آج بانٹ رہا ہوں!

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے‘ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

یہ آج سے تقریباً ڈیڑھ سال پہلے کی بات ہے‘ میں تسبیح خانہ لاہور میں آپ کا درس سننے کیلئے بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا‘ چہرے سے پریشانی چھلک رہی تھی‘ آکر مجھ سے شیخ الوظائف کے بارے میں پوچھنا شروع کردیا کہ شیخ الوظائف فلاں فلاں بیماری کا علاج کرتے ہیں اور ان کی فیس کتنی ہے؟ مجھے یہ شخص بہت زیادہ پریشان لگا‘ میں نے اسے شیخ الوظائف کے بارے میں بتایا۔ وہ شخص مزید بولا کہ اسے معاشی مشکلات اور گھریلو جھگڑے ہیں اس کے علاوہ مزید تکالیف بتانی شروع کیں‘ میں نے اس پریشان حال شخص کی حوصلہ افزائی کی‘ اسے مایوسی کے اندھیروں سے نکال کر امید کی روشنی شیخ الوظائف کی صورت میں دکھاؤں تاکہ اس کی پریشانیوں کو مداوا ہوسکے‘ میں نے اس کی حوصلہ افزائی کی اسے درس سننے اور موبائل فون پر وقت لے کر شیخ الوظائف سے ملاقات کا طریقہ سمجھایا‘ وہ شخص اٹھا تو اس کے چہرے پر پریشانی کے آثار کم اور امید کے چراغ زیادہ روشن تھے‘ پھر وہ موبائل فون پر وقت لے کر شیخ الوظائف سے ملا‘ انہوں نے اسے چند وظائف دیئے‘ پھر وہ مجھ سے ملا میں نے حسب معمول اس کی حوصلہ افزائی کی‘ چند دنوں کے بعد پھر وہ شخص مجھ سے ملا تو میں نے اس کے مسائل کے بارے میں پوچھا تو اس نے کہا کہ ویسے کے ویسے ہیں‘ میں نے پھر حوصلہ افزائی کی اور اسے مستقل مزاجی سے وظائف پڑھنے اور درس سننے کی تلقین کی اور درس میں ہونے والی اسم اعظم کی دعا کی اہمیت بتائی اور رخصت کیا۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد وہ شخص جمعرات کے روز درس کے بعد ملا۔ میں نے اسے اپنے ساتھ بائیک پر بٹھالیا کیونکہ اس کا گھر میرے گھر کے راستے میں تھا‘ راستہ میں میں نے پھر اس کے مسائل کے بارے میں پوچھا کہ حل ہوئے یا نہیں تو اس کے جواب نے میری روح تک کو سرشار کردیا آج بھی اس کے بول مجھے یاد ہیں کہنے لگا: مسائل کو چھوڑو وہ بھی حل ہوجائیں گے میں اعمال کی طرف‘ نماز کی طرف پابندی سے آنا شروع ہوگیا ہوں‘ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوگیا ہوں مسائل بھی حل ہوجائیں گے۔ اب کوئی فکر نہیں میں اب رات کو پرسکون ہوکر سوتا ہوں۔ اس کا جواب سن کر بہت خوش ہوا‘ اسے گھر چھوڑا اور خود اپنے گھر چلا گیا‘ وہ شخص تسبیح خانہ کے ساتھ جڑا رہا اور اکثر ملتا بھی رہا۔ گزشتہ رمضان المبارک میں ستائیسویں شب میں تسبیح خانہ میں ہونے والی ختم القرآن کی تقریب میں مجھے ملا‘ میں نے اس سے پوچھا کہ سناؤ کیا حالات ہیں۔ کہنے لگا: میری ساری گھریلو و معاشی مشکلات حل ہوگئی ہیں اور آپ میرے محسن ہیں‘ میں آپ کو بہت دعائیں دیتا ہوں‘ وہ شخص الحمدللہ آج بھی تسبیح خانہ سے جڑا ہوا ہے‘ چند دن پہلے ملا تو بتانے لگا کہ پچھلے سال جب آپ نے میری ہمت افزائی کی تھی تو میں جمعرات کے درس میں ویگن کا کرایہ بھی کسی سے ادھار مانگ کر آتا تھا اور بہت مقروض تھا اور اب الحمدللہ! شیخ الوظائف کے روحانی علاج سے میرے پاس موٹرسائیکل بھی اپنی ہے‘ قرض بھی ختم ہوگئے ہیں اور برکت اتنی ہے کہ آج اتنی رقم جمع ہوچکی ہے کہ میں سوچ رہا ہوں کسی اچھی سوسائٹی میں ایک اچھا سا پلاٹ لے لوں‘ اس کیلئے بھی شیخ الوظائف کو خط لکھ کر مشورہ مانگا ہے۔ الحمدللہ! وہ شخص آج بھی شیخ الوظائف کے بتائے وظائف پڑھ رہا ہے اور دنیا و آخرت کی برکات‘ سعادتیں‘ عافیتیں اور نعمتیں سمیٹ رہا ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ سدا ہرا بھرا رہے۔ (ندیم‘ لاہور)

جادو کے بھنور سے نکل آئی

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں مسائل‘ مشکلات‘ نظربد اور جادو کے بھنور میں پھنسی ہوئی تھی‘ پھر کسی نے آپ کا بتایا‘ مجھ گنہگار اور عاجز سی بندی کو یہ شرف حاصل ہوا کہ میں نے اپنے مسائل کے سلسلے آپ سے ملاقات کی‘ میرے دل کو بہت سکون ملا‘ آپ کے بتائے ہوئے وظائف سے میں نے خواب میں بے شمار سانپوں کو مار ڈالا‘ اس دن سے میرے دل کو سکون ملتا گیا‘ اس کے بعد میرے وظیفے میں کمی آگئی مگر خوش قسمتی سے مجھے پھر آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا اور ملاقات کے بعد وظیفہ پابندی سے دوبارہ شروع کردیا‘ پھر میں نے خواب میں انسان نما شیطان اور جنات کو ایسے مارا کہ عام حالات میں ناممکن تھا‘ یہ سب اس وظیفے کا کمال تھا‘ ہمارے گھر کے حالات بدلنا شروع اور مشکلات ختم ہونا شروع ہوگئیں۔ پھر میری آپ سے تیسری ملاقات ہوئی‘ میرے دل کی کیفیت بالکل بدل گئی‘ آپ نے حکم دیا جو فوائد مجھے ہورہے ہیں وہ میں عبقری قارئین کیلئے لکھوں۔ آپ نے ہر جمعرات کو ہونے والے درس میں شمولیت کا کہا‘ دوران درس مسلسل میرے آنسو بہتے ہیں‘ ایک خاص بات جس کو میں سمجھ نہیں سکی‘ میں جو مقصد بھی دل میں لے کر درس میں پہنچتی ہوں آپ نے بالکل وہی درس دیا۔ یہ اب تک 3 درسوں میں ہوچکا ہے۔ درس میں ملے چھوٹے چھوٹے وظائف اور ٹوٹکے جاننے والوں کو بتاتی ہوں سب ہی مستفید ہوتے ہیں۔ بیٹے کی چند مشکلات سے بہت پریشان رہتی تھی مگر جب سے آپ نے ساتھ دینے کا کہا اس بیٹے کی طرف سے میں بالکل مطمئن ہوگئی ہوں۔ آپ نے میرے بیٹے کو ہر وقت حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھنے کو کہا۔ الحمدللہ اس کی مشکلات میں دن بدن کمی آرہی ہے۔ رات کو سونے سے پہلے ماہنامہ عبقری میں آیا مراقبہ کرتی ہوں ابھی روشنی کا تصور ہی باندھا تھا کہ دل تیزی سے دھڑکنا شروع ہوگیا کہ جیسے کہہ رہا ہو اللہ اللہ۔ جب سے آپ سے روحانی علاج شروع کروایا ہے زندگی میں سکون اور آرام آگیا ہے حالانکہ اس سے پہلے میں بہت سے عاملین‘ بابوں کے چکروں میں پڑی اور بے شمار پیسہ اور وقت ضائع کیا۔ مگر آپ کے پاس آئی میرا کوئی پیسہ نہ لگا اور مسائل بھی دور ہوگئے۔ (ت۔ش)

نظر کی کمزوری دور! سرمہ اور لونگ کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک لاجواب اور آزمودہ عمل ہے‘ قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ گھر میں خالص سرمہ منگوا کر رکھیں‘ خود بھی اور بچے بھی روزانہ سرمہ لگانے کی سنت پر عمل کریں‘ اول تو سنت کی نیت سے سرمہ کا استعمال ہی ہماری آنکھوں کو انوار و برکات سے منور کرنے کیلئے کافی ہے لیکن آپ ایک کام اور کریں جو اس سرمہ کو مزید پرنور کردے گا۔ ایک لونگ جس میں دانہ بھی ہو اس پر سورۂ نور کا پانچواں رکوع اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ سے لیکر فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ (نور 40) تک ایک مرتبہ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (ق 22) اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرکے یہ لونگ سرمہ دانی میں رکھ دیں اور اسی سے سب گھر والے سرمہ لگایا کریں۔ ایک ماہ بعد یہ لونگ نکال لیں اور دوسرے لونگ پر مذکورہ عمل کرکے ڈال دیں۔ ان شاء اللہ یہ عمل نہ صرف آنکھوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھے گا بلکہ کمزور بینائی کی وجہ سے لگی عینک بھی اتر جائے گی۔ اعتقاد اور عمل کی پابندی شرط ہے۔ (ا۔ع)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ٹماٹراوراحتیاط: ٹماٹربادی اوربلغم پیدا کرتا ہے‘ تپ دق کے مریضوں کیلئے ٹماٹرمفید نہیں ہے۔ سینے اور گلے کے امراض والے مریض کیلئے ٹماٹرمفید نہیں‘ گردہ کی پتھری والے مریض ٹماٹر ہرگز استعمال نہ کریں۔ ٹماٹرزکام اور پیٹ میں نفخ پیدا کرتا ہے۔

فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے کا راز! طالبعلم نوٹ فرمالیں!

حمزہ سعید اتراء قائدآباد

جوطلباوطالبات امتحان میں کامیابی کی یقینی چاہتے ہیں توہرفرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دُعا پڑھیں حیٰ نُوتی مثل ما اُوتی رسول اللہ پھراس کے بعد گیارہ مرتبہ اللّٰھمہ افزنی فی الاختار پھراس کے بعد ساتھ مرتبہ درج ذیل دُعا پڑھیں اللہُ اعلمُ حیث یجعلُ رسالتۃ رزلٹ آنے تک

قارئین ! ہرطرف امتحانات کا شور برپا ہے ہر کسی کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ امتحان میں اچھے نمبرلے کراعلیٰ پوزیشن حاصل کی جائے اس کے لئے اول تو محنت شرط ہے پھر نصرت خداوندی کی از حد ضرورت ہے اس کے لئے چند وظائف پیش خدمت ہیں۔

پڑھائی میں دل لگانے کیلئے وظائف اوردُعائیں

جن طلباوطالبات کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہوتو وہ ہرنماز کے بعد پوری توجہ کے ساتھ یَا حَافِظُ یَاعَلِیْمُ یَا قَادِرُ یَاشَافِیُ سات مرتبہ عصر کی نماز کے بعد اَللّٰھُمَّ اَفْرِغْ عَلٰی قَلْبِیْ حُبَّ الْعِلْمِ گیارہ مرتبہ ہرنماز کے بعد سو مرتبہ الرحمٰن پڑھا کریں اگرسبق بھو جانے کی شکایت ہوتو روزانہ دس مرتبہ اَلْمُعِیْدُ پڑھا کریں۔

امتحانات میں اعلیٰ پوزیشن کے لئے وظائف

1۔ سورۃ القلم ایک بار پڑھ کرسیاہی کی دوات پر پھونک ماریں اوروہی سیاہی پین میں بھرلیں پھردوبار پڑھ کرقلم کی نوک پر پھونک ماردیں اسی قلم سے پرچہ حل کریں انشاء اللہ جواب چھپے ہوئے آنکھوں کے سامنے آجائیں گے۔ 2۔ طالب علم دورکعت نفل پڑھ کرپھرسورۃ فتح پڑھ کراپنے اوپردم کرلیں اس کے علاوہ سورۃ الاعلیٰ بھی پڑھ کرروانہ ہوپھر کمرہ امتحان میں جانے سے پہلے هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿الانفال ۶۲﴾ سات مرتبہ پڑھے مشکل پرچہ حل کرنے سے پہلے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ 11 مرتبہ اور اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا شَرِیْكَ لَهٗ سات مرتبہ پڑھے امتحان میں اعلیٰ پوزیشن کے لئے کامیاب وظیفہ یہ ہے کہ سوالیہ پرچہ پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درودشریف پھرگیارہ مرتبہ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھ کراپنے اوپرامتحان پرچہ کے اوپراورجوابی کاپی اوردوسری جواشیاء پرچہ حل کرنے میں استعمال ہوں گی ان پردم کریں پھرپوری بسم اللہ پڑھ کرشروع کریں۔ پرچہ حل کرنے کے بعد تین مرتبہ یہ دُعا پڑھ کرپھونک مارکرجمع کرادیں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۔ اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ رَبِّیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ

امتحان میں کامیاب ہونے کی دُعا: جب امتحان شروع ہو جائے توروزانہ سورج غروب ہونے سے پہلے وضوکرکے قبلہ رخ بیٹھ کرخوب عاجزی کے ساتھ گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی نصیب فرمائیں گے اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِی الْفَوْزَ فِی الْاِخْتِبَارِ اگر پرچہ مشکل ہوتو اللہ تعالیٰ کو قادر اوراپنے آپ کومحتاج سمجھ کر پرچہ حل کرنے سے پہلے تین مرتبہ درج ذیل دُعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ لِیْ ھٰذِہِ الْوَرَقَۃَ الصَّعْبَۃَ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ پرچہ حل کرنے کے بعد رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۔ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ساتھ مرتبہ پڑھ کرپھونک مارکرجمع کرادیں۔

جوطلباوطالبات امتحان میں کامیابی کی یقینی چاہتے ہیں توہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دُعا پڑھیں حَتّٰی نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰہِ پھراس کے بعد گیارہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ اَفِزْنِیْ فِی الْاِخْتِبَارِ پھراس کے بعد ساتھ مرتبہ درج ذیل دُعا پڑھیں اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ رزلٹ آنے تک محترم قارئین یہ ایک راز تھا جوآج میں آپ کوتحفہ کے طور پر دے رہا ہوں۔ یہ سب اعمال میرے اپنے آزمودہ جس کوبھی دیئے بہت نفع ہوا اگرسب عمل کریں تو بہتر ورنہ جوسہولت سے کرسکیں کریں اوردُعاؤں میں یادرکھیں۔

گھریلو الجھنیں ختم اورخوشیاں شروع

اگرآپ چاہتے ہیں کہ آپ کی شادی خوشحال ہوغموں جھگڑوں اورطلاقوں سے پاک ہو‘ توآپ فوری طور پراپنی شادیوں میں ”دوانمول خزانہ“”ستروظائف“ کتابچہ تقسیم کریں بے شمار واقعات ہیں جنہوں نے شادی میں ”دوانمول خزانہ یاسترہ وظائف“ (کیونکہ قیمت میں بالکل سستے ہیں) کتابچہ تقسیم کیا گھرکیا بسے؟ تاج محل بن گئے خوشیوں اوربرکات کے گہوارے آیئے! اس خیر کے کام کو ہم آگے بڑھائیں! بس ایک بات کہ ہرخیر کے کام کومنفی پہلو سے مت سوچیے گا کہ شاید عبقری کا انمول خزانہ بکتا نہیں اس لیے آپ کویہ بہانے بہانے سے ڈیوٹی دی جارہی ہے جیسابرتن ہوگا ویسی ہی مراد ہوگی۔

ساٹھ سال کی عافیت کاشکر

(قیصرندیم‘لورہ ہزارہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو میری یہ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی عمر‘جان‘ مال‘ صحت اور عزت میں برکات عطا فرمائے اورامت کی اصلاح کی خاطر کی جانے والی آپ کی کوششوں اورمحنتوں کوقبول فرمائے اورہم جیسے گنہگاروں کے سروں پرآپ کا سایہ قائم رکھے۔ آمین! میں عرصہ دوسال سے رسالہ عبقری کا قاری ہوں مگر رسالہ میں لگانے کیلئے تحریر پہلی مرتبہ بھیج رہا ہوں۔ یہ واقعہ ہمارے علاقہ کی بزرگ ہستی نے سنایا جوکہ سوفیصد سچا ہے۔ **ساٹھ سال کی عافیت کاشکر:** ایک مفتی صاحب فرمانے لگے کہ ایک دوست کے والد صاحب بیمار ہوئے ان کا چھوٹا پیشاب رُک گیا ان کوخوب پانی پلایا گیا کہ شاید پیشاب جاری ہوجائے مگر فائدہ نہ ہوا اور تکلیف شدت اختیار کرگئی‘ بیٹے ان کوہسپتال لے گئے ڈاکٹروں نے چیک اپ کے فوراً بعد پیشاب والی نالی ڈال دی جس سے بہت تکلیف ہوئی‘ زخم بھی آیا مگر پیشاب جاری ہوگیا اور تکلیف میں افاقہ ہوا۔ ان کے بیٹوں نے بڑی لجاحت کے ساتھ ڈاکٹروں کا بہت شکریہ ادا کیا اور ان کے احسان مند ہوئے‘ اچانک کیا دیکھتے ہیں کہ باباجی کے رونے کی آواز آرہی ہے‘ پوچھا کہ اباجی! اللہ کا فضل ہوا‘ آپ کی تکلیف دور ہوگئی پھر کیوں رورہے ہیں تو باباجی فرمانے لگے اصل میں وجہ یہ ہے کہ ساٹھ سال تک میرا پیشاب آسانی وسہولت کے ساتھ خارج ہوتا رہا اورکبھی کوئی تکلیف نہ ہوئی ایک دن پیشاب رک گیا‘ چلایا‘ پھر بھی اللہ نے ہی کیا‘ ڈاکٹر صرف ذریعہ بنے اورمیرے بیٹے کس قدر ڈاکٹروں کے احسان مند ہوئے اور بار بار ان کا شکریہ ادا کررہے ہیں مگر ساٹھ سال تک اس رحیم وکریم مالک نے جوآسانی فرمائی اس کا ہم نے کتنا شکرادا کیا؟؟؟

دانتوں کے کیڑے نکلتے اپنی آنکھوں سے دیکھیں

ھوالشافی: کلونجی‘تخم پیاز ہموزن لیکرکاغذ کی پڑیا بنالیں۔ جس وقت دانتوں یاڈاڑھوں میں درد ہورہا ہو‘ اس وقت دہکتے ہوئے‘ کوئلے لیں اوران پریہ پڑیا ڈال کراوپر حقے کی چلم الٹا کرکے رکھ دیں اوراپنا سانس اندر کی طرف کھینچ کرروک لیں اورفوراً چلم کے پیندے پراپنا کھلا منہ رکھ دیں اور دواؤں کا دھواں منہ کے اندر رہے گا۔ جب برداشت ختم ہوجائے تومنہ میں اکٹھا ہونے والا تھوک (لعاب) پانی کی بھری بالٹی میں ڈال دیں۔ پانی کے اوپرکیڑے تیرتے نظر آئیں گے‘ بفضل تعالیٰ دانتوں کا درد دور ہوجاتا ہے۔ (حکیم ریاض حسین‘ مکڑوال ضلع میانوالی)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

غربت سے نجات کے لئے: ہر نماز کے بعد جو 111 بار اس اسم پاک یاباسطُ کو پڑھے تو اسے اللہ تعالیٰ غربت سے نجات عطا فرمائے گا۔

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کررہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کردیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

ع۔ اسماعیل' کوٹ قیصرانی۔ محمد شفیق گوجرانوالہ۔ شاہ زین' کراچی۔ شبانہ کنول' راولپنڈی۔ طاہر جمال' فیصل آباد۔ محمد یونس' عارفوالہ۔ نعیم اجمل' لاہور۔ ام حبیبہ جہلم' مخدوم رشید' صادق آباد۔ عائشہ کوثر' کراچی۔ عابد علی' لاہور۔ عظمت عظیم' فیصل آباد۔ زینب بی بی' کوہاٹ۔ بنیامین خان' کوہاٹ۔ رابعہ' کوٹری۔ رحمت اللہ خان' بنوں۔ زینت عمر' ماموں کانجن۔ شازیہ عثمان' پشاور۔ آصفہ شہزاد' ساہیوال۔ رانی تسلیم' خان پور۔ مسرت' چکوال۔ راحیلہ محمود' چشتیاں۔ انعم شاکر رضوی' فیصل آباد۔ کلثوم بانو' اوبارہ۔ سید غلام حسین رضوی' اسلام آباد۔ محمد اقبال خان' تلونڈی ملک۔ صائمہ کوثر' کہوٹہ۔ عقیلہ' چشتیاں۔ محمد کاشف ریاض' پاکپتن شریف۔ فوزیہ خالق' فیصل آباد۔ وسیم جبران بٹ' لاہور۔ مسز رفعت اقبال' کراچی۔ شاہدہ حیدرآباد۔ رقیہ بیگم' فیصل آباد۔ نسرین رؤف' اسلام آباد۔ حنا اعجاز' راولپنڈی۔ فخر محمود' راولپنڈی۔ محمد اسماعیل خان' ڈیرہ اسماعیل خان۔ چوہدری محمد حنیف' چک شہزاد۔ منیر احمد' خاران۔ محمد متین احمد' رحیم یار خان۔ سعیدہ حمید' فیصل آباد۔ عاصمہ' کراچی۔ محمد ظفر' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ اکبر جلال' واہ کینٹ۔ حمیدہ' گوجرانوالہ۔ جویریہ عبدالستار' ملتان۔ طاہرہ طارق' سیالکوٹ کینٹ۔ اسد فاطمہ' اسلام آباد۔ شائستہ ذرداد' ایبٹ آباد۔ فارین اختر' گاؤں سہر۔ محمد شاہ روز سلیم' رنگ پور ملتان۔ خولہ انجم' ملتان۔ شازیہ' گوجرانوالہ۔ توقیر فاطمہ' سیالکوٹ۔ سعدیہ جبین' لاہور۔ صفیہ بیگم' ٹیکسلا۔ رخسانہ صمد' ملتان۔ ماہ نور' مانسہرہ۔ شاہدہ پروین' چکوال۔ سندس حیات' اسلام آباد۔ مسرت نسیم' لیہ۔ ع۔ا' لاہور۔ ن۔ا۔ی، لاہور۔ شہلا' سرگودھا۔ آمنہ خوشی محمد' جنڈ والہ۔ شہنیلا' شجاع آباد۔ نیلم حسن' کچا کھوہ۔ بسمہ آفتاب' رینالہ خورد۔ رقیہ بی بی' ننکانہ صاحب۔ ارم زبیر' بھکر۔ ماسٹر محمد صدیق' گاؤں ہنج گجرات۔ غلام محمد' فیصل آباد۔ خواجہ اختر حسین' آزاد کشمیر۔ مہ جبین' سرائے صالح ہری پور۔ کشور بی بی' فیروزہ۔ ملک احمد بخش' بستی ملوک۔ محمد حسین' بستی ملوک۔ شیزہ احسان' فیصل آباد۔ تنزیلہ کوثر' گوجرہ۔ موذن اللہ' ذبیح اللہ' فیصل آباد۔ عظمیٰ راشد' فیصل آباد۔ بشریٰ پروین' ملتان۔ مہوش مقصود' اٹک۔ محمد ظہور عباسی' ایبٹ آباد۔ شہلا خاتون' کراچی۔ شبیہ عباس' شاہکوٹ۔ سمیرا پروین' برنالہ۔ آسیہ' ساہیوال۔ محمد شعیب عمر' فیصل آباد۔ اقرا ذوالفقار' گوجر خان۔ حامد شفیق' بستی ملوک۔ اسد منیر بٹ' گوجرانوالہ۔ علی عباس' چنیوٹ۔ نازش' کراچی۔ انیلا نورین' واہ کینٹ ٹیکسلا۔ سید جاوید' کراچی۔ عظمت الرحمٰن' ہری پور۔ شاہین بی بی' ملتان۔ نرگس' ملتان۔ شبنم ہاشمی' لاہور۔ محمد رؤف' خوشاب۔ نازیہ شاہد' لاہور۔ انور حسین' فیصل آباد۔ محمد عثمان' شیخوپورہ۔ بسمہ عائشہ زاہد' ایبٹ آباد۔ شفیق الرحمٰن' ایبٹ آباد۔ شبینہ کوثر' کھوئی رٹہ۔ حبیب الرحمٰن' ٹیکسلا۔ سمیرا ناز' فیصل آباد۔ افشاں' اوگی۔ ماریہ رزاق' سیالکوٹ۔ طیبہ طفیل' لاہور۔ حمزہ رشید' کراچی۔ مختیار بیگم' برمنگھم یوکے۔ جویریہ فاطمہ' موچھ۔ عاصم صدیق' سرگودھا۔ روبینہ ناہید' اگوکی۔ نگہت رشید' لانڈھی کراچی۔ انیلہ نورین' واہ کینٹ۔ ارتقا سلیم' کراچی۔ گل ناز بانو' ایمن آباد گوجرانوالہ۔ مائرہ وسیم' لاہور۔ عبدالباری' چترال۔ مسرت شاہد' کراچی۔ جاوید اقبال' خانیوال۔ محمد گلزار' کراچی۔ منیر احمد' اسلام آباد۔ راشدہ بی بی' رحیم یار خان۔ شجاع الدین راولپنڈی۔ عابد حسین' بہاولپور۔ بشریٰ سید' بنوں۔ نوین بھولا' کراچی۔ فوزیہ خانم' خانیوال۔ خاور حسین' ہارون آباد۔ محمد ساغر چغتائی' بہاولپور۔ حیدر علی' روہڑی۔ نبیلہ بشیر' صادق آباد۔ عاطفہ' کراچی۔ مسز فرحین شکیل' کراچی۔ فائزہ تبسم' واہ کینٹ۔ شعیب رمضان' پلندری۔ شہلا رمضان' آزاد کشمیر۔ جاوید اقبال خان' خوشاب۔ سائرہ شہزادی' لاہور۔ عاسیہ عرفان' علی پور۔ محمد بابر خان ٹیپو' مانسہرہ۔ طلعت روبی' لاہور۔ عائشہ غازی' اٹک۔ ناصر خان آفریدی' درہ آدم خیل۔ فرحت نورین' لاہور۔ محمد اکمل فاروق' سرگودھا۔ فواد علی' درگئی مالاکنڈ۔ مبشر حسن' جہانیاں۔ حمیرا جاوید' فیصل آباد۔ محمد جہانزیب' مظفرگڑھ۔ عبدالحمید' راولپنڈی۔ شاہین بی بی' ملتان۔ محمد عدنان صدیقی' کراچی۔ منور حسین' بھیرہ آزاد کشمیر۔ جگنو شفیق' چک جھمرہ۔ شوکت علی' وہاڑی۔ سعدیہ جبین' لاہور۔ رابعہ عمر' لاہور۔ طارق جاوید' فیصل آباد۔ فریحہ سعید' گوگیرہ خاص اوکاڑہ۔ شائستہ مقصود' ہٹیاں بالا۔ صائمہ اکبر' ڈڈیاں۔ قمرزمان' روات۔ منزہ' لاہور۔ زبیدہ شکور' سیالکوٹ۔ عبدالخالق' جڑانوالہ۔ شازیہ صلاح الدین' ملتان۔ ایم جہاں' بنوں سٹی۔ روبینہ کوثر' جہلم۔ عصمہ خالد' لودھراں۔ محمد عرفان فیصل' ٹھٹھہ صادق آباد۔ عادل خان' پشاور۔ سمیرا وسیم' میاں چنوں۔ ڈاکٹر عبدالستار' منڈی بہاؤالدین۔ ثاقب رشید' اسلام آباد۔ گل ناز' حیدرآباد۔ شہنیلا حیدرآباد۔ فوزیہ' سانگھڑ۔ فلک شیر' کامرہ اٹک۔ وسیم راجہ' کراچی۔ غزالہ پروین' راولپنڈی۔ حبیب الرحمٰن' خوازہ خیلا خیبر پختونخوا۔ ہما' حیدرآباد۔ رخسانہ یاسمین' ڈیرہ اسماعیل خان۔ شازیہ بشیر' گجرات۔ راحت' دولت نگر۔ محمد عامر' مظفرگڑھ۔ روبینہ شاہین' لاہور۔ نصرت جہاں' ساہیوال۔ شفاقت علی' چنیوٹ۔ محمد ارشد' مانسہرہ۔ محمد سعید' کراچی۔ اللہ دتہ' رحیم یار خان۔ عابدہ عبداللہ' منچن آباد۔ عائشہ ریاض' عارف والہ۔ سندس حیات' اسلام آباد۔ شاہد پرویز' ایمن آباد۔ نرگس حیدر' ڈگری میرپور خاص۔ صدف گل' لاہور۔ رضوانہ تسلیم' ڈی جی خان۔ زاہدہ تبسم' بہاولپور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں

عشاء کی نماز کے بعد جس وقت آپ تسلی سے فارغ ہوں کسی کمرے میں یا ایسی جگہ جہاں کہیں شور شرابہ اور زیادہ آوازیں نہ ہوں وہاں بیٹھیں بہتر تو یہی ہے کہ غسل کرلیں ورنہ وضو کرکے صاف ستھرا لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر آپ مسلسل اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ الْعَظِيْمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ وظیفہ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے اور اس تصور کے ساتھ پڑھنا ہے کہ ساری دنیا کی مخلوق زبان' بے زبان' جاندار بے جان' انسان' فرشتے' جنات' کائنات کی کوئی مخلوق ہے جو میری نظر یا شعور میں ہے یا نہیں ہے وہ میری طرف سے استغفار کررہی ہے اور ایک طرف یہ تصور اور ایک طرف یہ تصور ہو کہ میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں اور اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا تو ٹھیک ورنہ اگر معاف نہ کیا تو یہ دنیا میرے لیے جہنم اور آخرت میرے لیے جہنم بن جائے۔ ستر منٹ یہ عمل کرنا ہے' اس کے بعد اٹھ کر سو جانا ہے اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔ نوٹ: یہ عمل صرف طاق راتوں میں کرنا ہے' یعنی تین، پانچ، سات' نو اسی طرح دن بڑھاتے جائیں۔ کام ہونے تک عمل کریں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

قسط 18

چونے کی ڈلی نے بیمار بوڑھے باغ کو پھر سے جوان کر دیا

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری سے آسان ہو گئے

چاچا لال خان گاڈی رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد کا قصہ سناتے تھے میرا والد ہاتھو خان گاڈی رحمۃ اللہ علیہ بڑا زمین دار تھا بیل سے ہل چلاتا تھا میری والدہ گھر کے کام کاج سے فارغ ہو کر والد صاحب کی مدد کیا کرتی تھیں۔ میں مکتب سے پڑھ کر اپنے کھیتوں میں کام کیا کرتا تھا ہمارا 4 کنال زمین میں آموں کا باغ تھا۔ ایک سال آموں پر (پھل لگنے سے پہلے) بے حد بور ہوا ہر کسی نے کہا اس مرتبہ آم زیادہ لگیں گے خدا کا کرنا ایسا ہوا آموں کے درختوں کو بیماری لگ گئی۔ سارا بور 10 دن کے اندر گر گیا اور اکثر آم کے درخت نیچے سے سوکھنے لگ گئے' ہمارے تجربات کے مطابق اگر زمین سیم کر جائے' یا درخت نہایت بوڑھا ہو جائے' درخت کو سردی لگ جائے' زیر زمین پانی کا مسئلہ تھا بس اچانک آموں کے درختوں کو بیماری لگ گئی۔ کسی نے کہا باغ کو شدید نظر بد لگ گئی ہے۔ کسی نے کہا آپ کے حاسدین نے تعویذ کروائے ہوں گے' گاؤں کے ہر بندے نے اپنی اپنی سوچ کے مطابق مختلف توجیہات بیان کیں۔ ہمارے والد صاحب نے باغ میں جا کر درختوں کو بغور نزدیک جا کر دیکھا تو معلوم ہوا ایک خاص سبز قسم کا کیڑا تھا جو تعداد میں لاکھوں تھے اور نہایت باریک تھے پورے باغ پر حملہ آور تھے۔ ان کیڑوں نے آم کے ہر درخت کے نیچے چھوٹے چھوٹے سوراخ بنائے ہوئے تھے۔ دن کو اپنے بلوں' سوراخوں سے نکل کر آم کے درختوں پر لگا بور اور پتے کھاتے شام سے پہلے اپنے سوراخوں میں چلے جاتے۔ اگلے صبح دن والد صاحب نے اپنے گھوڑے کو تیار کیا بغیر بتائے' بغیر ناشتہ کئے اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئے۔ ٹھیک عشاء کے وقت والد صاحب کے ساتھ گھوڑے کی پیٹھ پر بیٹھے ایک پرانے مالی بابا جی ہمارے گھر تشریف لائے' رات کو والد صاحب نے مالی بابا جی کی خوب خدمت کی حقہ تیار کر کے بابا جی کو پیش کیا' کھانا کھلایا بابا جی نے کھانا کھانے کے بعد عشاء کی نماز پڑھی' چائے پی اور کچھ دیر ادھر اُدھر کی باتیں ہوئیں' گپ شپ کے بعد بابا جی سونے کے لئے بستر پر دراز ہو گئے۔ بابا جی تہجد کے وقت اٹھے نماز تہجد ادا کی' والد صاحب کو آواز دی' والد صاحب نے اٹھ کر مجھے جگایا' بابا جی کے حکم کے مطابق چونے کی ڈلیاں ہم نے تازہ پانی میں بھگو دیں ٹھیک 2 گھنٹہ بعد ہر درخت کو جڑ سے لے کر اوپر 5 فٹ تک اچھی طرح تیار شدہ سفید چونا لگایا۔ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے تحت 5 عدد مزدوروں نے آم کے ہر درخت کے نیچے گولائی میں چاروں طرف سے 4 فٹ' چوڑائی میں بھی 4 فٹ جبکہ گہرائی میں ڈیڑھ فٹ گڑھا کھودا۔ جیسے جیسے باغ میں کھدائی ہوتی گئی ویسے ویسے سبز رنگ کے کیڑے اپنے اپنے بلوں' سوراخوں سے نکلتے گئے کچھ ادھر اُدھر بھاگ گئے اور کچھ آموں کے درختوں پر چڑھنے کی کوشش کرنے لگے جو کیڑے آموں کے درختوں پر چڑھنے کی کوشش کرتے درختوں پر لگے ہوئے تازہ چونے کی بدبو سے دھڑام سے نیچے گرتے طے شدہ پروگرام کے تحت مزید دو مزدوروں کو کیڑے مارنے پر لگا دیا۔

مزدوروں کے ہاتھ میں ایک عدد لمبی (ڈانگ) لمبا سوٹا تھا اور سوٹے کے سرے پر پرانے کپڑوں کو لپیٹ کر مٹی کے تیل سے تر کر کے آگ لگائی گئی اس آگ سے تمام کیڑوں کو جلا دیا گیا بعد میں ہر درخت کے نیچے کھودی ہوئی جگہ کو جانوروں کے خشک گوبر' تازہ "جسے سرائیکی زبان میں "اھل" کہتے ہیں چکنی مٹی' اور خشک چونا ملا کر بھر دیا گیا ٹھیک تین دن بعد بابا جی کے حکم سے باغ کو پانی پلایا گیا۔ ہم پھر ہر ہفتہ باغ کو پانی پلاتے رہے آہستہ آہستہ چند دنوں بعد سوکھنے والے درختوں پر سرسبز پتے آنے لگے گئے' جو لڑیاں اوپر سے سوکھ گئیں تھیں ہم نے ان کو اتار لیا۔ گویا تمام مریض درختوں کا دیسی طریقہ (باقی صفحہ نمبر 25 پر)

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تا کہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جان بوجھ کر زہر کیوں کھا رہے ہیں؟

حکیم ضیاء الرحمٰن' ملتان

ہم اس زمانے سے گزر رہے ہیں جب آلو بخارا' خوبانی' آڑو، پپیتہ، کھجور' آم شاید ہی کوئی چیز ایسی ہو جو پٹاس سے بچی ہو' یہ جب پتھر جیسے سخت سبز پھل کو نرم کر دیتا ہے۔ پھل کے ذائقے اور خوشبو کو ختم کر دیتا ہے تو ہمارے اندر اور باہر کیا گل کھلاتا ہے' کھلاتا ہوگا اس کی مثال ہم اور ہمارے نزدیک کے افراد موجود ہیں۔ ہم جانتے' بوجھتے یا انجانے میں یہ زہر کسی نہ کسی صورت میں استعمال کر رہے ہیں۔ کل تک یہی چیزیں پرانے حضرات جانتے ہیں کیا تھیں اور آج کیا ہیں؟ پہلے والے آلو بخارے کو جب آپ منہ سے لگا کر گھونٹ بھرتے تو ایک میٹھا خوشبودار روح افزا محسوس ہوتا۔ جو روح کو معطر کر دیتا۔ یعنی اصلی روح افزا' آج بازار میں ملنے والے یہ پھل ان پھلوں کے مقابلے میں کیسے ہیں؟ تو میں کہوں گا زیرو۔ اول تو چیز معیاری نہیں اور پھر اکثریت کی پہنچ سے باہر' ہم جس غذائی بھول بھلیوں میں پھنس گئے ہیں تو سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم اس سے کیسے نکل پائیں گے؟ اس کے باوجود جب انسان صدق دل سے چاہے تو قدرت کوئی نہ کوئی راستہ نکال دیتی ہے۔ میں نے 1980ء کے قریب راولپنڈی فیض آباد کے گورنمنٹ ملازمین کے فلیٹس جو غالباً پانچ منزلہ تھے اکثر نے اپنی گیلری میں گھی کے خالی ڈبے میں مٹی بھر کر کوئی بیج لگا دیا ہے جس کی بیل نیچے تک چلی گئی۔ یہ لوگ اپنی گھر کی اگائی سبزیاں کھاتے تھے' ہم لوگ گھروں میں پھولوں کی کیاریوں یا گملوں کا شوق کرتے آئے ہیں لیکن اب وہ وقت ہے کہ پھولوں کے بجائے اپنی ضرورت کی سبزی سلاد اگا لیں۔ ہم اپنے اندر اس بات کا فخر محسوس کر سکیں کہ اس سال ہم نے اپنے گھر کی دس گملے گاجریں لگائیں اور کھائی ہیں۔ سلاد کے پتے لگائے ہیں۔ گاجر' شلجم' مولی کے سر اگا کر اس کے پتے کھائے ہیں۔ جو صاحبان کرام گھریلو سبزیاں اُگانے میں ہماری مدد کر سکتے ہیں وہ مہربانی فرمائیں ہمیں اپنے مضامین بھیجیں تو ہم شکریہ کے ساتھ شائع کریں گے۔ شہروں سے باہر نکلنے والے گندے پانی جس کا نام میں نے "بلیک واٹر" رکھا ہوا ہے اس پر پیدا ہونے والی سبزیاں جب کھائیں گے تو ہماری صحت پر کیا اثرات مرتب کرے گی؟ ہمارے اخلاق میں کیا تبدیلی پیدا کرے گی؟ وہ آپ اور ہم دیکھ نہیں رہے؟ ہمیں چاہیے کہ خود اٹھیں اور اپنی نسلوں کیلئے اٹھیں اور دیکھیں آپ کو کیا کھانا چاہیے اور آپ کیا کھا رہے ہیں؟

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

نفسانی خواہشات پر قابو: نفسانی خواہشات پر قابو پانے کے لیے خشک دھنیا کا سفوف ہم وزن چینی ملا کر کھانا بہت مفید ہے۔

کوڑھ' چنبل اور خارش سے نجات کیلئے سنیاسی کا کامیاب نسخہ

(شگفتہ نازیہ' پتوکی)

ہمارے محلے میں ایک فقیر آیا' اس کے دونوں پاؤں گل چکے تھے' اس نے دونوں پاؤں کے اوپر مکھیوں کی وجہ سے شاپر باندھے ہوئے تھے' وہ ہمارے گھر کے باہر بنی سیڑھیوں پر آ کر بیٹھ گیا' میرے ابو باہر نکلے' اسے کچھ روپے دیئے وہ لے کر اٹھنے لگا تو اس سے اٹھا نہ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو تا قیامت شاد و آباد رکھے۔ گزشتہ سال عبقری روحانی اجتماع میں شریک ہوئی' بہت سکون ملا' اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ سے میری اور میری نسلوں کی نسبت قائم رکھے آمین۔ میں اپنے نانا ابو کے مشاہدات و تجربات قارئین عبقری کیلئے لائی ہوں۔ میرے نانا بہت زبردست حکیم تھے' روحانیت سے بھی تعلق تھا۔ وہ نادار اور غریب لوگوں کا مفت علاج بھی کرتے تھے' انہوں نے کبھی اپنا آپ ظاہر نہیں کیا تھا۔ 1992ء میں حج کیلئے گئے تو میری والدہ کو ملے اور ان کو اپنی ایک ڈائری دی اور کہا کہ میں واپس نہیں آؤں گا اور یہ ڈائری سنبھال لو' کام آئے گی۔ میری امی اکلوتی بہن ہیں اور دو بھائی ہیں۔ جن میں سے ایک بھائی فوت ہو گیا اور ایک بھائی حکیم ہیں ابھی بھی مطب کر رہے ہیں۔ میرے نانا جی نے مدینہ منورہ میں وفات پائی اور جنت البقیع میں مدفن ہیں۔ وہ ڈائری میرے پاس محفوظ ہے۔ اس میں نسخے نانا ابو کی ہینڈ رائٹنگ میں لکھے ہوئے ہیں۔ ان شاء اللہ اس ڈائری میں سے نسخہ جات عبقری قارئین کیلئے ضرور لکھوں گی۔ میرے ماموں کے اپنے نسخہ جات ہیں جو وہ چلا رہے ہیں۔ عبقری شوق سے پڑھتے ہیں۔ درج ذیل نسخہ میرے ماموں کو کسی سنیاسی فقیر نے دیا تھا۔ اس نے بتایا اور کہا تھا کہ فی سبیل اللہ دینا ہے' 63 سال سے میری امی بنا کر دے رہی ہیں۔ ایک کلو سرسوں کا تیل' ایک چھٹانک چھوٹی الائچی' ایک چھٹانک لونگ اور ایک چھٹانک کھانے والا نمک ہلکی آنچ پر جلا لیں۔ پھر چھان کر محفوظ کر لیں۔ دھدر' خارش ایسی کہ کرنے سے پانی نکلے' کوڑھ' ایسے زخم جس میں شدید خارش ہو' چنبل' چمڑے کے جوتے سے الرجی ہو گئی ہو۔

میرے تجربات و مشاہدات: میں شادی سے پہلے پاک فوج کے سکول میں پڑھاتی تھی۔ وہاں میرے ساتھ میجر' کرنل وغیرہ کی بیویاں بھی پڑھاتی تھیں۔ ایک میجر کی بیوی بے چاری سکول گھسٹ گھسٹ کر آتی تھیں' اس کے ایک پاؤں کے اوپر والا حصہ ایسے تھا جیسے کسی جانور نے نوچا ہو۔ اس نے مجھے بتایا تین سال ہو گئے ہیں' لیدر کا جوتا کاٹ گیا تھا۔ (یعنی الرجی ہو گئی) دنیا جہاں کی ادویات استعمال کیں حتیٰ کہ لندن سے ٹیوب منگوا کر لگائی مگر سارا پاؤں بھر گیا ہے' آرام نہیں آ رہا' میں نے درج بالا تیل جو کہ ہم ہر وقت بنا کر گھر میں رکھتے ہیں تین یا چار مرتبہ لگایا اور پاؤں ایسے تھا جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔

مہمان میرے چھوٹے بھائی کا رشتہ دیکھنے آئے ان کا چھوٹا بیٹا تھا اس نے چپل پہن رکھی تھی' اس کے چہرے سے تکلیف ظاہر ہو رہی تھی' ابو نے پوچھا تو اس نے بتایا انکل میرا صبح آپریشن ہے' ڈاکٹر نے کہا ہے کہ پاؤں کی اوپری جلد کاٹنی ہے۔ میں نے لیدر کا جوتا صرف دکان پر چیک ہی کیا تھا کاٹ گیا ہے (الرجی ہو گئی)۔ ابو نے وہ تیل لگایا اور تھوڑا سا ساتھ دے دیا۔ ہفتے کے بعد اس کا فون آیا کہ پاؤں بالکل ٹھیک ہے۔ بہت زیادہ لوگوں کو یہ تیل بنا کر دیا' عرصہ تیرہ سال سے' کتنوں کو فائدہ ہوا' کتنوں نے اپنی کہانیاں اپنے ٹھیک ہوئے زخم آ کر دکھائے' اب تو یاد بھی نہیں۔

ہمارے محلے میں ایک فقیر آیا' اس کے دونوں پاؤں گل چکے تھے' اس نے دونوں پاؤں کے اوپر مکھیوں کی وجہ سے شاپر باندھے ہوئے تھے' وہ ہمارے گھر کے باہر بنی سیڑھیوں پر آ کر بیٹھ گیا' میرے ابو باہر نکلے' اسے کچھ روپے دیئے وہ لے کر اٹھنے لگا تو اس سے اٹھا نہ گیا' ابو نے پوچھا تو اس نے شاپر کھول کر زخم دکھایا' میرے ابو نے دیکھا تو وہ زخم کوڑھ بن چکا تھا۔ دس سال سے اس تکلیف میں مبتلا تھا۔ ابو نے روئی کے ساتھ دونوں پاؤں پر تیل لگا دیا' وہ چلا گیا' اگلے دن وہ فجر کی اذان کے وقت ہی سیڑھیوں پر آ کر بیٹھ گیا۔ میرے ابو نماز پڑھنے کیلئے نکلے تو باہر بیٹھا ہوا تھا۔ کہنے لگا' مجھے پیسے نہ دو' تیل لگا دو' دس سال بعد رات سکون سے سویا ہوں۔ ابو نے تقریباً ایک ہفتہ تیل لگایا' ہم نے اپنی آنکھوں سے اس کے پاؤں صاف ہوتے دیکھے۔

میں سکول ٹیچر ہوں میری جماعت کی ایک بچی کچھ نالائق تھی' پڑھائی پر توجہ نہ دیتی' میں نے اس کے گھر پیغام بھیجا کہ اس کی امی آ کر مجھے ملے۔ لیکن اس کی ماں نہ آئی' میرے بے حد اصرار پر آئی لیکن دیوار پکڑ پکڑ کر' اس کے پاؤں کے اندر سوراخ ہوئے پڑے تھے۔ اس نے بتایا کہ مجھے صابن سرف کا انفیکشن ہو گیا' تین سال ہو گئے ہیں۔ اس نے مزید بتایا میری بہنیں جناح ہسپتال میں نرس ہیں' بڑے بڑے ڈاکٹروں کو دکھایا' باہر کے ملک سے میڈیسن منگوا کر لگائی وقتی فائدہ ہوتا ہے' میں نے اگلے دن اسے تیل بھیجا۔ ہفتے بعد وہ ہنستی مسکراتی ٹھیک چل کر شکریہ ادا کرنے آئی' اب بھی آتی ہے' ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ہے۔

دانے دار دھدری کیلئے تیر بہدف ہے۔ ایسی دھدر جس سے پانی نکلتا ہے۔ ایلوپیتھی کام نہیں کرتی مگر اس تیل نے صحت یابی دی۔ میرے بھانجے کو بازو پر دھدر نکلی' سارا بازو بھر گیا' میری بہن نے فون کر کے مجھے بتایا' ابو نے یہی تیل بھیجا' پانچ چھ دفعہ لگانے سے نشان تک ختم ہو گیا۔ سر میں خارش جس سے پانی نکلتا ہو' اس کیلئے آزمایا' بارہا آزمایا' سو فیصد شفاء بخش پایا۔ ہر مہینے میں کسی نہ کسی بچی کو یہ تیل ابو سے منگوا کر دیتی ہوں اور خوب دعائیں لیتی ہوں۔

پتھری ریزہ ریزہ' گردے طاقتور' بلڈ پریشر ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً ایک سال سے میں عبقری میگزین کا قاری ہوں' بہت عرصہ سے میں یہ سوچ رہا تھا کہ عبقری کو اپنا حال دل لکھوں مگر سستی کی وجہ سے میں نہ لکھ پایا۔ عبقری کی جتنی بھی تعریف کروں کم ہے' اس کی تعریف کیلئے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں' لیکن اتنا ضرور کہتا ہوں کہ دین محمد ﷺ کے پھیلانے میں عبقری بہت اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ آپ جس طرح دین محمد ﷺ لوگوں تک پہنچا رہے ہیں' اللہ تعالیٰ سے بس یہی امید ہے کہ وہ آپ کو اس کا پورا پورا اجر نصیب عطا فرمائیں' اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری عمر بھی نصیب کریں کہ مشکل زیادہ عرصہ تک اس کام کو جاری رکھ سکیں اللہ تعالیٰ آپ کی ہر مشکل دور فرمائیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے پاس ایک آزمودہ طب نبویؐ کا نسخہ ہے میں خود گردے کا مریض ہوں' میں تو کیا' میرے سارے خاندان کے لوگوں کے گردے کمزور ہیں' جن لوگوں کے گردے کمزور ہیں یا گردے میں پتھری ہے تو وہ اس نسخہ پر عمل کریں' ان شاء اللہ بہت ہی مجرب ہے۔ **ھوالشافی:** سرکہ انگوری خالص ایک بوتل' خالص شہد ایک بوتل یعنی ایک کلو۔ پہلے سرکہ کو کسی صاف برتن میں تھوڑا گرم کریں پھر اس میں شہد ملا دیں اور خوب حل کریں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد کسی صاف بوتل میں ڈال دیں اور صبح کے وقت دو یا تین چمچ ایک گلاس ٹھنڈے پانی میں ملا کے پئیں۔ سارا دن طبیعت بھی اچھی رہے گی۔ نوٹ یہ نسخہ بلڈ پریشر اور شوگر کے مریضوں کیلئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔ اس سے آپ کے گردے طاقتور اور پتھری ریزہ ریزہ ہو کر باہر نکلے گی' ہاں سردیوں میں اگر گلا خراب ہو تو استعمال نہ کریں۔ (ارباب احمد' بکرک)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

دشمن پر فتح حاصل ہوگی: جو کوئی تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک ہی نشست میں اس اسم پاک یَاخَافِضُ کو ستر ہزار بار پڑھے وہ انشاء اللہ دشمن پر فتح پائے گا۔

طائف کا جج اور چار بیویوں کا انوکھا مقدمہ

ایک شخص کی چار بیویاں تھیں اور چاروں نے اکٹھا خلع کا دعویٰ دائر کردیا۔ آج تک میری عدالت میں ایسا مقدمہ کبھی نہیں آیا کہ چاروں بیویوں نے اکٹھا کیس دائر کردیا اور سب طلاق مانگتی ہوں اور اس بات پر مصر تھیں کہ اس شخص کے ساتھ ہرگز ہرگز نہیں رہیں گی۔

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

میرے مخلص جناب عبدالرحمٰن سندھی ایک مرنجاں مرنج مخلص مہمان نواز اور سندھ کی پرانی ریت روایتوں کے حامل نہایت ہنس مکھ اور بامروت انسان ہیں۔ ابھی سندھ کے سفر میں‘ میں انہی کے ساتھ ہمسفر تھا‘ اپنی گاڑی خود ڈرائیو کررہے تھے اور دوران ڈرائیونگ جس توجہ اور دیدہ دلیری سے ڈرائیو کررہے تھے اگر کوئی کمزور اعصاب کا شخص ہوتا تو درخواست کرتا کہ سرکار ہمیں یہیں اتار دیں‘ میں بھی تو کوئی مضبوط اعصاب کا شخص نہیں ہوں لیکن شاید ان کی شخصیت کا رعب اور عظمت تھی کہ جس کی وجہ سے میں جرأت کرکے بیٹھا رہا‘ اور یہ ایک دفعہ نہیں کئی بار ایسا سفر ہوا‘ دوران سفر مجھے بتانے لگے کہ طائف کے ایک جج ہیں میرے دوست ہیں‘ میں نے ان سے پوچھا کہ اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا کوئی ایسا واقعہ سنائیں جو آپ کبھی بھول نہ سکیں ہوں‘ میری بات سن کر ایک زوردار قہقہہ لگایا پہلو بدلا میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولے لیکن آپ کو یہ بات کیسے سوجھی؟ میں نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ میں آپ سے معلومات لینا چاہ رہا ہوں کیونکہ پیشہ ورانہ زندگی میں بہت سی باتیں ایسی ہیں جو انسان کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ تو موصوف بولے کہ واقعہ بھی ہے راز بھی ہے‘ میں صرف واقعہ بیان کردوں کہ راز بھی ساتھ لیکن پھر خود ہی پورا واقعہ سنایا۔ کہنے لگے: میرے پاس ایک ایسا انوکھا کیس آیا کہ ایک شخص کی چار بیویاں تھیں اور چاروں نے اکٹھا خلع کا دعویٰ دائر کردیا۔ آج تک میری عدالت میں ایسا مقدمہ کبھی نہیں آیا کہ چاروں بیویوں نے اکٹھا کیس دائر کردیا اور سب طلاق مانگتی ہوں اور اس بات پر مصر تھیں کہ اس شخص کے ساتھ ہرگز ہرگز نہیں رہیں گی۔ اس شخص نے لاکھ منتیں کیں‘ اپنی برادری خاندان اور قبیلہ کے بڑوں کو اس میں ڈالا لیکن خواتین تھیں کہ ماننے کو تیار بالکل نہیں تھیں پھر اس نے کوشش کی کہ ہر خاتون کو علیحدہ علیحدہ قائل کرنے کی کوشش کرے‘ سمجھدار اور معزز خواتین کو اس کیس میں شامل کیا ہر خاتون سے علیحدہ ملاقات لیکن وہ خواتین ایسے سخت غصہ اور غیظ میں تھیں کہ کسی کی بات ماننا تو درکنار اب تو وہ کسی کی سننا بھی برداشت نہیں کرتی تھیں۔ آخرکار یہ کیس جج کے پاس عدالت میں آیا اور جب عدالت میں آیا تو جج نے ان سے پوچھا کہ کیا یہ آپ پر تشدد کرتا ہے‘ مارتا ہے جواب انکار تھا کہ نہیں بہت پیار محبت سے رکھتا ہے‘ اگلا سوال تھا کہ کیا آپ کو نان نفقہ نہیں دیتا خواتین بیک زبان بولیں کھلا رزق‘ کھلا کھانا اور بہترین لباس دیتا ہے‘ کیا یہ آپ کو گھر میں بند رکھتا ہے کسی کی شادی بیاہ‘ خوشی غمی کی تقریب میں آنے جانے پر پابندی تھی خواتین نے اس کا بھی انکار کیا‘ جج نے ہر طرح کے سوال کیے لیکن سب سوالوں کا جواب منفی نہیں مثبت تھا جس میں شوہر کے کسی پہلو میں طلاق کا کوئی جواز نہیں نکلتا تھا۔

جج منہ میں قلم لیے پریشان حالت میں سر جھکا کر بیٹھ گیا کہ ماجرا کیا ہے؟ آخرکار جج بولا آپ خود ہی بتائیں آپ طلاق کیوں لینا چاہتی ہیں؟ اور اس کی وجہ کیا ہے خواتین بولیں کہ اصول ہے کہ چار شادیاں ہیں تو مرد ہر رات ایک بیوی کے ساتھ رہے‘ اور باریاں مکمل ہوں لیکن یہاں معاملہ الٹ ہے ہر رات سب کی باری ہوتی ہے‘ اور کوئی رات ناغہ نہیں ہوتا‘ ہم تھک چکی ہیں‘ ہمارا جسم اور جان جواب دے چکی ہے‘ ہم اس شخص کے ساتھ نہیں رہنا چاہتیں‘ آخرکار جج نے ان کو قائل کیا کہ اگر میں ہر رات ایک باری بنادوں اور اس کو پابند کروں جس رات میں جس خاتون کی باری ہو یہ اسی کے کمرے میں رہے بڑی مشکل سے خواتین کو قائل کیا اور یوں چاروں خواتین کی طلاق ہوتے ہوتے بچی‘ وہ شخص بہت خوش تھا اور بار بار جج اور ساتھ معاونین کا شکریہ ادا کررہا تھا۔ جج نے اس سے پوچھا چلو تو کیس تو ختم ہوگیا‘ تو یہ بتا تیری صحت اور تندرستی کا راز کیا ہے‘ کہنے لگا: زندگی بھر میں نے کھجور دودھ اور روٹی کے علاوہ کچھ نہیں کھایا‘ تازہ اونٹنی کا دودھ‘ بکری کا یا گائے کا‘ بغیر آگ دیئے یا پھر کبھی کبھار ابلا ہوا‘ اور روٹی کے ساتھ کھجوریں‘ روٹی اکثر جَو کی‘ یا بعض اوقات گندم کی اور پھر ساتھ دودھ‘ میں بوڑھا ہوں لیکن میری زندگی کی غذا صرف یہی ہے۔

قارئین! یقیناً اس واقعہ کو پڑھ کر آپ مسکرائیں گے‘ حیران ہوں گے‘ لیکن یہ تینوں چیزیں کھجور‘ دودھ اور جَو یہ سب وہ چیزیں ہیں کہ جو نبویؐ غذائیں‘ صحابہ اہل بیتؓ کی غذائیں‘ اولیاء صالحینؒ کی غذائیں‘ بادشاہوں کی غذائیں‘ شہنشاہوں کے ٹانک ہیں۔ ہماری نسلیں آج فاسٹ فوڈز اور جنک فوڈز اور آپ کو علم ہے کہ ان دو لفظوں کا معنی کیا ہیں ان دو لفظوں کا معنی پھوگ‘ کوڑا کرکٹ اور کچرا ہے‘ جب ہم پھوگ کھائیں گے اس میں کیا طاقت‘ کیا قوت ہوگی‘ اس میں کیا توانائیاں کیا پھر اس سے جسم میں روگ‘ بیماریاں‘ تکالیف بڑھیں گی یا کم ہوں گی۔ انسان صحت یاب ہوگا یا مریض ہوگا‘ کیا وہ معاشرہ صحت یاب ہوگا‘ ہرگز نہیں‘ بیمار معاشرہ‘ بیمار آوازیں اور بیمار قدم اور بیمار نسلیں۔ آیئے! ہم فطری غذاؤں کی طرف متوجہ ہوں‘ فطری چیزیں استعمال کریں اور یقین جانیے مذہب اسلام فطری چیزوں کا استعمال نہایت لاجواب پیمانہ پر ہے‘ کیا خیال ہے؟ دودھ‘ کھجور اور جَو یہ تینوں چیزیں آج کے بعد اپنی زندگی میں‘ اپنی نسلوں کی زندگی میں استعمال کرائیں۔

رسولی جسم میں کسی بھی جگہ ہو اور کیسی بھی ہو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک راز ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ کسی بھی مرد یا عورت کے پیٹ میں رسولی ہو‘ گوشت والی ہو‘ خون والی ہو یا پانی والی ہو اور اگر یہی رسولی دماغ میں ہو تو وہ انسان پاگل ہوجاتا ہے یا کسی کو خونی یا بادی بواسیر ہو یا عورت کو ماہواری میں تکلیف ہو‘ بے قاعدگی ہو‘ بچہ دانی پر ورم ہو‘ اس نسخہ سے شفاء ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ ھوالشافی: مازو سو گرام‘ پھٹکڑی سفید دس گرام۔ مازو اور پھٹکڑی کو علیحدہ علیحدہ پیس کر بالکل پاؤڈر بنالیں۔ پھر دونوں کو مکس کرکے کسی صاف بوتل میں محفوظ کرلیں۔ ترکیب استعمال: پانچ ماشہ دوائی صبح نہار منہ‘ پانچ ماشہ دوپہر اور پانچ ماشہ شام کو سونے سے پہلے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

ایسی الٹی جو رکتی نہ ہو کیلئے آزمودہ در آزمودہ ٹوٹکہ

بچوں یا بڑوں کو الٹیاں آرہی ہوں اور الٹیاں نہ رکتی ہوں تو ایسے افراد بچے ہوں یا بڑے ان سب کیلئے اکسیر ہے۔ ھوالشافی: سبز دھنیا‘ پیاز (سفید والا)‘ ادرک‘ نمک‘ سبز پودینہ۔ نمک کے علاوہ سبز دھنیا کے پتے تقریباً ایک چھٹانک‘ سبز پودینہ کے پتے ایک چھٹانک‘ ادرک ایک چھٹانک‘ سفید پیاز ایک پاؤ۔ ان چاروں چیزوں کو کوٹ کر ان کا عرق نکال دیں۔ پھر ان میں تھوڑا سا نمک ملا کر مکس کرکے یہ عرق کسی بوتل میں محفوظ کرلیں۔ پھر جس شخص کی الٹیاں نہ رکتی ہوں‘ کوئی چیز ہضم نہ ہوتی ہو ان کو دس دس منٹ کے وقفہ سے ایک ایک چمچ پلایا کریں‘ الٹیاں فوراً رک جائیں گی پھر آہستہ آہستہ شروع میں ہلکی غذا کھلائیں۔ ان شاء اللہ اس ٹوٹکے سے پھر تو دائمی شفاء نصیب ہوگی۔

(حکیم ظاہر شاہ‘ حیدرآباد)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

خوش خلق اور دوسروں کا بوجھ اٹھانے والا: وہ خدا سے بہت قریب ہے جو خوش خلق اور دوسروں کا بوجھ اٹھانے والا ہے۔

ڈرنے کی کوئی بات نہیں!

2سال بعد وہ مجھے چھوڑ گیا

شوہر کی عجیب باتیں

وہ بہت لاپرواہ ہے

وہ مجھے اچھی نہیں لگتی

عدم تحفظ اور دکھ کا احساس

ڈرنے کی کوئی بات نہیں!: میری بیٹی کی عمر دس سال ہے۔ ہم لوگ سفر زیادہ کرتے ہیں۔ جب بھی ہماری گاڑی دریا، نہر یا کسی بھی جگہ پر بنے ہوئے پل سے گزرتی ہے، بیٹی ڈر کر کانپنے لگتی ہے اور مجھ سے لپٹ جاتی ہے۔ میں نے کہا کہ مت ڈرو، ڈرنے کی کوئی بات نہیں تو وہ میرا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لیتی ہے۔ ایسا لگتا ہے جب تک پل نہیں گزرتا وہ سانس روکے رہتی ہے۔ (شائستہ' لاہور)

مشورہ: عام طور پر بچوں میں ماں یا باپ کے خوف منتقل ہوتے ہیں یا خوف بیرونی ماحول کے زیر اثر پیدا ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ کسی ناگوار واقعہ کا نتیجہ یا خود ساختہ بھی ہوتا ہے۔ اسے فوبیا کہتے ہیں۔ ڈرتے ہوئے بچے سے یہ نہ کہیں کہ ڈرنے کی بات نہیں کیونکہ بچے کے لئے ڈرنے کی بات ہے۔ جب وہ پرسکون ہو جائے تو معلوم کریں کہ اس کو خوف کے دوران کیا محسوس ہوتا ہے تاکہ وہ اپنے ذہن میں آنے والے خیالات بیان کر سکے۔ اسے احساس ہو کہ کوئی اس کا ہمدرد ہے جو اس کی بات کو سننا اور سمجھنا چاہتا ہے۔ آپ دیکھیں گی بیٹی اپنی بات کہہ کر ہی خود کو بہتر محسوس کرے گی۔ دوستانہ ماحول اور نرم لہجے میں مسکرا کر اس کی معلومات میں اضافہ کریں۔ مثلاً پانی پر پل کیوں بنائے جاتے ہیں، ان کے کیا فوائد ہیں وغیرہ۔ بچوں کے خوف کے حوالے سے بچوں کے ماہر نفسیات سے ملاقات بھی کارآمد ہوتی ہے۔

2سال بعد وہ مجھے چھوڑ گیا: میں نے 15 سال کی عمر میں گھر چھوڑ دیا۔ اپنی ایک دوست کے گھر رہنے لگی۔ اس نے ایک لڑکے سے ملوایا۔ وہ مجھے اچھا لگا۔ ہم دونوں ساتھ رہے۔ دو سال بعد وہ مجھے چھوڑ کر چلا گیا۔ اس کو ایک اور لڑکی مل گئی جو اس کی مالی مدد بھی کرتی ہے، ویسے اپنے اخراجات میں خود برداشت کرتی ہوں۔ میرا دل چاہتا ہے کہ اس لڑکے کو ایسا نقصان پہنچاؤں کہ پھر وہ کسی لڑکی کو چھوڑ کر نہ جائے یا کسی کے ساتھ نہ رہنے پائے۔ میں نے حالات سے گھبرا کر اپنی پڑھائی چھوڑ دی ہے۔ ماں، باپ کو میرے بارے میں کچھ علم نہیں ہوگا۔ میں ان کی بات کبھی نہیں مانتی تھی۔ وہ خود بھی ایک دوسرے کو پسند نہیں کرتے تھے۔ میرا باپ سوتیلا تھا۔ اس سے بھی میں پریشان تھی۔ ہر وقت بڑبڑاتی ہوں۔ (ج۔ بلجیم)

مشورہ: جس معاشرے میں لڑکے اور لڑکی کا شادی کے بغیر ساتھ رہنا آسان ہو وہاں ایک دوسرے کو چھوڑ کر جانا بھی آسان ہوتا ہے جس طرح لڑکا آپ کو بھول گیا اسی طرح آپ بھی اسے بھلا کر ذہنی سکون پا سکتی ہیں۔ تخریبی سوچوں سے بھی نجات پانے کی ضرورت ہے کیونکہ ان کی وجہ سے آپ کے اپنے دماغ پر دباؤ اور مایوسی بڑھ رہی ہے۔ اسلامی کتب کا زیادہ سے زیادہ مطالعہ کریں' کسی اللہ والے سے تعلق قائم کریں۔ نماز کی پابندی کریں' سابقہ گناہوں پر سچے دل سے توبہ کریں آپ کے دل کو سکون ملے گا۔ دوسروں کو نقصان پہنچا کر انسان کو خود کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ یکسو ہو کر پڑھائی دوبارہ شروع کرنے سے ذہن مصروف ہوگا اور معاشرے میں بھی معتبر مقام بنا سکیں گی۔

شوہر کی عجیب باتیں: شہر کے حالات خراب تھے۔ ہم لوگوں کو شادی میں جانا پڑا۔ ابھی ہم لوگ جا کر بیٹھے ہی تھے کہ راستے بند ہونے شروع ہو گئے۔ میں لوگوں سے ملاقات کر رہی تھی۔ میرے شوہر آئے اور بچے کا ہاتھ پکڑا، شادی ہال سے باہر چلے گئے۔ گھر جا کر مجھے فون کیا کہ حالات بہت خراب ہیں، چاہو تو گھر آؤ، چاہو تو وہیں رک جاؤ۔ اس طرح کی عجیب باتیں وہ پہلے بھی کئی بار کر چکے ہیں۔ مجھے ان کے رویے سے بے حد تکلیف پہنچتی ہے۔ اب ہر روز ہی مجھے خیال آتا ہے کہ انہیں چھوڑ دوں۔ مسئلہ بچے کا ہے؟ (ا۔ راولپنڈی)

مشورہ: آپ کا مسئلہ یہ نہیں ہے کہ بچہ کس کے ساتھ رہے گا بلکہ آپ خود کس طرح خوشحال اور پرسکون زندگی گزاریں گی۔ جن رشتوں کو خوشی پہنچانی چاہئے ان کو تکلیف پہنچانے والے لوگوں کو ذہنی طور پر نارمل نہیں کہا جا سکتا۔ خراب حالات میں انہیں آپ کا خیال رکھنا چاہئے تھا۔ وہ ساری باتیں نکات کی صورت میں تحریر کر لیں جو آپ کو عجیب لگی ہیں، پھر ان کے ساتھ اچھے ماہر نفسیات سے ملاقات کریں۔ ماہرانہ رائے اور مشاورت ازدواجی تعلقات میں بہتری کا سبب ہوتی ہے۔

وہ بہت لاپرواہ ہے: میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اپنے بچے کو نقصان کرنے سے کس طرح روکوں۔ وہ بہت لاپرواہ ہے، آئے دن سکول میں چیزیں گم کر کے آتا ہے، گھر میں بھی چیزیں توڑ دیتا ہے مثلاً پانی پیا تو گلاس ہاتھ سے پھسل کر ٹوٹ گیا، سائیکل چلاتے ہوئے گر کر کپڑے میلے کر لئے۔ میں اپنی جاب سے شام 4 بجے آتی ہوں۔ سکول سے آنے کے بعد وہ دادی کے گھر ہوتا ہے، گھر کیا وہ تو گھر سے باہر ہی گھومتا ملتا ہے۔ ان کا کہنا بھی نہیں مانتا۔ اس کی عمر 8 سال ہے، سزا کا بھی اثر نہیں لیتا۔ (صدف' لاہور)

مشورہ: کسی ایسی بات پر بچے کو کیا سزا دی جائے جسے وہ جرم نہیں سمجھ رہا یا درحقیقت وہ جرم ہے ہی نہیں تو سزا کے بے اثر ہونے کے ساتھ بچے کی شخصیت پر بھی منفی اثرات ہوں گے۔ پہلا اثر یہ ہوگا کہ اس کے دل میں سزا دینے کے حوالے سے خوف بیٹھ جائے گا اور دوسرا یہ کہ تجرباتی نشوونما نہیں ہو پائے گی۔ وہ کنفیوژ ہو جائے گا کہ آخر اس کو کیوں سزا دی جا رہی ہے اور بھی بہت سے نقصانات ہیں جن کا ذکر کرنے کے لئے یہاں جگہ کم ہے۔ بہرحال آپ یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ بچے سے چیزیں غلطی سے ٹوٹتی ہیں، وہ توڑتا نہیں۔ اسی طرح سکول بھیجتے ہوئے اس کی توجہ دلا کر کاپیاں اور کتابیں گن کر دیں۔ نرمی سے سمجھائیں کہ وہ انہیں گن کر واپس لائے۔ بچہ کم عمر ہے، اس کو آپ کی مثبت توجہ اور وقت چاہیے تب ہی رویے میں نمایاں بہتری آئے گی۔

وہ مجھے اچھی نہیں لگتی: میری ماں کے ہوتے ہوئے والد نے دوسری شادی کر لی۔ میری عمر 22 سال ہے' انہوں نے اس لڑکی سے میرا نکاح کر دیا جو مجھے اچھی لگتی تھی لیکن اسے زندگی بھر اپنانے کے بارے میں کبھی نہیں سوچا۔ حیران ہوں کہ لڑکی اور اس کے گھر والے خوش ہیں مگر میری امی روتی ہیں' وہ کہتی ہیں مجھ سے میرا بیٹا چھین لیا۔ اب مجھے کچھ اچھا نہیں لگتا۔ والد دوسری بیوی کو طلاق دے دیں گے تو گھر میں خوشی آ جائے گی' خواہ مجھے بھی نکاح ختم کرنا پڑے۔ میں اپنی ماں کی خوشی چاہتا ہوں۔ (شاہنواز' پشاور)

مشورہ: آپ نہ چاہتے تو نکاح نہیں ہو سکتا تھا۔ نکاح کے بعد یہ سوچنا کہ طلاق دے دی جائے یقیناً بُرا فیصلہ ہے۔ کبھی نہ کبھی آپ کی شادی ہونی تھی' بہتر ہے اسی لڑکی کو ہمیشہ ساتھ رکھنے کے بارے میں سوچیں جو اچھی ہے۔ والد پر آپ کا اختیار نہیں اور نہ وہ آپ کی بات ماننے پر مجبور ہیں۔ گھر کی خوشی کے لئے والدہ کو اپنی شادی کے بعد بھی فرماں بردار رہنے کا احساس دلائیں تاکہ وہ عدم تحفظ اور دکھ کا احساس نہ کریں۔ بہت زیادہ رونا ڈیپریشن کی علامت ہے۔

(بقیہ: چونے کی ڈلی نے بیمار بوڑھے باغ کو پھر سے جوان کر دیا)

سے آپریشن کیا گیا۔ اگلے سال ہمارے باغ میں بہت زیادہ پھل لگا الحمدللہ پچھلے تین سال کا خسارہ مکمل ہو گیا۔ محترم قارئین اگر آپ میں سے کسی صاحب کا کوئی پھل دار درخت پھل نہ دے یا کسی بھی وجہ گرمی' سردی' سیم یا کسی بھی بیماری کی وجہ سے سوکھنے لگے جائے پھلوں میں کمی آئے تو ہر درخت کی نوعیت' لمبائی' چوڑائی' طاقت' حیثیت دیکھتے ہوئے موقع مناسبت کے لحاظ سے مذکورہ طریقہ کے مطابق کھدائی کریں کھدائی کے سائز میں پھل دار درخت کو مدنظر رکھ کر کمی بیشی کر لیں ان شاء اللہ آپ کا سوکھنے والا پھل دار درخت نوجوان ہو جائے گا اور خوب پھل دے گا ان شاء اللہ۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

جمال گوٹہ کا زہر ختم: دو کلو میٹھا دہی' چینی دس تولہ' سفوف دھنیا چار تولہ ملا کر بار بار مریض کو پلانے سے جمال گوٹہ کا زہر ختم ہو جاتا ہے اور مریض زندگی کی طرف واپس لوٹ آتا ہے۔

ہر پریشانی کیلئے میرے نانا کا آزمودہ نقش

ایک راز جو راز نہ رہا

اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور ان کے وکیل بیٹے اس رقبہ کا قبضہ لینے میں کامیاب ہوگئے۔ پرانے قابضین کو اس رقبہ کا ہاتھ سے نکل جانا بہت گراں گزرا اور وہ ذاتی دشمنی پر اتر آئے۔ اس رنجش کی بنا پرانہوں نے پلاننگ کرکے میرے وکیل ماموں پر قتل کا پرچہ کٹوا دیا اور ساتھ ہی قتل کا کیس بھی دائر کرا دیا۔

میری نانی جان کی ملکیت میں زرعی زمین بمعہ ایک باغ آم' لیچی' لوکاٹ کے درختوں کے ساتھ سہارن پور یوپی انڈیا میں ان کی شادی کے موقع پر ان کے والد صاحب نے دیا تھا۔ وہ پاکستان بننے کے بعد 1948ء میں پاکستان آگئیں۔ ان کے دو بیٹے ملتان میں اور دو بیٹے ساہیوال میں رہائش پذیر ہوگئے۔ میری نانی جان کچھ عرصہ ساہیوال میں اور بعد میں کچھ عرصہ کیلئے ملتان چلی گئیں۔

ملتان میں ان کا بڑا بیٹا سرکاری افسر جبکہ دوسرا بیٹا وکالت کے پیشہ سے منسلک ہوا۔ ملتان میں میری نانی جان کو گورنمنٹ سے زرعی رقبہ جس میں کینو کے درخت بھی لگے تھے 1960ء میں الاٹ کر دیا گیا۔ اس رقبہ کا قبضہ لینے میں ان کے وکیل بیٹے کو بہت دشواری کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ قابض لوگ مقامی ہونے کے علاوہ انتہائی بااثر بھی تھے۔

اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور ان کے وکیل بیٹے اس رقبہ کا قبضہ لینے میں کامیاب ہوگئے۔ پرانے قابضین کو اس رقبہ کا ہاتھ سے نکل جانا بہت گراں گزرا اور وہ ذاتی دشمنی پر اتر آئے۔ اس رنجش کی بنا پر انہوں نے پلاننگ کرکے میرے وکیل ماموں پر قتل کا پرچہ کٹوا دیا اور ساتھ ہی قتل کا کیس بھی دائر کرا دیا۔ اس کی اطلاع میرے نانا جان علامہ محمد الیاس (علیگ) ایڈووکیٹ کو ملی جو اس وقت ساہیوال میں (بوجہ بڑھاپا) گھر پر ہی رہتے تھے اور ہمہ وقت قرآن کریم اور کتب احادیث کے مطالعہ میں مصروف رہتے تھے۔

انہوں نے اس سلسلہ میں ایک خط اپنے بڑے بیٹے کے نام لکھا جس کا متن مندرجہ ذیل ہے۔

''تیر بہدف سریع التاثیر وظیفہ آسمانی' بھیج رہا ہوں' فیضان کو دے دیں' وہ اس پر عمل کرے' فوری اثر ہوگا۔ بحکم خدائے ذوالجلال والاکرام تم بھی اس کی ایک نقل رکھنا یہ نسخہ اکسیر اعظم واسم اعظم کیمیا بڑی کاوش کے بعد ملا اور تیار ہوا۔ پھر نہ ملے گا' نہ بنے گا' اپنے چھوٹے بھائی سے کہہ دیں کہ وہ اس کو گم نہ ہونے دے' تم بھی اس کی نقل احتیاط سے رکھنا' ضائع نہ ہونے دینا' تاکید جانیں۔''

مَالِكُ الْمُلْكِ لَاشَرِيْكَ لَهٗ
وَحْدَهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

خوش درخت است در نعیم جناں
میوہ اش لا الہ الا ھو

قارئین! میرے ماموں جان نے یہ عمل پوری توجہ اور یقین سے کیا اور عدالت نے ان کو بے گناہ قرار دیا۔ جھوٹا پرچہ خارج کرنے کا حکم بھی دیا اور فیصلہ ان کے حق میں آیا۔

حالانکہ وہ لوگ انتہائی بااثر اور مقامی تھے مگر پھر بھی اللہ تعالیٰ نے اس وظیفے کی بدولت انہیں شکست اور میرے ماموں کو کامیابی دلائی۔ **طریقہ عمل:** ایک تسبیح سخت توجہ سے صبح و شام' مزید سارا دن کھلا سینکڑوں' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف تین بار ضرور پڑھیں۔

اگلے ماہ ''جادو' جنات' گھریلو و کاروباری الجھنوں'' سے نکلنے کیلئے نئے آزمودہ وظائف و عملیات ضرور پڑھیں۔ بے شمار نے مقصد پایا آپ بھی پائیں۔

بھنڈی سے میری بیوی کی شوگر کنٹرول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کو شوگر کی تکلیف تھی' بلڈ شوگر 548 نمبر پر تھی' درج ذیل پانی دو ہفتہ تک مسلسل استعمال کیا۔ خدا کے فضل و کرم سے اب ان کی شوگر نارمل ہے۔ بعض دفعہ بلڈ شوگر 121 نمبر پر ہوتی ہے۔ نسخہ یہ ہے:۔ تین عدد بھنڈیاں لیکر اُن کے سرے کاٹ دیں، اور ہر بھنڈی کو چھری سے ایک ایک چیرا لگا دیں تاکہ اُس کے اندر جو لیس ہوتی ہے وہ باہر نکلنی شروع ہو جائے۔ اب بھنڈیوں کو ساری رات پانی کے ایک کپ میں بھگو کر پڑا رہنے دیں۔ صبح ناشتہ کرنے کے ایک گھنٹہ بعد بھنڈیاں کپ سے نکال دیں اور پانی پی لیں۔ بس اتنا سا کام ہے اس کے ایک گھنٹے بعد اپنی شوگر چیک کریں۔ جن کی 300 سے اُوپر شوگر رہتی ہے وہ اس پانی کو تین دن پئیں تو بتاتے ہیں کہ شوگر 150 سے بھی کم ہو جاتی ہے۔ اللہ نے بھنڈی کے پانی میں انسولین کے معجزاتی خواص رکھے ہیں۔ (حاجی محمد وارث' راولپنڈی)

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

ہر بیماری و پریشانی کا آخری علاج

ایک ایسا مریض جس کے بارے میں ڈاکٹر صاحبان کہتے ہیں کہ اسے بیماری ہے اور عاملین حضرات کہتے ہیں کہ اس پر اثرات ہیں جس سے مریض اور اس کے لواحقین پریشان ہوتے ہیں کہ کس کی بات مانیں۔ ڈاکٹروں کی یا عاملوں کی۔ چنانچہ وہ عمل ملاحظہ ہو۔ پہلے دو رکعت نفل برائے حاجت پھر دو نفل برائے قبولیت' پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پھر 1001 مرتبہ سورۂ کافرون مع بسم اللہ یہ عمل سات دن کریں۔ یوں سات ہزار مرتبہ سورۂ کافرون پڑھی جائیگی۔ یہ شہد' سرسوں کا تیل' پانی اور مریض پر دم کریں' شہد اور پانی ملا کر مریض کو پلائیں اور تیل کی مالش کرائیں' انشاء اللہ مریض کو بہت جلد افاقہ ہوگا' اس تیل و شہد اور پانی میں سورۂ کافرون کی برکت سے ایسی تاثیر پیدا ہوگی کہ اگر سخت جادو جنات ہو جس سے عامل عاجز آچکے ہوں یا ایسی بیماری جو لاعلاج ہو یا بیماری کا پتا نہ چلتا ہو یا دوا موثر نہ ہو یا کسی بھی صورت میں مریض کو آرام نہ آتا ہو تو ان تمام صورتوں میں یہ عمل کیا جائے تو مریض انشاء اللہ شفاء یاب ہوگا۔ (محمد ابوبکر قاسمی' ملتان)

پیٹ درد' پیچش' مروڑ' گرمی' سینے میں جلن: آدھ پاؤ دھنیا خشک' آدھ پاؤ سفید زیرہ ان دونوں کو باریک پیس کر نمک 20 گرام اور دو حصے چینی ڈال کر سادہ پانی سے ایک بڑا چمچ۔ پھر دس دس منٹ کے وقفے سے آدھا چمچ لیں۔ آدھ گھنٹے میں ہی آرام آجائیگا۔ یہ نسخہ ہمارے خاندان کا آزمودہ ہے۔ آج تک ایسا نہیں ہوا کہ ہم نے کسی کو یہ دوائی دی ہو اور اس کو آرام نہ آیا ہو۔ **لیکوریا کا کامیاب علاج:** کیکر کے پھول' گوند کتیرا' چھوٹی الائچی' موصلی سفید' سرمہ سفید' مغز بادام' کھوپرا پاؤ۔ مصری ایک کلو لیکر ان سب چیزوں کو کوٹ کر دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ اور زیادہ مرض ہو تو رات کو بھی کھائیں۔ یہ دوائی میری والدہ کی آزمودہ ہے اور میری والدہ کافی سالوں سے بنا کر لوگوں کو دے رہی ہیں اور اللہ ان کو شفا دے رہا ہے۔ (عبقری جلد نمبر 8)

0332-7552382

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

(قیمت فی جلد/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

رزق میں فراوانی کے لئے: ہر نماز کے بعد اس اسم پاک یَارَافِعُ کم از کم ایک تسبیح' اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنے سے رزق میں بے انتہا فراخی حاصل ہوگی۔

شہزادے نے اللہ کی مدد کو کیسے پایا؟ نصیحت آموز واقعہ

نجمہ عامر' گوجرانوالہ

سب سوچنے لگے کہ کسان کے بیٹے نے بھی محنت کی اور تاجر نے بھی کچھ کیا' نوجوان نے بھی کچھ کر ہی لیا مگر اب بادشاہ کا بیٹا جو کہتا ہے کہ اللہ کا فیصلہ رضا اور تقدیر ہر چیز پر غالب ہے یہ کیا کر کے دکھائے گا۔ اب شہزادہ اللہ کا نام لیتا ہوا شہر میں داخل ہوا اور راستے کے کنارے جا بیٹھا

ایک بادشاہ فوت ہوگیا اُس کی وفات کے بعد اُس کا بڑا بیٹا فوراً تخت پر قابض ہوگیا۔ بادشاہ کا دوسرا بیٹا بڑے بھائی سے خوف زدہ تھا اُس نے ملک چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا۔ بادشاہ کا بیٹا اپنے تین دوستوں کے ساتھ بیرون ملک روانہ ہوگیا۔ ان دوستوں میں سے ایک تاجر کا بیٹا دوسرا کسان کا بیٹا تیسرا ایک بہت خوبصورت نوجوان تھا راستے میں بہتر مستقبل کے بارے میں سب دوست اپنی اپنی رائے پیش کرنے لگے۔ سب سے پہلے کسان کا بیٹا کہنے لگا۔ محنت سے انسان سب کچھ بنتا ہے۔ باقی سب باتیں بیکار ہیں۔ تاجر کے بیٹے نے ان الفاظ میں اپنی رائے کا اظہار کیا عقل اور حسن تدبیر سب سے بڑا ہتھیار ہے یہ نہ ہو تو انسان ناکام ہے۔ اب نوجوان کی باری تھی نوجوان گویا ہوا۔ ''حسن و جمال سب سے بڑی نعمت ہے'' بادشاہ کا بیٹا اللہ کی ذات پر بھروسہ کرنے والا نہایت تدبر تفکر والا انسان تھا۔ سب کی باتیں غور سے سننے کے بعد کہنے لگا۔ سب اپنی جگہ درست ہے مگر سب سے بڑی چیز اللہ کی رضا اور قدر ہے اس کی ذات کا فیصلہ ہی ہر چیز پر غالب ہے۔ جب تک ہمارا عقیدہ تقدیر پر مکمل نہ ہو اُس وقت تک راحت سکون حاصل نہیں ہوسکتا۔ کسان کا بیٹا کہنے لگا ''ہمارے پاس کھانے پینے کے لئے کچھ نہیں'' اب پتہ چلے گا کس کی بات ٹھیک ہے۔ سب اپنی رائے آزماتے ہیں یہ لوگ چلتے چلتے دوسرے ملک میں داخل ہوئے یہ لوگ اسی شہر میں اجنبی تھے۔ انہوں نے ایک صحرا میں پڑاؤ ڈالا پہلے دن انہوں نے کسان کے بیٹے کو کہا آج ہم دیکھیں گے محنت کے کیا فائدے ہیں۔ جاؤ اپنی محنت سے آج کے کھانے کا انتظام کرو۔ کسان کا بیٹا اٹھا اور جنگل کا رخ کیا۔ لکڑیاں توڑیں اور شہر میں آکر دو درہم کی بیچ دیں۔ ایک درہم کا کھانا لیا دوسرا درہم اپنے پاس محفوظ کرلیا۔ ساتھیوں کے پاس آکر انہیں بھی کھلایا سب نے اس کو شاباش دی۔ اگلے دن تاجر کے بیٹے کا نمبر تھا کہ وہ عقل اور حسن تدبیر کا مظاہرہ کرے۔ وہ اٹھا اور ساحل سمندر پر آیا سمندر میں سامان سے لدی کشتی ساحل کی طرف آرہی تھی۔ تاجر کا بیٹا کشتی میں بیٹھ گیا۔ دوسرے راستے سے چپکے سے لدی کشتی کے مالک کے پاس پہنچا اس سے سامان کا بھاؤ تاؤ کیا ادھار پر سارا سامان سو درہم میں خرید لیا۔ جب کشتی ساحل پر پہنچی تو مقامی تاجر انتظار میں تھے۔ تاجر کا بیٹا ان کے پاس آیا سارا سامان 1100 درہم کے عوض بیچ دیا اور 100 درہم سامان کے مالک کو دیئے اور باقی جیب میں ڈالے۔ دوستوں کے لیے بہترین کھانا لیا ان کو خوب سیر کرائی سب نے اس کے حسن تدبیر کی تعریف کی۔ اگلے دن خوبصورت نوجوان کا نمبر تھا جس کا کہنا تھا انسان خوبصورتی کے بل بوتے انسان کامیابی حاصل کرتا ہے' دوستوں نے کہا آج ہم دیکھیں گے کہ آپ کا حسن ہم کو کیسے کھانا کھلائے گا وہ اٹھا میک اپ کیا اور شہر کی طرف روانہ ہوا اور ایک گھر کے باہر درخت کے نیچے بیٹھ گیا اوپر سے ایک خاتون نے کھڑکی سے جھانکا ایک خوبصورت نوجوان پریشان بیٹھا ہے اور سوچ رہا ہے اس نے بلا کر وجہ پوچھی کھانا کھلایا کہ مسافر ہے پریشانی کی وجہ پوچھی تو اس نے دوستوں کا قصہ سنایا۔ خاتون نے نوجوان کو کچھ رقم تھما دی وہ نوجوان سب کے لئے کھانا لے آیا۔ سب نے اس کو بھی سراہا۔ اب بادشاہ کے بیٹے کی باری تھی۔ سب سوچنے لگے کہ کسان کے بیٹے نے بھی محنت کی اور تاجر نے بھی کچھ کیا' نوجوان نے بھی کچھ کر ہی لیا مگر اب بادشاہ کا بیٹا جو کہتا ہے کہ اللہ کا فیصلہ رضا اور تقدیر ہر چیز پر غالب ہے یہ کیا کر کے دکھائے گا۔ اب شہزادہ اللہ کا نام لیتا ہوا شہر میں داخل ہوا اور راستے کے کنارے جا بیٹھا وہاں سے اسی ملک کے بادشاہ کا جنازہ لے جایا جا رہا تھا وزراء فوج پولیس جنازہ کو کندھا دیئے جا رہے تھے۔ شہزادہ کو راستے میں بیٹھا دیکھ کر پولیس آفیسر نے اس کو ڈانٹا۔ شرم نہیں آتی بادشاہ کا جنازہ جا رہا ہے اور تم اس طرح بیٹھے ہو۔ بادشاہ کو دفنانے کے بعد جب پولیس افسر واپس آئے تو دیکھا شہزادہ اب بھی وہیں بیٹھا ہے تو فوراً اس کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا۔ اب دوست انتظار کر رہے واپس نہ آنے کی وجہ سے قیاس آرایاں کرنے لگے وہ شہزادے کو ڈھونڈنے شہر کی طرف چل پڑے لیکن شہزادہ جیل میں بند تھا۔ وہ تلاش نہ کر سکے تو اگلے دن پر موخر کر دیا۔ ادھر کابینہ کے وزراء مشیر جمع تھے کہ نئے بادشاہ کے انتخاب کے لئے غور و فکر کر رہے تھے کہ نیا بادشاہ بادشاہوں کے خاندان سے منتخب کیا جائے۔ عام آدمی منتخب نہ کیا جائے مگر بادشاہ کا کوئی وارث نہیں تھا۔ سینئر وزیر نے اعلان کروایا کہ تم میں سے کوئی ہے جو بادشاہوں کے خاندان سے تعلق رکھتا ہو۔ وہ ہاتھ کھڑا کر دیں مگر کابینہ میں کوئی ایسا بندہ نہ تھا مگر پولیس افسر کہنے لگا کہ ایک بندہ ہے جس کو میں نے قید کیا ہے وہ شہزادہ معلوم ہوتا ہے۔ اس کو حاضر کرنے کا حکم ہوا شہزادے کو کابینہ کے سامنے لایا گیا اور پوچھا آپ کون ہو؟ اور یہاں کس غرض سے آئے ہو۔ شہزادہ بولا میں فلاں ملک کے بادشاہ کا بیٹا ہوں باپ مر گیا اور بڑا بھائی بادشاہ بن گیا میں اس سے خوف زدہ تھا جان کے خوف سے ملک چھوڑ دیا۔ تمام کابینہ نے اس کی بات کو قبول کیا اور اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور اسے اپنا بادشاہ منتخب کر لیا۔ شہزادے کے منہ سے بے ساختہ نکلا یقیناً اللہ کا فیصلہ تمام تدبیروں پر غالب ہے۔ اب وزراء نے بادشاہ کو ملک کی سیر کرانے کے لیے باہر نکالا۔ بادشاہ شہر میں گشت کر رہا تھا لوگ بادشاہ کے پیچھے بادشاہ زندہ باد کے نعرے بلند کرتے ہوئے بادشاہ کے پیچھے جا رہے تھے۔ ادھر شہزادے کے دوست شہر میں اس کی تلاش میں نکلے تھے جو انہوں نے شہزادے کو اس حالت میں دیکھا تو سمجھ گئے بے ساختہ بول اٹھے ''واقعی اللہ کا فیصلہ تمام تدبیروں سے بڑھ کر ہے۔ وہ بھی بادشاہ زندہ باد کے نعرے لگاتے ہوئے بادشاہ کے ساتھ محل میں داخل ہوگئے'' بادشاہ تخت پر بیٹھا یہ لوگ اس کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے ان کے سامنے کل کا جملہ دہراتے ہوئے کہا اللہ نے یہ سب کچھ اس لئے کیا تاکہ تمہیں معلوم ہوجائے کہ اللہ کا فیصلہ رضا طاقت ہر چیز پر غالب ہے۔ اللہ جو چاہے کرسکتا ہے جو جیسا گمان کرتا ہے اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ ہوتا ہے۔ واللہ غالب علی امرہ۔ بادشاہ نے تاجر کے بیٹے کو مشیر مقرر کرلیا۔ کسان کے بیٹے کو وزیر زراعت کے عہدے پر مقرر کیا اور جو خوبصورت نوجوان تھا اسے کہا۔ یہ عارضی حسن کسی فائدے کا نہیں اس کو کچھ مال تحفے میں دے کر رخصت کر دیا' جس نے خدا کی ذات پر بھروسہ کیا اللہ نے اس کو ہی ہمیشہ کامیاب کیا ہے۔ آپ نے بھی ہمیشہ بارہا تجربہ مشاہدہ کیا ہوا کہ جو مال' عقل' حسن کمال پر اعتماد کرتا ہے وہ اس کے باوجود ناکام ہوجاتا ہے۔ عربی کا مقولہ ہے ''تقدیر تدبیر پر ہنستی ہے'' اپنا کام اخلاص اور نیک نیتی سے کرتے ہوئے اللہ پر بھروسہ کیجئے اللہ سب کا حامی ناصر ہو۔ آمین!۔

(بقیہ: میرے نوکری کے مسائل ختم)

مخالف ٹیچرز ہمیں دیکھتی اور عجب طریقے سے مسکراتیں۔ ہم تمام ٹیچرز نے اس مسئلے کے حل کیلئے اپنے ہر دلعزیز میگزین عبقری سے مدد مانگی تو ماہنامہ عبقری نے ہمیں روحانی محفل کا تحفہ دیا۔ ہم نے خاص توجہ سے روحانی محفل کرنا شروع کردی تو پہلے ہی مہینے ایسی ہوا چلی کہ سکول انتظامیہ نے اس پرنسپل کو ہٹا کر میری ایک سینئر دوست کو پرنسپل لگا دیا اور اس گروپ کی دو ٹیچرز کو نوکری سے ہی فارغ کردیا۔ آج ہم محنت اور دیانتداری سے اپنی نوکری کررہی ہیں اور سکول کا ماحول انتہائی خوشگوار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے روحانی محفل کی برکت سے سکول سے تمام سازشیوں کو نکلوا دیا۔ الحمدللہ (پوشیدہ)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

جنات نے خزانہ کی نشاندہی کی اور مل بھی گیا

قسط 6 ریٹائرڈ آرمی آفیسر' آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر' ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریژن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید' اسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات' قسط وار قارئین کی نذر۔

ایک دفعہ میرے ایک دوست عبدالکریم مجھے ملنے کیلئے آئے' میں نے ان سے پوچھا کہ میں نے سنا تھا کہ آپ کی والدہ کو جنات نظر آتے تھے تو کچھ واقعات بتائیں' انہوں نے ٹھنڈی آہ بھری اور کچھ دیر سوچنے کے بعد گویا ہوئے کہ میری والدہ کو جنات اسی طرح نظر آتے تھے جس طرح میں اور آپ ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہیں۔ وہ آتے تو گھر میں ایک بھونچال آجاتا' ہم سہم کر رہ جاتے۔ ڈھیروں کھانا کھا جاتے۔ وہ جن جب آتے تو میرے والدہ سے بہت زیادہ باتیں کرتے تھے۔ اپنے تجربات و مشاہدات سے والدہ کو اکثر آگاہ کرتے رہتے تھے پھر وہ واقعات میری والدہ ہمیں سناتیں۔ ایک مرتبہ میری والدہ ہمیں بتانے لگیں کہ ایک جن نے مجھے بتایا کہ فلاں پہاڑ کی فلاں جگہ میں خزانہ چھپا ہوا ہے' مگر ہم نے ماننے سے انکار کردیا۔ چونکہ سارے علاقہ کو میری والدہ اور جنات کی دوستی کا علم تھا اور یہ خزانہ والی بات آہستہ آہستہ علاقہ میں پھیل گئی۔ جب ہمارے ایک نزدیکی رشتہ دار نے یہ بات سنی تو وہ چپکے سے اس پہاڑ کی بتائی گئی جگہ پر گیا' کھدائی کی اور اسے خزانہ مل گیا۔ مجھے ایک بات مزید معلوم ہوئی جنات حقہ بھی پیتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ میری والدہ پر جب جن کی حاضری ہوتی تھی تو وہ حقہ بہت پیتی تھیں جب وہ حقہ پی رہی ہوتی تھیں تو حقہ کی تمبا کو بھرنے اور انگارے رکھنے والی جگہ سے آگ کے بڑے بڑے شعلے بلند ہونے لگ جاتے تھے اور جب وہ حقہ پی کر سانس باہر نکالتی تھیں تو دھوئیں کا ایک طوفان منہ سے نکلتا تھا اور کمرہ دھوئیں سے بھر جاتا تھا ہم اس کمرے میں سانس نہیں لے سکتے تھے اور وہاں سے بھاگ جاتے تھے۔ جب ماحول ٹھیک ہوتا یعنی دھواں کمرے سے نکل جاتا تو پھر کمرے میں آتے مگر پھر دو، دو دن تک کمرے سے دھوئیں کی بدبو نہ جاتی تھی۔ والدہ کے بستر پر کوئی نہ بیٹھ سکتا تھا اور نہ سو سکتا تھا اگر کوئی ان کے بستر پر بیٹھتا تھا تو جنات اس کا گلا دباتے تھے میرے ساتھ کئی بار ایسا ہوا اور میں وہاں سے بھاگ جاتا تھا۔ ایک دفعہ ایسا ہوا کہ میری والدہ گوشت لے کر آرہی تھیں جنات نے ان سے وہ گوشت مانگا کہ ہمیں دے دو' اماں نے انکار کردیا' انہوں نے بار بار مانگا تو اماں کے انکار پر انہوں نے اماں کو دھکا دے کر گرادیا۔ اماں کو سخت چوٹیں آئیں' انہیں ہڈیوں کا مرض لگ گیا' بہت علاج کرائے مگر اماں کی ہڈیاں سوکھتی گئیں اور ٹیڑھی ہوتی گئیں۔ کئی سال اس مرض میں مبتلا رہ کر فوت ہوگئیں' جنات کو ناراض کرنا اماں کو مہنگا پڑا اور موت کا سبب بن گیا۔ سچ کہتے ہیں کہ نہ جنات کی دوستی اچھی اور نہ ہی دشمنی۔

میری تالیفات اوران کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکرگزار رہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 45: عشق اسلام اور جدید سائنس:** صورتوں پر فریفتہ ہونے اور ان پر جان چھڑکنے والوں کے انجام کا منظر دکھانے اور اس سے عبرت حاصل کرنے کیلئے ایک ایسے مرصع اور منقش انمول خزانے کی ضرورت شدت سے تھی جو ظاہری عشق اور حسن کیلئے پھیلی ہوئی نظروں کو سکیڑ دے کیونکہ بقول شخصے نظریں دیکھتی ہیں' دماغ سوچتا ہے' قدم بڑھتے ہیں' ہاتھ اٹھتے ہیں اور گناہ ہوجاتا ہے۔ قارئین یہ کتاب میں نے معاشرہ میں پھیلی بے راہ روی کو دیکھتے ہوئے تالیف کی' اس کو جذبہ اصلاح کے تحت پڑھیں۔ اس کتاب کو تالیف ہوئے سالہا سال بیت چکے ہیں مگر اس کی ضرورت آج بھی معاشرے میں اتنی ہی ہے جتنی پہلے دن تھی۔ میں نے صفحہ نمبر 7 پر کتاب ذم الھویٰ کے مصنف اور اس کے مترجم کا شکریہ ادا کیا اور ہر باب کے ختم ہونے کے بعد ذم الھویٰ کتاب کے مصنف اور مترجم (مولانا امداد اللہ انور) کا باقاعدہ حوالہ دیا۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات' کتب اور رسائل سے مدد لی گئی ان کے نام درج ذیل ہیں۔ عشق (زبیر رانا)۔ محبت کی نفسیات۔ رموز ازدواج۔ بیدار ڈائجسٹ۔ روزنامہ جنگ۔ ماہنامہ المذاہب۔ ہفت روزہ ختم نبوت۔ نوائے وقت۔ افکار معلم۔ اردو ڈائجسٹ۔ مجلہ الدعوۃ۔ روزنامہ پاکستان۔ رواداری اور مغرب۔ حسن پرستوں کے انجام کا منظر۔ شہاب نامہ۔ ڈاکٹر عبدالغنی فاروق۔ کوثر نیازی۔ مشاہیر کے رومان۔ بلوچوں کے رومان۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

چار بیماریوں سے حفاظت کی بہترین اور آسان دعا

محمد بابر علی سکھیرا' ملتان

آج کل جس تیزی سے بیماریاں پھیل رہی ہیں' کسی سے مخفی نہیں' ایسی صورت حال میں ہمارے لیے ضروری ہے کہ ان دعاؤں کا اہتمام کریں جو احادیث مبارکہ میں مختلف بیماریوں سے حفاظت کیلئے وارد ہوئی ہیں' ذیل میں ایک مختصر دعا درج کی جارہی ہے جو چار مہلک بیماریوں سے بچاتی ہے۔ جذام۔ جنون (پاگل پن' ڈیپریشن' ٹینشن)۔ عمٰی (اندھا پن)۔ فالج۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں: ''ہم حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر تھے کہ اچانک ایک بڑے میاں تشریف لائے جنہیں ''قبیصہ'' کہا جاتا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: ''تم نے آنے کی کیوں تکلیف کی جبکہ تمہاری عمر بڑی ہوگئی ہے اور تمہاری ہڈیاں چورہ ہوگئی ہیں۔ بڑے میاں بولے! یارسول اللہ ﷺ میری عمر بڑی ہوگئی ہے۔ میری ہڈیاں چورہ ہوگئی ہیں میری ہمت کمزور ہوچکی ہے اور میری موت کا وقت قریب آچکا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا پھر کہنا کیا کہا (یعنی دوبارہ کہنا)؟ انہوں نے پھر وہی بات دوبارہ عرض کی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''تمہاری اس بات کی وجہ سے آس پاس کے سب شجر و حجر رو رہے ہیں اپنی ضرورت پیش کرو' تمہارے حق کی ادائیگی ضروری ہوچکی ہے۔ وہ بولے: یارسول اللہ ﷺ مجھے کوئی ایسی دعا تعلیم فرما دیں جس کی بدولت اللہ تعالیٰ مجھے دنیا و آخرت دونوں میں نفع عطا فرمائیں۔ دعا زیادہ لمبی نہ بتلائیں کہ میں بوڑھا آدمی ہوں مجھے کچھ یاد نہیں رہتا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تمہارے دنیاوی نفع کیلئے یہ مختصر عمل ہے کہ جب تم صبح فجر کی نماز سے فارغ ہوجاؤ تو تین مرتبہ یہ کلمات کہہ لیا کرو سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔ ان کلمات کی برکت سے اللہ تعالیٰ تمہیں چار بیماریوں سے بچائیں گے۔ جذام۔ جنون۔ عمٰی (اندھا پن)۔ فالج۔ (بحوالہ: عمل الیوم واللیلۃ ص 117)

(بقیہ: معجزاتی درخت سہانجنہ! 300 بیماریوں کا مکمل علاج)

شے پانی' دودھ' دہی' لسی وغیرہ سے لیا جاتا ہے۔ جب اس کے پتوں کو استعمال میں لایا جائے چاہے وہ قہوہ ہو یا پاوڈر کی شکل میں تو بھی چکن گونیا میں اس کی افادیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ چکن گونیا کا ہومیو پیتھک علاج: یہ مرض مچھر اور گندگی کی وجہ سے کراچی میں عام ہے۔ چکن گونیا کا ہومیو پیتھک علاج کیا جائے تو جلد آرام آجاتا ہے۔ 1۔ برائی اونیا 200 صبح 2۔ بیلاڈونا 200 دوپہر 3۔ یوپے ٹوریم پرف 200 شام۔ یہ تینوں ادویات الگ الگ ایک ایک ڈرام گولیوں میں کسی اچھی ہومیو فارمیسی سے بنوالیں اور دی ہوئی ترکیب کے مطابق دن میں صرف ایک دفعہ چند گولیاں چوس لیں۔ ایک ہفتہ کے بعد علاج ختم کردیں ان شاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ماں کی بددعا نے پولیس افسر کو فقیر بنا دیا

اس نے بتایا کہ یہ نشہ کرنے لگ گیا ہے' نوکری چھوٹ گئی ہے' گھر میں لڑائیاں کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مکان کو بیچو اور مجھے میرا حصہ دو۔ میں نے ایک دن اس نوجوان کے بیوی بچوں کو دیکھا انتہائی گندے حال' پریشان' ان کا یہ حال کیوں ہے؟

کسی کا سونا غائب کرنا زندگی کو عذاب بنا گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں صرافہ بازار میں لیبارٹری کا کام کرتا ہوں۔ میں اپنی قبر کالی کر چکا ہوں' کیا کروں پھر بھی پوری نہ پڑی' والدہ کا انتقال ہو گیا' دو بہنیں کنواری بیٹھی ہیں' ان کا خیال بھی میں ہی رکھتا ہوں' جوتے' کپڑے' ضرورت کی ہر چیز انہیں لا کر دیتا ہوں' بس نیت میں کھوٹ آیا اور لالچ میں بے ایمانی کر بیٹھا۔ میرا کام لیبارٹری کا ہے' لوگ مجھے سونا دیتے ہیں اور میں انہیں ریفائن کر کے دیتا ہوں۔ ایک دکاندار نے مجھے سونا دیا اور بھول گیا' میرے دل میں خوف خدا ہے لیکن مجبوری کی وجہ سے میرا بھی ایمان خراب ہو گیا اور میں نے وہ سونا ہڑپ کر لیا' وہ دکاندار پوچھنے کے انداز میں دوبارہ آیا کہ بھائی میں نے آپ کو سونا تو جمع نہیں کروایا' میں نے جواب نفی میں دیا اور وہ چپ کر کے چلا گیا کہ نامعلوم کہاں چلا گیا؟ بس یہ جھوٹ اور بے ایمانی کرنی تھی کہ وہ سونا میرے پاس ایک ہفتہ بھی نہ رہا اور نقصان میں پورا ہو گیا' اب انجانا سا ڈر لگ رہا ہے' وہ دکاندار بھی واپس نہ آیا' اور نہ ہی میں شرمندہ ہوتے اس کے پاس جاتا ہوں' مگر ساری ساری رات نہ سوتا ہوں کہ میں نے کیا کر دیا؟ مجھے اس کا سونا غائب کرنے کا فائدہ ایک رتی بھی نہ ہوا اور میرے نقصان پر نقصان ہو رہے ہیں۔ بس استغفار کر رہا ہوں کہ اللہ مجھے معاف فرمادے۔ (پوشیدہ)

ماں کی بددعا جہنم کی ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ خوش وخرم رہیں' اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں کو بھی سدا خوش رکھے۔ آمین۔ ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں اکثر آپ کا حکم ملتا ہے کہ اپنے تجربات و مشاہدات اور واقعات لکھیں۔ آج دو سچے واقعات مکافات عمل کے واقعات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش ہیں۔

پہلا واقعہ: ایک مقامی تھانہ کا ملازم' جوان اور خوبصورت ہے مگر ماں کا نافرمان ہے' میرے ایک دوست ہیں ان کی محلے میں جنرل اسٹور کی دکان ہے' اس نوجوان کی ماں اس دکان پر آتی اور اس نوجوان کے دکھڑے روتے ہوئے سناتی تھی۔ ایک دو مرتبہ میں نے خود دیکھا راستہ میں نوجوان اپنی بوڑھی ماں کے ساتھ انتہائی غلط انداز میں بات کر رہا تھا اور ماں کو برا بھلا کہہ رہا تھا اور وہ بوڑھی ماں جھولی پھیلا کر کہہ رہی تھی کہ ''میرا اللہ تجھے ذلیل کرے گا'' وہ نوجوان نمازی بھی تھا' مگر ماں کی بددعا نے اس کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ ایک دن میرا قبرستان جانا ہوا وہاں قبرستان میں ایک جگہ نشئی جمع ہو کر نشہ کرتے ہیں' اچانک میری نظر ان پر پڑی تو دیکھا وہ نوجوان بھی بیٹھا نشہ کر رہا ہے' خیر اس وقت تو مجھے بہت دکھ ہوا کہ یہ نوجوان کتنا خوبصورت اور صحت مند تھا' پانچ وقت کی نماز پڑھتا' اچھے کپڑے پہنتا مگر آج گندے کپڑے' بکھرے اور گرد آلود بال' کھلے بٹن اور ایک گندی اور اجاڑ جگہ پر بیٹھا ہے۔ میں نے اس نوجوان کے بھائی سے پوچھا کہ اس نوجوان کو کیا ہو گیا؟ اس نے اپنی کیا حالت بنا رکھی ہے۔ اس نے بتایا کہ یہ نشہ کرنے لگ گیا ہے' نوکری چھوٹ گئی ہے' گھر میں لڑائیاں کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مکان کو بیچو اور مجھے میرا حصہ دو۔ میں نے ایک دن اس نوجوان کے بیوی بچوں کو دیکھا انتہائی گندے حال' پریشان' ان کا یہ حال کیوں ہے؟ یہ تو بہت خوشحال تھے۔ آج وہ نوجوان ایک ایک پیسے کیلئے پریشان ہے اور سارا دن نشئیوں کے پیچھے ذلیل ہوتا ہے۔ اس نوجوان کو اس کی ماں کی بددعا نے افسر سے موالی اور ذلیل کر دیا۔

دوسرا واقعہ: (ا) میرے جاننے والا ہے' اس کے والد کا انتقال ہوا تو اس کے بعد یہ گھر کا سربراہ بنا' اس کی اہلیہ اور اس کی ماں کی اکثر گھر میں لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا تھا۔ (ا) کو ماں نے کہا بیٹا تیری اہلیہ نے روز کی لڑائیاں بنا رکھی ہیں میں ان لڑائیوں سے تنگ آ گئی ہوں تو اس کو سمجھا' ادھر (ا) کو اہلیہ نے شکایت لگائی کہ تیری ماں نے میرا جینا حرام کر دیا ہے وغیرہ وغیرہ۔ (ا) نے بیوی کی باتوں میں آ کر اپنی ماں سے لڑائی شروع کر دی' ایک دن (ا) نے اپنی ماں کے اوپر ہاتھ تک اٹھایا اور ماں کو غلیظ گالیاں دینے لگا۔ ماں کو شدید دلی صدمہ ہوا کہ اس بیٹے کے آسرا پر تین بیٹیاں اور ایک چھوٹا بیٹا ہے اور یہ ہے کہ اپنی ماں کو غلیظ گالیاں نکال رہا ہے اور مجھ پر ہاتھ اٹھا رہا ہے۔ ماں کے دل سے آہ نکلی اور دوسرے دن اپنے کام میں اسے پانچ ہزار کا نقصان ہوا۔ اب اگلے دن وہ پھر کام پر گیا مگر دوسرے دن پھر سارا دن نقصان ہی ہوتے رہے' اسی طرح روزانہ بجائے کمانے کے جو موجود سرمایہ تھا وہ لگنا شروع ہو گیا اور یہ چند دنوں میں ہی قرض کے بوجھ تلے دب گیا۔ پھر ایک دن اپنے کاروبار کیلئے گھر سے نکلا ایکسیڈنٹ ہوا اور بازو ٹوٹ گیا۔ دو مہینے علاج کے بعد بازو ٹھیک ہوا مگر (ا) ٹھیک نہ ہو سکا۔ چھوٹے بہن بھائی اور ماں کو چھوڑ کر الگ کرائے کا مکان لے لیا۔ ایک دن (ا) کا مجھے فون آیا کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں رہتی' آپ سے مشورہ کرنا ہے میرے پاس آیا کہنے لگے منہ سے خون آتا ہے' ڈاکٹروں نے ٹی بی بتایا ہے میں کیا کروں؟ میری پریشانیاں روز بروز زیادہ ہو رہی ہیں اور معاشی حالات بہت زیادہ خراب ہو چکے ہیں۔ میں نے کہا (ا) ایسا تو ہونا ہی تھا۔ کہنے لگا: کیا مطلب؟ میں نے کہا تو نے ماں کو ناراض کیا ہوا ہے اور اماں تجھ سے راضی نہیں میں نے کہا: (ا) اماں کے پاؤں پکڑ اس کو راضی کر' اماں سے معافیاں مانگ تیرے سارے مسئلے اور بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔ مگر (ا) میری بات کو نہ مانا۔ آج (ا) کی زندگی مصیبت اور پریشانیوں' بیماریوں کا گھر بنی ہوئی ہے مگر اسے سمجھ نہیں آ رہی۔ (رب ڈنو مہر' سکھر)

حاسدین سے تنگ و مجبور ضرور پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند روحانی عمل ہیں جن سے حاسدین (دشمن) سے انسان کی جان چھوٹ جاتی ہے۔ **زبان بندی کیلئے وظیفہ:** یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر حاسد جو زبان سے آپ کو دکھ پہنچاتا ہو اس کی طرف دم کریں' تصور میں پھونک ماریں' اس کی زبان بند ہو جائیگی۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿بقرہ ۱۸﴾ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ (بقرہ 7) كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ۔ **زبان بندی کا ایک اور عمل:** درج ذیل آیات 7،7 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ وَ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا (طٰہٰ 108) اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿یٰسین ۶۵﴾ **دفع دشمن کیلئے:** سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْكَافِيْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ هُوَ اَقْوٰى مِنِّيْ بِرَبٍّ هُوَ اَقْوٰى مِنْهُ بعد نمازِ عشاء ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ دشمن دفع ہوگا۔ **نوٹ:** درج بالا تمام اعمال صرف جائز کاموں کیلئے کریں۔ ناجائز کرنے والا سخت نقصان اٹھاتا ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔ میرا نام ہرگز شائع نہ کیا جائے۔ (پوشیدہ' کوئٹہ)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

عزت ووقار: جوشخص عزت ووقار حاصل کرنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ پیر یا جمعہ کو بعد نماز مغرب 40 مرتبہ اسم پاک یَامُعِزُّ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے عزت ووقار عطا فرمائیں گے۔(ان شاء اللہ)

ہڈیوں کی ڈھانچہ بہن صحت یاب	گھر جاتے ہی طبیعت خراب	بہو کے پتے میں پتھری
منہ سے ناگوار بو	تکالیف ہی تکالیف	خشک خارش کا آزمودہ علاج

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔آزمودہ ٹوٹکہ' تجربہ' کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

فروری کے جوابات

1۔بہن! میری چھوٹی بہن بھی کچھ اسی طرح کے مسائل سے دوچار تھی' ہم نے اسے درج ذیل غذائی ترتیب اور دوائی استعمال کرائی آج وہ الحمدللہ صحت مند زندگی گزار رہی ہے۔ آپ خالص دیسی گھی مکھن' دودھ بقدر ہضم روزانہ پابندی سے استعمال کریں، مرچ مصالحوں اور کھٹائیوں سے پرہیز کریں۔ دوپہر کو غذا کے بعد پابندی سے آرام کریں۔آم کے موسم میں روزانہ ہاضمے کے مطابق آم کھا کر سوجائیں۔رات سوتے وقت آدھ چمچ عبقری دواخانہ کی ہاضم خاص لازماً کھائیں۔رات سوتے وقت نیم گرم دودھ کے گلاس میں دو چمچ شہد ڈال کر گھونٹ گھونٹ پئیں۔(عمارہ اختر' راولپنڈی)

2۔خلیل صاحب! آپ اپنے بیٹے کیلئے ہر وقت کھلا سارا دن ہزاروں کی تعداد میں حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ پڑھیں اگر وہ خود پڑھ سکتا ہے اس کو بھی کہیں کہ سارا دن یہی پڑھے۔اس کے علاوہ سرسوں کے تیل پر تمام گھر والے مل کر یا آپ خود 1001 مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس تیل کو روزانہ ایک ایک قطرہ بچے کے ناک کے دونوں نتھنوں میں ڈال دیا کریں اور اسی تیل میں مزید تیل ملاتے رہیں تیل کو ختم نہ ہونے دیں' اسی تیل سے بچے کے سر کی مالش بھی کریں۔اس تیل پر روزانہ اکتالیس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھتے رہیں تاکہ تاثیر باقی رہے۔ ساتھ عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمائیں گے۔(آصف محمود' ملتان)

3۔اصلی سفید صندل کا پاؤڈر جو اسی مقصد کیلئے ہوتا ہے جسم پر خارش کی جگہ پر ملیں' انشاء اللہ فائدہ ہوگا، گرم چیزیں نہ کھائیں، سفید سوتی لباس پہنیں، کیمیکلز سے دور رہیں۔باقی علاج جو کر رہے ہیں وہ کرتے رہیں۔عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' اور '' ٹھنڈی مراد'' چند ہفتے چند مہینے استعمال کریں۔(رَوا' لاہور)

4۔بیٹے! آپ کا علاج صرف اور صرف اچھی صحبت ہے' نماز پڑھیں' صبح کی سیر کریں' اپنی خوراک دیسی اور خالص رکھیں' موسمی پھل خوب کھائیں۔دودھ' دہی' مکھن کا استعمال خوب کریں۔نماز اور ذکر کی پابندی کرلیں آپ صحت مند ہوجائیں گے۔(شہریار مجید' بورے والہ)

مارچ کے سوالات

بہو کو پتے میں پتھری: قارئین السلام علیکم! میری بہو کو پتے میں پتھری ہے' ڈاکٹرز نے آپریشن تجویز کیا ہے' وہ آپریشن سے بہت زیادہ ڈرتی ہے' عبقری قارئین سے عرض ہے کہ کوئی ایسا ٹوٹکہ بتادیں جس سے پتے کی پتھری بغیر آپریشن نکل جائے' مہربانی ہوگی۔(بیگم مخدوم شیر عالم' ملتان)

منہ سے ناگوار بدبو: محترم قارئین! چند ماہ ہوگئے ہیں میری والدہ کے منہ سے شدید بدبو آتی ہے جو سامنے والے کو بہت ناگوار محسوس ہوتی ہے۔حالانکہ وہ باقاعدگی سے دانت صاف کرتی ہیں۔براہ مہربانی کوئی آسان سا نسخہ عنایت فرمائیں۔(انیلا ظفر)

تکالیف ہی تکالیف: قارئین! میری کمر میں درد رہتا ہے' بعض اوقات ایسا لگتا ہے کہ جسم کا سارا بوجھ کمر پر پڑ گیا ہو' جھکنا مشکل لگتا ہے' جھکنے پر ایسا ہوتا ہے کہ بس فوراً سیدھی ہوجاؤں' پٹھوں کی کمزوری ہے' پندرہ بیس دن سے بازو کا مسئلہ بنا ہوا ہے' کسی وقت تکلیف کم ہوتی ہے اور کبھی زیادہ ہوجاتی ہے۔ٹانگوں میں اکثر اینٹھن ہوجاتی ہے۔ میرے مسوڑھے بھی بہت زیادہ خراب ہیں' دانت کالے ہورہے ہیں' اکثر چکر آتے رہتے ہیں' ذہن پر کسی بھی بات کا بہت بوجھ محسوس ہوتا ہے۔(پوشیدہ)

میری رہنمائی فرمائیں!: قارئین السلام علیکم! میں دفتر سے گھر کا رخ کروں تو میری طبیعت خراب ہوجاتی ہے اور اسی وقت گھر میں بیوی کی بھی۔ اکثر شدید سر درد دو سے تین دن مسلسل رہتا ہے' اب تو ٹانگیں بھی سن اور بے چین رہتی ہیں۔ جسم میں شدید تھکن کا احساس رہتا ہے جو غصہ' غنودگی اور پھر نیند بھی لاتا ہے۔طبیعت خراب ہو تو بغیر وجہ بیوی اور بچوں پر غصہ آتا ہے۔ کسی ایسی چیز کے ہونے کا احساس ہوتا ہے جو کبھی میری بیوی کو' کبھی مجھے ورنہ ہمارے بچوں کو پریشان کرتی ہے۔ کسی چیز کے فیصلہ کرنے کی طاقت نہیں ہے۔اگر ارادہ کروں تو ہر چیز میں رکاوٹ کا سامنا ہے۔ حصول رزق حلال کیلئے بیرون ملک جانے کی کوشش کررہا ہوں مگر ہر موڑ پر رکاوٹ ہے۔ہم ماں باپ کے پاس ان کے چاہنے کے باوجود نہیں رہتے اور کرائے کے گھر میں رہتے ہیں کیونکہ وہاں طبیعت کی خرابی اور لڑائیاں بڑھ جاتی ہیں۔ خدارا میری رہنمائی فرمائیں۔(امجد یٰسین)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: مکی احمد پوری

عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ ابو لیلیٰ حضرت علی رضی اللہ عنہٗ کے ساتھ مشورہ کیا کرتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہٗ گرمیوں کے کپڑے سردیوں اور سردیوں کے کپڑے گرمیوں میں پہنتے تھے۔تو ہم نے ان کو کہا اگر آپ ان سے پوچھ لیں (تو انہوں نے پوچھ لیا) تو حضرت علی رضی اللہ عنہٗ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن میری طرف بھیجا میری آنکھ دکھ رہی تھی میں نے عرض کی یارسول اللہ! (ﷺ) میری آنکھ دکھ رہی ہے تو آپ ﷺ نے میری آنکھ میں لعاب پھونکا پھر آپ ﷺ نے دعا فرمائی۔ اے اللہ! اس کی گرمی اور سردی ختم کردے فرماتے ہیں۔ اس دن کے بعد مجھے گرمی سردی نہ لگی اور آپ ﷺ نے فرمایا میں ایسے آدمی کو بھیجوں گا جو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کو محبوب رکھتا ہے اور اس کو اللہ اور اس کا رسول (ﷺ) محبوب رکھتے ہیں۔ بھاگنے والا نہیں تو اس کیلئے لوگ آگے بڑھے لیکن آپ ﷺ نے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی طرف بھیجا اور جھنڈا ان کو دیا۔(ابن ماجہ' مسند امام احمد) ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حسن اور حسین (رضی اللہ عنہم) بہشتی جوانوں کے سردار ہیں اور ان کا باپ (علی رضی اللہ عنہٗ) ان دونوں سے بہتر ہے۔(ابن ماجہ)

یہ عمل کریں اور پھر دیکھیں رزق کیسے برستا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک نایاب اور آزمودہ عمل ہے۔ جن لوگوں کو رزق میں کمی کا سامنا ہے ان کیلئے خاص طور پر میں یہ عمل عبقری میں لکھ رہا ہوں۔عمل یہ ہے کہ روزانہ پرندوں کو دانہ ڈالیں اور سارا دن کھلا اَسۡتَغۡفِرُاللّٰہَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ بلاتعداد پڑھیں اور پھر دیکھیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کس طرح جوش میں آتی ہے۔الحمدللہ جو بھی یہ عمل کرتا ہے اس پر رزق کی بارش ہوتی ہے۔میں نے آج تک جس کسی کو بھی بتایا اور اس نے چند ہفتے چند مہینے متواتر یہ عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے تمام مالی مسائل حل فرمادیئے۔ مجھے یہ عمل کسی نے بتایا تھا الحمدللہ آج میں خوشحال ہوں۔میرا نام شائع نہ کیا جائے۔(پوشیدہ)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

عیب جوئی نہ کرو: کسی کی عیب جوئی نہ کرو کہ تمہاری بھی عیب جوئی نہ کی جائے کیونکہ جس پیمانے سے تم ناپتے ہو' اسی سے تمہارے واسطے ناپا جائے گا۔

خواب اور تعبیر

☆روشن آسمان ☆آپ کی مراد پوری ہوگی ☆حصول روزگار کا وظیفہ ☆لوگ مسجد سے بھی جوتا چرا لیتے ہیں؟ ☆ہتک آمیز رویہ ☆سرخ وسفید خط ☆میرے خاندان کا مذاق ☆بہن کی منگنی پر لال گائے اور نیلا سانپ ☆آپ فوری صدقہ دیں! ☆ڈیم سے گرنے والا پانی اور ڈر

روشن آسمان: میں نے روشن آسمان دیکھا جس میں بہت سارے ستارے ہیں اور یہ ستارے پھوٹتے ہیں تو ان میں سے اور ستارے نکلتے ہیں۔ نہایت خوبصورت منظر دیکھا جو ابھی تک آنکھوں کے سامنے گھومتا ہے۔ (ش۔ش)۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی اولاد میں علمائے دین پیدا ہوں گے۔ واللہ اعلم۔

مراد پوری ہوگی: میں نے دیکھا کہ میں اپنے کزن کے ساتھ ان کے شہر کے بازار میں کھڑی ہوں۔ اچانک آسمان پر بادل چھا جاتے ہیں اور وہ دکانیں جن کے سامنے ہم کھڑے ہوتے ہیں' ان کی جگہ پانی کا ڈیم بن جاتا ہے۔ میں اس ڈیم کو دیکھ کر ڈر جاتی ہوں اور اپنے کزن سے کہتی ہوں کہ یہاں سے چلیں' ابھی اس ڈیم میں بہت سارا پانی آئے گا اور بہت تباہی ہوگی۔ وہ میری بات نہیں مانتے' میں کزن کو وہاں چھوڑ کر خود ایک اور جگہ پر آجاتی ہوں۔ میں سوچتی ہوں کہ کزن خود ہی میرے پیچھے آجائیں گے لیکن جب وہ نہیں آتے تو میں واپس کزن کے پاس آتی ہوں اور دیکھتی ہوں کہ ڈیم میں پانی پوری رفتار سے نیچے گر رہا ہوتا ہے لیکن نیچے گر کر وہ پانی چھوٹی چھوٹی لہروں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اردگرد کے سب لوگ بہت خوش ہو کر اس پانی میں نہا رہے ہوتے ہیں۔ میں اپنے کزن کو دیکھتی ہوں تو وہ کسی اور لڑکی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں' میں ان سے معافی بھی مانگتی ہوں لیکن کزن نہیں مانتے بلکہ پانی میں بننے والی لہریں آہستہ آہستہ ان کو مجھ سے دور کر رہی ہوتی ہیں۔ پھر میں دیکھتی ہوں کہ میرے کزن میرے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں اور ہم دونوں اس ڈیم سے گرنے والے پانی کو دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ (مائرہ' لاہور)۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے دل کی مراد پوری ہوگی' پریشانیاں ختم ہوں گی اور خوشی اور خوشحالی آپ کا مقدر بنے گی' بشرطیکہ اللہ کو راضی کرنے والے کام کرنا اپنا مقصد بنالیں۔ واللہ اعلم۔

حصول روزگار کا وظیفہ: میں نے دیکھا کہ جیسے بارش ہو کر تھم گئی ہے۔ میں اور میرا دوست کھڑے ہیں۔ ایک شخص آتا ہے اس کو کچھ روپے دیتا ہے کہتا ہے یہ لو روپے' جو تم نے لوہا دیا تھا وہ میں نے فروخت کر دیا۔ میں سوچتا ہوں اس نے چوری کر کے لوہا فروخت کر دیا۔ یہ تو بہت بری بات ہے' پھر وہ ایک قبر پر پاؤں والی سائیڈ پر پکی قبر کے اوپر بیٹھ جاتا ہے اور کچھ پڑھنے لگتا ہے۔ میں حیران ہوتا ہوں کہ یہ تو پڑھائی بھی کرتا ہے۔ اچانک سیاہی پھیلتی ہے اور منظر بدلتا ہے۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں اور بری اثرات کی وجہ سے رکاوٹیں ہیں' تاہم آپ صدقہ دیں اور آیت الکرسی روزانہ 125 مرتبہ پڑھ کر روزگار کے حصول کے لئے دعا کر لیا کریں نیز ہر جمعہ کے دن بعد نماز عصر تا مغرب یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ لاتعداد پڑھتے رہیں اور اذان مغرب کے فوراً بعد اپنے مقصد کے لئے دعا کر لیں۔ انشاء اللہ دوسرے یا تیسرے جمعہ تک آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

اخبار کا ورق: میں نے دیکھا کہ میرے پاس ایک اخبار کا ورق ہے' اس پر چھوٹے سائز کی تصویریں بنی ہوئی ہیں جو فلمی اداکاروں اور کھلاڑیوں وغیرہ کی لگتی ہیں۔ ان میں مرد اور عورتیں دونوں ہوتے ہیں' اچانک ایک جگہ پر اللہ کا نام ظاہر ہوتا ہے ان تصاویر کے اردگرد ہی' تو میں اپنی بہن کو آواز دیتا ہوں کہ دیکھو اللہ کا نام ظاہر ہوا ہے پھر وہ نام دوسری جگہ پر ظاہر ہوا تو میں نے جلدی سے چوما پھر تیسری' چوتھی اور پانچویں جگہ پر ظاہر ہوا۔ کم از کم تقریباً پانچ جگہ پر اللہ کا نام ظاہر ہوا اور میں اپنی بہن کو آوازیں دیتا رہا کہ آؤ دیکھو لیکن وہ نہیں آئی حالانکہ وہ صحن میں ہی تھی۔ (ارشد' خانیوال)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات پر متوجہ کیا گیا ہے کہ دنیا میں لگ کر اللہ پاک کو نہ بھولیں اور پنج وقتہ نماز کی پابندی کریں گے تو ان شاء اللہ دنیا کے تمام مسئلے اور پریشانیاں اپنے آپ حل ہوتی جائیں گی۔ واللہ اعلم۔

لوگ مسجد سے بھی جوتا چرا لیتے ہیں؟: میں نے دیکھا کہ میرا جوتا مسجد سے واپسی پر ملا نہیں اور میرے ساتھ کچھ لڑکے بھی ہیں' میں ان کو یہ سارا قصہ سناتا ہوں اور کہتا ہوں کہ میرے ساتھ لاہور میں بھی ایسا ہی ہوتا تھا اور میں ان سے یہ کہتا ہوں یار لوگ مسجد سے بھی جوتا چرا لیتے ہیں' حیرت ہے۔ (مقبول احمد' قصور)۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اپنی رہنمائی کی ضرورت ہے۔ آپ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ یَا ھَادِیُ پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ نیز درود شریف چلتے پھرتے کثرت سے پڑھتے رہا کریں۔ ان شاء اللہ غیبی طور پر رہنمائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ واللہ اعلم۔

ہتک آمیز رویہ: میں نے دیکھا کہ میرے نانا جو فوت ہو چکے ہیں۔ وہ بہت زیادہ بوڑھے ہو چکے ہیں۔ میں اور میرے خاوندان کے سر کے پاس کھڑے ہوتے ہیں۔ سب لوگ کہتے ہیں' یہ مرنے والے ہیں۔ میرے خاوندان کا مذاق اڑا رہے ہوتے ہیں۔ (ثوبیہ' اٹک)۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے شوہر کا رویہ آپ کے میکے والوں سے بالخصوص ننھیال والوں سے ہتک آمیز ہو رہا ہے' تاہم آپ مناسب طریقے سے ان معاملات کو طے کریں اور یَا ھَادِیُ یَا لَطِیْفُ ہر نماز کے بعد 21۔21 بار پڑھ کر بہتری کی دعا کرتی رہا کریں۔

سرخ وسفید خط: میں نے دیکھا کہ میں انڈیا کے اداکار کے گھر کے پاس ہوں۔ میں نے اس کے نوکر کو خط دیا ہے۔ فوراً اس کے خط کا جواب آیا۔ اس کا خط ایک طرف سے سرخ ہے اور دوسری طرف سفید۔ سرخ ورق پر چاک سے خط لکھا ہوا ہے کہ میری عمر 43 سال ہے' میرا نام (ش۔خ) ہے۔ میں اپنے خوابوں میں صرف اس کو دیکھتا ہوں۔ (اسماعیل' جڑانوالہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس طرف متوجہ کیا گیا ہے کہ اپنا وقت فضول مشاغل میں ضائع کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق بنانے کی فکر کریں تاکہ دنیا اور آخرت کی کامیابی مقدر بن سکے۔ واللہ اعلم۔

بہن کی منگنی پر لال گائے اور نیلا سانپ: میں نے دیکھا کہ میری بہن کی منگنی ہو رہی ہے۔ سب بہت خوش ہیں' جشن کا سماں ہے۔ ایک دم شور ہوتا ہے اور ایک دیوار کے اوپر سے لال رنگ کی گائے آتی ہے جو ضرورت سے زیادہ موٹی' لمبی اور اونچی ہوتی ہے۔ وہ دیکھتے ہی دیکھتے نیلے رنگ کا سانپ بن جاتا ہے اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے چھوٹے چھوٹے سانپوں کی شکل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ وہ سانپ میری طرف آتے ہیں اور میرے جسم میں چڑھ رہے ہوتے ہیں۔ (شانزے' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کو معدہ کی تکلیف کی وجہ سے پریشانی اٹھانی پڑے' تاہم آپ سورۃ ماعون اور سورۃ قریش 7۔7 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ انشاء اللہ تکلیف جلد ہی دور ہو جائے گی۔ واللہ اعلم۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

انوکھا ٹوٹکہ لاجواب فائدہ: حاملہ عورت اگر تیسرے ماہ سے متواتر تین ماہ تک کدو کا گودا اور مصری استعمال کرے تو اس کے ہاں اولاد نرینہ پیدا ہوتی ہے۔

صدیوں پرانے قبرستان میں موجود شہداء کی کھلی قبروں کا نظارہ

نصیر احمد، ایبٹ آباد

اس نے انسانی لاشیں صحیح حالت میں دیکھیں جو تین چار آدمی وہاں شاخیں کاٹ رہے تھے ان کو بھی بلایا سب نے دو لاشیں دیکھیں۔ ایک جوان العمر شخص تھا' کالی ڈاڑھی مبارک تھی' دوسرا ادھیڑ عمر کا بزرگ سفید ڈاڑھی مبارک تھی' لاشیں دیکھ کر مرے ہوئے نہیں لگتے تھے

کوئی بھی انسان مرتا نہیں بلکہ دوسرے جہاں میں منتقل ہوجاتا ہے' لیکن وہاں کی زندگی اس جہاں میں کیے گئے اعمال کے نتیجہ میں خوشی یا دکھ کا باعث ہوتی ہے۔ اس فانی دنیا میں جس قسم کے اعمال کرے گا اس کا صلہ اگلے جہان یعنی برزخ اور آخرت میں پالے گا۔ اعمال کی جگہ صرف دنیا ہے۔ اچھے اعمال کیے تو فیصلے بھی اچھے ہوں گے' موت تو ہر ذی روح پر آنی ہے مگر عزت کی موت ایک نعمت سے کم نہیں۔ شہادت کی موت کو تو رب العالمین نے بہت پسند فرمایا ہے۔ موت کئی قسم کی ہے' کسی کو عزت ملتی ہے اور کسی کو ذلت' تاریخ گواہ ہے جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کی نافرمانی کی ان کو ذلت کی دردناک موت ملی۔ کئی قوموں کی تباہی اور بربادی کا ذکر قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرما دیا ہے جبکہ زمانہ قدیم سے جنگ و جدل جاری ہے' مسلمان جنگوں میں شہادت پاتے رہے' قرآن پاک میں شہداء کے بارے میں واضح آیات ہیں۔ مفہوم ہے: ''اللہ کے راستے میں مرنے والوں کو مردہ نہ کہو' وہ زندہ ہیں اور کھاتے پیتے ہیں' لاکھوں کیا بلکہ کروڑوں شہیدوں کے قبروں کے نشانات مٹ چکے ہیں مگر وہ زمین کے اندر برزخی زندگی میں عیاشی کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی شہیدوں سے محبت دیکھیں کیسا حکم دیا ہے کہ ان کو مردہ نہ کہو' سبحان اللہ کیسی عظیم عزت والی موت ہے جس میں مردہ کہنا میرے مالک کو بُرا لگا ہے۔

پرانے زمانے کے قبرستانوں میں زیادہ تر شہید ہی مدفون ہیں' ہزارہ ڈویژن میں اوگی سے چند میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں کروڑی ہے' آبادی سے اوپر بلندی پر ایک پرانا ویران قبرستان ہے' قبروں کے نشانات مٹ چکے ہیں' کسی کو پتہ نہیں کہ اس میں کس زمانے کے لوگ مدفن ہیں' اس قبرستان میں جنگلی زیتون (جس کو ''کہو'' کہا جاتا ہے) کے درخت نامعلوم کب کے لگے ہوئے ہیں' چند سال قبل شدید بارشیں ہوئیں اور آندھی آئی' جس کی وجہ سے بے شمار درخت جڑوں سے اکھڑ کر زمین پر گر پڑے۔ اسی طرح اس گاؤں میں بھی ہوا۔ غریب دیہاتی لوگ چولہا جلانے کیلئے لکڑیاں اکٹھی کرنے لگے۔ چند آدمی اس قبرستان میں بھی پہنچ گئے۔ بہت بڑے بڑے دو ''کہو'' کے درخت گر گئے تھے' کہو کا درخت بڑا مضبوط ہوتا ہے اور پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ شاخیں کاٹ کاٹ کر لوگ گھروں کو لاتے رہے' اچانک ان میں ایک آدمی کی نظر جڑوں پر پڑی۔ اس نے انسانی لاشیں صحیح حالت میں دیکھیں جو تین چار آدمی وہاں شاخیں کاٹ رہے تھے ان کو بھی بلایا سب نے وہ لاشیں دیکھیں۔ ایک جوان العمر شخص تھا' کالی ڈاڑھی مبارک تھی' دوسرا ادھیڑ عمر کا بزرگ سفید ڈاڑھی مبارک تھی' لاشیں دیکھ کر مرے ہوئے نہیں لگتے تھے بلکہ ترو تازہ سوئے ہوئے لگتے تھے۔ کفن بوسیدہ ہوگیا تھا' جہاں پر مٹی گری وہاں سوراخ ہوگئے۔ دونوں کے ہاتھوں پر پسینہ انہوں نے خود دیکھا' پھر وہ لکڑیاں لے کر گھر پہنچے' دیہاتوں میں گھروں میں لوگ کم ہی ہوتے ہیں جو جو موجود تھا ان کو ساتھ لے کر دوبارہ لکڑیاں لانے اور ان لاشوں کو دیکھنے کیلئے لائے' حیرانگی کی بات یہ ہوئی کہ لوگوں کے پہنچنے سے پہلے ان درختوں کے تنوں کو کسی غیبی طاقت نے اپنی جگہ پر پھر اسی طرح کھڑا کردیا۔ باقی لوگ دیدار سے محروم ہوگئے اور جو شاخیں کاٹنی تھی وہ بھی نہ کاٹ سکے۔ جن لوگوں نے یہ واقعات اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں انہوں نے قسم اٹھا کر مجھے بتایا آج بھی وہ لوگ زندہ ہیں۔

اسی گاؤں میں ایک اور قدیم قبرستان ہے' جو گاؤں کے بالکل درمیان میں ہے' اس کے چاروں طرف قدیم زمانے کی ہی چاردیواری ہے۔ کسی کو خبر نہیں کہ اس میں کون مدفون ہیں' اس کی سائیڈوں پر راستے ہیں جو بھی ادھر سے گزرتا ہے دعائے مغفرت کرتا ہے' اسی قبرستان میں قبروں کے نشان تک مٹ چکے ہیں۔ اس کے اوپر خاردار جھاڑیاں اگی ہوئی ہیں۔ اس قبرستان میں ایک بزرگ کی قبر ہے جو کہ بہت زیادہ بوسیدہ ہوچکی تھی' لوگ بہت زیادہ تعداد میں وہاں آکر فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ دوسرے گاؤں سے ایک شخص اپنی اہلیہ کی بیماری کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھا' اس نے یہاں آکر فاتحہ خوانی کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ یا اللہ میری اہلیہ کو صحت دے دے میں اس بزرگ کی قبر مرمت کروادوں گا۔ خدا کی قدرت اس کی اہلیہ صحت یاب ہوگئی' اب اس نے اپنی کہی بات پوری کرنی تھی' اس نے گاؤں کے دو مزدور لیے ان کو سیمنٹ ریت اور دوسرا سامان لاکر دیا اور مزدوری دے کر چلا گیا کہ آپ ان بزرگ (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

میں عبقری اور ایڈیٹر عبقری کی سب سے بڑی مخالف تھی مگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری نے مجھے کیا دیا یہ بعد میں بتاؤں گی۔ پہلے یہ بتانا ضروری سمجھتی ہوں کہ پہلے اگر میرے ساتھ یا گھر میں کوئی عبقری کی بات کرتا تو بغیر عبقری پڑھے بغیر ایڈیٹر عبقری کے بارے میں جانے بلاوجہ مخالفت کرتی کہ اس میگزین نے لوگوں کے دماغ خراب کررکھے ہیں' الٹی سیدھی باتیں لکھتے ہیں۔ خود سے مضامین بناتے ہیں۔ مگر ایک دن گھر میں پڑا دیکھا تو اٹھا کر پڑھنا شروع کردیا' ایک عجب سکون سا ملا' بس پھر چوری چھپے پڑھنا شروع کردیا اور آہستہ آہستہ عبقری کی قائل ہوگئی اور اپنے گناہ کی اللہ رب العزت سے گڑگڑا کر معافی مانگی اور ایڈیٹر عبقری سے بھی معافی مانگتی ہوں۔ عبقری پڑھنے سے مجھے بہت فائدہ ہوا' اللہ تعالیٰ نے شفاء سے نواز دیا' آپ کے درس انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے سنتی ہوں' سب کو بتاتی ہوں اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اب کوئی میری بات کو رد نہیں کرتا' لوگوں کو عبقری میگزین دینے شروع کیے' جنہوں نے پڑھا اور اس میں موجود نسخہ جات اور وظائف پڑھے سب کو بہت فائدہ ہوا۔ زندگی میں اتار چڑھاؤ آئے' لوگوں نے میری خوب مخالفت کی' مگر میں نے ہمیشہ درگزر کیا اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھا' اللہ تعالیٰ نے میرا ہر قدم پر ساتھ دیا' میں اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کے ساتھ اکیلی گھر میں رہتی' راتوں کو ڈر جاتی' جاگ کر ساری رات گزارتی۔ مگر زبان پر اُف تک نہ آیا' والدین نے نازنخروں سے پالا تھا' دکھ تکلیف کبھی دیکھی ہی نہ تھی' لیکن شادی کے بعد سب کچھ الٹ ملا۔ اللہ تعالیٰ کے سہارے اور اللہ تعالیٰ کے نام اور چھوٹا سا وظیفہ ہر قدم پر میرے ساتھ رہا۔ زندگی میں جو جو سختیاں آئیں میں لکھ نہیں سکتی مگر جو وظیفہ کرتی تھی وہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ تھا۔ اس کی بدولت میں ہر پریشانی سے نکل آتی اور مجھے پتہ بھی نہ چلتا۔ مشکلات آتیں لیکن ان کا حل بھی نہ جانے کدھر سے نکل آتا اور اکثر حیران ہوتی اور اس وظیفے کی تعداد زیادہ کردیتی۔ میں برکت والی تھیلی کا عمل بھی کرتی ہوں' دفتر ماہنامہ عبقری سے برکت والی تھیلی منگوا رکھی ہے صبح و شام اس پر 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرتی ہوں اور جب بھی پیسے نکالنے یا رکھنے ہو ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر پھونک ماردیتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے برکت ہی برکت ہے' اس عمل سے بہت مشکلات حل ہوئیں۔ حقیقت میں ماہنامہ عبقری میرا دکھ سکھ کا ساتھی ہے۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

ذلت کے گڑھے سے نکلنے کا عمل: اسم مبارک یَامُذِلُّ کو بکثرت پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ذلت کے گڑھے سے نکال عزت و مرتبہ عطا فرماتا ہے۔(ان شاء اللہ)

میتھی دانے کا کمال | **بالوں کی بیماری اور شفاء** | **میرے والدین اچھے نہیں**

مجھے الرجی ہے! | **بازاری کاسمیٹکس کا کمال اور علاج** | **خدارا گھر کی دہلیز نہ پھلانگئے**

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

مجھے کوئی مفید مشورہ دیں: میں ایلوپیتھک دوا کھا اور مرہم لگا لگا کر تھک گئی ہوں۔ میرے سر میں خشکی ہے جو بڑھ کر پھیل جاتی ہے‘ کسی طرح ٹھیک نہیں ہوتی۔ یہی خشکی اب چہرے پر آ گئی ہے۔ دو تین ہفتے انگریزی دوا سے آرام رہتا ہے پھر وہی مرض شروع ہو جاتا ہے۔ میں ایف اے کی طالبہ ہوں‘ پڑھائی پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ مجھے کوئی مفید مشورہ دیجئے۔ (ا۔س‘ چکوال)

مشورہ: بی بی! بالوں کی یہ بیماری بہت پریشان کن ہے۔ خشکی چہرے اور جسم کو بھی داغدار کر دیتی ہے۔ مکمل شفاء نہیں ہوتی بلکہ بال گرنے لگتے ہیں۔ اگر صرف خشکی کی تکلیف ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ ساتھ آپ کوئی بھی خون صاف کرنے والی دوا لے سکتی ہیں۔ طب نبوی ﷺ میں اس کا علاج یہ ہے۔ سرکے میں کلونجی‘ میتھی دانہ‘ مہندی کے پتے پانچ منٹ ابال لیں پھر انہیں چھان کر بالوں کی جڑوں میں صبح شام لگائیں۔ سرکہ بھی پھلوں کا ہونا چاہیے‘ دوسرا نہیں ورنہ نقصان ہوتا ہے۔ بیکوزائم فورٹ کی گولیاں منگوایئے اور روزانہ ایک گولی کھایئے‘ اس میں وٹامن بی ٹی ہے۔ اس سے فرق پڑے گا۔ ہری سبزیاں اور دہی کھایئے۔ دہی آپ چہرے پر بھی لگا سکتی ہیں۔

میتھی دانے کا کمال: آٹھ سال سے میری بچی کو منہ کی بدبو کی شکایت ہے۔ بے شمار ماؤتھ واش استعمال کئے‘ دوا لی مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ایک بات کہ میرے ناخن پر لکیریں پڑ جاتی ہیں حالانکہ کافی عرصے سے کیلشیم کھا رہی ہوں‘ مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ (سویرا‘ کینیڈا)۔

مشورہ: بہن! آپ بچی کو میتھی دانہ کی چائے تین ہفتے بعد دو چار روز کا ناغہ کر کے پھر ایک روز پلا دیجئے۔ اب ویسے بھی سردیاں ہیں‘ یہ چائے زکام اور نمونیہ تک میں مفید ہے۔ پھلوں کے سرکے میں مہندی گھول کر روزانہ ناخنوں پر لگایئے‘ ہفتہ میں ایک دو بار لہسن پیس کر ناخن پر لیپ کیجئے اور کیلشیم بھی کھاتی رہیئے۔ سرکہ اور مہندی لگانے سے افاقہ ہوگا۔

میرے والدین اچھے نہیں: ”ہم چار بہنیں ہیں“ ہمارے والدین ہم سے اچھا سلوک نہیں کرتے۔ میں بی اے کر چکی ہوں۔ دوسری بہنیں دسویں اور نویں کی طالبہ ہیں۔ ہمیں کہیں نوکری مل سکتی ہے؟ ہم چاروں بہنیں والدین کی وجہ سے گھر چھوڑنا چاہ رہی ہیں۔ ہر وقت کی ڈانٹ ڈپٹ اور روک ٹوک ہمیں اچھی نہیں لگتی‘ والد ہمیں کبھی پیار نہیں کرتے جبکہ ماں صرف ڈانٹتی ہیں۔ ہمارا گھرانہ بہت دیندار اور خوشحال ہے۔ پتہ نہیں ہمارے والدین کیسے ہیں جن کو اپنی اولاد سے ذرہ بھر محبت نہیں۔ مشورہ دیجئے کہ میں بہنوں کو لے کر کہاں جاؤں اور کس طرح خود کفیل ہو جاؤں؟ (ج۔ملتان)

مشورہ: ج بی بی! آپ کا خط ملا۔ یہ پڑھ کر بڑی حیرانی ہوئی کہ آپ اپنے والدین سے نالاں ہیں۔ انہوں نے آپ کو پالا پوسا اور بڑا کیا۔ آپ نے نوزائیدہ بچہ دیکھا ہے؟ چہرے سے مکھی بھی نہیں اڑا سکتا۔ ماں نے دودھ پلایا‘ راتوں کو جاگ کر پرورش کی اور آپ کو پڑھایا یہ سب کچھ آپ نے تو نہیں کیا۔ والدین ہی نے آپ کو سکول کالج میں داخلہ دلایا‘ کتابیں لے کر دیں اور سارے اخراجات اٹھائے۔ آج کی مہنگائی کے دور میں چار بچیوں کی تعلیم کے اخراجات اٹھانا آسان نہیں۔ اس کے باوجود آپ والدین سے شاکی ہیں۔ والدہ ڈانٹ ڈپٹ یونہی نہیں کرتی ہوں گی کوئی وجہ ضرور ہوگی‘ آپ ٹھنڈے دل سے بیٹھ کر سوچئے۔ آپ والدین کے لئے خود کیا کر رہی ہیں؟ ان کی خدمت کرتی ہیں؟ ان کے کاموں کا خیال رکھتی ہیں؟ آپ نے ان کے لئے کیا کچھ کیا ہے؟ میں آپ کو ایک حدیث سناتا ہوں‘ ایک آدمی نے رسول پاک ﷺ سے پوچھا ”اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟“ آپ ﷺ نے فرمایا ”تیری ماں۔“ اس کے بار بار سوال کرنے پر آپ ﷺ نے تین بار یہی بات دہرائی اور چوتھی بار فرمایا ”تیرا باپ۔“ (بخاری و مسلم)۔

آپ نے یقیناً یہ حدیث پڑھی ہوگی۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا ”اس کی ناک خاک آلود ہو۔“ یہ بات تین بار دہرائی۔ لوگوں نے پوچھا ”اے اللہ کے رسول ﷺ! کون ذلیل ہو۔“ آپ ﷺ نے فرمایا ”وہ شخص جس نے والدین میں سے ایک یا دونوں کو پایا پھر ان کی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہو۔“ آپ خود دیکھئے کہ ماں باپ کا کتنا درجہ ہے۔ ایک شخص رسول پاک ﷺ کی خدمت اقدس میں آ کر جہاد کا ارادہ ظاہر کرتا ہے۔ رسول پاک ﷺ فرماتے ہیں۔ ”تیری ماں ہے؟“ اس نے کہا۔ ”ہاں۔“ آپ ﷺ نے فرمایا ”جا اس کی خدمت میں لگا رہ۔ جنت اس کے پاؤں کے نیچے ہے۔“ تین بار یہی جواب مرحمت فرمایا۔ ج بی بی! آپ اپنے ساتھ باقی بہنوں کی زندگی بھی تباہ کر رہی ہیں۔ جوان بچیوں کی سب سے بڑی پناہ گاہ ماں باپ کا گھر ہے جس دن آپ نے اسے چھوڑا ذلت و رسوائی آپ کا مقدر بن جائے گی۔ ابھی وقت ہے‘ ٹھنڈے دل سے اپنا محاسبہ خود کیجئے۔ والدہ سے معافی مانگیے اور اپنے ماں باپ کی خدمت کیجئے۔ آپ کی عمر پڑھنے کی ہے‘ نوکری کرنے کی نہیں۔ میرے پاس کئی بچیوں کے اسی قسم کے خط آتے ہیں‘ سب کو یہی سمجھاتا ہوں کہ ماں باپ سے بڑی نعمت کوئی نہیں۔ جو بچیاں گھر کی دہلیز پھلانگ جاتی ہیں وہ تمام عمر پچھتاتی ہیں۔ خدا کے لئے آپ یہ غلطی نہ کیجئے گا۔ چھوٹی بہنوں کو بھی سمجھایئے اور والدین کا کہنا مانیئے۔

الرجی کا علاج: ”مجھے الرجی ہے لیکن میں کوئی دوا کھا نہیں سکتی کیونکہ چہرے پر دانے نکل آتے ہیں‘ چھینکوں کی وجہ سے تو میں بہت پریشان ہو جاتی ہوں۔“ (ا، لاہور)

مشورہ: (ا) بی بی! آپ کو اپنا علاج تو کرانا پڑے گا۔ بغیر علاج کے الرجی ٹھیک نہیں ہوگی۔ ایک بار میں نے شہتوت کے بارے میں لکھا تھا۔ شہتوت کے موسم میں شہتوت کھانے سے چھینکوں اور ناک بہنے میں بہت فرق پڑتا ہے۔ اب جب شہتوت آئیں آپ ضرور کھا کر دیکھئے گا۔ اللہ تعالیٰ نے پھلوں میں بہت اثرات رکھے ہیں۔ ان کے کھانے سے فائدہ ہی فائدہ ہوتا ہے۔

بازاری کاسمیٹکس کا کمال: ایک بڑے سٹور پر میں نے ہربل جل خریدی اور رات کو لگائی۔ اس میں پپیتے کا عرق اور وٹامن ای شامل تھا۔ ایک ہی رات میں آنکھوں کے اطراف پر لکیریں نمودار ہو گئیں اور پپوٹوں پر بھی۔ اب میں کیا کروں؟ سخت پریشان ہوں۔ (سائرہ شکیل‘ اسلام آباد)

مشورہ: سائرہ بی بی! کاسمیٹکس والے جوان بچیوں کے لئے نت نئی کریمیں اور جیل بناتے ہیں اور رنگ نکھارنے اور خوبصورتی کو بڑھانے کے لئے اس میں وٹامن ای شامل کر دیتے ہیں۔ یہ چیزیں انتہائی مہنگی ہوتی ہیں اور کبھی کبھی کسی کو موافق بھی نہیں آتیں۔ آپ اپنی جلد پر اب صرف دہی ملئے۔ دہی میں تھوڑا سا کیلا کچل کر ملایئے اور صبح شام دس منٹ کے لئے لگا رہنے دیں پھر بیسن سے منہ دھو لیجئے۔ گھیکوار جسے عرف عام میں کوارگندل کہتے ہیں‘ مل جائے تو اس کا گودا بھی پانچ منٹ کے لئے چہرے پر لگایئے‘ اس سے بھی فرق پڑ جائے گا۔ کھیرا کاٹ کر اس کے قتلے آنکھوں کے اوپر پانچ منٹ رکھئے‘ سکون ملے گا۔ جب بھی کوئی کریم خریدیں تو پہلے اسے کہنی پر دس منٹ کے لئے لگا کر دیکھئے۔ جلد میں سوزش نہ ہو تو پھر چہرے پر لگایئے۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

خوشامدی شخص: خوشامدی شخص ہمیشہ تمہاری برائیوں اور بھلائیوں دونوں کو پسندیدہ بتلائے گا۔ **لوگوں کا حق:** جس نے اللہ تعالیٰ کا حق نہیں جانا' اس نے لوگوں کا حق نہیں جانا۔

ہفتے میں دوبار ڈائیلاسسز کروانے والے یہ نسخہ آزمالیں!

جن لوگوں کو گردے کی وجہ سے سوجن ہے اور مسلسل صرف جَو ابال کر پئیں اس سے ان کے جسم اور گردے کی سوجن ختم ہوجائے گی۔ یہ طریقے بارہا کے آزمائے ہوئے ہیں ڈاکٹروں حکیموں اور طرح طرح کے ٹیسٹوں کے ستائے ہوئے لوگ ایک دفعہ یہ نبوی نسخہ ضرور آزمائیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کسی تعریف کا محتاج نہیں اور یقیناً سماج میں پھیلے ہوئے بے پناہ مسائل کا حل اس میں موجود ہوتا ہے چاہے وہ لاعلاج بیماریاں' ذہنی پریشانی' مالی' جھگڑے' سسرالی تنازعات' میاں بیوی کی ناچاقیاں' بچوں کی نافرمانیاں' ساس کے طعنے' بہو کے رویے' ماؤں کے دکھ یا بیٹیوں کی بے اعتنائیاں غرض معاشرے میں پھیلے ہر غلط پہلو پر آزمودہ تحریریں' مستند وظائف آسان ٹوٹکے ہر چیز اس میں میسر یعنی پریشانی اور حل کے درمیان صرف اللہ کی ذات ہے۔ اس پردے کو ہٹانے کیلئے عبقری سرتوڑ کوشش میں ہے اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کو جو دامے درمے قدمے سخنے اس میں حصہ لیتے رہے' کامیابیاں دائمی عطا کرے! میرے پاس گردے کی لاعلاج بیماریوں یعنی گردے کا درد، خون آنا پیپ آنا، انفیکشن کی وجہ سے سوزش، سوجن گردے کی پتھری، گردے کا سکڑ جانا، گردے کا کینسر، ڈائیلیسز وغیرہ میں مفید مستند آزمودہ طب نبوی ﷺ کا باربار کا آزمایا نسخہ ہے۔ قارئین کے گردوں کے مسائل کا حل اور ساتھ سنت نبوی ﷺ پر عمل کا ثواب الگ، خود آزمائیں دوسروں کو بتائیں اور دنیا آخرت کا ثواب پائیں، نسخہ درج ہے۔

ھوالشافی: جَو ایک پیالی' پانی پندرہ پیالی' زیتون کا تیل آدھ پیالی' شہد آدھ پیالی۔ ترکیب: جَو موٹے موٹے کوٹ کر پانی میں ڈال کر ابالیں جب پانی دس کپ رہ جائے تو جوسر (بلینڈر) میں چلا کر چھان کر رکھ لیں۔ صبح نہار منہ ایک پیالی پانی جَو کا لیں' ایک چمچ شہد' ایک چمچ زیتون کا تیل ڈال کر پی لیں' اسی طرح رات کو بھی پئیں پندرہ دن اسی طرح پئیں اگر تکلیف زیادہ ہے تو مقدار بڑھا کر ایک گلاس پانی' دو چمچ شہد' دو چمچ زیتون کا تیل ڈال کر صبح شام پئیں۔ اگر گردے میں پتھری ہے تو ساتھ لیموں اس پانی میں نچوڑ کر استعمال کریں یعنی جَو کا پانی' زیتون کا تیل' شہد اور ایک چمچ لیموں کا رس پندرہ دن پئیں۔ جو لوگ صرف گردے کے درد والے ہیں وہ نہار منہ ایک گلاس پانی اُبلا ہوا نیم گرم لیکر صرف دو چمچ شہد کر ڈال کر پئیں۔ جن لوگوں کو گردے کی وجہ سے سوجن ہے اور مسلسل صرف جَو ابال کر پئیں اس سے ان کے جسم اور گردے کی سوجن ختم ہوجائے گی۔ جن لوگوں کو پتھری ہے وہ اگر جَو نہ استعمال کرنا چاہیں تو ابلے پانی میں شہد' زیتون کا تیل اور لیموں کا رس استعمال کرسکتے ہیں۔

یہ طریقے بارہا کے آزمائے ہوئے ہیں ڈاکٹروں حکیموں اور طرح طرح کے ٹیسٹوں کے ستائے ہوئے لوگ ایک دفعہ یہ نبوی نسخہ ضرور آزمائیں آرام آنے پر دعاؤں میں یاد رکھیں اور سنت نبوی ﷺ کو جاری کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی حفظ و ایمان میں رکھے۔ آمین!

پھٹکڑی' نیم گرم پانی اور بیمار آنکھ ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے بیٹی کے گھر گیا' سیڑھیوں پر پڑا ہوا ایک رسالہ دیکھا' شاید نیچے والے کرایہ داروں کا تھا' اخبار والا پھینک گیا' پہلی بار دیکھتے ہی اچھا لگا' ایک ایک لفظ پڑھا اور ایک دن میں ہی ختم ہوگیا' پھر خود گھر لگوایا اور اب ہر ماہ عبقری میرے گھر آجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے اس دور میں دکھی لوگوں کی خدمت ہورہی ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو ہمت دے' اس مصروفیت میں لوگوں کیلئے وقت نکالنا' ہفتہ وار درس' مہینہ وار دم' دوسرے شہروں کے پروگرام' ادویات' فون' یہ سب اللہ کی توفیق سے ہے کہ آپ ہر کسی کو وقت دے رہے ہیں۔ ماشاء اللہ عبقری بہت ہی اچھا ہے' میں پڑھ کر آگے لوگوں کو پڑھنے کیلئے دے دیتا ہوں۔ ہر کوئی مستفید ہورہا ہے۔ ایک ٹوٹکہ عبقری کیلئے حاضر ہے:۔

میری نواسی پیدا ہوئی' اس کی آنکھ سے ہر وقت پانی بہتا رہتا تھا' اسلام آباد کے ایک بڑے ہسپتال میں دکھایا انہوں نے کہا تین ماہ یہ دوائی استعمال کریں اور شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے ناک کو نیچے کی طرف مالش کرتے رہیں۔ مشکل کام تھا' بیوی نے کہا بزرگ (یعنی والدہ' دادی) ایک ٹوٹکہ استعمال کرتے تھے کہ ہلکا گرم پانی کرکے اس میں پھٹکڑی ڈال کر یعنی آدھ کپ نیم گرم پانی میں پھٹکڑی کی ڈلی دو مرتبہ گھمانی ہے پھر روئی سے آنکھ صاف کرنی ہے۔ ہم نے یہ ٹوٹکہ صرف دو دن کیا' نواسی کی آنکھ بالکل ٹھیک ہوگئی اور پھر کبھی پانی نہ نکلا۔ الحمدللہ! ایک چھوٹے سے ٹوٹکے نے ہمیں تین ماہ کی ادویات سے بچایا اور بچی کو دو دن میں صحت عطا ہوگئی۔ (محمد اسلم ملک' اسلام آباد)

میں تو فرسٹ آئی ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس سٹوڈنٹس کیلئے ایک خاص عمل ہے:۔ امتحان میں کامیابی کیلئے اول وآخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ 9 تسبیح (100 دانوں والی تسبیح) عشاء کے بعد پڑھیں۔ تین مہینے' یا جب تک مقصد پورا نہ ہوجائے۔ میں نے جب بھی کیا مجھے کامیابی ہوئی اور اول پوزیشن بھی آئی۔ قارئین پیپرز سے پہلے یہ عمل شروع کریں اور رزلٹ تک کریں۔ (پوشیدہ)

(بقیہ: صدیوں پرانے قبرستان میں موجود شہدا کی کھلی قبروں کا نظارہ)

کی قبر اچھی طرح مرمت کردو۔ ان دونوں نے ذرا ذرا کھود کر قبر تلاش کرلی' دونوں نے جب چلو سے مٹی ہٹائی تو ایک دوسرے سے کہنے لگے: ولی اللہ ہوں یا شہید ان کا جسم سلامت رہتا ہے' سر کی طرف سے ہٹا کر دیکھتے ہیں' اسی بہانے ولی اللہ کا دیدار بھی ہوجائے گا۔ دونوں سر کی طرف سے کھود کر سلیب (چھل) ہٹا دیکھنا چاہا تو دیکھتے ہی دیکھتے قبر آپس میں مل گئی اور زمین میں ایک زلزلہ سا آیا۔ وہ دونوں بہت زیادہ ڈر گئے اور فوراً وہ سلیب واپس رکھی' اوپر مٹی ڈال کر اردگرد سیمنٹ پتھر لگا کر جوڑ دیا' بندہ ناچیز کو انہوں نے یہ واقعہ حلفیہ کئی دوسرے لوگوں کی موجودگی میں بتایا تھا۔ یہ حیران کن واقعات ہیں جو میں قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ علماء سے واقعہ کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ہوسکتا ہے یہ قبر کسی شہید عورت کی ہو اس لیے اللہ نے زمین ملا دی ہو کہ اس کے جسم پر کسی غیر کی نظر نہ پڑے۔ اللہ ہی قادر مطلق ہے' وہی ان رازوں کو جانتا ہے۔

(بقیہ: بیٹیوں کا رشتہ نہیں آتا؟ قرآن پر غلاف چڑھائیے پھر دیکھئے!)

پڑا ہے' اس میں ایک کتاب بھی گرد آلود' مٹی آلود موجود تھی۔ میں نے اس کتاب کو کپڑے سے اس کی مٹی صاف کرلی اور کمرہ میں بریکٹ پر لیجا کر کپڑے میں لپیٹ کر رکھ دی۔ پھر میں گائے کا دودھ دھونے بیٹھی تو گائے نے کچھ بھی نہ کہا اور شرافت سے مجھے دودھ دھونے دیا' میں حیران ہوگئی' دوسری حیران کن بات یہ ہوئی کہ دودھ پہلے سے دگنا دیا' میں سمجھ گئی کہ یہ اس کتاب کی برکت ہے' میں نے خاوند کو یہ کتاب دکھائی تو خاوند نے کہا: اری یہ تو مسلوں (مسلمان) کی کتاب قرآن ہے۔ میں نے ریشمی رومال منگوا کر اس قرآن پر لپیٹ دیا۔ پھر میرے خاوند کی آمدنی میں اچانک اضافہ ہونا شروع ہوگیا' میں نے ایک اور ریشمی رومال منگوا کر قرآن پر لپیٹ دیا۔ پھر تو ہمارے دن ہی پھر گئے۔ گھر میں دودھ کی کثرت' میاں کی آمدنی میں اضافہ' میں روز اس قرآن کو اچھی طرح صاف کرکے دوبارہ رکھ دیتی ہوں' یہ کہہ کر سکھ کی بیوی نے اندر کمرے میں گئی اور قرآن پاک کو انتہائی ادب کے ساتھ اٹھا کر لے آئی' اور مسلمان مسافر کو وہ قرآن پاک کا نسخہ دکھایا' مسلمان نے دیکھا کہ قرآن پاک پر پانچ ریشمی رومال انتہائی خوبصورت انداز میں لپیٹ رکھے تھے۔ مسلمان کی آنکھوں میں انسو آگئے اس نے ادب کے ساتھ قرآن پاک کو چوما اور دوبارہ اس سکھ بہن کے حوالے کردیا۔ قارئین! قرآن پاک کی حفاظت کرنا خدا کی سنت ہے' حفاظت کے سینکڑوں طریقے ہیں' ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ اس کو گرد وغبار سے بچایا جائے' اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس پر انرکور اور پھر غلاف چڑھایا جائے۔ پچاس سال تک لوگ چولی اور جزدان چڑھاتے تھے اب نئی نسل چولی (انرکور) کا نام بھی نہیں جانتی۔ جس قرآن پاک پر چولی اور غلاف ہوتا تھا اس کے صفحہ کی عمر زیادہ ہوتی تھی۔ وہ ہاتھوں سے میلا ہونے سے محفوظ رہتا ہے' بغیر غلاف کے اگر قرآن پاک رکھا ہو تو لوگ اس کو عام کتاب کی طرح سمجھتے ہیں۔ قرآن پاک کا لباس غلاف ہے' میری بچی عمرہ پر گئی تو کافی زیادہ غلاف سلوا کر ساتھ لے گئی جبکہ میں انگلینڈ سے اور دوسرے ممالک سے آئی ہوئی عورتوں کو غلاف تحفے میں دیتی ہوں' خواتین بہت خوش ہوتی ہیں اور اپنے اپنے ملک لے کر گئیں ان میں بعض ایسی تھیں جنہوں نے پہلے کبھی غلاف دیکھا ہی نہیں تھا۔ اگر غلاف چڑھانے سے یہ برکات ہیں تو روزانہ قرآن کی زیارت اور تلاوت کرنے والے کو کتنی برکات ملتی ہوں گی!

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

بے شمار بیماریاں علاج یہ چٹنی: امراض معدہ کیلئے یہ چٹنی بنا کر استعمال کریں' انار دانہ' پودینہ' ادرک اور لہسن کو رگڑ کر بطور چٹنی استعمال کرنے سے امراض معدہ میں بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

سورت لکھی ڈبہ میں بند کی اور رشتوں کی لائن لگ گئی

آسان نسخے سے کمی خون پوری کریں

عظیم تحفہ نبوی ﷺ عرق گلاب سے شوگر کا علاج

نزلہ زکام جتنا پرانا ہو اتنا آزمودہ تین انڈوں کا نسخہ

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ' ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے' یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

سورت لکھی' ڈبہ میں بند کی اور رشتوں کی لائن لگ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام وعلیکم! میری شادی کو دو ماہ ہوئے ہیں۔ پہلے میری شادی ہوئی لیکن طلاق ہو گئی۔ پھر میں نے انٹرنیٹ سے عبقری کی ویب سائٹ سے کچھ معلومات و وظائف اکٹھے کئے میں طلاق کی وجہ سے بہت پریشان تھی۔ اللہ پاک نے عبقری ویب سائٹ سے وظائف پڑھنے اور میری دعاؤں کا صلہ دیا اور مجھے نیک اور صالح پیار کرنے والا شوہر عطاء فرمایا۔

میرا ایک آزمایا ہوا عمل ہے جو میں عبقری قارئین کو بتانا چاہتی ہوں مجھے اس سے بہت فائدہ حاصل ہوا پہلے تو کوئی رشتہ نہیں مل رہا تھا لیکن جب میں نے یہ عمل کیا تو میری زندگی بدل گئی عمل یہ ہے کہ سورۃ الاحزاب کو ایک کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبے میں بند کر کے رکھ دیں اور نیک اور اچھے رشتے آنے لگتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا جس دن میں نے سورۃ احزاب لکھ کر ڈبے میں بند کر کے رکھی تو ہمارے گھر بہت سے رشتے آنے لگے۔ میری امی دیکھ کر حیران تھیں کہ یہ کتنا حیران کُن عمل ہے اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے بابرکت کلام کی بدولت مجھے اچھا گھر' اچھا شوہر مل گیا۔ میں ہر جمعرات کو درس میں شرکت کرتی ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں بتائے ہوئے وظائف کو شوق اور لگن سے پڑھتی ہوں' مجھے مکمل یقین ہے اللہ پاک میری دعاؤں کو ضرور سنے گا۔ ان شاء اللہ۔ شادی کے لئے یَالَطِیْفُ کا ورد بڑا کارآمد ثابت ہوا۔ اللہ پاک نے مجھے اتنا اچھا شوہر عطاء کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کر سکتی جتنا بھی کروں کم ہے۔ آمین!۔ (مسز خرم ظہیر خان)

عظیم تحفہ نبوی ﷺ عرق گلاب سے شوگر کا علاج

کچھ عرصہ قبل ایک تحریر نظر سے گزری کہ اہل اللہ میں سے ایک بزرگ کو خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے انہیں شوگر کے مرض کے لئے عرق گلاب میں پانی ملا کر استعمال کرنے کا فرمایا لیکن اس واقعہ کی تصدیق نہیں ہو رہی تھی لوگ یہ خواب مختلف لوگوں کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ جستجو کے بعد بالآخر جو حقیقت معلوم ہوئی وہ اس طرح ہے۔ ''شیخ الحدیث جناب مولانا سید جاوید شاہ'' آپ نے جناب شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک کے حوالے سے ارشاد فرمایا کہ ان کے ایک بزرگ کو جو اہل اللہ میں تھے اور شوگر کے مریض تھے حضور اکرم ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ حضور اکرم ﷺ نے انہیں فرمایا (جس کا مفہوم ہے) شوگر کا علاج عرق گلاب میں تھوڑا سا پانی ملا کر پینے میں ہے۔ اس زیارت کی تصدیق استاد الحدیث فضل الرحمٰن اپنی مجالس میں کر چکے ہیں۔

بخاری شریف کی حدیث ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جس نے خواب میں میری زیارت کی اس نے واقعتاً میری ہی زیارت کی'' شیطان کے بس میں یہ بات نہیں کہ وہ میرے حلیہ میں آسکے۔ بحمدہ تعالیٰ۔ شوگر کے مریضوں کے لئے یہ عظیم تحفہ نبوی ﷺ ہے۔ بہت سے شوگر کے مریضوں نے عرق گلاب پانی میں ملا کر استعمال کیا جس کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوئے' شوگر بالکل نارمل ہو گئی اور لبلبہ نے کام شروع کر دیا شوگر کے مریض عرق گلاب خالص استعمال کریں اور اگر ایرانی عرق گلاب ہو تو تجربے سے معلوم ہوا کہ نتائج بہتر برآمد ہوتے ہیں۔ گزارش! اللہ اس تحفے کو میری بھی نجات کا سبب بنائے اور جو اسے دوسروں تک پہنچائے اس کے لئے بھی نجات کا سبب بنائے یہ دعا ضرور کریں (محمد عبداللہ' جام پور)

آسان نسخے سے کمی خون پوری کریں

میری عزیزہ ہی ہیں ان کی طبیعت کافی ناساز تھی' چیک اپ کرایا تو معلوم ہوا کہ ان کا ایچ بی صرف آٹھ ہے جبکہ خواتین کا نارمل ایچ بی تیرہ ہوتا ہے۔ وہ خاتون بہت پریشان ہوئیں کیونکہ بقول ڈاکٹر کے مریضہ کو بلڈ ڈرپ لگے گی اور وہ بلڈ ڈرپ لگوانے کو تیار نہیں تھیں۔ اسی پریشانی میں ایک ہفتہ گزر گیا نہ تو وہ ڈاکٹر کے پاس جانے کو تیار تھیں اور نہ ہی اس مرض کا علاج سمجھ میں آرہا تھا۔ ایک روز ایک خاتون عیادت کو آئیں انہوں نے ایک نسخہ بتایا وہ کہنے لگیں صرف ایک ماہ یہ نسخہ استعمال کریں ان شاء اللہ آپ کا مرض ٹھیک ہو جائے گا۔ اللہ نے اناج میں بہت برکت رکھی ہے۔ ھوالشافی: کالے چنے دیسی جو عموماً بھٹی پر بھونے جاتے ہیں' وہ چنے لے لیں' ایک جار بھر لیں اور اس جار کو اپنے ساتھ رکھیں' وہ چنے مسلسل کھائیں اور چبا چبا کر کھائیں۔ اگر دانت کمزور ہوں تو کونڈی پتھر کی لے لیں اس میں کوٹ لیں' اس طرح بھی کھا سکتے ہیں۔ اس خاتون کی تو امید بر آئی کہ اتنے آسان نسخے سے بھی ٹھیک ہو سکتی ہوں۔ اس مریضہ نے فوراً کالے بھنے ہوئے چنے منگوائے' جار بھر کر اپنے ساتھ ہی رکھ لیا۔ رات دن چنے کھانے شروع کر دیئے' ایک ماہ کے بعد ڈاکٹر کے پاس چیک اپ کیلئے گئیں تو معلوم ہوا کہ ایچ بی تو تیرہ کے بجائے چودہ تھا۔ ڈاکٹر نے چیک اپ والی رپورٹ دیکھی تو بہت حیران ہوا بغیر ڈرپ کے ایچ بی بحال کیسے ہوا۔ ڈاکٹر کو تفصیل بتائی گئی تو ڈاکٹر صاحب خود حیرت میں ڈوب گئے۔ مزید آسانی کیلئے یہ نسخہ ایسے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

ھوالشافی: کالے چنے کچے دیسی ایک پاؤ لے کر رات کو چار گلاس پانی میں بھگو دیں' صبح کو پتیلا چولہے پر رکھ دیں اور صرف حسب ذائقہ نمک ڈالیں' دھیمی آنچ پر پکنے دیجئے' دو گلاس پانی رہ جائے تو اس پانی کو دن بھر پئیں اور ابلے ہوئے چنے کھائیں۔ نسخہ نمبر 2: آدھ کلو کالے چنے کچے دیسی لیں' اور انہیں پانی میں بھگو دیں' جب بھگونے لگیں تو اس میں ایک چٹکی میٹھا سوڈا ڈال دیجئے۔ پھر تین گھنٹوں کے بعد ان چنوں کو ایک بار پھر پانی سے دھو لیجئے' اب لہسن' پیاز' ادرک' ہلدی' پسی ہوئی مرچ' دھنیا پسا ہوا' نمک سب کچھ حسب ذائقہ اور حسب ضرورت پانی ڈال کر پکنے کیلئے رکھ دیں۔ جب گل جائیں تو اچھی طرح بھون لیجئے اور پھر پیاز اور کھیرا کاٹ کر چنوں پر ڈال کر کھائیں' بدن میں قوت آتی ہے' خون کی کمی نہیں ہوتی' نمازوں کی پابندی کریں۔ اللہ سے صحت' عافیت اور رحمت مانگا کریں۔ یَاقَوِیُّ یَامَتِیْنُ کثرت سے پڑھا کریں۔ (ذکیہ اقتدار' بہاولنگر)

قرآن پاک حفظ کرنے والے اسٹوڈنٹس کیلئے

اگر کوئی شخص قرآن مجید حفظ کرنا چاہے اور قرآن پاک یاد نہ ہو یا اُستاد کے بغیر یاد کرنا چاہے تو ان خواتین و حضرات کے لئے نادر و نایاب وظائف بیان کر رہا ہوں اگر فائدہ ہو تو دعاؤں کا خواستگار رہوں گا۔ وظیفہ 1۔ اگر کسی شخص کو قرآن مجید یاد نہ رہتا ہو یا کسی کا دل نہایت آسانی سے

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

شرف قبولیت: اگر کوئی نماز فجر کے بعد ہر روز اسم پاک یَا سَمِیْعُ کو 111 بار اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے' تو وہ جو بھی جائز دُعا اللہ تعالیٰ سے مانگے گا' قبول ہوگی۔ان شاءاللہ

قرآن مجید کو حفظ کرنے کو چاہتا ہو وہ شخص ہمیشہ گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اول وآخر پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھے۔

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ ﴿الحجر۹﴾

اور تا حفظ قرآن روز اس عمل کو کرے ان شاءاللہ تعالیٰ نہایت سہولت سے قرآن مجید حفظ ہوجائے گا۔وظیفہ۔2۔اگر کوئی شخص بے اُستاد قرآن مجید حفظ کرنا چاہے یا بھولے ہوئے قرآن مجید کو یاد کرنا چاہے اور ہر روز جب تک قرآن مجید یاد نہ ہو ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھے گیارہ مرتبہ اول وآخر درود شریف پڑھے آیت پاک یہ ہے۔وَاِنَّکَ لَتُلَقَّی الۡقُرۡاٰنَ مِنۡ لَّدُنۡ حَکِیۡمٍ عَلِیۡمٍ ﴿النمل۶﴾

انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد قرآن پاک یاد ہوگا جو درود پاک یاد ہو پڑھ سکتا ہے۔وظیفہ نمبر۔3۔جس شخص کو قرآن مجید یاد کرنا مقصود ہو وہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ باوضو قبلہ رخ ہو کر اس مبارک آیت کو تلاوت کرے جب فارغ ہو پانی پر دم کرکے قدرے پانی اپنے سینہ پر ملے باقی پانی پی لے اور ہمیشہ روز ایسا ہی کرتا رہے آیت شریف یہ ہے۔وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ﴿قمر۲۲﴾

وظیفہ نمبر۔4۔قرآن مجید یاد کرنے کے لئے ان مبارک آیتوں کا ایک سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ پڑھنا ہے نیز حافظہ کی ترقی کے لئے نہایت مجرب اور مفید ہے آیتیں یہ ہیں۔لَا تُحَرِّکۡ بِہٖ لِسَانَکَ لِتَعۡجَلَ بِہٖ ﴿۱۶﴾ اِنَّ عَلَیۡنَا جَمۡعَہٗ وَ قُرۡاٰنَہٗ ﴿۱۷﴾ فَاِذَا قَرَاۡنٰہُ فَاتَّبِعۡ قُرۡاٰنَہٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَیۡنَا بَیَانَہٗ ﴿القیمۃ۱۹﴾

نزلہ زکام جتنا پرانا ہو اتنا آزمودہ تین انڈوں کا نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس قارئین عبقری کیلئے کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین کی نذر کررہا ہوں:۔ پہلا ٹوٹکہ: ہمارے شہر سے آگے شکار پور کا علاقہ ہے وہاں ایک شخص بہت مشہور ہے کہ وہ نزلہ کھانسی کیلئے تین انڈے دیتا ہے' نزلہ زکام جتنا پرانا ہو دور ہوجاتا ہے۔میں نے بڑی مشکل سے وہ نسخہ حاصل کیا' قارئین کیلئے وہ لکھ رہا ہوں۔ھوالشافی: دو یا تین تولہ افیون لے کر دو لیٹر پانی میں ڈالنی ہے' اسی پانی میں تین خالص دیسی انڈے ڈال کر ابالیں' جب پانی ایک لیٹر رہ جائے تو انڈے نکال کر ایک انڈا روزانہ کھائیں۔تین دن میں ان شاءاللہ آپ کو صحت مل جائے۔دوسرا ٹوٹکہ: میں چھوٹا تھا تو مسجد میں مسافر حضرات آتے تھے' ایک جماعت کے امیر نے واقعہ سنایا کل ہمیں جنگل میں رات ہوگئی' ہم نے جنگل میں ہی پراؤ کیا' چاروں کونوں میں چار قل پڑھ کر پھونک ماردی' کہنے لگے: رات کے وقت کتنے ہی زہریلے سانپ' بچھو اور بہت چیزیں آئیں مگر ہمارے پڑاؤ کے اندر نہیں آسکے۔تیسرا ٹوٹکہ: ایک حدیث شریف نقل کرتا ہوں ہر صبح کو ہر آدمی کے ہر جوڑ اور ہڈی پر ایک صدقہ واجب ہوتا ہے(ابن ماجہ)' دوسری حدیث شریف میں ہے کہ آدمی میں 360 جوڑ ہیں اس کے ذمہ ضروری ہے کہ ہر جوڑ کی طرف سے ایک صدقہ کرے۔صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا۔اتنے صدقہ روزانہ کرنے کی طاقت کون رکھتا ہے؟ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر تسبیح صدقہ ہے' ہر تکبیر صدقہ ہے' لا الہ الا اللہ ایک مرتبہ کہنا صدقہ ہے' اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے' راستہ سے کسی تکلیف دینے والی چیز کا ہٹا دینا صدقہ ہے۔شیخ ابویزید رحمۃ اللہ علیہ قرطبی فرماتے ہیں میں نے یہ سنا کہ جو شخص ستر ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھے اس کو دوزخ کی آگ سے نجات ملے' میں نے یہ خبر سن کر ایک نصاب یعنی ستر ہزار کی تعداد اپنی بیوی کیلئے بھی پڑھا اور کئی نصاب خود اپنے لیے پڑھ کر ذخیرہ آخرت بنایا۔

ہمارے پاس ایک نوجوان رہتا تھا جس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ یہ صاحب کشف ہے' جنت دوزخ کا بھی اس کو کشف ہوتا ہے' مجھے اس کی صحت میں کچھ تردد تھا ایک مرتبہ وہ نوجوان ہمارے ساتھ کھانے میں شریک تھا کہ دفعتہً اس نے ایک چیخ ماری اور سانس پھولنے لگا اور کہا کہ میری ماں دوزخ میں جل رہی ہے اس کی حالت مجھے نظر آئی۔قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں اس کی گھبراہٹ دیکھ رہا تھا مجھے خیال آیا کہ ایک نصاب ستر ہزار کا ان نصابوں میں سے جو اپنے لیے پڑھے تھے اس کی ماں کو بخش دیا' میں نے اپنے دل میں چپکے ہی سے بخشا تھا اور میرے پڑھنے کی خبر بھی اللہ کے سوا کسی اور کو نہ تھی مگر وہ نوجوان فوراً کہنے لگا کہ میری ماں دوزخ سے ہٹادی گئی' قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ مجھے اس سے دو فوائد ہوئے ایک تو اس برکت کا جو ستر ہزار کی مقدار پر میں نے سنی تھی اس کا بھی تجربہ ہوا دوسرا اس نوجوان کی سچائی کا یقین ہوگیا۔میں نے جب یہ واقعہ پڑھا تو مجھے حضرت حکیم صاحب کا واقعہ یاد آیا کہ ایک شخص درس میں آتا تھا پر ایک دم اس نے آنا چھوڑ دیا کہتے ہیں بہت دنوں کے بعد وہ شخص آیا اور بتانے لگا میرا ایکسیڈنٹ ہوگیا تھا اور میں پندرہ دن کوما میں تھا' پھر کہنے لگا: ڈاکٹر حیران تھے آخر یہ انسان ایک دم کیسے صحیح ہوگیا' اور اس کی ہڈیوں میں کوئی فریکچر بھی نہیں آیا حالانکہ ایسے ایکسیڈنٹ والوں کی ہڈیاں سرمہ بن جاتی ہیں۔مزید فرمایا: وہ شخص بہت زیادہ اللہ کا ذکر کرنے والا ہے۔اسی طرح میرے بھائی کا ایکسیڈنٹ ہوا ان کی گاڑی کئی چکر کھا کر گری ڈرائیور کا انتقال ہوگیا پر بھائی کو گوشت پر ذرا سی خراش تک نہ آئی۔(اشتیاق احمد اعوان' سکھر)

بہتے نزلے کا آزمودہ شافی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس بہتے نزلے کا شافی علاج ہے' جو نسل در نسل آزمودہ ہے۔ایک عدد لیموں لے کر کھدر کے ایسے کپڑے سے جو پانی میں بھیگا ہوا ہو لپیٹ دیں اوپر چکنی مٹی کا لیپ کردیں۔اب ایک کڑھائی میں باریک ریت گرم کریں' پھر مذکورہ لیموں گرم ریت میں دبا دیں۔لیموں کو اس وقت ریت سے نکالیں جب اس کا بھرتہ سا بن چکا ہو۔کپڑا اتار کر لیموں سے گرم رس نکال لیں۔اس رس میں ایک چمچ شہد' ایک چٹکی پسی ہوئی کالی مرچ شامل کردیں' نیم گرم حالت میں ہی استعمال کرلیں۔اس نسخے کے تین چار روز کے استعمال سے شدید نزلہ میں فوری افاقہ دیکھا گیا ہے۔

کمر درد' اعصابی وجسمانی کمزوری ختم

کمر کا درد اگر اعصابی وجسمانی کمزوری کی وجہ سے رہتا ہو تو یہ نسخہ استعمال کرکے دیکھیں' نہ صرف کمر کے درد کیلئے مفید ہے بلکہ یہ مقوی دماغ و بدن کیلئے ہے۔حافظہ کو تیز کرتا ہے اور نسیان کو دور کرتا ہے۔جسمانی کمزوری دور کرتا ہے اور دماغی محنت کرنے والوں کیلئے ایک بیش بہا نعمت ہے۔ایک پاؤ چھوہارے لے کر اس کی گٹھلی نکال لیں اور ایک پاؤ بھنے چنے کا آٹا اور گندم کا نشاستہ بھی ایک پاؤ' چلغوزہ' بادام' پستہ پچاس گرام' شکر اور گھی آدھ آدھ کلو' دودھ دو لیٹر۔دودھ میں چھوہارے کو اچھی طرح پکائیں جب وہ پھول کر نرم ہوجائیں تو دودھ سے نکال کر پیس لیں پھر پسا ہوا چھوہارہ اسی دودھ میں دوبارہ ڈال دیں اب اس قدر پکائیں کہ دودھ گاڑھا ہوکر کھوئے میں تبدیل ہوجائے اس کے بعد گھی کو علیحدہ کسی برتن میں گرم کریں اس میں گندم کا نشاستہ اچھی طرح بھون لیں جب یہ سرخی مائل ہونے لگے تو بھنے ہوئے چنے کا آٹا اور چھوہارے اور دودھ کا کھویا ڈال کر اچھی طرح بھونیں جب خوشبو آنے لگے تو شکر ملا کر لکڑی کا چمچ چلاتے رہیں اور پھر جب گھی علیحدہ ہونے لگے تو تینوں میوے ہلکے کوٹ کر ڈال دیں اب کسی شیشے کے مرتبان میں محفوظ کرلیں۔دو چائے کا چمچ نہار منہ کھائیں۔یہ نسخہ مردوں' عورتوں کے مخصوص امراض کی بناء پر پیدا ہونے والی کمزوری کو بھی دور کرسکتا ہے' استعمال کرکے دیکھیں دعائیں دیجئے' آپ اسے ان شاءاللہ العزیز ضرور مفید پائیں گے جس اللہ والے کو نفع ملے ضرور عبقری کو لکھ کر بھیجے۔(نور محمد' کھوئیاں)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

[redacted]

معجزاتی درخت سہانجنہ! 300 بیماریوں کا مکمل علاج

اس کے خشک پتوں کا قہوہ پریشانیوں اور دباؤ میں سکون بخشتا ہے اور بھرپور نیند لاتا ہے۔ قبض کے مریضوں کے لئے آب حیات ہے۔ خون کی کمی کی وجہ سے چہرے کی چھائیوں میں تیر بہدف ہے۔ کسی طرح کی کمزوری کا واحد علاج ہے۔ حاملہ عورتوں سے لے کر بچوں تک استعمال کر سکتے ہیں

یہ درخت اردو میں سہانجنہ اور انگریزی میں ہارس ریڈش یا مورنگا کہلاتا ہے۔ اس کے اور بھی مختلف نام ہیں مثلاً مورنگا' مورنگا اولیفیرا' ڈرم اسٹک اور بین آئل۔ اس درخت کے متعلق ایک مضمون عبقری کے دسمبر 2016ء کے شمارے میں جھنگ سے غلام قادر ہراج صاحب نے لکھا تھا جس میں انہوں نے اس درخت کے فوائد پر بہت معلومات فراہم کی ہیں اور مختلف بیماریوں کے لئے اس کا استعمال بتایا ہے۔ اس مضمون کی اشاعت کے بعد میں نے جب پڑھا تو سوچا کہ اس کی مکمل تفصیلات شائع نہیں ہوئی۔ درحقیقت مورنگا جو کہ ہمارے ہاں سہانجنہ کے نام سے جانا جاتا ہے ایک ایسا درخت ہے جو کہ پاکستان میں پشاور سے کراچی تک بکثرت پایا جاتا ہے۔ یہ خودرو بھی ہے اور گھروں کھیتوں میں کاشت بھی کیا جاتا ہے۔ سہانجنہ گرم ماحول اور ریتلی زمین میں آسانی سے کاشت ہوتا ہے۔ بہاول پور کے علاقے میں خود رو درختوں کے جنگل ہیں۔ اس درخت کی اونچائی 40تا25 فٹ تک ہوتی ہے۔ پھل اور پھول بکثرت سال میں 3۔2 دفعہ لگتے ہیں لکڑی نرم و نازک اور پھلیاں تقریباً ایک فٹ لمبی اور انگلی کے برابر موٹی ہوتی ہیں۔ سہانجنہ کے بیج: بیج پکی ہوئی پھلیوں سے خودبخود نکل آتے ہیں۔ بیج کے اوپری سطح پر 3 عدد سفید رنگ کے کاغذ نما ''پر'' ہوتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قدرت اس کا وسیع پیمانے پر ہوا یا پانی کے ذریعے پھیلاؤ چاہتی ہے۔ براؤن رنگ کی اوپری سطح کے نیچے ایک سفید رنگ کا بیج ہوتا ہے جس کے اندر اس کا تخم پایا جاتا ہے۔

تیل: سہانجنہ کے بیجوں کا تیل بے بو' بے ذائقہ اور مدت تک پڑا رہنے سے خراب نہیں ہوتا۔ گھڑی کے پرزوں کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ فوڈ سپلیمنٹ' مختلف کاسمیٹک' بالوں اور جلدی امراض میں استعمال کیا جاتا ہے۔

سہانجنہ کا دیسی استعمال: اس کا مزاج گرم وخشک بدرجہ سوم ہے۔ حدر بول اور ہاضم ہونے کی وجہ سے اس کی جڑ کا پانی دودھ میں ملا کر پلایا جاتا ہے۔ اندرونی اورام' ورم تلی' ضعف اشتہا' دمہ اور نقرس میں فائدہ کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑتا ہے۔ جڑ کے جوشاندے سے گلے کی سوزش دور ہوتی ہے۔ خام پھلیوں کا اچار سرکہ میں جوڑوں کے درد' کمر درد اور فالج لقوہ کے لئے مفید ہے۔ **سہانجنہ نئی تحقیق کی روشنی میں:** سہانجنہ 300 بیماریوں کا مکمل علاج ہے جو کمی کسی نہ کسی غذائی وجہ سے ہوتی ہیں۔ اس کے خشک 50 گرام پتے' 8 مالٹے' 8 کیلے' دو پالک کی (4انچ کی) گڈیاں' دو کپ دہی' 18 امینو ایسڈ' 36 وٹامن اور 92 اینٹی اوکسیڈنٹ کی طاقت کے برابر ہیں۔ امریکہ میں 25 ڈالر میں ایک پاؤنڈ سہانجنے کے پتوں کا خشک پوڈر ملتا ہے۔ سادھو لوگ جو انڈونیشیا اور ملائشیا کے جنگلات میں پیدل چلتے ہیں ان کی خوراک خشک پتے ہوتے ہیں۔ صبح ہتھیلی بھر کر پانی کے ساتھ یہ کھاتے ہیں اور دن بھر کسی چیز کی ضرورت یا طلب نہیں ہوتی اور نہ ہی کمزوری محسوس ہوتی ہے۔ یہ سادھوؤں کی خوراک ہے۔ امریکہ سے یہ اطلاعات پہنچانے والے ہمارے ان محسن کے ایک عزیز کی والدہ صاحبہ پاکستان میں مقیم ہیں جن کی عمر 86 برس ہے۔ جسم میں کمزوری کی وجہ سے کھڑا ہونا مشکل تھا جب ان کو استعمال کرایا گیا تو وہ بالکل ٹھیک ہوگئیں اور رمضان کے پورے روزے رکھے۔ بعد میں خاندان کے 21 آدمیوں کی شوگر کنٹرول کر کے صحت مند بنایا۔ لاہور کے ایک حکیم صاحب نے 300 گرام سہانجنہ پاؤڈر کے 6000 روپے ذیابیطس کے علاج کے لئے لینا شروع کر دیئے۔ فیصل آباد زرعی یونیورسٹی اس کا لٹریچر عوام میں تقسیم کر رہی ہے اور مفت بیج بھی دیئے جا رہے ہیں۔ اس کے خشک پتوں کا قہوہ پریشانیوں اور دباؤ میں سکون بخشتا ہے اور بھرپور نیند لاتا ہے۔ قبض کے مریضوں کے لئے آب حیات ہے۔ خون کی کمی کی وجہ سے چہرے کی چھائیوں میں تیر بہدف ہے۔ کسی طرح کی کمزوری کا واحد علاج ہے۔ حاملہ عورتوں سے لے کر بچوں تک استعمال کر سکتے ہیں اس طاقت کے خزانے کو عمر بھر دوا اور غذا کے طور پر گھروں میں رواج دیا جا سکتا ہے۔ **طریقہ استعمال:** سہانجنے کے خشک یا ہرے پتوں کو استعمال کیا جاتا ہے۔ خشک پتوں کا قہوہ بنایا جاتا ہے ہرے پتے پالک کے ساگ کی طرح ابال کر اور نمک مرچ لگا کر کھایا جاتا ہے۔ چٹنی جس میں انار دانہ' پودینہ' ہری مرچ اور سہانجنہ کے سبز پتے شامل ہوں کو کھانے کے دوسرے لوازمات کے ساتھ اس کا استعمال الگ ہی مزہ دیتا ہے۔ پتوں کے خشک پاؤڈر کو کسی بھی مائع (باقی صفحہ نمبر 28 پر)

اللہ کتنا کریم ہے!

مبارک علی' چکوال

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے اپنا کرم کیا اور مجھے تسبیح خانہ سے جوڑ دیا۔ ہمارے شہر میں آپ کا درس ہوا' درس سنا یوں لگا کہ دنیا میں مجھ سے زیادہ ناشکرا کوئی نہیں' آپ کی اور درس کی برکت نے اس قابل کر دیا کہ دن میں کئی مرتبہ اللہ کریم کا شکر ادا کروں' محض اللہ کریم کی کریمی اور آپ کی نظر و دعا ہے' آپ کی زیارت اور مصافحہ کرنے کے بعد دل چاہتا ہے کہ کاش آپ کی خدمت میں لگا رہتا' اللہ کریم آپ کی عمر دراز کرے آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور اپنی رحمتوں کی بارش کردے۔ جب ہمارے شہر میں آپ کا درس ہوا تو آپ سے ملاقات نہ ہوسکی بس چلتے چلتے آپ سے دو وظائف کی اجازت طلب کی جو آپ کی عنایت ہے آپ نے دیدی۔ میں روزانہ انمول خزانہ نمبر ایک اکیس مرتبہ صبح وشام اور خزانہ نمبر دو 313 مرتبہ صبح وشام پڑھ رہا ہوں' ہر نماز کے بعد ایک تسبیح صلی اللہ علی محمد اور کشف کیلئے جو دعا یاعلیم علمنی۔۔الخ والی بھی رات کو پڑھ رہا ہوں۔ چلتے پھرتے درود پاک پڑھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ اب تک احوال کچھ یوں ہیں کہ اللہ کریم نے ڈاڑھی رکھنے کی توفیق دیدی' اکثر و بیشتر باوضو رہنے کی کوشش کرتا ہوں۔ اللہ کا کرم ہے ہر نماز کے بعد 21 بار اَلْمَالِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ بھی پڑھنا شروع کر دیا ہے۔ وقتاً فوقتاً آپ کے درس بھی سنتا ہوں' میری بیوی بھی آپ کے درس سنتی ہے۔ گزشتہ دنوں میں اور میری اہلیہ قبرستان کے قریب سے گزرے تو میری بیوی کہنے لگی: اللہ کتنا کریم ہے کہ اس نے سب کے عیب ڈھانپ لیے ہیں ورنہ اگر ایسا ہوتا کہ یہ زمین گنہگاروں کو باہر اچھال دیتی تو کیا ہوتا؟ ہم جیسے تو منہ چھپاتے پھرتے' اللہ کتنا کریم ہے!۔ ایک چھوٹا سا واقعہ عبقری قارئین کی خدمت میں عرض ہے' آج کل ایک سوال بڑا عام ہے جو والدین کے متعلق پوچھا جاتا ہے کہ والدین ایک ساتھ رہتے ہیں یا آپ کے دوسرے بھائیوں کے ساتھ' میرے ایک دوست کی والدہ فوت ہوئی تو ان کے گھر فاتحہ کیلئے گیا۔ ہم بیٹھے ہوئے تھے ایک شخص نے میرے دوست سے یہ سوال کیا کہ والدہ آپ کے ساتھ رہتی تھیں یا دوسرے بھائی کے ساتھ' اللہ میرے اس دوست پر کرم کرے' بڑا ہی خوبصورت جواب دیا۔ اسی کے الفاظ لکھ رہا ہوں' جناب! میری اتنی اوقات اور ہستی نہیں کہ میں والد اور والدہ کو ساتھ رکھ سکوں' میں ابھی تک ان (والدین) کے ساتھ رہتا ہوں۔ دوست کے اس جملے نے میرے رونگٹے کھڑے کر دیئے اور اس دن سے میں نے یہ جملہ نوٹ کر لیا ہے کہ میری اتنی ہستی اور اوقات نہیں کہ میں والدہ کو اپنے ساتھ رکھ سکوں میں اپنی والدہ کے ساتھ رہتا ہوں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

دشمن کا حال دیکھا تو منہ سے نکلا پاک فوج کو سلام بلکہ لاکھوں سلام!

قارئین! یہ تحریر میں نے ماہنامہ اردو ڈائجسٹ میں پڑھی' اسے پڑھ کر میرے دل میں پاک فوج کی عظمت مزید بلند ہوگئی۔ خاص طور پر عبقری قارئین کیلئے بھیج رہا ہوں۔ ان مقدس لمحوں کی جذبات انگیز داستان جب وطن عزیز کے رکھوالے حملہ آوروں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن گئے۔

چھ ستمبر 1965ء کی جنگ کے فوراً بعد پاک فوج کی اجازت سے میں اپنے گاؤں گیا' ڈیڑھ دو ہزار گز دور' بھسین (اپنا ایک بڑا گاؤں) دکھائی دے رہا تھا۔ نہر کے کنارے کھڑے ہوکر دیکھا تو مجھے وہم سا ہوا جیسے دونوں فوجوں کے درمیان گھرے اس گاؤں میں اب بھی وہی زندگی رواں دواں ہے جو پانچ ستمبر کی شام اونگھ کر سوگئی لیکن کسی کو معلوم نہ تھا کہ کل کی سحر گاؤں والوں کو مرغ کی اذانیں اور کالی تیتری کی مترنم چیخیں نہیں بلکہ توپوں کے گولے جگائیں گے۔ میں نہر کے کنارے کھڑا اس گاؤں کو دیکھ رہا تھا کہ پاک فوج کا ایک جواں سال سیکنڈ لیفٹیننٹ مجھے جیپ میں بٹھا کر اسی گاؤں کی طرف چل دیا۔ ہر طرف ویرانی' تباہی اور وحشت تھی جو میرا کلیجہ چیر رہی تھی۔ قریب ہی ایک مکان کے کواڑ کھلے تھے' میں اندر چلا گیا۔ گاؤں کی کئی دیواروں اور منڈیروں پر طیاروں کی گولیوں کے نشان تھے جگہ جگہ گولوں کے ٹکڑے بکھرے تھے' میں دل ہی دل میں رو رہا تھا کہ میرے خوبصورت سنہرے' ہنستے بستے گاؤں کا کیا حشر ہوگیا؟ سیکنڈ لیفٹیننٹ مجھے ایک پکے مکان کی دوسری منزل (چھت) پر لے گیا۔ چھت پر فصیل تھی اور ایک کونے میں پاک فوج کے اس دستے نے عارضی چھت ڈال کر دیکھ بھال کی چوکی (آبزرویشن پوسٹ) بنا رکھی تھی۔ وہاں پاک فوج کے چار جوان کھڑے تھے۔ ایک جوان دوربین سے دشمن کے مورچوں کو دیکھ رہا تھا۔ اس نے دوربین مجھے دے دی۔ میں نے جب دوربین آنکھوں سے لگا کر اپنی نظروں پر مرکوز کی تو مجھے دور پرے دشمن کے مورچے اور اس طرف پاکستان کا مجروح خطہ اور اس میں سینہ تان کر گھومتے پھرتے پاکستانی مجاہد نظر آئے۔

میں نے محسوس کیا کہ جیسے دوربین نے اس کے علاوہ مجھے اور بھی بہت کچھ دکھایا ہے۔ اپنے آپ کو دیکھا' اپنی روح کی گہرائیوں کو دیکھا جہاں سے ایک تلاطم ابھر رہا تھا اور مجھے پاکستان کے کروڑوں عوام نظر آئے۔ میں نے دوربین آنکھوں سے ہٹا کر پاک فوج کے سیکنڈ لیفٹیننٹ اور چار جوانوں کو دیکھا' تو ان کے چہرے' ان کا روپ اور سراپا اس قدر مقدس نظر آیا کہ بے اختیار جی چاہا کہ ان مجاہدوں کے پاؤں چھولوں۔ میں نے چھت کی بلندی سے گاؤں کی ویرانی پر نگاہ ڈالی تو اب میرے دل پر ہول طاری نہ ہوا' میں نے زیر لب کہا" گاؤں ویران ہوگیا ہے" ایک جوان نے پرعزم مسکراہٹ سے کہا" پھر آباد ہوجائے گا۔"

یہ سن کر میرے دل پر اداسی اور یاس کا جو ذرا سا دھندلکا رہ گیا تھا' وہ بھی چھٹ گیا۔ وہ جوان تعلیم یافتہ نہیں تھا' اسے معلوم نہ تھا کہ بات کس طرح کہی جاتی ہے' وہ یقیناً یوں کہنا چاہتا تھا" بستیاں تو اجڑ کر بس ہی جاتی ہیں صاحب لیکن (خوانخواستہ) ملک اجڑ جاتا تو ہم اگلے جہان میں اللہ تعالیٰ اور حبیب اللہ ﷺ کو منہ نہ دکھا سکتے۔ یہ گاؤں تو ہم کل پرسوں پھر بسا لیں گے' ابھی تو ہم زندہ ہیں۔" میں نے چاروں جوانوں کو دیکھا' یوں لگا جیسے ان کی گردنیں اور تن گئی ہیں' سینے مزید پھیل گئے ہیں اور ان کی آنکھوں کی چمک بزبان خامشی کہہ رہی تھی" گاؤں تو اجڑ گیا ہے لیکن دیکھئے تو سہی ہم دشمن کو دھکیل کر کہاں تک لے گئے ہیں۔"

اس روز واہگہ سیکٹر کے اجڑے ہوئے گاؤں کی ایک چھت پر کھڑے جب سیکنڈ لیفٹیننٹ نے مجھے بتایا" وہ دشمن کے مورچے ہیں" تو اس کے چہرے پر فاتحانہ تاثر دیکھ کر میں نے محسوس کیا کہ رنگون کی تباہی اور پاکستان کے ایک گاؤں کی تباہی میں کیا فرق ہے اور یہ بھی کہ میں پاک فوج کے مجاہدوں کے ہاتھ چومنے کو کیوں بے تاب ہوں اور یہ بھی کہ دوسری عالمگیر جنگ کے فوجیوں اور پاک فوج کے جانبازوں میں کیا فرق ہے اور یہ بھی کہ ہمارا یہ گاؤں نہ اجڑتا' تو ہم بیدار کیونکر ہوتے؟ میں نے اجڑے ہوئے گاؤں کی ایک چھت پر کھڑے ہوکر دشمن کے مورچوں کو دیکھا پھر گھوم کر بی آر بی نہر کی فاتحانہ روانی دیکھی تو پہلی بار معلوم ہوا' فوجی کو سلام کرو' کا مطلب کیا ہے اور یہ کس قدر قابل قدر اور عظیم تھا۔ پاک فوج کی ایک مشاہداتی چوکی پر کھڑے جوان کو دیکھ کر میرے سینے سے بے ساختہ آواز نکلی۔ پاک فوج کو سلام' لاکھوں سلام۔"

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔

حلقہ کشف المحجوب

معرفت اور شریعت والے

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

قارئین! پیر علی ہجویری کی کتاب کشف المحجوب کا باب "معرفت و شریعت" کا خلاصہ پڑھایا جا رہا ہے مزید درج ہے:۔ علمِ ذاتِ الٰہی کی شرط یہ ہے کہ عاقل بالغ انسان یہ اچھی طرح جان لے کہ اللہ جل شانہ بذاتِ خود ہمیشہ سے تھا، ہمیشہ سے ہے اور رہے گا۔ نہ اللہ کی ابتداء ہے، نہ انتہاء۔ وہ کسی خاص مکان اور جہت میں نہیں۔ اسکی ذات آفت و نقص سے پاک، مخلوق میں اسکی مانند کوئی نہیں، نہ بیوی نہ بچے، جو کچھ تمہارے وہم و عقل میں متصور ہوتا ہے، ان سب کا پیدا کرنے والا، ان سب کا قائم رکھنے والا، مالک صرف اللہ ہی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے کہ بلاشبہ وہ سینوں کے بھیدوں کو خوب جانتا ہے۔ لیکن اس کے افعال کے علم کے صورت یا اس کے مطلب کیلئے یہ شرط ہے کہ تم یہ جانو کہ اللہ جل شانہ تمام مخلوقات اور اسکے افعال کا پیدا کرنے والا ہے۔ شریعت کے احکام کے اثبات کی دلیل یہ ہے کہ یہ یقین جانو کہ اللہ جل شانہ کی طرف سے ہمارے پاس اس کے رسول خارق عادات (خلاف عادت) معجزات لے کے آئے۔ جو کچھ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظاہر اور پوشیدہ امور کے متعلق ہمیں خبر دی وہ حق ہے اور شریعت کا رکن اول کتابِ الٰہی ہے۔ میری امت گمراہی پر متفق نہیں ہوگی۔ تم پر اہل حق کی سب سے بڑی جماعت کی پیروی لازم ہے۔ الغرض حقیقت کے احکام اتنے ہیں اگر کوئی شخص ان سب کو جمع کرنا چاہے بھی تو نہیں کر سکتا۔ کیونکہ اللہ جل اللہ شانہ کے لطائف کی کوئی انتہاء نہیں۔ چونکہ یہ باب ہے معرفت و شریعت کا۔ جب سے حضور سرورِ کونین ﷺ نے ہمیں شریعت اور معرفت کا علم عطا فرمایا۔ اس وقت زندگی کے دو شعبے رہے۔ ایک وہ لوگ جو شریعت والے ہیں۔ ایک وہ ہیں جو معرفت والے ہیں۔ لیکن اس میں ایک وضاحت لازم ہے۔ ہمیشہ شریعت معرفت پر غالب رہے گی۔ جس دور میں بھی شریعت کو معرفت پہ غالب رہنے کا حق دیا گیا، ہمیشہ حق قائم رہا حقیقت قائم رہی اور امت شرک اور بدعات اور بہت بڑے فتنوں سے بچی رہی۔ اور جس دور میں یہ فتنہ سامنے آیا امت کے کہ معرفت شریعت پہ غالب آگئی۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پہ مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "خطبات کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

تنگدستی دور: جو شخص تنگدستی کے ہاتھوں پریشان ہو اسے چاہیے کہ روزانہ اسم پاک یَا بَصِیْرُ کو روزانہ 302 مرتبہ اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف کیساتھ پڑھیں۔ غیب سے رزق عطا ہوگا۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 101

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر بچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُر اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

ایسا جادو ہم نے کبھی نہ دیکھا: اگر اس کا سر قلم کردیا جاتا تو وہ جادو نہ کھلتا کیونکہ یہ ختم ہوجاتا اس کا سر قلم نہیں کیا گیا اور وہ جادو اپنی پوری قوت کے ساتھ سامنے آیا اور ایسے انداز سے سامنے آیا کہ ہمیں خود بہت زیادہ احساس ہوا' شہنشاہ اعظم اس میں ہمارا قصور یقیناً ہوگا' ہم اس کو تسلیم کرتے ہیں لیکن جو بات حقیقت ہے وہ یہی ہے کہ ایسا جادو اس کے پاس تھا آج تک خود ہم نے نہ سنا' نہ سوچا' نہ دیکھا۔ یہ بات کرتے ہوئے اس نے باقی دیگر جادوگر اور عاملین کی طرف نظر اٹھائی تو سب نے اثبات میں سر ہلایا کہ آقا حقیقت یہی ہے کہ ان کی بات سچی ہے کہ آج تک ایسا جادو اور ظالم انداز کا جادو ہم نے نہ کبھی سوچا' نہ دیکھا' نہ سنا' نہ پڑھا۔ لہٰذا اس میں ہمارا قصور نہیں پھر بھی ہم آپ سے معذرت اور معافی کے خواستگار ہیں کہ ہمیں معاف کردیں اور ہماری جان بخشی کردیں۔ ہم نے ہمیشہ آپ کی اور آپ کی نسلوں کی غلامی کی ہے اور آئندہ بھی غلامی کے طلبگار ہیں۔ **ظالم جادوگر بالکل نہتا ہوچکا:** جب ان کی بات ختم ہوئی تو وزیراعظم نے شہنشاہ اعظم کے کان میں کوئی بات کہی جس سے شہنشاہ اعظم کا غصہ ایک دم ٹھنڈا ہوگیا اور انہوں نے آنکھ کے شارے سے ان کو معاف کردیا اب یہ ظالم جادوگر بالکل نہتا ہوگیا تھا اب اس کے پاس کچھ نہیں تھا' اس سے پہلے یہ خاموش تھا اور اس نے اپنی طاقت اور جرأت دکھائی اسے اپنے آخری وار پر ناز تھا مگر اب یہ جن معافی درگزر اور معذرت کی طرف لوٹ آیا۔ شہنشاہ اعظم سے بار بار معافی مانگتا تھا اور پورے مجمع سے معافی اور رحم کا طلب گار تھا لیکن مجمع اس کو معاف کرنے کے حق میں نہ تھا۔ **آخر اس کو معافی کیوں ملتی؟:** آخر مجمع اس کو معاف کیسے کرتا؟ اس نے ظلم کی اندھیری رات میں کتنے مشکل سے مشکل وار کیے' کتنے لوگوں کو اس نے پریشان کیا اور کتنی انسانیت کو اس نے ذلیل کیا' دکھی انسانیت کو پریشان سے پریشان تر کیا' اسے تو لوگوں میں سکھ بانٹنے تھے' سکون دینا تھا' اگر عامل تھا بھی تو اس کے عمل سے مریضوں کو صحت یابی ملنی چاہیے تھی' ٹوٹے ہوئے گھروں کو جوڑ اور ٹوٹے ہوئے دلوں کو سکون ملنا تھا لیکن ایسا نہ ہوا۔ **انتقام کی آگ اور شعلے:** لوگوں کے اندر انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی اور انتقام کے شعلے ہواؤں اور فضاؤں میں بلند ہورہے تھے' خود شہنشاہ جنات حالت تذبذب میں تھے کہ میں کیا فیصلہ کروں' کیا کہوں' کیا اس کو میں ٹکڑے ٹکڑے کرکے اور سسکا سسکا کر قتل کروں یا پھر میں ایک ہی وار میں اس کا سر تن سے جدا کردوں اور اس کو قتل کردوں' آخر کیسے ہو؟ اور کس طرح ہو؟ آخرکار بادشاہ نے اعلان کیا کہ تین دن کے بعد آپ میرا آخری فیصلہ سنیں گے لہٰذا تین دن انتظار کیا جائے' اگلے ہی پل اس ظالم جادوگر کو قید کردیا گیا اور بادشاہ اپنے تخت سے اٹھا اور پردے کے پیچھے چلا گیا۔ **وہ تین دن نہیں تین صدیاں تھیں:** لوگ حیران پریشان کہ اس کو تین دن مزید رعایت کیوں دی گئی اور تین دن مزید ڈھیل کیوں دی گئی' یہ ایسا کیوں ہوا؟ اور کس لیے ہوا؟ تین دن کیا تھے تین صدیاں تھیں لوگوں کی آپس میں چہ مگوئیاں' تجزیے' مشورے ایسے کہ اگر ایک ایک کو بیان کرنے بیٹھیں تو کتابوں کی کتابیں لکھی جاسکیں کوئی کہتا بادشاہ اس کو چھوڑ دے گا اور کسی ایسی وادی میں بھیج دے گا جہاں سے اس کی واپسی ناممکن ہو اور یہ سسک سسک کر مرجائے گا۔ **وادیٔ موت:** کیونکہ شاہ جنات کے پاس ایسی کئی وادیاں اور ایسے کئی واقعات پہلے سے ہوچکے تھے کہ بادشاہ جب کسی سے سخت ناراض ہوتا تھا تو اس کو ایسی وادی میں بھیج دیتا جہاں نہ کھانا' نہ پینا' نہ زندگی' نہ صحت' نہ کوئی دوست' نہ کوئی عزیز اور نہ کوئی جاننے والا اور یہ شخص تنہائیوں میں سسکنے کا ایسا ٹھکرایا جاتا کہ اپنی زندگی میں خود ختم ہوجاتا' پریشان ہوجاتا اور مارا جاتا۔ **باغی کی موت:** کچھ عرصہ پہلے ایک واقعہ بھی ایسا ہوا تھا کہ ایک شخص مسلسل بغاوت پر اترا ہوا تھا' بادشاہ نے اسے کئی بار تنبیہ کی' کچھ سزائیں بھی ملیں لیکن وہ بغاوت کیے جارہا تھا اور بغاوت پر بغاوت حتیٰ کہ اسے کسی چیز کی پرواہ نہیں تھی۔ بادشاہ کے حکم کو اس نے ہمیشہ ہلکا سمجھا اور کسی کے حکم کی کوئی رعایت نہیں کی' یہ آخرکار اسی ویران اور بے سہارا جگہ کی سزا کا مستحق سمجھا گیا اور بادشاہ نے اسے ویران وادی میں بھیج دیا جو چاروں طرف سے فلک بوس پہاڑوں سے گھری ہوئی ہے اور ان پر سخت جنات کے سخت پہرے ہیں اور کوئی شخص باہر نکل نہیں سکتا اور دراصل بادشاہ خود ایک بہت بڑا عامل ہے۔ **اگر شاہ جنات عامل نہ ہوتو:** شاہ جنات اگر خود عامل نہ ہوں تو ان کی نگری میں چونکہ ہر جن عامل ہوتا ہے اور ہر جن اس مزاج کو رکھتا ہے کہ وہ جادو کرتا ہی رہتا ہے اگر بادشاہ خود عامل نہ ہو تو جنات اس کو کھا جائیں اور جادو سے اس کو مار ڈالیں۔ اس کا تخت چھین لیں' اسے ذلیل کردیں یا اس کے بچے اس سے چھین لیں یا اس کی دولت سے اس کو محروم کردیں یا اس کے گھر والوں کی عزتوں کو تار تار کردیں۔ اس لیے ہر شاہ جنات تخت پر بیٹھنے سے پہلے اپنے بڑوں کے عمل اور چلے ضرور کرتا ہے اور اپنے بڑوں کے سینہ بہ سینہ چلتے ہوئے عملیات' تعویذات' حصار اور چلے اپنا ہمسفر اور ساتھی رکھتا ہے۔ جب اس باغی کو اس وادی میں بھیج دیا گیا تو اس کا دوسرا مطلب موت ہی ہے اور موت ہی اس کا آخری حل ہے اور موت ہی ہوتی ہے۔ جب وہ شخص مرجاتا ہے تو وہاں کے جنات اسی وادی میں گڑھا کھود کر اس میں دفن کردیتے ہیں کوئی جلدی مرتا ہے کوئی دیر سے مرتا ہے کوئی نرم جان ہوتا ہے کوئی سخت جان ہوتا ہے لیکن آخر موت ہی اس کا انجام ہوتا ہے۔ **بادشاہ اس جادوگر کو بچالے گا:** کچھ لوگوں کی رائے تھی کہ اسے اس وادی میں بھیج دیا جائے گا کچھ کی رائے تھی نہیں' وادی میں نہیں بھیجا جائے گا بادشاہ ایسے شخص کی حفاظت کرے گا اور کسی نہ کسی طرح اسے بچالے گا پھر اپنی حکومت اور بادشاہت کو مضبوط کرنے کیلئے اس کے جادو سے فائدہ اٹھائے گا۔ کچھ کی رائے یہ تھی کہ اس کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا جائے گا اور اس کے جسم کو چیل کوؤں کو ڈال دیا جائے گا اور کچھ کی رائے تھی نہیں ایک ہی وار سے اس کا سر قلم کردیا جائے گا' نہیں ایسا نہیں کیا جائے گا بلکہ اس کو زندہ جلا دیا جائے اس کی راکھ ہڈیاں جو کہ چورا چورا ہوکر ختم ہوچکی ہوں ان کو ہواؤں میں اڑا دیا جائے گا۔ **تھا جس کا انتظار وہ دن آہی گیا:** تین دن تک مستقل مختلف رائے رہیں اور تین دن تک آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ چہ مگوئیاں ہوتی رہیں۔ آخر وہ تیسرا دن بھی آگیا جس کا بہت شدت سے انتظار تھا' وہ دن ہی کیا تھا اب تو مجمع کا ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا اور ایسا بڑا سمندر جس سمندر کو کوئی سنبھال ہی نہیں سکتا' ہر طرف انسانوں اور جنات کا ہجوم تھا' اب ہر شخص منتظر تھا کہ نامعلوم کیا فیصلہ ہوتا ہے اور شہنشاہ کیا فیصلہ کرتے ہیں؟ متلاشی نگاہیں تھیں' لبوں پر سوال تھے اور ہر فرد منتظر تھا' صبح ہوئی لوگ صبح سے پہلے آکر یہاں بیٹھ گئے اور انتظار میں کہ یقیناً کچھ فیصلہ ہوگا تو صبح' بادشاہ کا تخت سجا' محفل سجی' بادشاہ کے وزیر آئے' قطار در قطار بیٹھے' پھر مشیر آئے پھر ان کے پیچھے قطار در قطار بیٹھے' پھر معاونین آئے'

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

پھر چوبدار آئے پھر بادشاہ کے خدام آئے' آخر میں بادشاہ خود آئے۔ تخت پر براجمان ہوئے اور پوری محفل سے سوال کیا۔ **غدار اس کو چھوڑا نہ جائے:** آپ نے تین دن کیا سوچا؟ کہ اس کے بارے میں کیا فیصلہ کیا جائے؟ ہر طرف سے طوفان شور اٹھا کہ اس کو فوراً ختم کردیا جائے کوئی کہتا تھا اس کو جلا دیا جائے کسی کی پکار تھی کہ اس کے ٹکڑے کردیئے جائیں' کوئی زاریاں کرکے کہہ رہا تھا کہ اس کو بھی چھوڑا نہ جائے' چاہے آپ کچھ کردیں کیونکہ اگر اس کو رعایت دی گئی تو یہ آنے والی مزید انسانیت اور جنات کی دنیا کو دکھ اور تکالیف دے گا اور پریشانیاں دے گا اور ایسا پریشان کرے گا کہ شاید پھر اس سے پہلے بھی کسی نے پریشان نہ کیا ہو۔ یہ ان کی پکار تھی یہ ان کی آواز تھی ہر طرف اسی چیز کا شور تھا بادشاہ سب کی سنتا رہا۔ **میرا فیصلہ بھی سن لو!:** آخر کار بولا: ہم نے ایک فیصلہ کیا ہے کہ جتنے خاندانوں کو اب تک اس نے ستایا ہے وہ سب ایک طرف ہوجائیں وہ سب ایک طرف ہوئے' بہت بڑا مجمع تھا' پھر بادشاہ نے سب کے ہاتھوں میں تیر کمان دیئے اور کہا کہ ہر شخص اس کو تیر مارے' وہ تیر چاہے جہاں لگے اور اگر کسی کا تیر نشانے پر نہ لگے تو اس کو پھر سے تیر مارنے کی اجازت ہے' پھر تیر مارنے کے بعد اگلا ہمارا حکم یہ ہوگا کہ اگر پھر بھی یہ زندہ رہا تو جلاد اس کا سر قلم کریں اور سب کے سامنے اس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کرے اور پھر جن لوگوں کو اس نے ستایا ہے وہ سب اس کی لاش پر لکڑیاں پھینکیں یا گھی پھینکیں تاکہ اس کو جلانے میں ان کا حصہ ہو اور ان کو دل کی ٹھنڈک پہنچے اور اس کے بعد اس کی راکھ ان خاندانوں کو بانٹ دی جائے جن خاندانوں کو اس نے ستایا تھا' وہ اس کو خود اپنے ہاتھوں سے ہوا میں اڑائیں۔ (بظاہر یہ طریقہ کار ہندوانہ ہے چونکہ وہ ظالم جادوگر مسلمان نہیں تھا اور اسکی لاش کو اسکے بعد بھی اس کے وارثوں نے جلانا ہی تھا اور پھر مجمع میں موجود مسلم' کافر سب موجود تھے' خاص طور پر کافروں کی چاہت تھی کہ اس کو ٹکڑے کیا جائے اور جلایا جائے) **ظالم جادوگر کا انجام قریب آگیا:** یہ فیصلہ سنتے ہی ہر طرف واہ واہ کے نعرے اور زندہ باد کے نعرے لگے اور بادشاہ کا نام لے کر اس کو ہوائی بوسے دینے لگے' اسی دوران بادشاہ کی فوجیں آگے بڑھیں اور انہوں نے ہر خاندان کے ہاتھ میں تیر کمان دیئے' ظالم جادوگر نے جب یہ فیصلہ سنا تو اس کی معافی' رحم اور درگزر کی آوازیں ابھرنے لگ گئیں اور وہ مسلسل کہہ رہا تھا کہ معاف کیا جائے' رحم کیا جائے' درگزر کیا جائے لیکن! معافی رحم اور درگزر دراصل اس کیلئے تھا ہی نہیں' کیونکہ اس نے آج تک کسی پر رحم اور درگزر نہیں کیا تھا اور یہی فیصلہ اس کیلئے تھا اور وہی **فیصلے کو آخکار صادر ہونا تھا** لوہے کے بڑے جنگلے میں اس کو قید کردیا گیا تاکہ تیر اس میں سے گزریں اور اس کے جسم کو لگیں اس کی چیخیں تھیں اس کی آوازیں تھیں اور اس کا شور تھا حیرت کی بات یہ ہے کہ جتنی اس کی چیخیں آوازیں اور شور تھا اتنا ہر طرف سے واہ واہ کی آوازیں تھیں اور انتقام کے الفاظ تھے۔ **پہلا تیر چلا اور...:** آخر کار پہلا تیر چلا اور اس کے کندھے پر پیوست ہوگیا' دوسرا تیر اس کے سینے میں' اس طرح تیروں پر تیر چلے لیکن حیرت کی بات ہے کہ وہ جنگلے سے نکلنے کی کوشش کرتا رہا تیروں کی بارش اس کے جسم پر ہوتی رہی جس کا تیر چوک جاتا اس کو دوسری مرتبہ پھر تیر مارنے کا موقع دیا جاتا' سینکڑوں تیر اس کے جسم پر پیوست ہوگئے اور جادوگر جن گرگیا' ابھی اس کے جسم میں سانس تھی' ہر طرف خون ہی خون تھا' یہ خون دراصل لوگوں کا خون تھا جو اس نے پیا تھا' یہ لوگوں کے قطرے تھے جو اس نے دوسروں کے جسم سے چوسے تھے' اصل تو اس کا صلہ تیر نہیں تھا لیکن اب اس کے علاوہ کوئی حل ہی نہیں تھا۔ **آخرکار جادوگر جن مرگیا:** بادشاہ کا یہ فیصلہ سب کو اچھا لگا' جب سب نے تیر مار لیے تو دیکھا تو وہ مرچکا تھا۔ جلاد آگے بڑھے اسے لوہے کے جنگلے سے نکالا اس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کیے اُن کے اوپر نیچے لکڑیاں رکھ کر انہیں آگ لگادی' لکڑیاں خشک تھیں' ہر خاندان جس کو اس نے درد اور دکھ دیئے اس کے ہاتھ میں لکڑی ہوتی' وہ لکڑی اس کے جسم کے ٹکڑوں پر ڈالتے' شعلے مزید بلند ہوتے یوں اس کے جسم کے مزید ٹکڑے ہوتے گئے اور جلتے گئے حتیٰ کہ اس کا سارا جسم جب جل گیا اس کی راکھ کو پھیلا گیا کہ وہ ٹھنڈی ہوجائے اور اس کی راکھ کو مٹی کے کوزوں میں ڈال کر سب خاندان والوں کو تقسیم کردیا گیا (یہ طریقہ خاص طور پر ہندوانہ طریقہ ہے اور ہندو ہی اس طریقہ کے مطابق اپنے مردوں کو جلاتے اور راکھ کو بہاتے ہیں' مسلمانوں کا یہ طریقہ ہرگز نہیں ہے اور نہ مسلمان ایسا کریں) **اور یوں انصاف** دینے والے بادشاہ کا انصاف مکمل ہوا اور لوگ خوشی خوشی اپنے گھروں کو واپس لوٹ گئے اور انسانوں اور جنات کی تاریخ میں ایک بات سامنے آئی کہ ظلم کا انجام آخر ظلم ہوتا ہے اور ظلم کا انجام بہت بُرا ہوتا ہے۔ ظالم اصل میں یہ سمجھتا ہے کہ مجھے کوئی نہیں پکڑ سکے گا لیکن رب کی لاٹھی بہت شدید ہے۔ **شریر جنات سے بچنے کا ٹوٹکہ:** قارئین! میں یہ واقعہ سن رہا تھا جس میں درد بھی ہے' سوز بھی ہے' دہلنا بھی ہے' دکھ بھی ہے اور عبرت بھی ہے۔ دراصل میں جنات سے ان کے حالات بہت سنتا ہوں اور میں جنات سے ان کے تجربات بہت لیتا ہوں کیونکہ جنات ایسی ہوائی مخلوق ہیں جن کا قیام ایک جگہ نہیں ہوتا وہ جگہ جگہ جاتے ہیں اور جگہ جگہ ان کو مختلف لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے یہ لوگ شریر بھی ہوتے ہیں شریف بھی ہوتے ہیں شیطان بھی ہوتے ہیں' شریف بھی ہوتے ہیں لیکن اکثریت ان میں شریر اور شیطان ہوتی ہے۔ ان سے بچنے کیلئے ایک ٹوٹکہ جو کہ خود جنات نے مجھے بتایا کہ آپ جو ہڈیاں گوشت کی یعنی مرغی ہو یا جو بھی جانور استعمال کریں ان ہڈیوں کو پھینکیں نہیں بلکہ صاف ستھری جگہ پر رکھ دیں بظاہر وہ بلیاں اور کتے کھا جائیں گے لیکن دراصل وہ ان کی غذا ہے' جو یہ کرتا ہے جنات کے حملوں سے بچا رہتا ہے' جادو سے محفوظ رہتا ہے اور جنات کے شر سے بہت زیادہ اس کی حفاظت ہوتی ہے کیونکہ یہ ہڈیاں دراصل اس جن کی غذا ہے اور جن اس غذا کو کھا کر اس شخص کیلئے دعا کرتا ہے جس نے اس کی غذا کو صاف ستھرا رکھا اور حفاظت کی' یہ عمل جس کو بھی بتایا اس نے اس عمل کو بہت زیادہ کیا اور جس نے بھی کیا اس کو بہت فائدہ ہوا اور یقینی فائدہ ہوا کیونکہ جنات جن چیزوں کو پسند کرتے ہیں اگر ان چیزوں کو انہیں دیا جائے تو وہ خوش ہوتے ہیں' انہیں راحت اور فرحت محسوس ہوتی ہے اور انہیں اطمینان ہوتا ہے اور پھر اس شخص کے بارے میں احسان مندی کا جذبہ ان کے دلوں میں ہوتا ہے اور وہ اس کو تکلیف نہیں دیتے' نقصان نہیں پہنچاتے اور اس کیلئے خیر کا معاملہ کرتے ہیں۔ گوشت تو ویسے بھی ہم کھاتے ہیں اگر اس کی ہڈیاں پھینکیں نہیں اور گٹر اور نالی میں نہ بہائیں بلکہ اکٹھا رکھیں' گھر کے کسی کونے میں یا گلی اور جگہ پر لیکن صاف ستھری جگہ اگر ان ہڈیوں کو وہاں رکھ دیا جائے تو اس کے بہت اچھے رزلٹ اور نتائج ملنا شروع ہوجاتے ہیں۔ (جاری ہے)

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ **0343-8710009**

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پُراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

خشک کھانسی اوردمہ: خشک کھانسی اوردمہ کیلئے روزانہ ایک تولہ اسپغول دودھ یا پانی کے ساتھ چالیس روز تک استعمال کریں۔

فاقے ختم دولت عزت اور برکت کیسے ملی؟

فاقوں کے چنگل سے ایک وظیفہ نے آزاد کروادیا

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات‘ فاقے‘ بے روزگاری‘ بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا‘ دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خدا آپ کی عمر دراز کرے اور عبقری کو دن دگنی اور رات چگنی ترقی دے۔ آمین! آپ کے عبقری فیض نے تو ہماری زندگی ہی بدل دی ہے۔ عبقری سے میرا تعارف 4 ماہ پہلے ہوا جب میں سوشل سیکیورٹی ہسپتال لاہور میں بچوں کی دوائی لینے گئی وہاں پرچی بنانے والے کے پاس عبقری رسالہ پڑا ہوا تھا۔ میرے شوہر نے ویسے ہی اٹھا کر اس کو دیکھنا شروع کر دیا تو اس پرچی بنانے والے نے کہا کہ اگر آپ نے پڑھنا ہے تو رکھ لیں میرے پاس اور ہے میں تو اس کو بہت معمولی سا سمجھ رہی تھی لیکن جب میں اندر لیڈی ڈاکٹر کے پاس گئی تو وہ بھی عبقری پڑھ رہی تھی تب مجھے لگا کہ ضرور اس میں کچھ خاص ہے پھر گھر آ کر میں نے اس کو پڑھنا شروع کر دیا۔ تو بس اسی دن سے میری سوچ نے میں میری زندگی ہی بدل گئی۔ اصل میں ان دنوں میں بہت پریشان تھی کیونکہ میں ایک پرائیویٹ سکول میں ٹیچر تھی پھر گورنمنٹ جاب کے لئے اپلائی کیا اور پرائیویٹ جاب چھوڑ دی لیکن ایک ماہ بعد ہی مجھے احساس ہوا کہ لاہور میں گورنمنٹ سکول میں بطور ٹیچر جاب ملنا بہت مشکل ہے کیونکہ یہاں کا میرٹ کافی ہائی تھا سیٹیں کم تھیں اور لوگ ہزاروں کی تعداد میں تھے۔ میرا تو دل ہی ٹوٹ گیا اور گھر کے مالی حالات بھی خراب ہونا شروع ہو گئے کیونکہ میرے شوہر پرائمری پاس ایک فیکٹری میں دس ہزار سیلری پر کام کرتے ہیں چار میرے بچے ہیں اور گھر بھی کرایہ کا‘ نوبت فاقوں تک آ گئی۔ میرا تو بہت برا حال تھا پھر شاید خدا کو میرے حال پر رحم آیا اور مجھے عبقری مل گیا۔ میں نے اس میں روزگار کے لئے وظیفہ پڑھا جو کہ یہ تھا ہر روز 100 مرتبہ درود ابراہیمی اور 360 مرتبہ یَا رَزَّاقُ یَا وَاسِعُ پڑھنا تھا اور نماز کی پابندی کرنی تھی میں نے اس کو یقین رکھ کر کرنا شروع کر دیا اور میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب تیسرے ہی دن مجھے میرے پرانے پرائیویٹ سکول سے فون آیا کہ اگر آپ کو گورنمنٹ جاب نہیں ملی تو آپ واپس اپنی سیٹ پر آ کر کام کر سکتی ہیں۔ میرا وظیفہ پر یقین اور مضبوط ہو گیا اور میں نے سوچا کہ میں اب گورنمنٹ جاب ہی حاصل کرنی ہے میں دو ماہ اس کو کرتی رہی اور پھر 13 مئی 2014 کو جب انٹرنیٹ پر منتخب امیدواروں کی لسٹ آئی تو میرا نام اس میں موجود تھا بس تب سے میں اس میں سے اور بھی وظیفے کرنا شروع کر دیا اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو عبقری کے بارے میں بتانا شروع کر دیا۔ میں نے آج تک بہت رسالے پڑھے مگر آج تک کسی کو خط نہیں لکھا۔ مگر عبقری کی وجہ سے مجھے اتنی خوشیاں ملی ہیں اور وہ بھی صرف چار ماہ میں کہ میں آپ کو خط لکھنے پر مجبور ہو گئی ہوں۔ پھر میرا الرجی کا مسئلہ تھا میں دو تین بار مراقبہ کر کے دیکھا اور صرف ایک دفعہ روحانی محفل کی تو میرا وہ مسئلہ بھی ختم ہو گیا۔ پھر میں نے جون والے رسالے میں برکت والی تھیلی کے لئے پڑھا تو وہ رمضان میں وہ بھی شروع کر دی اور ہر وقت سورۃ مائدہ کی آیت 114 پڑھتی رہتی ہوں عبادت میں بہت دل لگنے لگا ہے۔ تب سے اذان سے پہلے ہی وضو کر کے بیٹھ جاتی ہوں کہ کب اذان ہو اور میں اپنے رب سے دعائیں مانگوں میرے شوہر جو نماز روزے کی طرف آتے ہی نہیں تھے گھر کے بدلتے ہوئے حالات دیکھ کر انہیں بھی یقین ہو گیا ہے کہ خدا کے کلام میں بہت برکت ہے انہوں نے بھی ہر وقت گانے سننے کی بجائے کلمہ طیبہ کا ورد شروع کر دیا ہے جو جنات کے پیدائشی دوست میں بتایا گیا تھا اور ایک فائدہ اور بھی مجھے ہوا کہ میرے اندر خون کی بہت کمی تھی تو میں نے خون افزا ٹانک کی صرف ایک ڈبی استعمال کی اور جاب کے لئے میرا سروس ہاسپٹل میں میڈیکل ہوا تو میرے خون میں ہیموگلوبن کی مقدار (11) تھی جو کہ پہلے (7.8) پر ہمیشہ ہوتی تھی۔ آپ کا اور آپ کے ادارے اور عبقری کا بہت بہت شکریہ۔

اگلے مہینے ''فاقے ختم دولت عزت اور برکت کیسے ملی؟'' کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

براہ مہربانی! مجھے کوئی نہ پڑھے!

قارئین! اگر آپ دکھی انسانی کی سوفیصد خدمت کرنا چاہتے ہیں تو میاں بیوی کے روٹھنے یا کوئی بندہ بھاگ گیا اسے واپس لانے‘ شوہر بیوی کی نفرتوں کو ختم اور جھگڑوں کو ختم کرنے کیلئے کوئی محبت کا تعویذ‘ صرف تعویذ لکھیں جو آپ کا آزمودہ ہو‘ تجربہ شدہ ہو‘ ضرور لکھیں اور اپنا ساتھ موبائل نمبر اور مکمل پتہ تاکہ انسانیت کو نفع پہنچے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچے امید ہے کہ آپ اپنا تعویذ تجربہ شدہ اور مشاہدات جلد سے جلد لکھیں گے۔

(بقیہ: دم‘ تعویذ اور دھاگے کا شریعت میں حکم)

فتاویٰ ابنِ صلاح میں ہے کہ امام ابنِ صلاحؒ سے پوچھا گیا کہ بچوں پر ایسا تعویذ لٹکانا جن میں قرآنی آیات اور اللہ کے نام ہوں جائز ہے؟ حالانکہ وہ نجاست سے نہیں بچ سکتے۔ فرمایا تعویذ کو موم یا کسی اور چیز میں بند کر لے تو جائز ہے۔ تمام مالکی، شافعی، حنفی اور حنبلی تعویذ لکھنے کے قائل ہیں۔ حنفیوں کے تمام فتاویٰ اس پر شاہد ہیں۔ مالکیوں میں امام زرقانی، احمد بن مروان، ابو محمد مرجانی اور ابن الحجاج رحمہم اللہ وغیرہ۔ امام شافعیؒ تو خود بہت بڑے عامل تھے اور ان کے اصحاب تعویذ کے قائل تھے۔ (طبقاتِ شافعیہ) ابنِ حجرؒ فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں کہ آدمی اور جانوروں پر صحیح تعویز لٹکانا جائز ہے۔ علامہ محدث مناویؒ نے فیض القدیر میں تعویذ کا لٹکانا جائز قرار دیا ہے۔ اس طرح امام طیبی، امام سیوطی، امام نووی، امام بیہقی اور علامہ کمال الدین دمیری رحمہم اللہ وغیرہ تمام محدثین تعویذ کے قائل ہیں۔ حنبلیوں کی تو بہت بڑی جماعت تعویذ پہننے اور لٹکانے کی قائل تھی۔ خود امام احمد بن حنبلؒ تعویذ کرتے تھے۔ شیخ صالحؒ فرماتے ہیں کہ جب میں بیمار ہوتا تو میرے والد امام احمد بن حنبلؒ پانی کا پیالہ لے کر کچھ پڑھتے اور مجھے فرماتے کہ اس میں سے کچھ پی لے اور باقی اپنے چہرے اور ہاتھ پر مل لے۔ اسی طرح حنبلیوں میں ابوبکر خلال، امام مروزی، امام شیخ عبدالقادر جیلانی، امام ابنِ تیمیہ، امام ابن قیم الجوزی، ابن مفلح مقدسی جیسے بڑے بڑے اہل اللہ تعویذ کے قائل ہیں۔ ہندوستان میں اللہ تعالیٰ نے جن پاک نفوس کو سب سے پہلے خدمتِ حدیث کے لئے منتخب فرمایا وہ سب قرآنی تعویذ لٹکانے کے قائل ہیں مثلاً شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ، ملا علی قاریؒ (بحوالہ شرح مشکوۃ)، شاہ ولی اللہؒ (بحوالہ القول الجمیل)، مرزا مظہر جان جاناںؒ اور ان کے خلفاء (بحوالہ معمولاتِ مظہریہ)، شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ (بحوالہ فتاویٰ عزیزیہ)، شاہ اسحاق، شیخ الکل سید میاں نذیر حسین دہلویؒ (بحوالہ فتاویٰ نذیریہ)، علامہ عبدالرحمان محدث مبارکپوریؒ (بحوالہ شرح ابوداؤد)، علامہ وحید الزمانؒ (بحوالہ شرح بخاری)، نواب قطب الدین دہلویؒ، حافظ محمد محدث گوندلویؒ اور ان کے ہزاروں شاگرد، نواب صدیق حسن خانؒ (بحوالہ کتاب الداء والدواء) سب سے بڑھ کر یہ کہ امام ابنِ حجر عسقلانیؒ جن کے علم حدیث سے آگاہی پر کسی کو شک نہیں‘ اپنی کتاب فتح الباری میں تعویذ لٹکانے کے قائل ہیں۔ اہل حدیث کے تمام فتاویٰ مثلاً فتاویٰ ثنائیہ، فتاویٰ اہل حدیث میں اس کا جواز ہے۔ غزنوی علماء، لکھوی علماء اور روپڑی علماء تعویذ لکھا کرتے تھے۔ امام داؤدؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمد بن حنبلؒ کے چھوٹے بیٹے کے گلے میں چمڑے کا بنا ہوا تمیمہ دیکھا۔ (بحوالہ مسائل الامام احمد صفحہ 260) حرف آخر: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کے ذکر سے بنا ہوا تعویذ باندھتا ہے اور یہ یقین رکھتا ہے کہ ہر مصیبت کا دفع کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے اس کے سوا کوئی دوسرا نہیں ہے تو اس کے لئے تعویذ باندھنا جائز ہے اور امام ابن قیمؒ کا فرمان ہے کہ جس شخص کو قرآن سے شفاء نہ ملی تو اس کو اللہ تعالیٰ کبھی شفاء نہیں دیتا۔ (نوٹ: پہننے، پانی میں گھولنے کیلئے لکھے گئے تعویذ کے اعراب لگانا ضروری نہیں)

نشہ کیسا بھی ہو؟ یقینی چھٹکارا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ دس سال سے پان اور گٹکے کا عادی تھا‘ میرے دانت انتہائی خراب‘ ہر وقت منہ سے بدبو‘ کوئی میری طرف منہ کر کے میری بات نہ سنتا۔ میں خود بھی اس نشے سے تنگ آ چکا تھا‘ میری صحت دن بدن گرتی جا رہی تھی‘ میرے دوست نے ستر شفائیں کا بتایا کہ جب بھی پان یا گٹکے کی طلب ہو چنے کے برابر ستر شفائیں لے کر منہ میں نسوار کی طرح رکھ لیں آپ کو پان یا گٹکے کی طلب نہ ہو گی۔ میں نے ستر شفائیں دفتر ماہنامہ عبقری سے منگوائی اور بتائی گئی ترکیب سے استعمال کرنا شروع کر دی۔ صرف چند ڈبیوں کے استعمال سے پان گٹکے کی طلب بالکل بھی نہ رہی۔ آج میں صحت مند زندگی گزار رہا ہوں۔ (عابد رحمانی‘ ڈونگہ بونگہ)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

پڑھ لو! یہ کبھی محتاج نہ ہوگا: جو شخص چاہتا ہے کہ وہ کبھی محتاج نہ ہو تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اسم الٰہی یَاحَکَمُ کو 80 مرتبہ پڑھے' ان شاء اللہ وہ کبھی محتاج نہ ہوگا۔

جوگیوں سادھوؤں سے ذہنی تازگی کا گر پالیں!

پروفیسر محمد رفیق راولپنڈی

اگر آپ ماں بننے جارہی ہیں بلڈ پریشر کی مریضہ ہیں یا گلوکوما اور دل کی بیماری میں مبتلا ہیں تو یہ ورزش آپ کے لئے انتہائی مضر ہے یوگا ورزش ہے کوئی جادوئی چراغ بہر حال نہیں کہ جس کے رگڑنے سے آپ تصوراتی نتائج حاصل کرلیں گی

کیا آپ میری طرح دماغ کی تھکن کے واضح اشارے کو سمجھ پاتی ہیں کہ اب آپ بری طرح سے تھکنے والی ہیں؟ یا آپ ذہن جھٹک کر خود کو مطمئن کرنے کے جتن کرنے لگتی ہیں ''بھئی یہ تھکن وکن کیا بلا ہوتی ہے عورت تو کام کرتی ہی بھلی لگتی ہے'' لیکن سائنس اور طب آپ کی اس دلیل کو رد کردیتے ہیں وہ کہتے ہیں جب آپ پر تکان کا حملہ ہوتا ہے تو گویا آپ کا عصبی نظام ہاضمہ دل جگر اور قوت مدافعت سب متاثر ہوتے ہیں۔ ہماری زندگیوں میں افراتفری اور مایوسیوں نے جگہ بنا لی ہے۔ خواتین بچے بڑے بوڑھے اور جوان مرد تک جذباتی خلفشار کا شکار نظر آتے ہیں لیکن جبر کے اس ماحول سے نجات بھی ممکن نہیں' ہمیں تو اسی زندگی میں سے کچھ لمحے نکال کر اپنے اور اپنے متعلقین کے لئے بہتر حالات پیدا کرنے ہیں ہر پیچیدہ صورتحال کو برداشت کرنا ہے اور ان صبر آزما حالات سے نبرد آزما ہونے کے لئے تندرست و توانا جسم درکار ہے۔

یوگا ایک ایسی ورزش ہے جو کم سے کم وقت میں بغیر کسی مشین کے ہر عمر اور ہر قسم کے کمزور اور صحت مند افراد کی جسمانی نشوونما کے لئے مفید ہے۔ اس مخصوص طرز کی ورزش کے انداز نشست آسن کہلاتے ہیں۔ آپ اپنی جسمانی ساخت کے مطابق چند ایک کا انتخاب کرلیں یقین جانیے کہ ہفتے دس دن میں ہی اپنے آپ میں نمایاں تبدیلیاں محسوس کریں گے۔ اگر آپ سکون بخش ادویات کے بغیر نہیں رہ سکتے تو یوگا کی مشقیں ان مضر صحت ادویات سے نجات دلا کر آپ کو حقیقی سکون بخشیں گی۔ یہ فن بہت پراسرار رہا ہے اور نسل در نسل راہبوں' جوگیوں سادھوؤں اور صحرانوردوں میں منتقل ہوتا چلا گیا ہے یہی وجہ ہے کہ صرف خواص کا فن کہلاتا رہا مگر اب زمانہ بدل چکا ہے' پچھلے وقتوں کے راز بھی اس راز نہیں رہے پراسراریت کا طلسم بھی ٹوٹ چکا ہے یوگا کا کام انسان کی خوابیدہ قوتوں کو بیدار کرنا ہے۔

ورزش کے آغاز میں ذہن کو آمادہ کیجئے کہ وہ منفی سوچوں اور لمبے چوڑے بکھیڑوں سے خود کو دور کرلے۔ آپ بستر پر دراز ہوجایئے اور چند گہری سانسیں لیجئے اس موقع پر آپ کی ریڑھ کی ہڈی کی پوزیشن بالکل سیدھی یعنی چت ہونی چاہیے۔ آنکھیں بند کرلیجئے بہتر ہے کہ اطراف میں تیز دھوپ نہ ہو یا لائٹ وغیرہ نہ جل رہی ہو' گہرے سانس لیجئے اور دونوں نتھنوں کو پھلا کر ان کا مؤثر استعمال کیجئے لمبی سانس لینے اور ہوا خارج کرنے کی رفتار میں کمی وبیشی ہوتی رہنی چاہیے۔ یہ مشق Relaxation Pose کہلاتی ہے پھیپھڑوں میں ہوا کا بھرنا سینہ کے پھیلاؤ اور سکڑنے کے عمل سے ہوکر سانس کی بے ربطگی کو دور کرتا ہے' روزانہ پانچ سے دس سیکنڈ یہ مشق کرنے سے پٹھے بھی مضبوط ہوں گے' یوگا اور فکروں سے مکمل نجات کا تصور ایسا ہی ہے' جیسے ایک لڑی میں کئی موتی ایک ساتھ پروئے جاتے ہیں ان میں ہر موتی اپنی جگہ اہم اور ناگزیر ہوتا ہے اور ایک دھاگہ ٹوٹنے پر پوری مالا بکھر جاتی ہے یوگا یقیناً ایسی ہی ایک کڑی ہے' آیئے یوگا کی زبان میں فکروں اور تردد کے عذاب سے نجات حاصل کرنا سیکھتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ کے انداز نشست و برخاست کو آرام دہ اور پرسکون کیسے بنایا جاسکتا ہے؟ یہ اہم سوال ہے آپ کے گھر میں کوئی آرام دہ نشست قالین فوم یا روئی کا ہلکا سا گدا کہیں تو موجود ہوگا۔ لحاف یا کمبل کو تہہ کرکے پیروں کے مقابل رکھ لیں دو کاؤچ کشن جو صوفہ کے دائیں اور بائیں ہاتھ پر رکھے ہیں وہ اٹھالیں ایک پشت کے نیچے دوسرا سر کے نیچے رکھ لیں اور آپ ٹانگوں کو لحاف یا کمبلوں کے اوپر پھیلا دیں' آنکھیں موندیں اور لیٹ جائیں' پشت کے لئے استعمال کیا جانے والے کشن پر ہاتھوں کی جگہ بنالیں تاہم خیال رہے کہ آپ کی کہنیاں فرش پر بچھے غالیچے یا گدے سے مس کرتی ہوں یعنی ملی ہوئی ہوں۔ اگر اس موقع پر ٹیلی فون ریسیور سے ہٹا دیا جائے سیل فون بند کردیا جائے اور آنکھوں پر دوپٹہ ڈھک کر کچھ دیر کے لئے آنکھیں بند کئے صرف اور صرف آرام کیا جائے تو بدن کی مشینری ری چارج ہونے لگے گی ممکن ہو تو ٹائمر سیٹ کرکے یہ مشق کرلیں۔

یہ بات تو بچے بھی جانتے ہیں کہ زندگی کے لئے آکسیجن بہت ضروری ہے۔ روح اور جسم کا رشتہ استوار رکھنے کے لئے آکسیجن سے بڑی کوئی نعمت نہیں' انسان کی موت حرکت قلب کے بند ہوجانے کا نام نہیں ہے۔ جب تک دماغ کی موت واقع نہ ہو انسان نہیں مرتا اور دماغ کی موت اس وقت تک واقع نہیں ہوتی جب تک اسے آکسیجن ملتی رہے۔ اگر کسی وجہ سے دماغ کو باہر سے آکسیجن کی سپلائی بند ہوجائے تو وہ ذخیرے سے تھوڑی تھوڑی کرکے خرچ کرتا رہتا ہے لیکن اگر دماغ میں آکسیجن کا ذخیرہ موجود نہ ہو تو انجام ظاہر ہے موت کے سوا کچھ نہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے ہمارے پھیپھڑوں کو کچھ اس طرح ترتیب دیا ہے کہ تمام جسم کا خون فقط تین منٹ میں پھیپھڑوں کی راہ سے آکسیجن لے کر واپس چلا جاتا ہے گویا محض تین منٹ کے بعد دوبارہ خون واپس آکسیجن لینے کے لئے موجود ہوتا ہے اب اگر پھیپھڑوں میں کم آکسیجن ہو تو خون کو بھی کم مقدار ملے گی اور ذخیرہ نہ ہوسکے گی اور آپ کے جسم کے مختلف اعضاء انحطاط کا شکار ہوجائیں گے جب ہم سانس باہر نکالتے ہیں تو آکسیجن خرچ ہونے کے بعد تقریباً 12 فیصد رہ جاتی ہے باقی کاربن ڈائی آکسائیڈ ہوتی ہے جو خون سے فضلہ کی صورت میں حاصل کی گئی ہوتی ہے اس لئے ماہرین یوگا نے سانس کی مختلف مشقیں ایجاد کی ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ آکسیجن ہمارے خون میں شامل ہوسکے اور جسم میں ذخیرہ بھی ہوسکے۔ اگر آپ ذہنی امراض سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں اور بے خوابی سے بچنا چاہتے ہیں تو سادہ طرز تنفس کی مشق کریں آپ کے گھر پر دو فلور کشنز تو موجود ہوں گے ان کے سرہانے بنا کر دیوار سے ٹیک لگا دیں ایک کمبل تہہ لگا کے گھٹنوں کے پیچھے اور دوسرا ٹخنوں کو مس کرتا ہوا ٹانگوں کے نیچے اور دو موٹی چادروں یا کمبلوں کو بازوؤں کے نیچے کہنیوں کو مس کرنے کی حالت میں رکھ لیں آپ کے دونوں ہاتھ رانوں پر دھرے رہیں۔ کمرے میں روشنی اور تازہ ہوا کا گزر یقینی بنالیں۔ یہ نیم کنول انداز نشست کہلاتا ہے۔ آپ کی ریڑھ کی ہڈی اور گردن ایک سیدھ میں نیم دراز ہوتے ہیں ممکن ہو تو کانوں میں روئی کا پھایا رکھ لیں یا سیل فون اور ریسیور ہٹا دیں تاکہ بیرونی شور وغل رخنہ اندازی نہ کرے۔ اب آپ سانس آہستہ آہستہ ناک سے کھینچیں جب پورے پھیپھڑے ہوا سے بھر جائیں تو سانس روک لیں جب تک آسانی سے روکے رکھ سکیں جب مزید روکنا مشکل لگنے لگے تو آہستہ آہستہ خارج کردیں یہ ہوا ایک چکر۔ اس طرح گیارہ چکر پورے کرلیں ورنہ آپ کا سانس اکھڑ جائے گا اور آپ کے لئے گیارہ چکر پورے کرنا مشکل ہوسکتا ہے۔ سانس اندر لیتے وقت تصور کریں کہ توانائی اور صحت کی لہریں جسم میں جذب ہورہی ہیں اور سانس خارج کریں تو سوچیں کہ ہر طرح کی الجھنیں' خلفشار' مایوسیاں اور بیماریاں ختم ہورہی ہیں۔ یہ مشق خون کے دوران کو تیز کردے گی دماغی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گی حتیٰ کہ منفی جذبات اور بھولنے کے مرض میں اکسیر کا کام کرتی ہے گیارہویں چکر سے پہلے آپ کو جمائیاں آنے لگیں تو سمجھیں بے خوابی کا مرض تو جاتا ہی رہا اب آپ خواب شیریں کا مزہ لے سکتے ہیں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

رشک وحسد نہ کرنا: ایک دانا کا قول ہے کہ میں ان لوگوں سے رشک وحسد نہیں کرتا جن کے پاس مجھ سے زیادہ علم ہے لیکن ان پر رحم آتا ہے جن کے پاس مجھ سے کم علم ہے۔

دعوت دین ہماری ہر مشکل کی شاہ کلید

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

انہیں بہت زمانہ سے ذیابیطس کا مرض لاحق تھا' شوگر اچانک بہت بڑھ جاتی ہے اور اچانک اتنی کم ہوجاتی ہے کہ جان کے لالے پڑجاتے ہیں' بیسوں سال سے ڈاکٹروں اور اطباء کے مشورے اور زیر علاج رہ کر وہ درمیانی درجہ کے طبیب کی طرح اس مرض کی نوک پلک سے واقف ہوگئے ہیں' انہوں نے اپنی ایک بیٹی کی شادی پاکستان میں اپنے ایک عزیز کے یہاں کی ہے' صاحبزادی سے ملنے کیلئے وہ سفر کرتے رہتے ہیں جو کراچی میں مقیم ہیں اور ان کے شوہر ایک سرکاری منصب پر فائز ہیں۔کچھ روز پہلے اسرار صاحب کا کراچی کا سفر ہوا وہاں انہیں قلب میں کچھ تکلیف محسوس ہوئی گھر سے باہر وہ ذرا پریشان ہوئے تو ان کی صاحبزادی اور داماد نے بتایا کہ یہاں کراچی میں تقریباً سب سے بڑے کارڈیالوجسٹ ایک غیرمسلم ہندو ڈاکٹر ہیں' مگر ان کے یہاں بہت رش رہتا ہے اور اپوائمنٹ بہت مشکل سے مہینوں بعد کا ملتا ہے' ان کے داماد نے ان سے کہا کہ میرے جاننے والے ایک افسر ڈاکٹر صاحب کے رابطہ میں ہیں' ان کی سفارش سے جلد وقت مل جائے گا' بڑی سفارش کے بعد پانچ روز بعد ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کا وقت ملا' ڈاکٹر صاحب کی کنسلٹنگ فیس دو ہزار روپے تھی' ریسپشن پر دو ہزار روپے جمع کراکے' اپنے نمبر پر جو وہاں جانے کے بعد دو گھنٹہ میں آیا' اسرار صاحب اپنے داماد کے ساتھ ڈاکٹر صاحب کے کیبن میں گئے تو دیکھا کہ ڈاکٹر صاحب کی میز پر اس حقیر کی کتاب ''آپ کی امانت آپ کی سیوا'' اردو کاپی رکھی ہوئی ہے' اسرار صاحب چونکہ ہمارے دعوتی رفیق بھی ہیں اور پیشہ سے انجینئر ہیں' بڑی سرکاری پوسٹ سے ریٹائرڈ ہیں' اپنے ملک اور اپنے کسی تعلق والے کی کتاب اتنے اہم ڈاکٹر کی میز پر دیکھ کر خوش بھی ہوئے اور ان کی نگاہیں کچھ حیرت اور کچھ خوشی میں اس کتاب پر جم گئیں' کتاب کو گھورتے ہوئے دیکھ کر ڈاکٹر صاحب نے پوچھا' یہ کتاب ہندوستان کے مصنف نے لکھی ہے کیا آپ ان کو جانتے ہیں؟ اسرار صاحب نے بے اختیار کہا: وہ تو ہمارے حضرت ہیں' اور ہم لوگ ان سے جڑے ہوئے ہیں' اور میرا اصلاحی تعلق ان سے ہی ہے' ڈاکٹر صاحب نے یہ بات سنی تو ریسپشن سے وہاں پر بیٹھی ہوئی ریپشنسٹ کو بلایا اور کہا ان کی فیس واپس کردیں' اسرار صاحب اور ان کے داماد بہت اصرار کرتے رہے کہ نہیں ڈاکٹر صاحب ہم فیس واپس نہیں لیں گے' آپ کا یہ احسان ہی کیا کم ہے کہ آپ نے اتنی جلدی اپوائمنٹ دے دیا' ڈاکٹر صاحب نے کہا بھلا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ ایک محب انسانیت عالم سے وابستہ ہیں اور میں آپ کی اتنی بھی خدمت نہ کروں' پیسے باصرار واپس کردیے اور معلوم کیا کہ آپ یہاں کراچی میں کب تک ہیں' انہوں نے بتایا کہ ایک ماہ اور ہوں' ڈاکٹر صاحب نے کہا آپ کو جب میری ضرورت ہو مجھے فون کریں' میں اپنی گاڑی بھیج کر بلالوں گا اور اپنے سیکرٹری کو کہا کہ اسرار صاحب جب آئیں انہیں روکنا نہیں' اور نمبر کا خیال کیے بغیر ان کو اندر میرے پاس لانا ہے' بہت اہتمام سے ڈاکٹر صاحب نے چیک اپ کیا دوا لکھی اور انہیں اپنی گاڑی سے اپنے گھر بھجوایا۔اسرار صاحب بار بار اس واقعہ کا مزے لے لے کر ذکر کرتے ہیں' وہ اس پس منظر میں اس واقعہ کو دیکھتے ہیں کہ انسانیت کی ہمدردی اور پوری انسانیت کو اپنا خونی رشتہ کا بھائی بہن' اپنے نبی ﷺ کا امتی' اپنے پیارے رب کا بندہ سمجھ کر محبت اور خیر خواہی اور دعوتی فریضہ کی ادائیگی کے تصور سے لکھی گئی کتاب پر نگاہ جمانے کا ضمنی فائدہ یہ ہے کہ کراچی شہر کے ممتاز ترین سمجھے جانے ایک ڈاکٹر نے نہ صرف فیس واپس کردی بلکہ ہمیں لائن سے بچا کر اپنی گاڑی میں بلانے کی پیش کش بھی کی' کریم رب کا کتنا بڑا احسان ہے انہوں نے اپنے آخری رسول نبی رحمۃ للعالمین ﷺ کا امتی بنا کر' ان پر ختم نبوت کا اعلان فرمادیا اور آخرت کے آخری درجہ میں الجھے مسائل اور رکاوٹوں' مشکلات کے تالوں کو کھولنے کے دعوت کی شاہ کلید کو ہمارا منصبی فریضہ بنا کر ہمیں دنیا وآخرت کے مسائل حل کرنے کا ایسا نسخہ کیمیا عطا فرمایا کہ زندگی کے مشکل ترین روزمرہ کے مسائل راہ دعوت میں ضمناً چٹکیوں میں حل ہوجاتے ہیں' کاش ہم اس شاہ کلید کی قدر اور عظمت کو سمجھتے!!

ہاتھوں کی الرجی سے شفاء پانے والے متوجہ ہوں!

اکثر لوگوں کو ہاتھوں کی انگلیوں کی پوروں کی جڑیں بن جاتی ہیں خاص طور پر موسم سرما میں' جو کہ سوج جاتی ہیں' دکھتی ہیں اکثر اس میں سے جلد باہر نکل آتی ہے پھر اس کو اکھیڑنا پڑتا ہے۔ قارئین اس کیلئے کوئی مشاہدہ تجربہ ٹوٹکہ ضرور لکھیں۔مخلوق خدا پریشان ہے آپ کا لکھ کوئی ایک لفظ لاکھوں کیلئے شفاء کا ذریعہ بن جائے گا اور آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ عبقری)

میرے طبی رازوں کا خزانہ

شیخ الوظائف کے لازوال ولاجواب طبی راز کتابی شکل میں' شہرہ آفاق کتاب' ہر گھر' ہر فرد کی ضرورت

ساڑھے تین ہزار بواسیر کے مریض

ایک مخلص شاہد احمد ایک نسخہ بنا کر مفت بواسیر کے مریضوں کو دیتے ہیں۔ابھی مضمون لکھتے ہوئے تک بندہ نے مخلص کو فون کیا۔وہ کہنے لگے اب تک ساڑھے تین ہزار مریضوں کو درج ذیل دوا دے چکا ہوں۔تمام مریض صحت یاب ہوئے۔ قارئین! شاہد احمد کی وہ گفتگو جو ان کے اور میرے درمیان ہوئی آپ کی نذر کی ہے۔دراصل یہ نسخہ بندہ کی کتاب کلونجی کے کرشمات صفحہ نمبر 37 پر ''ایک اشتہاری نسخہ'' کے عنوان سے ہے **ھوالشافی:**۔کلونجی 70 گرام، سرسوں کے بیج جن سے کڑوا تیل نکلتا ہے۔ 100 گرام، نیم کی نمولی کا اندرونی مغز 100 گرام۔تمام اجزاء کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں اور بڑے کیپسول بھر کر ایک سے دو کیپسول دن میں تین یا چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔

ہر قسم کی تھکن کا علاج: دفتری اور کاروباری زندگی یا مشکلات میں الجھے اور گھریلو پریشانیوں میں مبتلا خواتین جب ہر ٹانک سے عاجز آگئیں تو انہیں جب بھی عنابی قہوہ دیا گیا، نئی زندگی، نیا ولولہ اور جسم میں نئی روح ملی اور صحت وتندرستی کا حسین امتزاج ملا۔دن میں چند بار یہ قہوہ چاہے میٹھا ملائیں یا نہ ملائیں، استعمال کریں اور فوری فوائد حاصل کریں۔تھکا ہوا جسم،ٹوٹی ہوئی جان اور روکھا خشک کمزور چہرہ، گلابی اور شادابی میں نکھر جاتا ہے۔الغرض معدے کی تیزابیت اور گیس بھی اس سے بہتر ہوتی ہے۔آیئے والدہ مرحومہ کے عنابی قہوے کے فوائد سے نفع حاصل کریں۔ جو الرجی چاہے سینے کی ہو یا ناک کی ہو یا جلد کی ہو۔کمزوری نگاہ کی ہو یا دماغ کی ہو، ہر لحاظ سے فائدہ مند ہے۔**ھوالشافی:** عناب (بغیر کیڑے کے کھائے ہوئے)، سپستان چھوٹی (بغیر کیڑے کے کھائے ہوئے) بہی دانہ (جو واقعی اصلی ہو) ہم وزن لے کر ہلکا کوٹ کر قہوہ کی شکل میں محفوظ رکھیں۔ترکیب ڈیڑھ کپ پانی میں ½ چمچ قہوے کا سفوف ڈال کر اتنا اُبالیں کہ ایک کپ پانی بچے پھر اس کو نیم گرم پئیں چاہیں تو اکٹھا بنا کر تھرماس میں ڈال کر سارا دن پی سکتے ہیں۔

مزید طبی راز جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں:۔

''میرے طبی رازوں کا خزانہ''

0332-7552382

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

کثرت احتلام: کثرت احتلام میں الائچی خورد کا استعمال بے حد مفید ہے' دانہ الائچی خورد اور رال سفید ہم وزن لیکر سفوف بنائیں اور تین ماشہ سفوف ہمراہ دودھ صبح نہار منہ استعمال کریں۔ چند ہفتے۔

نام کے ہماری زندگیوں پر اثرات

محمد خالد غازی

ایک صحابیؓ کا نام اصرم تھا جس کے معنی کاٹنے کے آتے ہیں رسول اللہ محمد مجتبیٰ و مرتضیٰ ﷺ نے فرمایا تمہارا نام اصرم نہیں بلکہ زرعۃ ہوگا جس کے معنی کھیتی اور زرخیزی کے ہوتے ہیں بعد میں وہ صحابی اسی نام سے معروف ہوئے لہٰذا ہمیں اچھے ناموں کا اہتمام کرنا چاہیے

انسانی فطرت کا تقاضا یہ ہے کہ ہر چیز میں حسن و جمال کو پیش نظر رکھا جائے اس لئے کہ اللہ عزوجل نے انسان کو بہترین ساخت اور عمدہ صورت عطا فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔ ''ہم نے انسان کو عمدہ ساخت میں پیدا کیا ہے'' لہٰذا یہ ہمارا فرض بنتا ہے کہ اپنے بچوں کی نگہداشت اور نشوونما کی جہاں بہترین انداز میں فکر کریں وہیں یہ بھی ضروری ہے کہ بچوں کے نام بھی اچھے رکھے جائیں' اچھے نام اچھی علامت کا مظہر ہوتے ہیں۔ آج کل عمومی مزاج یہ بنتا جا رہا ہے کہ بچوں کے ناموں میں جدت ہو ایسا نام رکھا جائے کہ کسی اور کا ویسا نام نہ ہو خواہ اس کا مفہوم کچھ بھی نکلتا ہو۔ حالانکہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے ناموں پر اپنے بچوں کے نام رکھو اسی لئے حضور اکرم ﷺ نے اپنے آخری صاحب زادے کا نام ابراہیم رکھا تھا جو حضرت ماریہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے تھے۔ ایک حدیث میں حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:۔ قیامت کے دن تمہیں اپنے اور اپنے آباء کے نام سے پکارا جائے گا لہٰذا تم اچھے نام رکھا کرو۔ احادیث میں اچھے نام ایسے ناموں کو قرار دیا گیا جس سے عبدیت کا اظہار ہو چنانچہ عبداللہ اور عبدالرحمٰن اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ نام ہیں حضور اکرم ﷺ اچھے نام رکھنے کا اہتمام فرماتے تھے بلکہ نام میں اگر معنوی اچھائی نہ ہو یا اس میں شبہ ہو تو اسے بدل دیا کرتے تھے۔ حضرت زینب بنت ابی سلمہؓ کا نام ''برۃ'' تھا جس کے معنی نیکوکار ہیں حضور نبی کریم ﷺ نے ان کا نام اس لئے تبدیل فرما دیا کہ اس میں اپنی تعریف کا پہلو نکلتا ہے اس کی وجہ سے نفس کہیں دھوکا نہ دے لہٰذا آپ کا نام زینب رکھا۔ اسی طرح ایک صحابی کا نام ''حزن'' تھا آپ ﷺ نے ان کا نام اس لئے بدل دیا کہ اس کے معنی سخت زمین کے ہوتے ہیں بدل کر سہیل نام رکھ دیا جس کے معنی نرم ہونے کے ہیں۔

حضور نبی اکرم ﷺ اچھے ناموں سے شگون لیتے تھے نام سن کر خوش ہوتے اور اس کے اچھے اثرات کے متمنی ہوتے تھے۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر معاملہ الجھا ہوا تھا قریش کی جانب سے ثالثی کے لئے جب سہیل آئے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کون ہیں؟ بتایا گیا کہ سہیل ہیں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے ہمارے معاملے کو آسان کر دیا اور پھر ان کے ذریعے صلح حدیبیہ کا تاریخ ساز معاہدہ وجود میں آیا جسے اللہ عزوجل نے فتح مبین سے تعبیر کیا۔

حضور اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ جسے پہلے یثرب کہتے تھے بدل کر اس لئے اس کا نام طابہ اور طیبہ رکھا کہ یثرب کے معنی ہیں جرم و زیادتی اور اس نام میں الزام کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ آپ ﷺ نے تاکید فرمائی کہ یثرت کو طیبہ' خوش گوار' عمدہ کہا جائے مدینے کے معنی شہر کے آئے ہیں چوں کہ یہ مدینۃ الرسول ﷺ ہے اس لئے اس کا نام ہی مدینہ پڑ گیا اب اگر بغیر کسی اضافت کے مدینہ کہا جائے تو اس سے مراد مدینۃ الرسول ﷺ طیبہ ہی ہوگا۔

مدینہ منورہ میں بخار کی وباء عام تھی' بڑی شدت کا بخار ہوتا تھا اکثر مدینے کے باہر سے آنے والے اس میں مبتلا ہو جاتے تھے' نو وارد اس کی زد میں آتے تو وہ جلد وہاں سے رخصت ہونا چاہتے تھے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے مدینے کی مشقتیں جھیلنے پر جنت کی بشارت سنائی اور اس کا نام طیبہ رکھ دیا تو مدینے کی فضا اللہ کے فضل سے خوش گوار ہوگئی۔ رسول کریم ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ کالی کلوٹی عورت مدینہ منورہ سے نکل کر جحفہ (جہاں یہودیوں کی آبادی تھی) چلی گئی آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ وبا تھی جو یہاں سے منتقل ہوگئی اس لئے بعض تارکین نے لکھا ہے کہ مدینہ منورہ کو اب یثرب کہنا صحیح نہیں ہے۔ ایک بات یہ بھی مشاہدے میں آئی ہے نام رکھنے میں غلو کی حد تک یکساں اوزان کا خیال رکھا جاتا ہے یعنی سارے بچوں اور بچیوں کا نام ہم وزن ہوں حالانکہ ناموں کے سلسلے میں یہ غیر ضروری ہے کبھی کبھی اس کی پابندی بھونڈی معنویت پیدا کر دیتی ہے۔ بچوں کے حقوق میں سے یہ بھی ہے کہ ان کا نام اچھا رکھا جائے اور اچھے نام کو پکارتے وقت بھی ملحوظ رکھا جائے اسی طرح نام بگاڑنا بھی گناہ کی بات ہے۔

قرآن پاک میں اس سے باز رہنے کا حکم ہے لہٰذا کسی کے نام کو بگاڑ کر پکارنا نہیں چاہیے بعض اوقات اس میں خود گھر والوں کی طرف سے کوتاہی ہوتی ہے وہ پیار میں مختلف نام تراش لیتے ہیں اور پھر وہی نام بن جاتا ہے اس سے پرہیز لازم ہے۔ ایک صحابیؓ کا نام اصرم تھا جس کے معنی کاٹنے کے آتے ہیں رسول اللہ محمد مجتبیٰ و مرتضیٰ ﷺ نے فرمایا تمہارا نام اصرم نہیں بلکہ زرعۃ ہوگا جس کے معنی کھیتی اور زرخیزی کے ہوتے ہیں بعد میں وہ صحابی اسی نام سے معروف ہوئے لہٰذا ہمیں اچھے ناموں کا اہتمام کرنا چاہیے اور ایسے نام نہیں رکھنے جس کا معنی اور مفہوم برا اور غلط نکلتا ہو اس لئے کہ انسانی شخصیت پر نام کا گہرا اثر مرتب ہوتا ہے۔ (بشکریہ! فیض الاسلام)

گیس' درد' قبض اور ریح کا شافی سستا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں بہت کمال کے وظائف اور نسخہ جات ہوتے ہیں۔ میرے پاس بھی ایک کمال کا نسخہ موجود ہے۔ یہ نسخہ انتہائی سستا ہے اور یہ جسم کی دردوں' ریح' بادی' گیس اور قبض کا آزمودہ مجرب علاج ہے۔ ھوالشافی: جوکھار' ٹھیکری نوشادر' سیاہ مرچ' تمہ (یاد رہے تمہ کے بیج نکلے ہوئے ہوں)۔ تمام اشیاء ہموزن لے کر چھان کوٹ کر کیپسول بھر لیں۔ ترکیب استعمال: صبح و شام دو، دو کیپسول پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نوٹ: بوقت ضرورت کیپسول کی مقدار کم یا زیادہ بھی کی جاسکتی ہے۔ ان شاء اللہ گیس' درد' قبض اور ریح کا شافی علاج ہے۔ قارئین! بنا کر فائدہ اٹھائیں اور تمام امت مسلمہ کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (عبدالجبار میر داد)

اتباع سنت ہو تو ایسی!!!

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جمعہ کے دن جب رسول اللہ ﷺ خطبہ کیلئے منبر پر اطمینان کے ساتھ بیٹھ گئے تو لوگوں کو خطاب کرکے فرمایا: سب بیٹھ جائیں' عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ ﷺ کا یہ فرمان مسجد کے دروازہ پر سنا اور فوراً وہیں بیٹھ گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کو دیکھ لیا اور فرمایا عبداللہ بن مسعود! آگے آجاؤ۔ (صحیح مسلم)۔ ایک بزرگ نے ایک مرتبہ سہواً موزہ اول بائیں پاؤں میں پہن لیا تو اس کے کفارہ میں جب تک ایک گون گیہوں خیرات نہ کرلیے اس وقت تک چین سے نہ بیٹھے۔ معلوم ہوا کہ کامل اتباع اور پوری سعادت مندی یہی ہے کہ عادتوں میں بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اقتداء کی جائے کیونکہ اس میں بے شمار فوائد ہیں اور ذرا سی سستی میں ایسی نعمت عظمیٰ کا کھو بیٹھنا بیوقوفی ہے۔ (ج۔ز)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

یہ پڑھنے والامعزز ومحترم ہوجاتا ہے: نمازعشاء کے بعد ہر روز باقاعدگی سے 500 مرتبہ اسم مبارک یَاعَدْلُ پڑھنے سے پڑھنے والامعزز ومحترم ہوجاتا ہے۔

طوفانی بارش روکنے کا ٹوٹکہ	ٹینشن اور ڈیپریشن سے نجات پانے کا ٹوٹکہ	کیا آپ سفید موتیا کا شکار تو نہیں؟	سکول ٹیچر کے آزمودہ ٹوٹکے قارئین کے نام

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے بھیجے کے راز کھوئے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

الحسبتم کے عمل سے طوفانی بارش ایسے رک گئی جیسے کسی چلتی گاڑی کو بریک لگتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام وعلیکم! آپ کی خیر وعافیت اللہ کریم سے ہمیشہ نیک مطلوب چاہتا ہوں عرض خدمت ہے کہ کچھ عرصہ پہلے ہمارے علاقہ میں عصر کی نماز کے بعد طوفان بادوباراں آیا جس کی رفتار 110 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی۔ یہ طوفان گھروں کی چھتیں تک اڑا کر لے گیا اس پر مصداق مغرب کی نماز کے بعد ژالہ باری ہوئی اور پھر طوفانی بارش شروع ہوگئی جس سے کافی جانی و مالی نقصان ہوا۔ ہمارا یہ خیال تھا کہ یہ بارش دو چار گھنٹے ہونے کے بعد خود ہی رک جائے گی لیکن ایسا نہ ہوا یہ پوری رات ہوتی رہی میں نے خیال کیا کہ اگر یہ اس طرح ہوتی رہی تو اس سے مزید جانی و مالی نقصان کا احتمال ہے۔ یہ سوچ کر میں اپنی جگہ سے اٹھا وضو تازہ کیا اور ردکر سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھی اور دُعا کی اے اللہ میں ہر ذی روح کی جانب سے توبہ کا طلب گار اور معافی کا خواستگار ہوں ہم سخت گناہ گار اور خطا کار ہیں لیکن ہیں تو تیرے بندے' اے کریم مولا! ہماری توبہ اور معافی کو قبول فرما۔ اے اللہ تو ہمیں آزمائش میں مت ڈال ہم بہت کمزور ہیں' ہمارے ساتھ رحم وکرم کا معاملہ فرما۔ اے مالک الملک! یہ ناگہانی آفت جو آن پڑی ہیں سب دور فرما' امن وچین اور اطمینان نصیب فرما۔ اے میرے مولا تو ہی ہمارا غم خوار ہے' اے اللہ کریم اس طوفانی اور ہلاکت خیز بارش کو صبر دے دے' صبر دے دے' صبر دے دے۔ اس دُعا کے بعد پھر افحسبتم اور اذان کا عمل کیا (یعنی سات مرتبہ سورۂ مومنون اور سات مرتبہ اذان پڑھی) اس عمل کے بعد ایسا محسوس ہوا کہ چلتی گاڑی کو بریک لگ گئی ہو۔ میری زبان سے بے اختیار یہ ادا ہوا۔ واہ میرے مولا تیرا فضل و کرم کتنا ازراہ کرم!۔ اے کریم اللہ! ہم تیری کرم نوازی کے کروڑ ہا بار شکر گزار اور احسان مند ہیں۔ میری آنکھوں میں آنسو آگئے بے شک جو تجھ کو پکار لے تو مدد کو آجاتا ہے' میرے مالک تو نے سچ فرمایا کہ جو بندہ میری طرف ایک قدم بڑھاتا میں اُس کی جانب دس قدم بڑھاتا ہوں۔ آخر میں نے دو رکعت نماز شکرانہ پڑھ کر اللہ کریم کا شکریہ ادا کیا۔ واضح رہے کہ یہ جو طوفانی بارش افحسبتم کے عمل سے بند ہوئی اس کی پیشین گوئی میں محکمہ موسمیات نے یہ خبر دی تھی کہ یہ 24 گھنٹے جاری رہے گی لیکن یہ 12 گھنٹے میں بند ہوگئی تھی مزید اگلے دس دنوں میں بارش کی پیشین گوئی کی تھی لیکن افحسبتم کے عمل سے یہ اثر ہوا کہ ایک وقت میں چند بارش کے قطرے پڑے لیکن اس قسم کی بارش نہ ہوئی یہ سب کچھ اللہ کریم کے کلام سے ممکن ہوا۔ میرا نام پوشیدہ رکھا جائے۔ شکریہ! (پوشیدہ)

پریشانی' ٹینشن اور ڈیپریشن سے نجات پائیے

قارئین! خوبصورتی انسان کو متاثر کرتی ہے' قدرت نے اپنے اندر بے شمار خوبصورتی رکھی ہے۔ قدرتی مناظر جہاں ایک طرف اپنے اندر بے پناہ خوبصورتی لیے ہوئے ہے وہاں انسان کے ذہن کو پرسکون کرنے کا ایک ذریعہ بھی ہیں۔ سبزہ آنکھوں کو ٹھنڈک اور تروتازگی پہنچاتا ہے۔

دنیا کی پریشانیوں اور ٹینشن سے تھکا ہارا انسان جب کسی پرفضاء جگہ پر بیٹھتا ہے تو گویا کچھ دیر کیلئے اپنی تمام تر تکالیف اور پریشانیاں بھول جاتا ہے اور ذہن پرسکون ہوجاتا ہے۔ نظر سے دماغ تک کا یہ سفر اپنے اندر بہت طاقت رکھتا ہے لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مصروفیت سے بھری اس زندگی میں کسی کے پاس اتنا وقت کہاں کہ روز ایسی جگہوں پر جایا جائے اور تھکن اور پریشانیوں سے چھٹکارا پایا جائے لیکن آپ جہاں بھی ہوں اپنے ذہن کو پرسکون کرنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ کسی آرام دہ جگہ پر بیٹھ یا لیٹ جائیں اور آنکھوں کو بند کرلیں' تمام سوچیں ذہن سے نکال دیں اور پھر کسی خوبصورت جگہ کا تصور ذہن میں لائیں جہاں ہر طرف سبزہ' پھول اور درخت ہوں اور ایک خوبصورت سی جھیل ہو۔ آپ اس منظر میں خود کو محسوس کریں اور آہستہ آہستہ اس منظر کو بڑھاتے جائیں۔ آپ کے ذہن کی اسکرین پر یہ مناظر ابھرتے جائیں گے۔ دس منٹ تک اس تصور کو ذہن میں جماتے رہیں آپ خود کو بہت پرسکون محسوس کریں گے۔ (عائشہ' ایبٹ آباد)

حصول روزگار کے لئے

قارئین! عبقری محتاج تعریف نہیں اور حضرت حکیم صاحب کی کوششیں لائق تعریف وتوصیف' قابل تحسین اور قابل عمل ہیں' عبقری اُس کو کبھی مایوس نہیں کرتا جو یقین کی دولت دل میں رکھ کر عمل کا قصد کرتا ہے۔ اس کار خیر میں شامل تمام لوگوں کو اللہ تعالیٰ دنیا آخرت کی بھلائیاں عطا کرے' رزق کے لئے یہ اعمال یقین کی طاقت کے ساتھ از حد مفید ہیں عمل کرنے والوں کو اللہ آسانیاں عطا فرمائے۔

1۔ مغرب کی نماز کے بعد اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھیں اور تین ہزار بار یَاکَافِیُ یَاغَنِیُّ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ پڑھیں بعد میں 100 دفعہ آیت الکرسی اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں عمل جمعرات سے شروع کرنا ہے۔ 2۔ چالیس دن تک ایک مقررہ وقت پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پھر گیارہ سو گیارہ بار یَامُغْنِیُ پھر گیارہ بار سورۃ مزمل پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ 3۔ ہر بدھ کو چاشت کی نماز چار رکعت پڑھ کر سلام کے بعد سجدے میں 104 دفعہ یَاوَهَّابُ یَارَزَّاقُ پڑھیں۔ 4۔ جو شخص روزانہ سورۃ بقرۃ پڑھے اُس کا رزق آئندہ نسلوں تک چلتا ہے۔ 5۔ فجر کی سنتیں پڑھ کر 100 دفعہ سُبْحٰنَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحٰنَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُاللهَ پڑھیں۔ نماز کے بعد بکثرت یَامَالِكُ پڑھیں۔ 6۔ یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ہر وقت ہر حالت میں پڑھیں۔ (پ۔ر)

کیا آپ سفید موتیا کا شکار تو نہیں؟

بندہ حضرت حکیم صاحب کی کتاب ''کلونجی کے کرشمات'' کا مطالعہ کررہا تھا' پھر کلونجی پر لکھی ہوئی ایک اور کتاب میرے ہاتھ لگی بندہ نے دونوں کتب کا موازنہ کرنا شروع کیا۔ کتب دونوں اچھی تھیں۔ بنیادی فرق یہ تھا کہ حکیم صاحب کی کتاب واقعاتی انداز میں لکھی گئی تھی اور اس کو پڑھنے والا کوئی بوریت محسوس نہیں کرتا مگر دوسری کتاب لگاتار پڑھنے والوں کو کچھ بوریت کا احساس دلاتی تھی۔ اس کتاب کے ص 55 پر موتیا بند کی علامات دی گئی تھیں کے اس مرض میں انسان کو آنکھوں کے سامنے جالا سا محسوس ہوتا ہے نیز چاند کی جانب دیکھنے سے چاند کے گردوپیش کا حصہ پھیلا ہوا اور اس کا درمیان حصہ تاریک نظر آتا ہے۔ بندہ نے چاند کی طرف دیکھا تو یہ علامات مجھے نظر آئیں۔ فوراً

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

بہترین عبادت: عورت کی بداخلاقی پر صبر کرنا' اس کی ضروریات پوری کرنا اور راہ شرع پر اس کو قائم رکھنا بہتر عبادت ہے۔

سرکاری ہسپتال سے رجوع کیا۔ ماہرین چشم ڈاکٹر نے آنکھوں کے معائنہ کے بعد سفید موتیا تصدیق کردی اور آپریشن کے لئے فرمایا۔ بندہ نے تعمیل کی اور آپریشن کے بعد قارئین تک یہ پیغام چھوڑ رہا ہوں کہ اگر آپ کو آنکھوں کے سامنے جالا سا نظر آئے اور چاند اصل جسامت سے زیادہ پھیلا ہوا اور درمیان میں تاریک نظر آئے تو فوراً ماہرین چشم امراض سے چیک کرائیں اور تسلی کر لینے کے بعد سفید موتیے کا آپریشن کرانے میں دیر نہ لگائیں ورنہ وہ کالے موتیے کی شکل اختیار کرلیتا ہے جس سے آنکھ ہمیشہ کیلئے بے نور ہوسکتی ہے۔

گائے واپس مل گئی

45 سال پہلے کا واقعہ ہے کہ ہمارے علاقہ موضع حویلی لال تحصیل و ضلع جھنگ میں ''تجرا'' فیملی کے پیرومرشد ملتان شہر سے تشریف لاتے تھے۔ اس وقت ان کی عمر 80،90 سال تھی۔ ایک مرید نے عرض کی کہ جناب میری ایک ہی گائے تھی جس پر بال بچوں کا گزارہ تھا۔ چوروں نے رات کے اندھیرے سے فائدہ اٹھا کر چوری کرلی ہے۔ دعا فرمائیں کہ گائے واپس مل جائے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ چوروں کو معاف کردو۔ گائے کا مالک معاف کرنے میں ہچکچا رہا تھا کہ گائے بھی میری چوری ہوئی اور میں معاف کردوں' اس نے معاف نہیں کیا۔ چند ماہ بعد پھر گائے کا مالک ملتان گیا اور پیرومرشد سے عرض کی کہ گائے نہیں ملی آپ دعا فرمائیں۔ انہوں نے دریافت کیا کہ کیا چوروں کو گائے معاف کردی ہے۔ اس نے کہا نہیں چنانچہ فرمایا: ابھی میرے سامنے معاف کردو' بادل نخواستہ اس نے گائے چوروں کو معاف کردی۔ جب گھر پہنچا تو گائے واپس آچکی تھی حیران ہوا کہ یہ کیا ماجرا ہے اور اس میں کیا حکمت ہے؟ پیرومرشد کے پاس پھر گیا اور ماجرے کی حقیقت دریافت کی۔ انہوں نے فرمایا کہ چور حرام کے عادی تھے جب تک حرام کھاتے رہے وہ اسے ہضم کرتے رہے۔ جب معافی ہوگئی تو وہ گائے ان پر حلال ہوگئی اور حلال چیز ان کے جسم کا جز و نہ بن سکی۔ گائے نے دودھ کی جگہ خون دینا شروع کیا اور چور' مالک کو بتا گئے کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے۔ معاف کردیں پہلے دودھ دیتی تھی پھر دودھ کی جگہ خون شروع ہوگیا اور ہمارے کام کی نہیں رہی۔ ضرور کوئی حکمت ہے جسے ہم سمجھ نہیں پائے۔ (غلام قادر ہراج' جھنگ)

سکول ٹیچر کے آزمودہ ٹوٹکے قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک سکول ٹیچر ہوں اور گزشتہ سات سال سے ماہنامہ عبقری باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں' میرے بہت سے سٹوڈنٹس عبقری کے دیوانے ہیں اور روز بروز عبقری پڑھنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔ میرے کچھ آزمودہ ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں جو میری امی' ساس اور میں نے ہمیشہ استعمال کیے اور دوسروں کو بھی بتائے۔ اگر میرے کسی ٹوٹکے سے کسی بھی فرد کو فائدہ ہو تو ماہنامہ عبقری میں ضرور لکھیے گا تاکہ میں زیادہ اعتماد کے ساتھ اپنے دادا مرحوم (جو وقت کے بہت بڑے حکیم تھے) ان کے خاندانی راز قارئین سے شیئر کرسکوں۔ **سر کی خشکی کیلئے:** کچھ سال پہلے میرے سر میں بہت زیادہ خشکی رہنے لگی' ہر وقت کھجلی ہوتی تو میری پڑوسن نے مجھے یہ ٹوٹکہ بتایا جس کو متواتر میں نے ایک مہینہ استعمال کیا اور بہت مثبت نتائج ملے۔ ھوالشافی: لوکی (کدو) کا پانی آٹھ تولہ' خالص تلوں کا تیل دو تولہ۔ طریقہ استعمال: لوکی (کدو) کا پانی نکال کر تلوں کا تیل شامل کریں اور ہلکی آنچ پر جوش کہ پانی ملا لیں اب پیچھے جو تیل بچ جائے اسے بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔ **قبض کے خاتمہ کیلئے:** آج کل ایک عام مرض بن چکا ہے اس کے خاتمہ کیلئے مندرجہ ذیل طریقے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ ایک پاؤ پپیتہ روز کھا لینے سے قبض دور ہوتی ہے۔ نیم گرم پانی میں لیموں نچوڑ کر آرام آرام سے روزانہ پانی پینا اس مرض سے نجات دلا سکتا ہے۔ ہفتہ یا دس دن لگاتار ایک تربوز کھانے سے پرانی سے پرانی قبض ٹھیک ہوتی ہے۔ نیم گرم دودھ کے ایک کپ میں اسپغول ملا کر روزانہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ **پیٹ کے کیڑے ختم کرنے کیلئے:** نہار منہ گاجریں کھانے سے پیٹ کے کیڑے مار جاتے ہیں۔ کریلوں کا پانی روزانہ ایک گلاس پینے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ (نیہا ادریس' واہ کینٹ)

منہ کی بدبو سے نجات حاصل کرنے آسان طریقہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری سے وابستہ ہوئے چند ہی ماہ ہوئے ہیں۔ میں اس سے اچھا میگزین آج تک نہیں پڑھا۔ میرے پاس ایک آسان ٹوٹکہ ہے جس کے استعمال سے لہسن اور پیاز کھانے کے بعد جو منہ ناگوار بو آتی ہے وہ نہیں آتی۔ **طریقہ:** منہ سے بدبو آنا یا سانسوں کا بدبودار ہونا بہت ہی تکلیف دہ اور پریشان کرنے والا مسئلہ ہے اگرچہ اس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں لیکن پیاز یا لہسن کھانے کے فوری بعد بھی منہ اور سانس سے ناگوار بو آتی ہے اور اس کا حل بہت سادہ اور آسان ہے اگر آپ بھی پیاز یا لہسن کھائیں تو اس کے بعد تھوڑی سی اجوائین یا پودینہ کھالیں تو آپ کی سانسیں مہک اٹھیں گی۔ اسی طرح سبز چائے' سکنجبین اور لیموں کا استعمال بھی سانسوں کو تروتازہ رکھتا ہے اگر آپ کی خوراک میں کاربوہائیڈریٹ کی کمی ہے تو بھی سانسوں سے ناگوار بو آنے لگتی ہے' اس سے بچنے کیلئے گندم کی روٹی یا بریڈ کا استعمال بڑھا دیں یہ باتیں بظاہر چھوٹی سی لگتی ہیں لیکن ان کا خیال رکھنے سے آپ کو منہ اور سانسوں کی ناگوار بو کا مسئلہ کبھی بھی پیش نہیں آئے گا۔ (ملک علی رضا اسلم' حافظ آباد)

بہترین رزق اور برائیوں سے محفوظ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں میں نے درج ذیل وظیفہ ایک کتاب میں پڑھا تھا' میں پڑھ رہی ہوں بہت ہی فائدہ مند چیز ہے۔ صبح و شام تین بار پڑھنے سے بہترین رزق ملتا ہے اور انسان برائیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ایک کتاب میں نے اس وظیفے کے بارے میں پڑھا تھا کہ مسنون ہے' چونکہ حوالہ نہیں تھا اس لیے میں نے عبقری میں نہیں لکھا۔ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (فلک سلیم)

پوشیدہ مرض سے نجات کا انوکھا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری جیسا زبردست میگزین میں تو آج تک نہیں دیکھا' ہر مسئلہ' ہر الجھن' ہر پریشانی' ہر بیماری کا حل اس میگزین میں ہمیں مل جاتا ہے اور ایسے ایسے آسان وظائف اور ٹوٹکے کہ پڑھ کر ہی آدھی پریشانی ختم ہوجاتی ہے۔ میرے پاس بھی ایک ایسا ہی انوکھا اور آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ جسے پڑھ کر شاید قارئین حیران ہوں (کیونکہ میں بھی ہوا تھا) مگر جب استعمال کریں گے تو پھر اس کی افادیت آپ کو معلوم ہوگی۔ **ھوالشافی:** دانت ہل رہے ہوں یا دانتوں میں درد ہو' باتھ روم میں جب بھی جائیں' پاخانہ کرتے وقت دانتوں کو زور سے دبائیں' اس سے درد ختم ہوجاتا ہے' ہلتے دانت بھی مضبوط ہوجاتے ہیں۔ میں پھر کہہ رہا ہوں یہ معمولی ٹوٹکہ نہیں ہے۔ (اشتیاق' سکھر)

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

مقوی دماغ: سونف کے چاول، دھنیا کے چاول، کوزہ مصری، دانہ الائچی خورد، مغز بادام چھیلے ہوئے تمام اشیاء ہموزن لیکر سفوف تیار کریں، ایک تولہ سفوف رات سوتے وقت دودھ، پانی سے کھائیں۔

دم، تعویذ اور دھاگے کا شریعت میں حکم

ڈاکٹر محمد عثمان سلفی لاہور

دنیا میں سب سے پہلے طب پھیلانے والے: امام ذہبیؒ اور حافظ ابنِ عبدالبرؒ نے ذکر کیا ہے کہ سب سے پہلے حضرت سلیمان علیہ السلام نے طب کو دنیا میں پھیلایا۔ بعض نے لکھا ہے کہ سب سے پہلے حضرت ادریس علیہ السلام نے طب جسمانی اور طب روحانی کو دنیا میں پھیلایا ان کی طرف نفع بخش ادویات کی وحی ہوتی تھی اور وہ خط کھینچا کرتے تھے یعنی تعویذ لکھا کرتے تھے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وہ طب روحانی سے علاج کرتے تھے۔ طب روحانی طب جسمانی سے زیادہ قوی ہے۔ امام ابنِ قیم الجوزیؒ نے فرمایا کہ قرآن سارے کا سارا شفاء ہے۔ چاہے قلبی (روحانی) بیماریاں ہوں یا جسمانی۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم اپنے اوپر دو شفاء دینے والی چیزوں کو لازم پکڑو ایک شہد اور دوسرا قرآن۔ **روحانی علاج میں کوئی حرج نہیں:** اسی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ " لَابَأسَ بالرقیٰ مالم یکن فیہ شرک" یعنی روحانی علاج میں کوئی حرج نہیں جب تک کہ اس میں شرک نہ ہو۔ بعض احادیث میں صرف پڑھنے کو رقیہ کہا گیا ہے جیسا کہ حضرت جبرائیلؑ نے آپ ﷺ کو دم کیا تھا۔ بعض جگہ رقیہ میں بعض چیزوں کا استعمال بھی ثابت ہے جیسا کہ آپ ﷺ نے لعاب مبارک لے کر انگلی کو مٹی پر لگایا پھر دعا پڑھی۔ اسی طرح حضرت شفاء رضی اللہ عنہا، جن کو حضور ﷺ نے رقیہ کی اجازت دی ہوئی تھی اور وہ رقیہ میں مشہور و معروف تھیں۔ ان کا طریقہ یہ تھا کہ انہوں نے ایک لکڑی رکھی ہوئی تھی۔ اس لکڑی پر سات مرتبہ رقیہ کے مخصوص کلمات پڑھتیں پھر وہ لکڑی متاثرہ حصے پر لگا دیتیں اور نظر کا رقیہ کرنے میں تو غسل کا طریقہ بہت مشہور ہے۔ حضرت عثمانؓ نے ایک بچے کو نظر سے بچانے کے لئے ٹھوڑی پر نشان لگا کر رقیہ کرتے تھے تو جب رقیہ ان تمام چیزوں سے ہو سکتا ہے تو کاغذ (یعنی تعویذ) اور دھاگے سے بھی ہو سکتا ہے۔ حضور ﷺ نے رقیہ کے متعلق ایک جامع قاعدہ ارشاد فرمایا کہ تم میں سے جو کوئی اپنے بھائی کو نفع پہنچانے کی استطاعت رکھتا ہو، وہ ضرور نفع پہنچائے۔ (صحیح مسلم) **تعویذ سے شفاء:** شیخ ابوجعفر محمد بن علیؒ (امام زین العابدینؒ) سے جب یونس بن حبانؒ نے پوچھا کہ اگر میں تعویذ لٹکاؤں؟ فرمایا اگر وہ تعویذ اللہ کی کتاب سے ہو یا نبی ﷺ کے کلام سے ہو تو لٹکا لے اور اس سے شفاء حاصل کر۔ **تعویذ پلانے کا حکم:** روحانی طریقہ علاج میں دوسرا طریقہ لکھ کر پلانے کا ہے جیسا کہ امام

ابن السنیؒ نے " عمل الیوم واللیلۃ" میں نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے کہ جب عورت تنگی ولادت میں مبتلا ہو تو ایک صاف برتن میں یہ لکھا جائے " کانھم یوم یرون مایوعدون (الخ) کانھم یوم یرونھا لم یلبثوا الا عشیۃ او ضحٰھا و لقد کان فی قَصَصِہِم عبرۃ لاولی الالباب (الخ)" پھر اس برتن کو دھو کر کچھ اس عورت کو پلا دیا جائے اور کچھ اس پر چھڑک دیا جائے۔ (عمل الیوم ص 231) امام بیہقیؒ نے بھی دعوات میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ جو عورت ولادت کی تنگی میں مبتلا ہو اس کے لئے قرآنی آیات کاغذ پر لکھ کر پلائی جائیں۔ امام حسن بصریؒ، امام مجاہد اور امام اوزاعی رحمھم اللہ سب یہ فرماتے ہیں کہ قرآن کو شفاء کے لئے لکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ امام زہریؒ اپنے بچوں کو حافظے میں تقویت کے لئے چار سورتیں لکھ کر پلاتے تھے۔ (درّالنظیم فی خواص القرآن العظیم) علامہ کمال الدین دمیریؒ لکھتے ہیں کہ تلی والے مریض کو سورۃ ممتحنہ لکھ کر پلانے سے صحت یابی ہوتی ہے۔ (حیاۃ الحیوان) علامہ ایوبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوقلابہؒ کو دیکھا کہ قرآنی آیت لکھی پھر اس کو دھو کر اس شخص کو پلا دیا جس کو تکلیف تھی۔ امام احمد بن حنبلؒ کے بیٹے امام عبداللہؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ کو دیکھا کہ ولادت میں تنگی والوں کے لئے تعویذ لکھا کرتے تھے جو حضرت ابنِ عباسؓ سے مروی ہے۔ (طب نبوی ص 277) امام ابنِ تیمیہؒ نکسیر والے کی پیشانی پر انگلی سے یہ آیت لکھتے " وقیل یا ارض ابلعی ماءک ویا سماء اقلعی (الخ)" امام ابنِ قیمؒ کا بیان ہے کہ شیخ الاسلام ابنِ تیمیہؒ فرماتے تھے یہ عمل میں نے بہت لوگوں پر کیا۔ بحمد اللہ سب کو شفاء ہوئی (زاد المعاد ص 358) امام مروزیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے بخار ہو گیا تو امام احمد بن حنبلؒ نے میرے لئے ایک تعویذ لکھا (طب نبویؐ) **پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ تعویذ لکھنے کے قائل:** اسی طرح غنیۃ الطالبین میں پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی تعویذ لکھنے کے قائل ہیں اور قرآن میں جو آیاتِ شفاء ہیں ان کو دھو کر پلانے کی قائل تو پوری ایک جماعت ہے جس میں امام ابوالقاسم قشیری، امام قسطلانی، قاضی بیضاوی، سعد چلپی، تاج الدین سبکی، شیخ عبدالوہاب، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، نواب صدیق الحسن خان رحمھم اللہ اجمعین وغیرہم جیسے اعاظم رجال شامل ہیں۔ امام بیہقیؒ کی دلائل النبوۃ جلد 7 ص 119 میں ہے کہ حضرت ابودجانہؓ کو جنات نے تنگ کیا تو حضور ﷺ نے حضرت علیؓ سے یہ تعویذ لکھوایا (جو تہدیدی نامہ مبارک کے اسم سے معروف ہے) جب حضرت ابودجانہؓ نے اس کو اپنے پاس رکھا تو جنات نے معافی مانگی اور بھاگ گئے۔ اس حدیث کی مختلف سندیں ہیں۔ سورۃ القلم کے متعلق امام ابنِ کثیرؒ امام ابنِ عساکرؒ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ اپنی جانوں، اپنی عورتوں اور اپنی اولادوں کو نظر کے لئے یہ تعویذ کیا کرو۔ ابوامامؓ سے روایت ہے کہ جنون، جذام، برص، نظر بد اور بخار کے لئے (درج ذیل) تعویذ لکھا جائے (کنز العمال بحوالہ دیلمی) اعوذ بکلمات اللہ التامۃ و اسماء کلھا عامۃ من شر السامۃ والھامۃ ومن شر العین لامۃ ومن شر حاسد اذا حسد ومن شر ابی مرۃ وما ولد۔ جس عورت کو اسقاطِ حمل کا مرض ہو تو ایک دھاگہ اس عورت کے قد کے برابر لے کر اس پر 9 گرہیں لگا دے اور ہر گرہ پر سورۃ کافرون ایک مرتبہ اور یہ آیت ایک مرتبہ پڑھ کر پھونک دے۔ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ (شفاء العلیل: ص 85، شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ)۔ **تعویذ کے حوالے سے چند واقعات:** اسی کنز العمال جلد 4 صفحہ 19 پر حاشیہ مسند احمد میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فرمان ہے لا بأس بتعلیق التعویذ من القرآن قبل نزول البلاء و بعد نزول البلاء (ابونعیم) ترجمہ: قرآنی تعویذ کو لٹکانے میں کوئی حرج نہیں چاہے بلا (مصیبت آزمائش) سے قبل ہو یا بعد۔ حضرت عائشہؓ طب کو بہت زیادہ جانتی تھیں۔ حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کا گزر ایک گائے کے پاس سے ہوا جس کا بچہ پیٹ میں پھنس گیا تھا کہنے لگی اے کلمۃ اللہ میرے لئے دعا کریں کہ اللہ مجھے اس مصیبت سے نجات دے۔ آپؑ نے فرمایا " یا خالق النفس من النفس و یا مخلص النفس من النفس ویا مخرج النفس خَلِّصھا" دعا ہوتے ہی بچہ باہر آ گیا۔ یہ واقعہ بیان فرما کر حضرت ابنِ عباسؓ نے فرمایا کہ جو عورت عسر الولادت یعنی ولادت کی تنگی میں مبتلا ہو اس کے لئے ان کلمات کو لکھ دیں۔ ابو داؤد میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ گھبراہٹ کے لئے حضور ﷺ ان کلمات کا حکم فرماتے " اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ و عقابہ و شر عبادہ و من ھمزات الشیاطین وان یحضرون"۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ چھوٹے بچوں کے گلے میں یہ کلمات لکھ کر لٹکاتے تھے۔ یہ روایت صحیح ہے امام حاکم نے اس کو صحیح الاسناد کہا ہے۔ حضرت عطاءؒ سے سوال کیا گیا کہ حائضہ عورت تعویذ لٹکا سکتی ہے؟ فرمایا اگر وہ کسی چیز میں بند ہو تو کوئی حرج نہیں (نہایۃ۔ ابن الاثیر)

(باقی صفحہ نمبر 41 پر)

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

www.urdusoftbooks.com

www.urdusoftbooks.com

WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

پریشانیاں ختم: جو شخص ہروقت پریشان رہتا ہوں اور رزق میں شدید کمی ہوتو اسے چاہیے کہ یَالَطِیْفُ کا روزانہ 133 مرتبہ ورد کرے اس عمل سے پریشانیاں دور اور رزق میں کشادگی آتی ہے۔

قسط دوئم

شادی نوکری سے پریشان! ہوگئے خوشحال

قارئین! ہر ماہ شیخ الوظائف کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔(ایڈیٹر کے قلم سے)

خیر وعافیت سے بیٹی کی شادی ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے 2014ء میں تسبیح خانہ میں دوران درس آپ سے سورۃ والضحیٰ کا عمل سنا تھا۔ یہ عمل میں نے اپنی بیٹی کی شادی کیلئے اپنایا جس کا مجھے فائدہ ہوا ہے۔ میں نے اس عمل کو کرنا شروع کیا تو میرے ذہن میں غیر شرعی رسومات ختم کرنے کی خواہش پیدا ہوئی اور میں نے اپنی بیٹی کی شادی پر مہندی کی رسم ختم کی۔ میری خواہش کے مطابق ایک اللہ والے میری بیٹی کی شادی میں شامل ہوئے انہوں نے میری بیٹی کا نکاح پڑھایا اور اللہ تعالیٰ نے بہت خیروعافیت کے ساتھ میری بیٹی کی شادی کروادی۔(مکمل عمل مضمون کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں)(عبدالصمد۔رحیم یار خان)

مجھے تو نوکری مل گئی آپ کا کیا خیال ہے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ماہنامہ عبقری سے ملازمت کے حصول کیلئے بہت ہی پرتاثیر وظیفہ پڑھا تھا کہ سورۃ والضحیٰ فجر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اور بغیر کسی بات کئے کریں۔ آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ میں نے یہ عمل اپنی ملازمت کیلئے کیا تو الحمدللہ مجھے ایک ہفتے کے اندر اندر بہت ہی اچھی نوکری مل گئی۔

ہمسائیوں کا پریشان لڑکا اور سورۂ والضحیٰ کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اس رسالہ سے میں نے سورۂ والضحیٰ والا عمل پڑھا' خود بھی آزمایا بہت خوب پایا۔ اسی عمل کا ایک مشاہدہ گزشتہ دنوں ہوا جو میں قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔ میرے پاس ہمسائیوں کا ایک لڑکا آیا کہ مجھے آپ سے ایک مشورہ کرنا ہے۔ اصل میں اس کو پریشانی یہ تھی کہ وہ شفٹوں میں کام کرتا ہے اس نے بتایا کہ میری جاب کا مسئلہ ہے وہاں سے بندے نکال رہے ہیں اس لیے میری دن کی ڈیوٹی رات میں لگا دی تاکہ بندے چھوڑ کر بھاگ جائیں جس وجہ سے میں وہاں سے کام چھوڑنا چاہتا ہوں۔ میں نے اس کی ساری بات سننے کے بعد اس سے کہا آپ نوکری نہ چھوڑیں اور آپ نے خود سے نوکری نہیں چھوڑنی میں آپ کو ایک عمل دیتا ہوں وہ آپ کریں۔ وہ لڑکا کہنے لگا میرا ایک نہیں تین مسئلے ہیں: ایک تو میں یہ چاہتا ہوں کہ میری نوکری کا آگے بندوبست ہوجائے۔ دوسرا میری ڈیوٹی دن کے ٹائم ہوجائے اور تیسرا کسی ایسے ڈپارٹمنٹ میں لگ جائے جہاں عافیت والا کام ہو۔ میں نے اسے سورۂ والضحیٰ والا عمل پڑھنے کیلئے عرض کیا۔ میں نے کہا آپ نے اگر جلدی کام کروانا ہے تو ہر نماز کے بعد توجہ کے ساتھ پڑھیں۔ الحمدللہ! 11 دن بعد وہ لڑکا مجھے ملا تو میں نے ان سے پوچھا کہ کیا ہوا؟ کہنے لگا میری ڈیوٹی دن کے ٹائم لگ گئی ہے' میرا ایک سال کا کنٹریکٹ ہوگیا اور میرا اُس ڈپارٹمنٹ میں تبادلہ بھی ہوگیا ہے جہاں پر میں چاہ رہا تھا۔ یہ تینوں کام اللہ تعالیٰ نے سورۃ والضحیٰ کے عمل سے کردیئے۔ جزاک اللہ! (ج۔ر)

بیروزگار کو 6 روز میں ہی نوکری مل گئی!

